انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء (القرآن)

اللہ کے بندوں میں سے علماء ہی اس سے ڈرتے ہیں

# مقام علم وعلماء

تالیف

پیر طریقت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری

تحریک تبلیغ القرآن انٹرنیشنل (شعبہ تبلیغ) جامعہ رضویہ ٹرسٹ سینٹرل کمرشل مارکیٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

فون وفیکس: 5836261 فون: 5884920

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء (القرآن)

اللہ کے بندوں میں سے علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں

اذا انتھی المؤمن الی باب الجنة یقال له لست بعالم ادخل الجنة ویقال للعالم قف علی باب الجنة واشفع للناس

الحدیث

جب مومن جنت کے دروازے پر جائے گا تو اس سے کہا جائے گا تم عالم نہیں ہو جاؤ جنت میں اور عالم سے کہا جائے گا ٹھہرو۔ جنت میں اکیلے نہ جاؤ اور گنہگاروں کی شفاعت کر کے ان کو بخشوا کر جنت میں ساتھ لے جاؤ

# مقام علم وعلماء

تالیف

پیر طریقت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری

ناشر

تحریک تبلیغ القرآن انٹرنیشنل (شعبہ تبلیغ) جامعہ رضویہ ٹرسٹ سنٹرل کمرشل مارکیٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

Marfat.com

297-61
54 ع م
۱۴۲۲۴۲۵

# کتاب کا نام : مقامِ علم وعلماء

مصنف : پیر طریقت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری ملقب بہ لقب ''ناصر الدین''

کمپوزنگ : صاحبزادہ علامہ ڈاکٹر احمد سعید قادری

نظر ثانی : پروفیسر ظہیر الدین احمد قادری، مولانا ربنواز
جامعہ رضویہ ٹرسٹ ماڈل ٹاؤن لاہور۔

ٹائٹل ڈیزائنر : آر۔ایم۔اویس جاوید اقبال قادری
جامعہ رضویہ ٹرسٹ ماڈل ٹاؤن لاہور۔

مطبع : تحریک تبلیغ القرآن

سن : 2001ء

تعداد : -------

ہدیہ : -------

## ناشر

تحریک تبلیغ القرآن (شعبہ تبلیغ) سنٹرل کمرشل مارکیٹ ماڈل ٹاؤن لاہور۔

فون نمبرز:۔ 20-5836261-65,5884919 فیکس نمبر۔ 5836261

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مقدمہ | 1 |
| 2 | علم کی فضیلت قرآن سے | 2 |
| 3 | علم کی تین فضیلتیں | 2 |
| 4 | علماء کی گواہی کافی ہے | 4 |
| 5 | علم بلندی درجات کا باعث ہے | 5 |
| 6 | خیر و بھلائی | 7 |
| 7 | علماء کو مولوی کیوں کہتے ہیں | 9 |
| 8 | اللہ کی باتوں کو علماء ہی سمجھتے ہیں | 11 |
| 9 | عالم کون؟ | 14 |
| 10 | دعائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم | 14 |
| 11 | طالب علم کا مقام | 15 |
| 12 | مقام عالم | 17 |
| 13 | ایک سوال اور اس کا جواب | 17 |
| 14 | عبادت گذاروں کے مقابلے میں عالم کا مرتبہ | 18 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 15 | رسول اللہ ﷺ فضائل وکمالات کے سورج ہیں | 19 |
| 16 | علم کی تعریف | 19 |
| 17 | نبیوں کے وارث | 20 |
| 18 | زکوٰۃ و خیرات کا بہترین مصرف | 20 |
| 19 | شیطان سب سے زیادہ کب خوش ہوتا ہے | 23 |
| 20 | دین کا علم سیکھنے سکھانے والے دوزخ سے آزاد ہیں | 24 |
| 21 | لمحہ فکریہ | 25 |
| 22 | علماء کی محفل میں حاضری کا درجہ | 26 |
| 23 | سلیمانی انگوٹھی | 27 |
| 24 | عالم کی زیارت، مصافحہ اور صحبت | 27 |
| 25 | کمال درجہ | 29 |
| 26 | اللہ کا درود | 30 |
| 27 | فرشتوں کا درود | 31 |
| 28 | بندوں کا درود | 31 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 29 | ایک آیت کا سیکھنا سو رکعت سے بہتر | 31 |
| 30 | ایک ہزار رکعت کا ثواب | 33 |
| 31 | امام مالک کا فرمان | 34 |
| 32 | دنیا اور جو دنیا میں ہے ملعون ہے | 34 |
| 33 | دنیا کیا ہے | 35 |
| 34 | عالم اور متعلم | 36 |
| 35 | سب سے بہتر صدقہ و خیرات | 36 |
| 36 | علماء ستارے ہیں | 37 |
| 37 | زمین کے چمکتے سورج | 38 |
| 38 | اللہ تعالیٰ قیامت کے دن علماء سے کیا فرمائے گا | 40 |
| 39 | عالم و متعلم میں ہی بھلائی ہے | 40 |
| 40 | حلاکت سے بچنے کا ذریعہ علم یا علم والوں سے محبت | 41 |
| 41 | نبوی مشن | 42 |
| 42 | قیامت کے دن عالم دین شفاعت کرے گا | 45 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 43 | انبیاء کے قائم مقام | 46 |
| 44 | عالم کا درجہ جنت میں عابد سے کس قدر اونچا ہوگا | 47 |
| 45 | ایک عالم دین سے تھوڑی دیر شریعت کی بات سیکھنے کا ثواب | 48 |
| 46 | شرم کی بات | 52 |
| 47 | شرعی مؤقف | 53 |
| 48 | وارثت نبویہ | 55 |
| 49 | سب سے افضل عبادت | 56 |
| 50 | مشکل آسان کرنا | 56 |
| 51 | طالبعلم کو خوش آمدید | 58 |
| 52 | علم حاصل کرنا افضل جہاد ہے | 59 |
| 53 | قابل توجہ | 62 |
| 54 | افضل جہاد | 63 |
| 55 | چھوٹا اور بڑا جہاد | 63 |
| 56 | عالم مجاہد سے افضل ہے | 65 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبرشمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 57 | دین کے علم والے اور نبی کے درمیان فرق | 66 |
| 58 | ستر صدیقین کا ثواب | 67 |
| 59 | حج کامل کا ثواب | 68 |
| 60 | رسول اللہ ﷺ کے جانشین | 72 |
| 61 | علماء کی توہین کفر ہے | 73 |
| 62 | علماء کی مجلس جنت کا باغ ہے | 74 |
| 63 | علماء سے تواضع اور ان کی پیروی کا حکم | 75 |
| 64 | بے دینوں سے علم حاصل نہ کرو | 75 |
| 65 | وہ زمانہ نہ آئے جس میں علماء کی پیروی نہ کی جائے | 76 |
| 66 | عالم کی موت | 76 |
| 67 | اللہ کا مقرر کیا ہوا بادشاہ | 78 |
| 68 | اللہ کے امین | 78 |
| 69 | علماء کی پیروی کرو | 79 |
| 70 | ایک سوال اور اس کا جواب | 80 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 71 | علماء پر فرض | 82 |
| 72 | روزی کا ضامن اللہ ہوگا | 82 |
| 73 | عالم دین کے قلم کی روشنائی شہید کے خون سے بہتر ہے | 82 |
| 74 | یہاں ہوتے ہوئے جنت میں ہے | 84 |
| 75 | عالم کی نیند | 84 |
| 76 | بے علم پیر وصوفی | 85 |
| 77 | شیطان کی پیٹھ توڑیں | 86 |
| 78 | علماء کی تعظیم اللہ اور رسول ﷺ کی تعظیم ہے | 87 |
| 79 | امت میں سب سے بہتر | 87 |
| 80 | رشتہ دار | 90 |
| 81 | قرأت قرآن | 91 |
| 82 | علم کی دولت | 92 |
| 83 | عالم کی ایک رکعت | 93 |
| 84 | حضور ﷺ کی ایک حدیث کا علم | 93 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 85 | علماء کا حشر | 94 |
| 86 | ایک حدیث کی تبلیغ کا ثواب | 95 |
| 87 | ایک درجہ کا فرق | 95 |
| 88 | بڑی عمر میں علم حاصل کرنا | 96 |
| 89 | بخشش ہی بخشش | 97 |
| 90 | باپ کی بخشش ہوگئی | 98 |
| 91 | عظیم ہستی | 99 |
| 92 | غیب سے روزی اور مقصد میں کامیابی | 99 |
| 93 | شہیدوں سے ہونگے | 100 |
| 94 | اہل جنت، جنت میں علماء کے محتاج ہونگے | 100 |
| 95 | اچھے حکمران اور امراء | 102 |
| 96 | اللہ کی طرف بلانا | 103 |
| 97 | تبلیغ کا کام | 103 |
| 98 | تبلیغ یا تلقین | 103 |


Marfat.com

# فہرست


| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| 104 | اللہ کی رحمت ہو | 99 |
| 105 | ثمرۂ ایمان | 100 |
| 105 | فقیہ | 101 |
| 106 | امراء علماء کی دروازے پر | 102 |
| 107 | حکمرانوں کے حکمران | 103 |
| 107 | عالم کو دیکھنا عبادت ہے | 104 |
| 109 | علماء کا انجام | 105 |
| 109 | ایک خواب | 106 |
| 110 | عالم دین کی مجلس میں حاضری | 107 |
| 111 | انسان کامل | 108 |
| 112 | عالم دین کے پیچھے نماز پڑھنے کا درجہ | 109 |
| 113 | علماء اللہ اور بندوں کے درمیان وسیلہ ہے | 110 |
| 115 | شیخ | 111 |
| 116 | صدقہ جاریہ | 112 |


Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 113 | تلاوت قرآن یا درس قرآن | 117 |
| 114 | عالم کی موت | 117 |
| 115 | بھاری بھر کم فیسوں والے لوگ اور کمرشل تعلیمی ادارے | 119 |
| 116 | درسِ نظامی کیا ہے | 120 |
| 117 | رزق کریم | 121 |
| 118 | علماء نہ ہوں تو | 122 |
| 119 | ماں باپ سے بڑھ کر مہربان | 122 |
| 120 | خلافت الٰہیہ | 123 |
| 121 | پہلے قرآن وسنت کا علم پھر تصوف | 124 |
| 122 | فاسق | 125 |
| 123 | تصوف | 125 |
| 124 | سب سے افضل | 127 |
| 125 | واجب الاطاعت | 128 |
| 126 | تعظیم | 129 |



Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 127 | عالم کا حق | 129 |
| 128 | علماء ہی اولیاء ہیں | 130 |
| 129 | حضرت معاویہ | 131 |
| 130 | امام ابواللیث | 133 |
| 131 | علماء کی موت لوگوں کی موت ہے | 133 |
| 132 | علماء کے ساتھ ہونے کا حکم | 134 |
| 133 | حکم والے | 135 |
| 134 | بچے | 136 |
| 135 | علماء کی غیبت وتوہین | 137 |
| 136 | عالم سے برکت حاصل کرو | 138 |
| 137 | قرآن کا علم حاصل کرنا جہاد سے افضل ہے | 140 |
| 138 | امام ابن عساکر | 140 |
| 139 | امام سہروردی | 141 |
| 140 | تشبیہ | 142 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 141 | طالبعلم دین کی محبت | 143 |
| 142 | پہلی حدیث | 144 |
| 143 | صغیر و کبیرہ | 144 |
| 144 | دوسری حدیث | 144 |
| 145 | محبت کے تقاضے | 145 |
| 146 | تیسری حدیث | 145 |
| 147 | چھوتھی حدیث | 146 |
| 148 | پانچویں حدیث | 146 |
| 149 | بلا حساب شفاعت | 147 |
| 150 | پہلی حدیث | 147 |
| 151 | دوسری حدیث | 148 |
| 152 | علم حاصل کرنے میں جلدی کرو | 149 |
| 153 | ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے | 150 |
| 154 | علم پر خرچ کرنا ثواب ہے | 151 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 155 | مامون | 152 |
| 156 | امام غزالی | 152 |
| 157 | امام شعبی | 152 |
| 158 | اللہ کے محبوب ترین | 153 |
| 159 | ہر مسلمان پر فرض | 153 |
| 160 | علماء کے ساتھ رہو | 155 |
| 161 | عالم کو دیکھنا | 156 |
| 162 | ایک عجیب پیش گوئی | 157 |
| 163 | علماء و مقررین | 158 |
| 164 | عالم کا احترام ہر حال میں فرض ہے | 160 |
| 165 | امام ابن شنبوذ کا عجیب واقعہ | 161 |
| 166 | علم کی باتیں کرنا جہاد ہے | 163 |
| 167 | احترام علماء | 165 |
| 168 | عالم کی تعظیم اللہ کی تعظیم ہے | 167 |


Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 169 | علماء کے آگے چلنا گناہ کبیرہ ہے | 167 |
| 170 | اس سے علماء کی عظمت کا پتہ چلا | 168 |
| 171 | علماء کا کمال ادب | 168 |
| 172 | تکلیف پہنچانے کے طریقے | 169 |
| 173 | علماء کا ادب | 170 |
| 174 | سونا چاندی تانبا | 171 |
| 175 | ہمیشہ قائم رہنے والا گروہ | 172 |
| 176 | طالبعلم کی حیثیت یا مقام قرآن میں | 172 |
| 177 | جلدی کرو | 173 |
| 178 | صاحب علم وعرفان | 175 |
| 179 | امام شافعی | 175 |
| 180 | امام عبداللہ ابن مبارک | 176 |
| 181 | عمر بن عبدالعزیز | 177 |
| 182 | امام شاطبی | 177 |



Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 183 | امام غزالی | 178 |
| 184 | امام معاویہ بن قرہ | 179 |
| 185 | حضرت عثمان | 180 |
| 186 | زہد | 181 |
| 187 | امام ربیعہ بن عبد العزیز | 182 |
| 188 | امام ابو حازم | 182 |
| 189 | مفتی غلام سرور قادری | 183 |
| 190 | امام حبیشی | 184 |
| 191 | حضرت انس کے لئے دعا | 185 |
| 192 | دنیا | 186 |
| 193 | دین و دنیا ساتھ ساتھ | 188 |
| 194 | دعائے مصطفی ﷺ | 188 |
| 195 | الغرض | 190 |
| 196 | علم و حلم | 191 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 197 | سب سے بہتر علم قرآن و حدیث کا ہی علم ہے | 191 |
| 198 | سب سے بہتر | 192 |
| 199 | فقیہ حلیم الطبع ہی ہوتے ہیں | 192 |
| 200 | امام شافعی | 194 |
| 201 | علم سے محبتیں کی صورتیں | 194 |
| 202 | علم کی مجلس | 194 |
| 203 | لقمان حکیم کی بیٹے کو وصیت | 194 |
| 204 | علم کے بغیر عبادت کا انجام | 196 |
| 205 | سفیان ثوری | 197 |
| 206 | علماء پر شہید رشک کریں گے | 198 |
| 207 | ضروری چیز | 198 |
| 208 | علم حاصل کرنے میں رکاوٹیں | 199 |
| 209 | پہلی رکاوٹ | 199 |
| 210 | شیطان کا مشن | 201 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 211 | دوسری رکاوٹ | 202 |
| 212 | تیسری رکاوٹ | 202 |
| 213 | چوتھی رکاوٹ | 203 |
| 214 | آپ میرے کام کے نہیں | 204 |
| 215 | پانچویں رکاوٹ | 206 |
| 216 | چھٹی رکاوٹ | 207 |
| 217 | عالم کی مجلس میں حاضری کے سات فائدے | 209 |
| 218 | ہوا میں پرندے علماء کا ذکر کرتے ہیں | 210 |
| 219 | ساتویں رکاوٹ | 211 |
| 220 | آٹھویں رکاوٹ | 211 |
| 221 | کسب حلال | 212 |
| 222 | امراء سے گذارش | 213 |
| 223 | علماء کا اٹھ جانا | 215 |
| 224 | تخلیق عالم کا مقصد | 216 |


Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 225 | اپیل | 217 |
| 226 | علمی ترقی کیسے ہو | 218 |
| 227 | فتنوں سے حفاظت | 219 |
| 228 | سچ والے کون | 220 |
| 229 | علماء کا وسیلہ پکڑو | 212 |
| 230 | حضرت فضل بن عیاض | 222 |
| 231 | حضرت عمر کے مشیر | 227 |
| 232 | راسخ فی العلم کون؟ | 228 |
| 233 | مولانا جامی | 229 |
| 234 | بازل کون؟ | 232 |
| 235 | حضرت علی المرتضٰی کا فرمان | 233 |
| 236 | فخر کی قسمیں | 233 |
| 237 | امام جمال الدین | 234 |
| 238 | علم کے ذریعہ ایمان محفوظ | 235 |



Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 239 | صرف علماء کے کہنے پر چلو | 236 |
| 240 | مفتی کی بے ادبی | 238 |
| 241 | شریعت پر عمل سے مصیبتیں دور ہوتی ہیں | 239 |
| 242 | فتویٰ اور فیصلے سے بچنا | 240 |
| 243 | قیامت کی نشانی | 241 |
| 244 | علماء اور مال و دولت | 241 |
| 245 | ایک حقیقت | 244 |
| 246 | روئے زمین پر سب سے بہتر طبقہ علماء ہیں | 245 |
| 247 | حفیظ و علیم | 246 |
| 248 | ضروری ہے کہ قوم کا خزانہ دین دار ہاتھوں میں ہو | 247 |
| 249 | امام شافعی | 248 |
| 250 | حجۃ الاسلام | 249 |
| 251 | امام عبداللہ بن مبارک | 249 |
| 252 | علم کونسا ہے | 251 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 253 | تمام مسلمانوں پر فرض | 251 |
| 254 | قبر کا ساتھی | 253 |
| 255 | وحی موسیٰ | 253 |
| 256 | علم دین سیکھنا فرض ہے | 254 |
| 257 | مسائل | 254 |
| 258 | علم | 255 |
| 259 | عالم دین کو زکوۃ دینا فرض ہے | 257 |
| 260 | امام حسن | 258 |
| 261 | امام سرخسی | 259 |
| 262 | امام ابو حفض | 260 |
| 263 | ایک شہر سے دوسرے شہر | 262 |
| 264 | علماء کو سلام کرنے، ان کی خدمت میں بیٹھنے اور ان کی زیارت کرنے کا ثواب | 263 |
| 265 | علماء کی تعظیم | 264 |
| 266 | ایک نگاہ سے فرشتہ | 265 |


Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 267 | عالم کی ایک ایک بات سے فرشتہ پیدا ہوتا ہے | 266 |
| 268 | عالم کو دیکھنا عبادت، آنکھ اور دل کا نور ہے | 267 |
| 269 | عالم دین کی صحبت میں بیٹھنے والا قیامت کے دن رسول ﷺ کے ساتھ بیٹھا ہوگا | 267 |
| 270 | جنت کی ضمانت | 268 |
| 271 | عالم کی قبر کی زیارت | 269 |
| 272 | علماء وعلم قرآن | 270 |
| 273 | عالم سے بڑا کوئی نہیں | 270 |
| 274 | مفتی قائم مقام نبی | 271 |
| 275 | فضیلت فقہ | 272 |
| 276 | امام محمد | 272 |
| 277 | محنت کی ضرورت | 273 |
| 278 | عالم کا مقام مجاہد سے بڑھ | 274 |
| 279 | تعلیم کا ثواب | 275 |
| 280 | حضور اکرم ﷺ اور خلفاء راشدین کے زمانے میں تعلیم دین کا انتظام | 275 |


Marfat.com

# فہرست



| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 275 | وظائف | 281 |
| 276 | امام ابو عبیدہ لکھتے ہیں | 282 |
| 278 | امت پر علماء کی تعظیم فرض ہے | 283 |
| 282 | حضرت عبداللہ بن مبارک | 284 |
| 284 | یحییٰ برمکی اور حضرت سفیان ثوری | 285 |
| 286 | شفاعت عالم | 286 |



Marfat.com

Marfat.com

## ☆ نحمده و نصلی علی رسوله الکریم ☆

میں نے اعلحضرت عظیم البرکتہ، مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمتہ کے والد ماجد رئیس المحققین، عمدة العارفین قطب، زمان مولانا شاہ نقی علی خان علیہ الرحمتہ والرضوان کا علم وعلماء کی فضیلت وشان سے متعلق تقریبا ۱۵۔۱۶ صفحوں کا ایک رسالہ دیکھا تھا جس کا نام ہے فضل العلم والعلماء جسمیں آپ نے قرآن وسنت وائمئہ اہلسنت کے اقوال کی روشنی میں نہایت اختصار و جامعیت کے ساتھ علم وعلماء دین کے مقام ومرتبہ کو بیان فرمایا مگر اسکی اردو عالمانہ وفاضلانہ انداز کی تھی جس سے ہر شخص مستفید نہیں ہوسکتا، میں نے سوچا کہ آپ کے اس رسالہ مبارکہ میں مزید دلائل کا اضافہ کر کے اسے ایک نئے اور آسان انداز کے ساتھ پیش کیا جائے تاکہ اسے ہر شخص سمجھ سکے اور اس سے مستفید ہو سکے لھذا میں نے یہ کتاب ایک نئے مدلل اور آسان انداز میں لکھی اسمیں حضرت موصوف علیہ الرحمتہ کے رسالہ مبارکہ کو بھی سمو دیا تاکہ اسے الگ شائع کرنے کی ضرورت نہ رہے اور ویسے وہ علیحدہ بھی چھپا ہوا ملتا ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کے ذریعے ہر عام وخاص صاحب ایمان کو علم وعلماء دین کی شان ومقام سمجھنے کی توفیق بخشے اور دینی علوم کو فروغ دینے میں بھرپور تعاون کی توفیق بخشے ( آمین )۔

طالب دعا ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری

Marfat.com

## علم کی فضیلت قرآن سے

### آیت نمبر ۱

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے

**شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو و الملائکۃ و اولوا العلم قائما بالقسط ۔**

(سورۃ آل عمران آیت ۱۸)

اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی عبادت (بندگی) کے لائق نہیں اور اس کے فرشتوں نے اور عالموں نے (بھی) انصاف کے ساتھ (یہی گواہی دی)

## علم کی تین فضیلتیں

اس آیت کریمہ سے علم کی تین فضیلتیں ثابت ہوتی ہیں۔

۱۔ ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنے فرشتوں کے ساتھ ہی علماء کا ذکر فرمایا اور یہ علماء کے لئے ایک انتہائی عظمت و بڑائی کی بات ہے۔

۲۔ دوسری یہ کہ علماء کو فرشتوں کی طرح اپنی وحدانیت کا گواہ ٹھہرایا اور ان کی گواہی کو اپنی الوھیت (خدا ہونے) کے ثبوت کی دلیل قرار دیا۔

۳۔ تیسری یہ کہ علماء کی گواہی کو فرشتوں کی گواہی کی طرح معتبر اور اہم ٹھہرایا۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ابوحفص بن علی ابن عادل دمشقی حنبلی متوفی

Marfat.com

۸۸۰ھ اپنی تفسیر اللباب فی علوم الکتاب میں لکھتے ہیں۔

دلت هذه الاية على فضل العلم وشرف العلماء فانه لو كان احد اشرف من العلماء لقرنه الله تعالى باسمه و اسم ملائكته كما قرن الله اسم العلماء قال تعالى لنبيه صلی اللہ علیہ وسلم قل رب زدني علما

(طٰہٰ ۱۱۴)۔

فلو كان شی اعزواشرف من العلم لا مرالله تعالى نبيه المزيد منه كما امره ان يستزيد من العلم و قال صلی اللہ علیہ وسلم العلماء ورثة الانبيآء و قال صلی اللہ علیہ وسلم العلماء امناء الله على خلقه ۔

ترجمہ:۔

اس آیت نے اس بات کی طرف رہنمائی کی ہے کہ علم ہی افضل نعمت اور امت میں علماء ہی کا بڑا اونچا مقام ہے، کیونکہ اگر اللہ کے نزدیک علماء سے بڑھ کر کسی کا درجہ ہوتا تو ضرور اللہ اس کا نام اپنے نام اور اپنے فرشتوں کے نام کے ساتھ، ملاتا جیسے اللہ نے علماء کا نام ملایا اور یہ کہ اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ اے حبیب دعا کیجئے اور کہیے اے میرے رب میرے علم کو زیادہ کر، تو اگر علم سے بڑھ کر کوئی نعمت ہوتی تو اللہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی زیادتی کی دعا کرنے کا حکم دیتا جیسے علم میں زیادتی کی دعا کرنے کا حکم دیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علماء نبیوں کے وارث ہیں اور فرمایا علماء، اللہ کی مخلوق پر اس کے امین ہیں (کہ اللہ نے ان کو اپنی مخلوق کے لئے علم امانت دی

Marfat.com

ہے تاکہ وہ ان تک اس کی نعمت پہنچائیں )۔

﴿ آیت نمبر۲ ﴾

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

**قل کفی باللہ شہیدا بینی و بینکم ومن عندہ علم الکتاب۔**

(سورۃ الرعد ۴۳)

ترجمہ:۔

فرما دیجئے! اللہ میرے اور تمہارے درمیان کافی گواہ ہے اور ہر وہ شخص جس کے پاس (اللہ کی کتاب کا علم ہے) کافی گواہ ہے۔

## ﴿ علماء کی گواہی کافی ہے ﴾

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور فرشتوں کی گواہی کے ساتھ علماء (جو اللہ کی کتاب کا علم رکھتے ہیں) کی گواہی کو ہی کافی قرار دیا ہے یہ علماء کی بہت بڑی عزت افزائی ہے جو اللہ نے فرمائی ہے تفسیر اللباب فی علوم الکتاب میں ہے **ای ومن عندہ علم القرآن** یعنی اس کی گواہی کافی ہے جس کے پاس قرآن کا علم ہے

(تفسیر اللباب فی علوم الکتاب ج ۱۱ ص ۳۲۶ للامام الغرابی حفص عمر بن علی الدمشقی متوفی ۸۸۰ھ)

﴿ آیت نمبر ۳ ﴾

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

Marfat.com

**يرفع الله الذين آمنوا منكم و الذين أُوتوا العلم درجات**

(سورة المجادلة ۱۱)

ترجمہ:۔

اللہ تم میں اس کو جو ایمان لائے اونچا کرتا ہے اور (خاص کر) ان کو تو جو علم دیے گئے کئی درجے اونچا کرتا ہے۔

## ﴿علم، بلندئ درجات کا باعث ہے﴾

اس آیت سے ثابت ہوا کہ ایمان کی طرح علم بھی درجات کی بلندی کا سبب ہے۔

﴿آیت نمبر ۴﴾

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

**والراسخون فی العلم یقولون امنا به کل من عند ربناومایذکرالااولوالالباب۔**

(آل عمران ۷)

ترجمہ:۔

اور جو ایمان میں پکے ہیں وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے (جو قرآن میں ہے) سب ہمارے رب کے پاس سے ہے اور نصیحت عقل والے ہی مانتے ہیں

Marfat.com

## کمال ایمان و عقل:۔

یہ آیت، علم والوں کے کامل الایمان اور کامل العقل ہونے اور ان کے انتہائی فرمانبردار ہونے کا واضح ثبوت ہے۔

﴿آیت نمبر ۵﴾

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

**انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء**

(الفاطر ۲۸)

ترجمہ:۔

اللہ کے بندوں میں سے علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس بات کو ایک عجیب انداز سے بیان فرمایا ہے کہ اللہ سے علماء ہی ڈرتے ہیں اور وجہ حصر یہ ہے کہ دوسرے لوگ بھی اگرچہ اللہ سے ڈرتے ہیں لیکن ویسے نہیں ڈرتے جیسے علماء ڈرتے ہیں۔

مطلب یہ کہ اللہ سے صحیح معنوں میں اور مکمل طور پر صرف اور صرف علماء ڈرتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے قہر و زبردست ہونے، اس کے بے نیاز و بے پروا ہونے، کو دوزخ کے حالات اور قیامت کی ہولناکیوں کو جب تک کوئی شخص تفصیل سے نہیں جانتا وہ اللہ تعالیٰ سے کما حقہ ڈر نہیں سکتا۔ لیکن ان چیزوں کی تفصیل چونکہ علماء جانتے ہیں اس لئے وہ اللہ تعالیٰ سے کما حقہ ڈرتے ہیں۔

Marfat.com

# خیر و بھلائی

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ:۔

**من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین**

ترجمہ:۔

اللہ اپنے جس بندے سے بھلائی (دنیا و آخرت کی کامیابی) کا ارادہ فرماتا ہے اسے شریعت کے احکام (قرآن و سنت) کا عالم بناتا ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری و مسلم و ابن ماجہ اور امام ابویعلی نے اپنی اپنی سندوں سے روایت کیا اور امام ابویعلی کی روایت میں یہ الفاظ مزید بھی ہیں کہ **ومن لم یفقہہ لم یبال بہ** اور جسے اس نے شریعت (قرآن و سنت) کا علم نہ دیا (کہ اس نے خود ہی نہیں سیکھا) اللہ اس کی پروا نہیں فرماتا (کیونکہ وہ احکام شریعت سے جاہل رہا سیکھنے کی کوشش نہ کی)

امام طبرانی نے اس حدیث کو طبرانی میں روایت کیا اس کے الفاظ یہ ہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا کہ:۔

**یا ایھا الناس انما العلم بالتعلم والفقہ بالتفقہ ومن یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین وانما یخشی اللہ من عبادہ العلماء۔**

(الترغیب الترہیب ج ۱ ص ۹۲)

Marfat.com

ترجمہ:۔

اے لوگو! علم محنت کے ساتھ سیکھنے سے ہی حاصل ہوتا ہے اور خاص کر شریعت کے احکام کا علم پوری کوشش خرچ کرنے سے ہی حاصل ہوتا ہے اور اللہ اپنے جس بندے سے دنیا و آخرت کی بھلائی اور کامیابی کا ارادہ فرماتا ہے اسے شریعت (قرآن وسنت کے احکام) کا علم دیتا ہے اور اللہ کے بندوں میں سے اس سے کما حقہ علماء ہی ڈرتے ہیں۔

وضاحت:۔

اس حدیث میں دو علموں کا ذکر آیا ہے ایک عام علم اور دوسرا خاص فقہ کا علم۔ عام علم سے مراد فقہ سیکھنے سے پہلے کا علم ہے جیسے عربی قواعد وضوابط (گرائمر) عربی زبان؛ وعربی ادب کیونکہ پہلے یہ علم سیکھیں گے تو فقہ (قرآن وسنت کے احکام) کا علم سیکھنا آسان ہوگا اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں پر زور دیتے تھے کہ وہ قرآن و سنت کو پوری طرح سمجھنے کے لئے عربی لغت وعربی ادب پر عبور حاصل کریں۔

آپ کا فرمان ہے۔ **علیکم بدیوان العرب** کہ عرب شعراء کا کلام پڑھو، تاکہ تمہیں عربی زبان پر عبور ہو پھر تم قرآن وسنت وفقہ کے علوم سیکھنے میں آسانی پاؤ گے۔

﴿ آیت نمبر ٦ ﴾

اللہ تعالی فرماتا ہے

**ولکن کونوا ربانیین بما کنتم تعلمون الکتاب**

Marfat.com

وبما کنتم تدرسون۔

(ال عمران ۷۹)

ترجمہ:۔

اور لیکن تم اللہ والے ہو جاؤ اس لئے کہ تم (اللہ کی) کتاب (لوگوں کو) سکھاتے ہو اس لئے کہ تم (اسے خود بھی) پڑھتے ہو۔

## علماء کو مولوی کیوں کہتے ہیں؟

اس آیت سے واضح ہو گیا کہ علم کا تقاضا یہ ہے کہ عالم سارے جہان سے محبت کا تعلق توڑ کر ایک اللہ سے محبت کا تعلق جوڑ لے اور اسی سے کام رکھے اور یہ کام علماء ہی کرتے ہیں کیونکہ جہاں کہیں اللہ کے احکام کی خلاف ورزی ہوتی دیکھتے ہیں اللہ کی محبت انہیں اس کے خلاف آواز بلند کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ اس لئے علماء کو مولوی کہتے ہیں مولوی میں یاء نسبت کی ہے یعنی مولی تعالی سے نسبت رکھنے والا اور ایک اللہ جل شانہ کا ہو کر رہ جانے والا۔

آیت نمبر ۷

## اللہ کی بھلائی

اللہ تعالے فرماتا ہے

من یؤتی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا

(البقرۃ ۲۶۹)

Marfat.com

ترجمہ:۔

اے لوگو! علم محنت کے ساتھ سیکھنے سے ہی حاصل ہوتا ہے اور خاص کر شریعت کے احکام کا علم پوری کوشش خرچ کرنے سے ہی حاصل ہوتا ہے اور اللہ اپنے جس بندے سے دنیا و آخرت کی بھلائی اور کامیابی کا ارادہ فرماتا ہے اسے شریعت (قرآن وسنت کے احکام) کا علم دیتا ہے اور اللہ کے بندوں میں سے اس سے کما حقہ علماء ہی ڈرتے ہیں۔

وضاحت:۔

اس حدیث میں دو علموں کا ذکر آیا ہے ایک عام علم اور دوسرا خاص فقہ کا علم۔ عام علم سے مراد فقہ سیکھنے سے پہلے کا علم ہے جیسے عربی قواعد وضوابط (گرائمر) عربی زبان؛ وعربی ادب کیونکہ پہلے یہ علم سیکھیں گے تو فقہ (قرآن وسنت کے احکام) کا علم سیکھنا آسان ہوگا اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں پر زور دیتے تھے کہ وہ قرآن و سنت کو پوری طرح سمجھنے کے لئے عربی لغت وعربی ادب پر عبور حاصل کریں۔

آپ کا فرمان ہے۔ **علیکم بدیوان العرب** کہ عرب شعراء کا کلام پڑھو، تاکہ تمہیں عربی زبان پر عبور ہو پھر تم قرآن وسنت وفقہ کے علوم سیکھنے میں آسانی پاؤ گے۔

﴿ آیت نمبر ٦ ﴾

اللہ تعالی فرماتا ہے

**ولکن کونوا ربانیین بما کنتم تعلمون الکتاب**

Marfat.com

وبما کنتم تدرسون ۔

(ال عمران ۷۹)

ترجمہ:۔

اور لیکن تم اللہ والے ہو جاؤ اس لئے کہ تم (اللہ کی) کتاب (لوگوں کو) سکھاتے ہو اس لئے کہ تم (اسے خود بھی) پڑھتے ہو۔

## علماء کو مولوی کیوں کہتے ہیں؟

اس آیت سے واضح ہو گیا کہ علم کا تقاضا یہ ہے کہ عالم سارے جہان سے محبت کا تعلق توڑ کر ایک اللہ سے محبت کا تعلق جوڑ لے اور اسی سے کام رکھے اور یہ کام علماء ہی کرتے ہیں کیونکہ جہاں کہیں اللہ کے احکام کی خلاف ورزی ہوتی دیکھتے ہیں اللہ کی محبت انہیں اس کے خلاف آواز بلند کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ اس لئے علماء کو مولوی کہتے ہیں مولوی میں یاء نسبت کی ہے یعنی مولی تعالی سے نسبت رکھنے والا اور ایک اللہ جل شانہ کا ہو کر رہ جانے والا۔

آیت نمبر ۷

## اللہ کی بھلائی

اللہ تعالے فرماتا ہے

من یؤتی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا

(البقرۃ ۲۶۹)

Marfat.com

ترجمہ:۔

جسکو حکمت دی گئی، بے شک اسے بہت بھلائی دی گئی۔

اور حکمت سے شریعت کے احکام کا علم مراد ہے۔یعنی جسے شریعت کا علم دیا گیا اسے بہت بھلائی دی گئی۔

چنانچہ حدیث میں ہے

**من یرید الله به خیرا یفقهه فی الدین**

(صحیح بخاری)

ترجمہ:۔

اللہ اپنے جس بندے سے بھلائی (کرنے کا اور اسے بھلائی دینے) کا ارادہ فرماتا ہے اسے شریعت کے احکام کا علم دیتا ہے۔

اور ظاہر ہے جسے بہت بھلائی دی جائے اس کا درجہ و مرتبہ بہت بڑا ہوگا۔

﴿ آیت نمبر ۸ ﴾

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

**وتلك الامثال نضربها للناس وما یعقلها الا العالمون۔**

(العنکبوت ۴۳)

ترجمہ:۔

اور یہ مثالیں ہیں جنہیں ہم لوگوں کے لئے بیان فرماتے ہیں اور ان

Marfat.com

مثالوں کو علماء ہی سمجھتے ہیں۔

## ﴿اللہ کی باتوں کو علماء ہی سمجھتے ہیں﴾

اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالی کے کلام کے اسرار و رموز اور بھید کی باتوں کو علماء کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور اس سے علماء کی شان ظاہر ہوتی ہے۔

﴿آیت نمبر۹﴾

اللہ تعالی فرماتا ہے۔

**وقال الذین أُوتوا العلم و یلکم ثواب الله خیر لمن آمن وعمل صالحا**

(القصص ۸۰)

ترجمہ:۔

ان لوگوں نے جنہیں علم دیا گیا، بولے تمہاری خرابی، اللہ کا ثواب اس شخص کے لئے بہتر ہے جو ایمان لایا اور اس نے اچھے کام کئے۔

آخرت کی قدر و منزلت علماء ہی جانتے ہیں۔

اس آیت سے واضح ہو گیا کہ آخرت کی قدر و منزلت علماء ہی جانتے ہیں۔

﴿آیت نمبر۱۰﴾

اللہ تعالی فرماتا ہے

**قل ھل یستوی الذین یعلمون و الذین لا یعلمون** (الزمر ۹)

Marfat.com

ترجمہ:۔

فرمادیجئے! کیا وہ لوگ جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے، برابر ہیں؟

یعنی برابر نہیں ہوسکتے کہ جاھل کسی طرح بھی عالم کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ عالم کا درجہ غیر عالم سے اوپر ہے۔

اس میں نسب کی کوئی تخصیص نہیں کی گئی غیر عالم خواہ کسی بھی خاندان اور نسب سے تعلق رکھتا ہو وہ عالم کے برابر نہیں ہوسکتا اسی لئے فقہاء فرماتے ہیں جیسا کہ فتاوی شامی اور قاضی خاں کے حوالہ سے ہے۔

**فالعالم العجمی یکون کفوا للجاھل العربی و العلویة لان شرف العلم فوق شرف النسب و العالم الفقیر یکون کفوا للغنی الجاھل و الوجه فیه ظا ھر لان شرف العلم فوق شرف النسب فشرف المال اولی ۔**

(فتاوی شامی ج۳ص۹۲)

ترجمہ:۔

یعنی عالم جو عربی نہیں ہے وہ غیر عالم عربی کا کفو ہے اس کے خاندان میں شادی کرسکتا ہے اور سیدہ کا بھی کفو ہے اس سے بھی شادی کرسکتا ہے کیونکہ علم کی بزرگی خاندان کی بزرگی سے اوپر ہے اور فتح القدیر میں اسی کو پسند کیا اور فتاوی بزازیہ میں اسی کو یقینی بات قرار دیا اور اس قدر زائد لکھا کہ عالم جو دولتمند نہ ہو وہ دولتمند غیر عالم کی کفو ہے اور اس کی وجہ ظاہر ہے کہ علم کی شان وعظمت نسب کی شان وعظمت سے اوپر

Marfat.com

ہے تو اس کی شان وعظمت مال و دولت کی شان وعظمت سے بطریق اولی بڑھ کر ہوگی۔

پھر علامہ شامی فرماتے ہیں کہ امام خیر الدین الرملیؒ متوفی ۱۰۸۱ھ مجمع الفتاوی سے نقل فرماتے ہیں کہ

**العالم یکون کفوا للعلویة لان شرف الحسب اقوی من شرف النسب**

(شامی ج۳ص ۹۲)

عالم کا سیدہ کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے کیونکہ علم کا درجہ نسب کے درجہ سے بڑھ کر ہے۔

پھر علامہ شامی فتاوی خیریہ کے آخر کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ امام خیر الدین رملیؒ نے فرمایا۔

**قریشی جاھل تقدم فی المجلس علی عالم انه یحرم وعلیه اذ کتب العلماء طافحة بتقدم العالم علی القرشی ولم یفرق سبحانه و تعالی بین القرشی و غیره فی قوله " ھل یستوی الذین یعلون والذین لا یعلمون" کان شرف العلم اقوی من شرف النسب ۔**

(فتاوی شامی ج۳ص ۹۲۔۹۳)

ترجمہ:۔

غیر عالم سید کا مجلس میں عالم سے اونچا یا آگے بیٹھنا حرام ہے کیونکہ فقہاء کی

Marfat.com

کتابیں اس بات کے حوالوں سے بھری پڑی ہیں کہ عالم کا درجہ سید کے درجہ سے اونچا ہے اور اللہ تعالی نے اپنے اس فرمان میں کہ کیا عالم اور غیر عالم برابر ہو سکتے ہیں؟ (غیر عالم میں) سید اور غیر سید کا فرق نہیں کیا لہذ اعلم کا درجہ خاندان کے درجہ سے اونچا ہے اسی طرح فتاوی عالمگیری ج ا ص ۲۹۰ میں اور فتاوی قاضی خاں ج ا ص ۳۵۱۔ اور جامع الرموز ج ا ص ۴۷۰ اور الفقہ علی المذاھب الاربعۃ ج ۴ ص ۵۵ میں ہے کہ عالم کا درجہ غیر عالم سید سے اوپر ہے۔

## عالم کون؟

عالم وہ ہے جسے عربی زبان پر اسقدر عبور ہو کہ وہ پیش آنے والے مسائل کو کسی کی مدد کے بغیر قرآن آپ حدیث سے نکال سکے۔

آیت نمبر ۱۱

## دعائے مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم

### قل رب زدنی علما (طٰہٰ ۱۱۴)

ترجمہ:۔

اے حبیب! صلی اللہ علیہ وسلم کہیے (دعا کرتے رہیے) اے میرے رب میرے علم کو زیادہ کر۔

قرآن کریم اور تفاسیر کی روشنی میں عالم دین کا مقام بیان کرنے کے بعد اب ہم احادیث مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں مقام علم و علماء عرض کرتے ہیں۔

Marfat.com

# ﴿طالب علم کا مقام﴾

بلاشبہ عالم کا مقام ومرتبہ تو مسلم ہے، مگر طالب علم کی شان یہ ہے کہ وہ زمین پر چلتا پھرتا جنتی ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث شریف میں ہے یہ حدیث ہم پانچ ٹکڑوں میں الگ الگ عنوانوں سے نقل کرتے ہیں۔

﴿حدیث نمبر۱﴾

**(۱) من سلك طريقا يبتغي فيه علما سلك الله به طريقا الى الجنة۔**

ترجمہ:۔

جو شخص کسی راستے پر چلے جس میں وہ علم کی تلاش کرتا ہے، اللہ تعالی اسے جنت کے راستے پر چلاتا ہے۔

لیجئے یہاں قرآن وسنت کے علم کی تلاش میں نکلنے والے شخص (طالب علم) کی شان دیکھئے کہ وہ علم کی طلب کے لئے زمین پر چل رہا ہے ادھر اللہ تعالی اس کے لئے آسمانوں پر جنت میں راستہ بنا رہا ہے جب شاگرد کا مقام یہ ہے تو اسے پڑھانے والے استاذ (عالم) کا کیا مقام ہوگا اس سے آگے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**(۲) وان الملائكة لتضع اجنحتها رضى لطالب العلم**

ترجمہ:۔

بلاشبہ فرشتے طالب علم کی خوشی کے لئے اس کے پاؤں تلے اپنے پر بچھاتے ہیں۔

Marfat.com

یہ تو طالب علم کی شان ہے کہ علم دین (قرآن وسنت کی تعلیم) حاصل کرنے کے لئے وہ زمین پر چلتا ہے تو جنت میں اس کے لئے راستہ بنایا جارہا ہے اور فرشتے اس کی خوشی کے لئے اس کے پاؤں تلے نوری پر بچھا رہے ہیں اور تحفہ نصائح میں ایک حدیث شریف کے حوالہ سے مصنف تحفہ نصائح فرماتے ہیں کہ طالب کو ایک قلم (جس سے وہ قرآن وحدیث کے مسائل لکھے) دینے والوں کو اللہ جنت عطا فرمائیگا۔

یہ تو ایک قلم دینے کا حال ہے کہ اسے طالب علم کو ایک قلم دینے کے بدلہ جنت کا ایک باغ عطیہ ملے گا اور وہ سخی لوگ جو طلباء کے اخراجات کے لئے دینی مدارس کی بھرپور امداد کرتے ہیں، وہ کتنی جنتوں کے حقدار ہوں گے۔ یہ خود ہی سوچئے ایک اور حدیث میں ہے کہ اگر قرآن وسنت کا علم حاصل کرنے والا طالب ایک قبرستان سے گزرے تو اس کی برکت سے اس قبرستان کے عذاب میں پکڑے ہوئے گناہگاروں سے چالیس دن تک کے لئے عذاب اٹھالیا جاتا ہے۔

امام فخرالدین رازی تفسیر کبیر میں **بسم اللہ** کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ایک گناہگار اپنی بیوی کو یہ وصیت کر کے فوت ہوگیا کہ اس کا بچہ جب بڑا ہو تو اسے قرآن وسنت کا عالم بنانے کے لئے کسی دینی مدرسہ میں داخل کرانا جہاں وہ علماء سے دین کا علم حاصل کرے۔ گناہگار ہونے کی وجہ سے اسے قبر میں عذاب دیا جارہا تھا اس دوران اس کا بیٹا بڑا ہو کر پڑھنے لکھنے کے قابل ہوگیا تو اس کی ماں اسے اس کے مرحوم باپ کی وصیت کے مطابق دینی مدرسہ میں لے گئی اور عالم بنانے کے لئے علماء کے حوالے کر دیا۔ استاذ نے اسے اپنے سامنے بٹھا کر **بسم اللہ الرحمن الرحیم** شروع کرائی تو اس کے باپ کے لیے عذاب دینے والے فرشتوں کو اللہ کا

Marfat.com

حکم ہوا کہ اس سے عذاب اٹھالو میں نے اسے معاف کردیا کیونکہ مجھے شرم آتی ہے کہ اس کا بیٹا تو **بسم اللہ الرحمن الرحیم** پڑھ کر علم سیکھ رہا ہو اور عالم دین بن رہا ہو اور میں اس کے باپ کو عذاب دیتا رہوں چنانچہ اسے معاف کردیا گیا یہ تو ابھی بسم اللہ پڑھنے اور سیکھنے کی برکت تھی اس کے بعد جب وہ اس سے اوپر کا علم سیکھتا ہے تو اس پر اور اسکے باپ پر اللہ کا کس قدر کرم ہوتا ہوگا اور اس کو قرآن وسنت پڑھانے والے عالم دین کا کیا مقام ہوگا پھران پر مال خرچ کرنے والے سخیوں کا کیا درجہ ہوگا۔

## مقام عالم

اس سے آگے حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**(۳) وان العالم لیستغفرله من فی السموات ومن فی الارض حتی الحیتان فی الماء**

ترجمہ:۔

اور بے شک عالم کی شان یہ ہے کہ اس کے لئے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب کے سب بخشش کی دعا کرتے ہیں حتی کہ پانی میں موجود مچھلیاں بھی عالم کے لئے بخشش کی دعا کرتی ہیں۔

## ایک سوال اور اس کا جواب

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ عالم کے لئے آسمانوں اور زمینوں والے حتی کہ دریاؤں اور سمندروں کی مچھلیاں بھی بخشش کی دعا مانگتی ہیں کیوں؟ اس کا جواب یہ ہے

Marfat.com

کہ اس لئے کہ حدیث شریف میں ہے کہ اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ زمین میں اللہ اللہ کہا جائے گا مقصد یہ ہے کہ جب تک اللہ کے دین کی اور اس کے احکام کی تعلیم دی جائیگی اور ظاھر ہے کہ یہ تعلیم دینے والے علماء دین ہی ہیں لہذا اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ جب تک علماء زمین پر ہیں اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی اور آسمانوں اور زمینوں والے حتیٰ کہ سمندروں اور دریاؤں کی مچھلیاں سب قیامت کے قائم ہونے سے ڈرتے ہیں اور وہ یہ بات جانتے ہیں کہ علماء دین کا وجود قیامت کے آنے میں رکاوٹ ہے لہذا ان کے لئے اللہ سے دعا کرتے ہیں۔

## عبادت گذاروں کے مقابلہ میں عالم کا مرتبہ

اس سے آگے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

(۴) **وفضل العالم علی العابد کفضل القمر علی سائر الکواکب۔**

ترجمہ:۔

عالم کا مرتبہ عبادت گذاروں کے اوپر ایسے بلند و بالا اور اونچا ہے جیسے چاند کا مرتبہ باقی ستاروں کے اوپر بلند اور اونچا ہے۔

## عالم چاند اور عبادت گذار ستارہ ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح فرمایا کہ میری امت میں عالم دین ایسا ہے جیسے چاند اور نیک لوگ جو اللہ کی عبادت میں مشغول رہتے ہیں ایسے ہیں جیسے ستارے۔ حضور

Marfat.com

ﷺ نے عالم کو اس لئے چاند قرار دیا کہ جیسے چاند سورج سے روشنی حاصل کرتا ہے ایسے ہی عالم رسول اللہ ﷺ سے علم کا نور حاصل کرتا ہے۔اس لئے امام شرف الدین بوصیریؒ صاحب قصیدہ بردہ شریف نے قصیدہ بردہ میں حضور ﷺ کو فضائل و کمالات کا سورج کہا ہے۔

## رسول اللہ ﷺ فضائل و کمالات کے سورج ہیں

چنانچہ امام شرف الدین بوصیریؒ حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کرتے ہیں۔

**وانك شمس فضل هم كواكبها يظهرن انوارها للناس فى الظلم**

ترجمہ:۔

کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کمالات کے سورج ہیں اور انبیاء علیھم السلام اور علماء کرام آپ کے ستارے ہیں جو آپ کے نور سے لوگوں کے لئے اندھیروں کو دور کرتے ہیں۔

## علم کی تعریف

علم کی جو تعریف کی گئی ہے اس سے بھی اس حقیقت کا پتہ چلتا ہے

**العلم نور مقتبس من مشكوة النبوة**

ترجمہ:۔

Marfat.com

کہ علم، علماء کے سینوں میں ایک نور ہے جو رسول اللہ ﷺ کے سینہ مبارک سے حاصل ہوتا ہے۔

## نبیوں کے وارث

اس سے آگے حضور ﷺ نے اشاد فرمایا

**(۵) ان العلماء ورثة الانبياء ان الانبياء لم يورثوا دينارا ولادرهما انماورثوا العلم فمن اخذ به فقد اخذ بحظ وافر**

(صحیح الترمذی ج ۲ ص۹۳)

ترجمہ:۔

کہ بے شک علماء، نبیوں کے وارث ہیں بے شک نبیوں نے دینار و درھم کا (کسی کو) وارث نہیں بنایا (کہ وہ دینار و درھم چھوڑتے ہی نہیں بلکہ سب کچھ اللہ کی راہ میں ہی دیدیتے ہیں) انہوں نے علم کا وارث بنایا تو جس نے علم لے لیا تو بے شک اس نے نبیوں کی میراث کا بڑا حصہ پالیا۔

## زکوۃ وخیرات کا بہترین مصرف

جب علم کی شان یہ ہے کہ وہ پیغمبروں کا چھوڑا ہوا ورثہ ہے اور روحانی نور ہے، اللہ کی معرفت کا ذریعہ ہے تو یہ مخیّر ومالدار حضرات کی زکوۃ وصدقات وخیرات وغیرہ کا بھی بہترین مصرف ٹھہرا لہذا مالداروں کے لئے زیادہ فضیلت وثواب اس میں ہے کہ وہ دینی مدارس کو ہی زیادہ سے زیادہ مالی مدد دیں تا کہ وہ پیغمبروں کا اور

Marfat.com

خصوصاً رسول اللہ ﷺ کا روحانی ورثہ قوم کے زیادہ سے زیادہ بچوں کو دے سکیں جس سے جہالت کے اندھیرے ختم ہوں اور دنیا روشن ہو کر امن وامان کا گہوارہ ہو جائے اور دین وایمان کی ترقی اور اسلام کا غلبہ ہو کیونکہ علم دین کے بغیر دین وایمان کی ترقی اور غلبۂ اسلام ناممکن ہے اور کچھ نہ ہو سکے تو کم از کم زکوۃ ہی خرچ کر کے اس کو فروغ دینے کی سعادت حاصل کرو۔ علماء کے وجود کو اللہ کی عظیم نعمت سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے جاؤ پھر دیکھنا تم دین ودنیا میں کیسے ترقی کرتے اور آخرت میں اللہ ورسول اللہ ﷺ کے ہاں سرخرو ہوتے ہو۔

لہٰذا ان مالداروں کو یہ معلوم ہونا چاہیے جو دینی مدارس (جو قرآن وسنت کے علوم کی تعلیم کے سرچشمے اور مرکز ہیں) کو چھوڑ کر ادھر ادھر دوسرے رفاہی وخیراتی اداروں پر خرچ کرنا زیادہ ثواب سمجھتے ہیں ان کا یہ خیال درست نہیں ہے وہ اپنا ہی ثواب کم کرتے ہیں بلکہ وہ دین پر خرچ نہ کر کے یا کم خرچ کر کے دین کو نقصان پہنچاتے اور اللہ کو ناراض کرتے ہیں۔

امراء پر فرض ہے زکوۃ دینا کیونکہ زکوۃ اللہ کا فرض ہے اگر یہاں نہ دیں گے تو قیامت کے دن سخت مصیبت میں پڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے۔

**والذین یکنزون الذھب و الفضة ولا ینفقونھافی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم یوم یحمٰی علیھا فی نار جھنم فتکوٰی بھا جباھھم و جنوبھم و ظھورھم۔**

(التوبہ ۳۴)

ترجمہ:۔

Marfat.com

جولوگ جمع کرتے ہیں سونا اور چاندی اور اس کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ان کو بشارت دے ساتھ دکھ دینے والی مار کے جس دن گرم کیا جائے گا وہ سونا چاندی دوزخ کی آگ میں پھر داغی جائیں گی اس سے ان کی پیشانیاں اور کروٹیں اور پیٹھیں۔

اور فرماتا ہے

**هذا ما كنزتم لا نفسكم فذوقوا ما كنتم تكنزون۔**

(التوبه ۳۴)

ترجمہ:۔

یعنی پھر ان سے کہا جائے گا یہ وہ ہے جو تم نے جمع کیا اپنی جانوں کے لئے پس چکھو جو تم جمع کرتے تھے۔

اور یہ بھی سمجھ لو کہ غنی طالب علم کو زکوۃ لینا جائز ہے جبکہ وہ طالب علم، علم میں مصروف ہونے کی وجہ سے کسب کی فرصت نہ رکھتا ہو اور یہی علماء کے لئے بھی ہے چنانچہ فتاوی درمختار میں ہے کہ

**وبهذا التعليل يقوى مانسب للواقعات من ان طالب العلم يجوزله اخذ ا الزكوة ولوغنيا اذا فرغ نفسه لا فادة العلم واستفادته بعجزه عن الكسب و الحاجة داعية الى مالا بد منه هكذا ذكره المصنف۔**

(الدر المختار ج ا ص۲۲۷)

١٢٧٧٢٥

Marfat.com

ترجمہ:۔

اور اس تعلیل سے اس بات کی تقویت ملتی ہے جو کتاب فقہ ''**الوقعات**'' کی طرف منسوب ہے کہ جو طلباء و علماء علم کو پڑھنے پڑھانے کے لئے اپنے آپ کو وقف کئے ہوئے ہیں ان کے لئے زکوۃ لینا جائز ہے اگر چہ وہ مالدار ہوں کیونکہ علم پڑھنے پڑھانے میں مصروفیت کی وجہ سے دنیا نہیں کما سکتے جبکہ ضروریات ہر وقت درپیش رہتی ہیں مصنف نے اسی طرح اس مسئلہ کا ذکر فرمایا۔

اور جو اہل زکوۃ احتیاط مہتم مدرسہ سے کہدیں کہ ہمارا روپیہ محتاج طلبہ کو دیا کرو یا ان پر خرچ کردو۔ان کے طفیل غیر محتاج طلباء بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں ظاہر ہے کہ''**لافادۃ العلم**''علماء کے لئے ہے اور ''**استفادته**''طلباء کے لئے ہے۔لہذا طلباء و علماء غنی ہونے کے باوجود زکوۃ لے سکتے ہیں کہ کسی بھی وقت ان کو اس کی ضرورت ہو سکتی ہے اور ویسے محتاجوں و مستحقوں کے طفیل غیر محتاج بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں ہے حضور اکرم ﷺ نے حضرت بریرہؓ سے صدقے کے گوشت کے بارے میں فرمایا''**لك صدقة ولنا هدية**''کہ تیرے لئے صدقہ اور ہمارے لئے (تیری طرف سے) ھدیہ ہوگا۔

## شیطان سب سے زیادہ کب خوش ہوتا ہے

شیطان سب سے زیادہ کب اور کس بات سے خوش ہوتا ہے اس سلسلے میں سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ شیطان کے چیلے روزانہ شام کو اپنی کارکردگی سنانے کے لئے اس کے پاس آتے ہیں اور ان میں سے

Marfat.com

ایک کہتا ہے میں نے یہ فساد کرادیا کوئی کہتا ہے میں نے فلاں نیک آدمی کو دھوکا دیا وغیرہ وغیرہ۔

ان میں سے جو سب سے چھوٹا چیلا ہوتا ہے وہ کہتا ہے میں نے ایک بچہ کو قرآن وحدیث کے علم سے روک دیا ہے اب وہ یہ علم نہیں پڑھ سکے گا تو بڑا شیطان خوشی سے اس کے آگے کھڑا ہو جاتا ہے اور اسے شاباش دیتا اور اسے اپنے ساتھ بٹھاتا ہے اور سب سے بڑھ کر اس کے اس کام سے خوشی ظاہر کرتا ہے۔

(تفسیر روح البیان ج ۱ ص ۸۰)

معلوم ہوا کہ شیطان سب سے زیادہ قرآن وسنت کے علم والوں کا دشمن ہے اور اس بات سے سخت پریشان ہوتا ہے کہ کوئی اپنے بچہ کو قرآن وسنت کا علم سکھا کر عالم بنائے یا قرآن وسنت کے علم سیکھنے والوں کی کسی طرح کی مدد کرے شیطان اس بات سے بھی خوش ہوتا ہے کہ کوئی شخص دینی مدرسوں (جہاں قرآن وسنت کا علم سکھایا جاتا ہے) کی بجائے دوسرے خیراتی اداروں پر خرچ کرے تاکہ علم کو فروغ دینے کا نبوی مشن پیچھے رہ جائے۔

﴿حدیث نمبر۲﴾

## ﴿دین کا علم سیکھنے سکھانے والے دوزخ سے آزاد ہیں﴾

دوسری حدیث شریف میں ہے۔

**من اراد ان ینظر الی عتقاء الله من النار فلینظر الی المتعلمین فوالذی نفس محمد بیده مامن متعلم**

Marfat.com

یختلف(ای یذهب و یجیئی) الی باب العالم الا یکتب الله له بکل قدم عبادة سنة و یبنی بکل قدم مدینة و یمشی علی الارض والاض تستغفرله و یمسی و یصبح مغفورا له

(تفسیر روح البیان ج ۱ ص ۱۰۲)

ترجمہ:۔

جو چاہے کہ ایسے لوگوں کی زیارت کرے جو اللہ کی طرف سے دوزخ سے آزاد ہیں تو اسے چاہیے کہ ان کی زیارت کرے جو قرآن وسنت کا علم سیکھتے ہیں مجھے اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے جو طالب علم قرآن وسنت کے علم سیکھنے کے لئے عالم دین کے دروازے پر (یا دینی درس گاہ میں) جانا اور آنا رکھے گا (یا اس مقصد کے لئے مدرسہ میں ٹھہرا رہے گا) اللہ تعالی اس کے ہر قدم پر اس کے لئے ایک سال کی عبادت (کا ثواب) لکھے گا اور اس کے ہر قدم کے بدلے اس کے لئے جنت میں ایک شہر تعمیر کرے گا اور وہ زمین پر اس حال میں چلتا ہے کہ زمین اس کے لئے اللہ تعالی سے بخشش کی دعا مانگتی ہے اور وہ اسکی صبح وشام یوں ہوتی ہے کہ وہ بخشا ہوا ہوتا ہے۔

## مخیّر و مالدار حضرات کے لئے لمحہ فکریہ

اس حدیث کے بعد مخیّر اور مالدار حضرات کے لئے لمحہ فکریہ ہے وہ سوچیں کہ ان کا دینی درس گاہ کی مالی مدد کرنا اور ایسے سب مصارف پر ترجیح دینا ان کے لئے

Marfat.com

کس قدر خوش قسمتی کی بات ہے کہ ان کا مال ان پر خرچ ہو رہا ہے جن کے دین کے علم سیکھنے کی وجہ سے خوش ہو کر اللہ نے ان کو دوزخ سے آزاد کر دیا ہے جب دین کا علم سیکھنے والوں کی یہ شان ہے تو ان کو سکھانے اور پڑھانے والے علماء کا کیا مقام ہوگا۔

﴿حدیث نمبر۳﴾

## ﴿علماء کی محفل میں حاضری کا درجہ﴾

تیسری حدیث شریف میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

**حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجلس علم افضل من صلوة الف رکعة وعيادة الف مريض و شهود الف جنازة فقيل يا رسول الله أو من قراءة القرآن ؟ قال وهل ينفع القرآن الا بالعلم۔**

(تفسیر روح البیان ج ۱ ص ۱۰۲ و احیاء علوم الدین امام غزالی ج ۱ ص ۱۹)

ترجمہ:۔

عالم کی مجلس و محفل میں حاضر ہونا ہزار رکعت (نفلی) نماز اور ہزار بیماروں کی بیمار پرسی اور ہزار جنازوں کی نماز سے افضل (زیادہ ثواب) ہے عرض کی گئی کیا قرآن کی تلاوت سے بھی افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا (عالم سے) علم (سیکھنے) کے بغیر قرآن نفع بخشتا ہے؟

یعنی علم کے بغیر قرآن (کامل و بھرپور) نفع نہیں دیتا۔ تو قرآن سے (اس

Marfat.com

طرح کا) فائدہ حاصل کرنے کے لئے عالم کی مجلس میں حاضر ہونا ضروری ہے۔

## سلیمانی انگوٹھی

مولانا رومی ؒ مثنوی شریف میں علم دین کی فضلیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں

خاتم ملك سليمان است علم

جمله عالم صورت وجانست علم

کہ علم سلیمانی انگوٹھی ہے سارا جہان صورت وجسم ہے اور علم اس کی روح ہے کہتے ہیں کہ حضرت سلیمان کے پاس ایک انگوٹھی تھی جس پر اللہ تعالی کا ایک ایسا نام مبارک کندہ تھا جسکی برکت سے پوری دنیا پر ان کی حکومت تھی جن و انسان اور چرند و پرند ان کے تابع تھے یہ ساری بحکم خدا اس انگوٹھی کی برکت تھی۔ حضرت مولانا رومی فرماتے ہیں کہ جس کے پاس قرآن وسنت کا علم ہے ترجموں کے ذریعے نہیں بلکہ قرآن وسنت کی زبان عربی پر عبور حاصل کرنے کی صورت میں گویا اس کے پاس سلیمانی انگوٹھی ہے وہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرتا ہے دنیا میں جہاں جائے گا عزت پائے گا۔

حدیث نمبر ۴

## عالم کی زیارت مصافحہ اور صحبت

چوتھی حدیث شریف میں ہے

Marfat.com

**النظر الى وجه الوالد عبادة والنظر الى الكعبة المكرمة عبادة والنظر فى المصحف عبادة والنظر فى وجه العالم عبادة من زار عالما فكانما زارنى ومن صافح عالما فكانما صافحنى ومن جالس عالما فكانما جالسنى ومن جالسنى فى الدنيا اجلسه الله معى يوم القيامة۔**

(تفسیر روح البیان ج ۱ ص ۱۰۲ وکشف الخفاء ج ۲ ص ۲۵۱)

ترجمہ:۔

کہ باپ کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے اور کعبہ مکرمہ کو دیکھنا عبادت ہے اور قرآن میں نظر ڈالنا عبادت ہے اور عالم کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے جس نے عالم کی زیارت کی گویا اس نے میری زیارت کی اور جس نے عالم سے ہاتھ ملایا گویا اس نے مجھ سے ہاتھ ملایا اور جو عالم کے ساتھ (اسکی مجلس میں) بیٹھا گویا وہ میرے ساتھ بیٹھا اور جو دنیا میں میرے ساتھ بیٹھا اللہ قیامت کے دن جنت میں میرے ساتھ بٹھائے گا۔

سبحان اللہ عالم کی کیا شان ہے لہذا امراء ومخیر حضرات اور ارباب اختیار پر فریضہ عائد ہوتا ہے کہ اپنے زیادہ سے زیادہ وسائل ان مدرسوں کو دیں جہاں ایسے علماء پیدا کئے جا رہے ہیں جو عربی گرائمر وزبان پر عبور حاصل کر کے قرآن وسنت کے ماہر بن رہے ہیں تاکہ وہ اندرون وبیرون ملک پوری دنیا میں غلبہ اسلام کے لئے کام کریں۔

Marfat.com

﴿حدیث نمبر۵﴾

## ﴿کمال درجہ﴾

پانچویں حدیث شریف ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ دو مرد ہیں ان میں ایک عبادت گزار ہے جو دن کو روزہ رکھتا ہے اور رات کو عبادت میں مشغول رہتا ہے رات بھر کھڑے ہو کر نوافل پڑھتا رہتا ہے اور دوسرا عالم ہے جو صرف فرض نمازیں پڑھتا ہے پھر لوگوں کو دین کی تعلیم دینے میں مصروف ہو جاتا ہے (ان میں سے کس کا درجہ اونچا ہے) آپ ﷺ نے فرمایا

**فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم ثم قال رسول الله ﷺ ان الله و ملائکته و اهل السموت والارضین حتی النملة فی جحرها و حتی الحوت لیصلون علی معلم الناس الخیر۔**

(صحیح ترمزی ج ۲ ص۹۳ و مشکوۃ شریف ص۳۶ بحوالہ سنن دارمی)

ترجمہ:۔

اس عالم کا درجہ جو صرف فرض پڑھ کر پھر بیٹھ کر لوگوں کو دین کی تعلیم دینے میں مصروف ہو جاتا ہے عبادت گزار پر ایسے (ہی بلند) ہے جیسے میرا درجہ تم میں سے سب سے کم درجے والے انسان پر (بلند ہے) پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ اور اس کے فرشتے اور آسمانوں اور زمینوں والے یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنے بلوں میں اور یہاں تک کہ مچھلیاں (پانی میں) سب کے سب لوگوں کو قرآن وسنت کی

Marfat.com

تعلیم دینے والے عالم پر درود بھیجتے ہیں۔

اس حدیث سے فقہاء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ جو ایسا عالم ہو اسے نمازوں کی سنتیں معاف ہیں اللہ اللہ عالم دین کی کیا شان ہے۔ اللہ ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنے بچوں کو عالم فاضل بنائیں آمین۔

(شکر ہے اللہ نے اس ناچیز (ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری) کو اپنے تین بڑے بیٹوں کو عالم بنانے کی توفیق دی اور باقی دو چھوٹوں کو بھی عالم بنانے کی توفیق دے آمین ثم آمین میں اپنے گھر والوں کے لئے دعائے خیر کرتا ہوں کہ انہوں نے ان بیٹوں کو عالم بنانے میں میری مدد کی)

وضاحت:۔

اس حدیث میں کچھ باتیں وضاحت طلب ہیں ایک یہ کہ محدث علی بن سلطان القاری المکی علیہ الرحمۃ مرقاۃ شرح مشکوۃ میں اس حدیث کی شرح لکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس عالم کی یہ شان بیان کی گئی ہے اس سے وہ عالم مراد ہے جو عربی گرائمر و زبان کے ذریعے علوم شرعیہ یعنی قرآن وسنت وفقہ کا علم رکھتا ہو (محض اردو یا انگریزی وغیرہ کے ترجموں کے ذریعے نہیں کیونکہ محض ترجموں والا تو لکیر کا فقیر ہوتا ہے) اور عبادت گزار سے وہ عبادت گزار شخص مراد ہے جو علوم شرعیہ کا محض ضرورت کی حد تک علم رکھتا ہو۔

## اللہ کا درود

اور یہ کسی بندے پر اللہ کے درود بھیجنے سے مراد اس پر رحمت فرمانا اور احسان

Marfat.com

کرنا ہے۔

## فرشتوں کا درود

فرشتوں کے درود اور اسی طرح دوسری مخلوق کے درود سے مراد اس کے لئے بخشش مانگنا ہے۔

## بندوں کا درود

اور یہ جو ہم لوگ (مسلمان) رسول اللہ ﷺ کے لئے اللہ سے درود بھیجنے کی دعا کرتے ہیں اس سے مراد حضور ﷺ کے لئے آپ ﷺ کی شایان شان اللہ سے طلب رحمت و احسان کرنا ہے۔

جب عالم کا درجہ مسلمانوں پر ایسا بلند ہوا جیسے نبی کا درجہ کسی ادنی و کمتر درجہ والے مسلمان پر تو مسلمانوں پر یہ فرض ہوا کہ جیسے صحابہ اپنے تمام معاملات میں حضور ﷺ سے راھنمائی حاصل کرتے اور اس راھنمائی پر عمل کرتے تھے مسلمان بھی اپنے تمام معاملات میں عالم سے راھنمائی حاصل کریں اور اس راھنمائی پر عمل کریں۔

آج پاکستان میں جو تباہی و بربادی دکھائی دیتی اور سارا نظام جو درھم برھم اور بگڑا بگڑا نظر آتا ہے اس کی واحد وجہ مسلمانوں کا علماء دین سے دوری ان سے راھنمائی حاصل نہ کرنا اور ان کی ہدایات پر عمل نہ کرنا ہے۔

حدیث نمبر ۶

## ایک آیت کا سیکھنا سو رکعت سے بہتر

Marfat.com

چھٹی حدیث حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ اے ابوذر

**لان تغدو فتعلم آية من كتاب الله خيرلك من ان تصلي مائة ركعة**

ترجمہ:۔

تمہارا صبح اللہ کی کتاب (قرآن) کی ایک آیت سیکھنا تمہاری سو رکعت نفلی نماز سے بہتر ہے۔

ظاہر ہے کہ کوئی اللہ کی کتاب (قرآن کریم) کی آیت عالم دین سے ہی سیکھے گا پھر کسی آیت کا سیکھنا عربی گرائمر کے بغیر ممکن ہی نہیں ہے۔ لہذا عربی گرائمر و عربی زبان سیکھنا اور سکھانا تاکہ قرآن وسنت کی سمجھ آئے بہت ضروری اور اھم فریضہ ہے اور اس پر وسائل خرچ کرنا انتہائی دینی وایمانی تقاضا ہے۔

پھر سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب قرآن کی آیت سیکھنے پر طالب علم کو ایک سو رکعت کے ثواب سے بڑھ کر ثواب ملتا ہے تو عالم دین جو اللہ کی کتاب کا درس دیتا اور انہیں عربی گرائمر کی روشنی میں قرآن کی تعلیم دیتا ہے اسے کتنی سو رکعتوں کا ثواب ملتا ہوگا۔

فتاوی بزازیہ میں امام حافظ الدین بن محمد بن محمد بن شہاب المعروف ابن البزاز متوفی ۸۲۷ھ لکھتے ہیں کہ دوسری نفلی عبادتوں کے مقابلہ میں علم حاصل کرنا افضل ہے (علم صرف مدرسوں سے نہیں بلکہ علماء کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے) پھر فرماتے ہیں "**طلب العلم و الفقه افضل من جميع اعمال البر**" کہ

Marfat.com

دین (قرآن وسنت) کا علم حاصل کرنا سب نیکیوں سے بہتر نیکی ہے۔لہذا اس پر سرمایہ اور مال خرچ کرنا بھی سب سے افضل سخاوت اور سب سے زیادہ ثواب ہے۔

(فتاوی بززایه علی فتاوی هدیه ج٦ص٣٧٨)

## ﴿ایک ہزار رکعت کا ثواب﴾

اس مذکورہ حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ کا اگلا حصہ یہ ہے کہ

**ولان تغدو فتعلم بابا من العلم عمل به اولم يعمل به خير لك من ان تصلى الف ركعة۔**

(الترغيب والترهيب ج١ص٩٧۔٩٨

بحواله ابن ماجه)

ترجمہ:۔

ابوذر۔ تمہارا صبح صبح علم کا ایک باب سیکھنا خواہ اس پر عمل کیا جاتا ہو یا اسپر عمل نہ کیا جاتا ہو تمہاری ایک ہزار رکعت سے بہتر ہے۔

وضاحت:۔

اس میں کچھ باتیں وضاحت طلب ہیں ایک یہ کہ علم کے باب کا سیکھنا ایک ہزار رکعت سے بہتر ہے یہاں باب سے مراد ایک موضوع کے مختلف مسائل سیکھنا ہے جیسے وضو کے باب میں سے کچھ مسائل سیکھنا یا نماز کے باب کے متعلق کچھ مسائل سیکھنا یا زکوۃ کے باب میں سے کچھ مسائل سیکھنا یا نکاح کے باب میں سے کچھ مسائل سیکھنا ایک ہزار رکعت سے زیادہ ثواب ہے۔

Marfat.com

اور یہ جو فرمایا گیا خواہ ان پر عمل نہ کیا جاتا ہو اس سے مراد اصولی مسائل ہیں جن کا تعلق عقائد سے ہے عمل سے نہیں یعنی توحید و رسالت وحشر ونشر اور جنت و دوزخ کے احوال سے متعلق باب کا سیکھنا۔

## امام مالک رضی اللہ عنہ کا فرمان

امام مالک کے شاگرد رشید امام ابن الحکیم فرماتے ہیں کہ میں امام مالک رضی اللہ عنہ سے پڑھتا تھا تو ظہر کا وقت ہوا تو میں نے کتابیں اکٹھی کر دیں تا کہ فرضوں سے پہلے کچھ نوافل پڑھ لوں آپ نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ "**یا ھذا ما الذی قمت الیه بافضل مما کنت فیه**" کہ جب دین کی خدمت کی نیت سے علم حاصل کر رہے ہو تو تمھاری نفلی نماز جس کے لیے تم کھڑے ہوئے ہو کتابوں کے مطالعہ سے جس میں تم مصروف تھے افضل نہیں ہے معلوم ہوا کہ دین کی کتابوں کا مطالعہ کرنا نفلی عبادات سے بہتر ہے۔لہذا نفلی حج و عمرے پر خرچ کرنے سے دین کی تعلیم پر خرچ کرنا زیادہ ثواب کا کام ہے۔

## دنیا اور جو دنیا میں ہے ملعون ہے

حدیث نمبر ۷

ساتویں حدیث حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**الدنیا ملعونة ملعون مافیها الاذکر الله وماوالاه**

Marfat.com

**وعالما ومتعلما**

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۹۸ بحوالہ ترمذی وابن ماجہ وبیہقی)

ترجمہ:۔

دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے سب ملعون ہے سوائے اللہ کی یاد کے اور سوائے اس کے جو اللہ کی یاد سے تعلق رکھے اور سوائے عالم دین اور طالب علم کے۔

وضاحت:۔

ساری دنیا ملعون ہے اور جو کچھ دنیا میں ہے سب ملعون ہے۔ ملعون کا مطلب ہے کہ اللہ کی رحمت سے دور ہے ہاں اللہ کی یاد تو رحمت ہی رحمت ہے اور ہر وہ چیز بھی اللہ کی رحمت ہے جس کا اللہ تعالیٰ کی یاد سے تعلق ہے۔

مسلمان اور مسلمان کا ہر وہ فعل جو شریعت کی روشنی میں ہو اللہ کی رضا کے لئے ہو اور جسکی شریعت نے اجازت دی ہو وہ بھی رحمت کے زمرے میں آتا ہے

**یعنی جمیع ما یرشد الی عملہ کتاب اللہ و سنۃ نبیہ اقول کل ما اجازہ الشرع فھو من رحمۃ اللہ تعالی**

(۔قادری) لہذا ہر مسلمان ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے جو کام کرے گا خواہ وہ کسی بھی شعبہ زندگی سے متعلق ہو وہ رحمت ہے۔

## دنیا کیا ہے

سوال یہ ہے کہ دنیا کس چیز کا نام ہے اس کے جواب میں مجھے مولانا رومی علیہ الرحمۃ کی مثنوی شریف کا ایک شعر یاد آ گیا ہے وہ فرماتے ہیں۔

Marfat.com

چیست دنیا ؟از خدا غافل بدن

نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

کہ دنیا کس چیز کا نام ہے؟ اللہ سے غافل ہونے کا نام ہے اور ہر وہ چیز دنیا ہے جس میں پڑکر انسان اللہ سے اور اس کے احکام کی بجاآوری سے غافل ہو جائے اس لحاظ سے وہ نماز بھی دنیا ٹھہریگی جس کے پڑھنے کا مقصد رضائے الٰہی کی بجائے دکھلاوا ہو اور وہ زکوٰۃ وصدقات اور حج بھی دنیا کے زمرے میں شمار ہوں گے جن کا مقصد اللہ کی خوشی کی بجائے شہرت حاصل کرنا ہو اور وہ تجارت، کاروبار، کھیتی باڑی، صنعت وفیکٹری سب دین اور اللہ کی رحمت قرار پائیں گے جن سے مقصود رزق حلال کا حصول اور ان کی آمدنی سے معاشرے کے بے روزگاروں، ضعیفوں، کمزوروں، معذوروں، ضرورتمندوں اور دین کی مدد کرنا ہو۔

## عالم و متعلم

حدیث میں عالم و متعلم کا استثناء کر کے بتایا گیا کہ عالم دین کا وجود بھی اللہ کی رحمت اور طالب علم دین کا وجود بھی اللہ کی رحمت و برکت ہے۔ لہذا علمائے دین اور طلباء علم دین کو اپنے لئے رحمت و برکت سمجھتے ہوئے اس دین کے لئے تعاون کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔

حدیث نمبر ۸

## سب سے بہتر صدقہ و خیرات

Marfat.com

آٹھویں حدیث حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**افضل الصدقة ان يتعلم المرأ المسلم علما ثم يعلمه اخاه المسلم**

(الترغیب والترھیب ج ۱ ص۹۸ بحوالہ صحیح ابن ماجہ شریف)

ترجمہ:۔

سب سے افضل وسب سے بہتر صدقہ یہ ہے کہ ایک مسلمان دین کا علم سیکھے پھر اسے اپنے مسلمان بھائی کو سکھائے۔اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اللہ کے نزدیک سب سے افضل اور سب سے بہتر سخاوت علماء کرام کی ہے جو دین کا علم سیکھ کر اسے دوسروں کو سکھاتے ہیں اور وہ خوش قسمت لوگ ہیں جو اس افضل کام میں علماء کرام کا تعاون کر کے بہترین ثواب واجر پاتے ہیں۔

## علماء ستارے ہیں

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**ان مثل العلماء فى الارض كمثل النجوم يهتدى بها فى ظلمات البر و البحر فاذا انطمست النجوم اوشك ان تضل الهداة۔**

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص۱۰۰،۱۰۱

بحوالہ مسند اما م احمد)

Marfat.com

ترجمہ:۔

زمین میں علماء ستاروں کی طرح ہیں جن کے ذریعے رات کو خشکی میں اور سمندر میں راہنمائی حاصل کی جاتی ہے تو جب ستارے مٹ گئے راہ گیر بھٹک جائیں گے۔

اس حدیث میں علماء کو ستاروں کی مانند قرار دیا گیا جیسا کہ دوسری حدیث میں حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کرام کو ستاروں کی مانند ٹھہرایا۔ الحمدللہ اس میں حضور ﷺ کی طرف سے علماء کی کمال عزت افزائی فرمائی گئی ہے کہ ان کے لئے وہی لفظ ارشاد فرمایا جو کہ صحابہ کرام کے لئے فرمایا اور اس میں یہ اشارہ بھی ہے کہ اگر مسلمان منزل مقصود کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو علماء کا دامن نہ چھوڑیں اور علمائے دین کی خوب مدد کریں اور زیادہ سے زیادہ علماء پیدا کرنے کے لئے اپنے وسائل سے علماء کی خوب مدد کریں تا کہ اسلام کا خوب بول بالا اور دنیا میں دین کا مکمل غلبہ ہو اور یہ کہ جو لوگ علماء سے الگ ہوں گے وہ بھٹک جائیں گے۔

علامہ مصطفے محمد عمارہ جو مصر میں بڑے فاضل اور وزارت تعلیم کے اہم عہدے پر فائز رہے ہیں محدث وفقیہ تھے اللہ ان پر خاص رحمت فرمائے اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔

## زمین کے چمکتے سورج

**شبہ ﷺ العلماء بالنجوم التی تزیل غیاھب الظلمات فیھتدی بضوءھا کذالك العلماء ینشرون**

Marfat.com

ضياء العلم على قلوب العاملين ليعملوا ويبينون للناس الحق من الباطل والصحيح من الفاسد فيهتدى من اتبعهم ويخسر من حاد عنهم فالعلماء شموس الله المشرقة فى ارضه يزيلون الجهالة والضلال و ظلمات الغواية۔

(حاشية الترغيب ج ١ ص ١٠٠)

ترجمہ:۔

رسول اللہ ﷺ نے علماء دین کو ستاروں کے مشابہ قرار دیا جو گھٹا ٹوپ اندھیروں کو دور کرتے ہیں تو ان کی روشنی کے ذریعے راستہ ملتا ہے جس پر چلا جاتا ہے اسی طرح علماء دین عمل کرنے کے خواہشمند مسلمانوں کے دلوں پر علم کا نور پھیلاتے ہیں تا کہ وہ عمل کریں اور علماء لوگوں کے لئے حق اور باطل کو واضح کر دیتے اور صحیح و غلط میں فرق کر کے دکھا دیتے ہیں تو جس نے ان کی پیروی کی ھدایت پا گیا اور جس نے مخالفت کی وہ نقصان میں رہا تو علماء رسول اللہ ﷺ کی زمین پر چمکتے سورج ہیں جو جہالت اور گمراہی کے اندھیروں کو دور کرتے ہیں اس میں علماء کو اللہ نے زمین پر اس کے چمکتے سورج قرار دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ ان کی راہنمائی میں چلنا دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے اور ان کے فرمان کی خلاف ورزی کرنا دنیا و آخرت کے نقصان کا باعث ہے۔

Marfat.com

## اللہ تعالیٰ قیامت کے دن علماء سے کیا فرمائیگا؟

حضرت ثعلبہؓ بن حکم صحابی اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کے لئے اپنی کرسی پر جلوہ گر ہوگا تو علماء سے فرمائے گا کہ

**انی لم اجعل علمی وحلمی فیکم الا وانا ارید ان اغفر لکم علی ما کان فیکم ولا ابالی**

(الترغیب والترهیب ج ۱ ص ۱۰۱ بحواله طبرانی)

ترجمہ:۔

میں نے اپنا علم وحلم تم کو صرف اس ارادہ سے دیا تھا کہ میں تم کو بخش دوں جو بھی تم میں خطائیں تھیں (میں نے معاف کیں) اور مجھے کوئی پروا نہیں (ابوموسیٰؓ کی روایت میں ہے جاؤ جنت میں، تمہیں میں نے بخش دیا)

## عالم و متعلم میں ہی بھلائی ہے

حضرت ابوامامہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**علیکم بهذا العلم قبل ان یقبض و قبضه ان یرفع و جمع بین اصبعیه الوسطی والتی تلی الابهام هکذا ثم قال العالم و المتعلم شریکان فی الخیر لاخیر فی سائر الناس**

(الترغیب و الترهیب ج ۱ ص ۱۰۰ بحواله ابن ماجه)

Marfat.com

ترجمہ:۔

کہ اس (شریعت) کے علم کو لازم حاصل کرو اس سے پہلے کہ یہ اٹھالیا جائے اور آپ نے اپنی درمیان والی اور انگوٹھے کے ساتھ والی، دونوں انگلیوں کو اکٹھا کر کے فرمایا عالم اور طالب علم بھلائی میں شریک ہیں اور ان دو کے علاوہ باقی لوگوں میں کوئی بھلائی نہیں۔

صحیح بخاری کی حدیث میں ہے کہ علماء کے دنیا سے اٹھ جانے کیوجہ سے یہ علم بھی اٹھ جائے گا لہذا اس کے اٹھنے سے پہلے اسے حاصل کرو یعنی اس علم کو پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ ہمیشہ جاری رکھو۔

اس حدیث کا تقاضا ہے کہ علماء کرام درس وتدریس وتقریر وتبلیغ اور تصنیف و تالیف کتب کے ذریعے اس علم کو زندہ وتابندہ رکھیں اور امرء طبقے پر فرض ہے کہ وہ حضور ﷺ کے اس فرمان کو سامنے رکھتے ہوئے اس علم کے سلسلے کو جاری رکھنے کے لئے درس وتدریس اور تعلیم وتبلیغ کا فریضہ انجام دینے والے علماء دین سے بھرپور تعاون کریں بلکہ ان کے لئے اس سے بہتر کوئی مصرف ہی نہیں ہے۔

## ہلاکت سے بچنے کا ذریعہ علم یا علم والوں سے محبت ہے

یہ جو حدیث شریف میں گذرا ہے کہ عالم اور متعلم بھلائی میں شریک ہیں اور باقی لوگوں میں بھلائی نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے جو نہ تو قرآن وحدیث کا علم رکھتے ہیں اور نہ ہی ایسے علم والوں سے محبت رکھتے ہیں محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ان کے نبوی مشن میں ان کا تعاون کریں اور نبوی مشن کیا ہے

Marfat.com

ملاحظہ فرمائیے۔

## نبوی مشن

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا مسجد نبوی میں سے گذر ہوا ان میں ایک گروہ اصحاب صفہ تھے یہ مسجد نبوی کے علماء وطلبہ تھے جن کا کام قرآن وسنت کا پڑھنا اور پڑھانا تھا اور دوسرا گروہ عبادت گذاروں کا تھا آپ نے ان سے فرمایا تم دونوں بھلائی پر ہو یعنی بھلائی کا کام کررہے ہو ان میں سے ایک گروہ دوسرے سے بہتر ہے (ان میں ایک گروہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا) یہ جولوگ ہیں یہ اللہ سے دعائیں مانگ رہے ہیں اور اس کی عبادت میں مصروف ہیں تو اللہ اگر چاہے تو ان کو کچھ عطا فرمائے اور چاہے تو کچھ نہ دے۔

(پھر دوسرے گروہ جو ایک دوسرے کو دین سکھا رہے تھے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا) اور یہ جولوگ ہیں۔

**فیتعلمون الفقه او العلم ویعلمون الجاهل فهم افضل و انما بعثت معلما ثم جلس فیهم ۔**

(مشکوۃ کتاب العلم بحوالہ سنن دارمی)

ترجمہ:۔

تو یہ جو فقہ (قرآن وسنت کے احکام) کا علم سیکھ رہے ہیں (راوی کہتے ہیں) یا (فرمایا) دین کا علم سیکھ رہے ہیں اور ان پڑھوں کو علم پڑھا رہے ہیں تو یہ لوگ سب سے اونچے درجے والے ہیں اور مجھے بھی تو علم کو فروغ دینے کا مشن دے کر بھیجا

Marfat.com

گیا ہے۔

اس حدیث سے واضح ہوا کہ قرآن وسنت وفقہ کی تعلیم دینا ہی سب سے بہتر کام ہے اور یہ کام کرنے والے اللہ کے ہاں سب سے اونچے درجے والے ہیں اور یہ کہ قرآن وسنت کے علم کو فروغ دینا اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ کا عین منشا اور مشن ہے۔لہذا یہ بات قطعی اور یقینی قرار پاتی ہے کہ سارے اچھے کاموں پر خرچ کرنا اچھا کام ہے مگر قرآن وسنت وفقہ اسلامی علوم کی تعلیم وتدریس وتبلیغ پر خرچ کرنا سب سے بڑا ثواب اور افضل جہاد ہے اس سے بہتر کوئی مصرف نہیں اور نہ ہی اس سے بہتر کوئی ثواب کا کام ہے۔

## ﴿رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے بڑا سخی کون؟﴾

امام بیہقی کی شعب الایمان کے حوالہ سے مشکوۃ شریف میں حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے پوچھا کہ

**هل تدرون من اجود جودا؟ قالوا الله ورسوله اعلم قال الله اجود جودا ثم انا اجود بنی آدم و اجود هم من بعدی رجل علم علما فنشره ، يأتی يوم القيامة اميرا وحده او قال امة واحدة .**

(مشکوۃ کتاب العلم)

ترجمہ:۔

کیا تم جانتے ہو سب سے بڑا سخی کون ہے؟ صحابہ نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول بہتر

Marfat.com

جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا سب سے بڑا سخی اللہ تعالیٰ ہے پھر سب انسانوں میں سب سے بڑا سخی میں ہوں اور میرے بعد سب انسانوں میں سب سے بڑا سخی وہ مرد ہے جس نے دین کا علم سیکھا پھر اسے (درس و تدریس اور تعلیم و تبلیغ کی صورت میں لوگوں میں) پھیلایا عالم دین قیامت کے دن اکیلا امیر ہو کر آئے گا یا فرمایا امت (جماعت) ہو کر آئیگا۔

الحمد للہ اس سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد عالم دین کا مقام ہے اور یہ جو فرمایا کہ اکیلا امیر ہو کر آئے گا محدث علی بن سلطان قاری مکی فرماتے ہیں کہ اس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ وہ اس شان و شوکت سے میدان محشر میں آ رہا ہو گا جیسے ایک حاکم اپنے تابعدار ساتھیوں کے ہمراہ اکیلا ان کے آگے آگے چل رہا ہوتا ہے کسی کو اس کے آگے ہونے کی جرات نہیں ہوتی اور اس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ وہ اکیلا امیر ہو کر آئیگا یعنی وہ کسی کے تابع ہو کر نہیں آئیگا بلکہ اپنے عقیدتمندوں اور تابعداروں کے ہمراہ ان کا امیر مستقل ہو کر میدان محشر میں آئیگا جیسا کہ دوسری روایت میں ہے کہ امت یعنی جماعت ہو کر آئیگا چنانچہ حضرت ابراھیمؑ کے بارے میں فرمایا **ان ابراھیم کان امة** کہ حضرت ابراھیمؑ ایک امت یعنی جماعت تھے مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں اسقدر خوبیاں رکھی تھی جسقدر ایک بڑی جماعت کے افراد میں ہو سکتی ہیں وہ ایک ابراھیمؑ میں اللہ نے جمع کر دی تھیں چنانچہ شاعر نے کہا ہے

**لیس علی اللہ بمستنکر ان یجمع العالم فی واحد**

ترجمہ:۔

کہ اللہ پر مشکل نہیں کہ وہ ایک جہان کو ایک شخص میں جمع کر دے

Marfat.com

یہی شان عالم دین کی ہے کہ وہ قیامت کے دن میدان محشر میں اس شان کہ ساتھ آیگا کہ کمالات واعزازات کا ایک جہان اس میں سمویا ہوا ہوگا اور یہ کہ اس کے ساتھ اس کے عقید تمندوں اور محبت والوں کی جماعت ہوگی یعنی جن کی وہ شفاعت کرے گا اور ان کو بخشوائے گا۔

## ﴿قیامت کے دن عالم دین شفاعت کرے گا﴾

حضرت ابوامامہؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**یجاء بالعالم و العابد فیقال للعابد ادخل الجنة و یقال للعالم قف حتی تشفع للناس**

(الترغیب والترهیب ج ۱ ص ۱۰۲ بحواله اصفهانی وغیره)

ترجمہ:۔

عالم دین اور عبادت گزار کو (قیامت کے دن) لایا جائیگا عبادت گزار سے کہا جائے گا کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ اور عالم سے کہا جائے گا ٹھہر جایئے جنت میں جانے سے پہلے کچھ (گناہگار) لوگوں کی شفاعت کر کے انہیں بخشوا لیجئے حضرت شیخ مصطفی محمد عمارہؒ مصری جو وزارت معارف مصریہ کے اکابر علماء و مشائخ و اساتذہ (پروفیسرز) میں سے تھے اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔

**وفیه ان محبة العلماء والسیر علی منهجهم سبب الفوز فی الاخرة و یأذن الله للعلماء ان یشفعوا للمحبین۔**

(حاشیة الترغیب والترهیب ج ۱ ص ۱۰۲)

Marfat.com

ترجمہ:۔

یعنی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ علماء دین سے محبت کرنا اور ان کی راہنمائی میں چلنا آخرت میں کامیابی کا سبب ہے اور یہ کہ اللہ تعالی قیامت کے دن علماء دین کو اس بات کی اجازت دے گا کہ وہ اپنی محبت وعقیدت والوں کی شفاعت کر کے ان کو بخشوایئں۔

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشاد فرمایا

**یبعث العالم والعابد فیقال للعابد ادخل الجنة و یقال للعالم اثبت حتی تشفع بمااحسنت ادبھم۔**

(الترغیب والترھیب ج ا ص ۱۰۲ بحوالہ بیہقی وغیرہ)

ترجمہ:۔

عالم دین اور عبادت گذار لوگ اپنی اپنی قبروں سے اٹھائے جائیں گے تو عبادت گذاروں سے کہا جائے گا جنت میں داخل ہو جاؤ اور علماء دین سے کہا جائیگا ٹھہر جاؤ پہلے شفاعت کر کے کچھ لوگوں کو بخشوا لو اس لئے آپ نے ان کو دین کی اچھی طرح تعلیم دی تھی۔

## انبیاء کے قائم مقام

امام ابوالشیخ ثواب میں اور امام دیلمی مسند الفردوس میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے رویت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

**اذااجتمع العالم و العابد علی الصراط قیل**

Marfat.com

**للعابد ادخل الجنة و تنعم بعبادتك و قيل للعالم :قف هنا واشفع لمن احببت فانك لا تشفع لا حدالا شفعت فقام مقام الانبياء۔**

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۳۶ حدیث نمبر ۲۸۶۸۸)

کہ عالم اور عبادت گذار جنت میں جانے کے لئے جب پل صراط پر اکٹھے ہوں گے عبادت گذار سے کہا جائے گا تو جنت میں جا اور اپنی عبادت کے بدلہ عیش کر اور عالم سے کہا جائے گا تم یہاں ٹھہرو جس جس کی چاہو شفاعت کر کے اسے بخشوا کر جنت میں اپنے ساتھ لے جاؤ تم جس جس کی بھی شفاعت کرو گے تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی اور اسے بخش دیا جائے گا تو عالم دین پیغمبروں کی جگہ کھڑا ہوگا اور شفاعت کرے گا۔

## عالم کا درجہ جنت میں عابد سے کس قدر اونچا ہوگا ؟

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عالم دین کا درجہ جنت میں عبادت گذار لوگوں سے ستر درجے بلند ہوگا اور دو درجوں کے درمیان کا فاصلہ ایک تیزی سے بھاگنے والے گھوڑے کا ستر سال کا سفر ہوگا۔ عالم کو یہ اونچا درجہ اس لئے حاصل ہوا کہ شیطان لوگوں سے ناجائز کام کراتا ہے جبکہ عالم دین لوگوں کو ناجائز کاموں سے روکتا ہے (اور کسی کی پرواہ نہیں کرتا) اور عبادت گذار شخص تو بس اپنی عبادت میں لگا ہوا ہے نہ وہ بدعت کو دیکھتا ہے اور نہ ہی اسے پہچانتا ہے

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۱۰۲ بحوالہ امام اصبھانی)

Marfat.com

## ایک عالم اور ایک ہزار عبادت گذار

ترمذی و ابن ماجہ و بیہقی شعب الایمان میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک عالم دین ایک ہزار عبادت گذاروں کے مقابلہ میں شیطان پر زیادہ سخت ہے یعنی شیطان کے لئے ایک ہزار عبادت گذار لوگوں کو گمراہ کرنا اور بھٹکانا مشکل نہیں مگر ایک قرآن و سنت و فقہ کے علم رکھنے والے عالم کو گمراہ کرنا اور بھٹکانا مشکل ہے۔

## ایک عالم دین سے تھوڑی دیر شریعت کی بات سیکھنے کا ثواب

امام بیہقی و امام دار قطنی اپنی سندوں کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوھریرہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عالم دین سے شریعت کے علم سیکھنے سے بڑھ کر اللہ کی کوئی عبادت نہیں اور ضرور ایک عالم دین ایک ہزار عبادت گذاروں کے مقابلہ میں شیطان پر زیادہ سخت ہے اور ہر شئی کا ایک ستون ہوتا ہے اور اس دین یعنی اسلام کا ستون (جس پر دین اسلام قائم ہے) فقہ (قرآن و سنت) کا علم ہے اور حضرت ابوھریرہؓ نے فرمایا کہ میں تھوڑی سی دیر بیٹھوں اور فقہ (شریعت) کا علم سیکھوں یہ مجھے اس بات سے زیادہ پسند ہے کہ میں ساری رات صبح سے تک عبادت میں گزاروں اور دار قطنی کی روایت میں ہے کہ تھوڑی دیر بیٹھ کر (عالم دین سے) شریعت کا علم سیکھنا لیلۃ القدر کی رات بھر کی عبادت سے بہتر ہے۔

(الترغیب والترھیب ج ۱ ص ۱۰۲)

Marfat.com

**قارئین!**

ان حدیثوں کی روشنی میں آپ نے جان لیا کہ عالم دین کا کیا مقام ہے اور اس کی خدمت میں بیٹھ کر شریعت کے احکام سیکھنے کا کیا ثواب ہے۔اس کے بعد اب ہماری کوشش ہونی چاہئے کہ ہم دین کے علم سیکھنے کے سلسلے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیں، شریعت سیکھیں سکھائیں، شریعت کے علم کے سرچشمہ قرآن وسنت کے علوم کو فروغ دیں، علماء پیدا کریں اپنی محفلیں قرآن وسنت کے وعظ سے منور اور روشن کریں۔ہمارے وہ سنی بھائی کس قدر ناسمجھ ہیں جو داڑھی منڈوں اور دین سے بے خبر نعت خوانوں کے ذریعے شریعت سے ناواقف غیر عالم شاعروں کی لکھی ہوئی نعتیں پڑھوا پڑھوا کر ساری ساری راتیں ضائع کر دیتے ہیں ان پر مال و دولت لٹاتے ہیں اور ان دین کے علم سے بے خبر پیشہ ور نعت خوانوں کی جھولیاں دولت سے بھر کر غریب طلباء کا حق مارتے ہیں یہ حق ان طلباء کا تھا جو گھر بار چھوڑ کر وطن سے دور رہ کر قرآن وسنت کا علم سیکھ رہے ہیں یہ حق ان دینی مدارس کا تھا جو ناموافق حالات ومشکلات کا مقابلہ کر کے طرح طرح کی پریشانیوں کو برداشت کر کے دن اور رات ایک کر کے قرآن وسنت اور شریعت کے علوم کی شمع روشن کر رہے ہیں۔

لیکن افسوس کہ ہمارے ناسمجھ مالدار سنی ان دینی مدرسوں اور طلباء کو اہمیت نہ دے کر اپنا سرمایہ ضائع کرتے ہیں اور ساتھ ہی قرآن وسنت کے مراکز کو بے یار و مددگار چھوڑ کر ان پیشہ ور بے علم نعت خوانوں کی جھولیاں دولت سے بھر کر گویا لوگوں کو ایک طرح کی ترغیب دے رہے ہوتے ہیں کہ بچوں کو عالم دین بنانے کی

Marfat.com

بجائے نعت خوان بناؤ تا کہ تم تھوڑے سے عرصے میں مالدار بن جاؤ کیونکہ عالم دین ہونے کے لئے تو سالہا سال لگ جاتے ہیں پھر اس کے باوجود سنی قوم میں عالم دین کی کوئی قدر نہیں ہے جبکہ نعت خوان بننے میں کوئی وقت نہیں لگتا نہ ہی تعلیم کی ضرورت ہے بس گلا اچھا اور آواز اچھی ہونی چاہیے خدا تعالی ان سے قیامت کے دن سوال کرے گا جب کہ قرآن میں ہے کہ **ولتسئلن یومئذعن النعیم** (سورۃ تکاثر) کہ قیامت کے دن تم سے ایک ایک نعمت کے بارے میں پوچھا جائے گا اور دولت کے بارے میں خصوصا پوچھا جائے گا کہ تم نے اسے کہاں خرچ کیا اور کیوں خرچ کیا۔ قرآن وسنت کے علوم کو فروغ دینے کے کام پر خرچ کرنے کی بجائے قرآن وسنت سے ناواقف شاعروں کی لکھی ہوئی نعتیں اور دین کے علم سے بے خبر پیشہ ور نعت خوانوں پر ساری ساری رات دولت کیوں لٹاتے تھے؟ اور ڈھول باجے پٹوانے، اور مزاروں کے اوپر غلافوں کے ڈھیر لگا دینے اور خانقاہوں اور مزاروں کے گلوں میں رقمیں ڈال ڈال کر ان کے مجاوروں کو دولتمند بناتے تھے جبکہ تمہارے عقیدوں کے علمی مرکز دین کے سرچشمے، قرآن وسنت کے علوم کو فروغ دینے اور دین کی شمع کو روشن رکھنے والے مدارس، طلباء وعلماء تمہاری مدد سے محروم مشکلات وتکالیف برداشت کرتے تھے اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں ان ناسمجھ مالدار سنیوں سے یہ سوال ضرور پوچھا جائے گا خدارا غور کیجئے کہ علم کی کیا شان ہے اور عالم دین اور اس سے دین سیکھنے کا کیا درجہ ہے کہ اس کی صحبت میں تھوڑی دیر بیٹھ کر اور اس کے حضور زانوئے ادب تہ کر کے اس سے قرآن وسنت وفقہ کا علم سیکھنا لیلۃ القدر کی ساری رات کی عبادت سے بہتر اور زیادہ ثواب ہے کیونکہ لیلۃ القدر کی عبادت کے ثواب کا تعلق تو ایک شخص کو ملے

Marfat.com

گا اس کا فائدہ تو ایک ہی شخص تک محدود رہ جائے گا جبکہ قرآن وسنت کے علم سیکھنے کا فائدہ پوری قوم کو بلکہ پورے عالم اسلام کو پہنچے گا یہاں سے اندازہ کیجئے کہ اس مشن پر جو اپنے مال و وسائل خرچ کرے گا کس قدر بڑا ثواب پائے گا اور اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے کس قدر خوش ہوں گے۔

آپ کو معلوم ہو کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں مال غنیمت آیا اور کچھ غلام بھی آئے اور لونڈیاں بھی آئیں، حضرت بی بی فاطمہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ ہمیں غلام یا لونڈی خدمت گار عطا فرمائیں۔ آپ نے فرمایا اے میری پیاری شہزادی آپ جانتی ہیں کہ میں نے مسجد نبوی میں قرآن وسنت کی تعلیم دینے کا سلسلہ شروع فرمایا اور مدرسہ قائم کیا ہے جسمیں دور دراز کے مسافر وغریب آ کر دین سیکھ رہے ہیں (جن کو اصحاب صفہ کہا جاتا تھا) مجھے ان کی ضروریات کی فکر ہے انہیں دین سکھانے والے علماء صحابہ اپنا سارا وقت ان پر خرچ کرتے ہیں اور سیکھنے والے ان سے سیکھتے ہیں یہ لوگ زیادہ ضرورت مند ہیں میں ان غلاموں اور لونڈیوں کو بیچ کر وہ آمدنی اپنے ان علماء اور طلباء (دین سیکھنے سکھانے والے صحابہ) پر خرچ کروں گا جنہیں اس مدد کی بہت ضرورت ہے۔

میری جان! کیا میں آپ کو اس کے بدلے جو تم نے مانگی ایسی چیز نہ بتا دوں جس کو تم کرو تو اس سے درجے بلند اور خطائیں معاف ہوں اگر چہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں؟ عرض کی ضرور بتایئے فرمایا ہر نماز کے بعد ۳۳ بار **سبحان اللہ**۔ ۳۳ بار **الحمدللہ**۔ ۳۴ بار **اللہ اکبر** پڑھا کر۔

میرے بھولے بھالے سنی بھائیو! ذرا غور کرو کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے

Marfat.com

مدرسہ کے طلبہ وعلماء اصحاب صفہ کی ضروریات کو اپنی شہزادی کی ضرورت پر ترجیح دی لیکن ہم ہیں کہ قرآن وسنت وشریعت کے علوم کو حاصل کرنے والے طلباء وعلماء اور دین کے سرچشمے دینی مدارس کو نظر انداز کر کے علم دین سے بے خبر شاعروں کی لکھی ہوئی نعتیں پڑھنے والے بے علم و بے شرع نعت خوانوں، قوالوں، میراثیوں پر دولت لٹاتے پھر رہے ہیں۔

## شرم کی بات

اور یہ کتنی شرم کی بات ہے کہ آپ کے جلسے اور سٹیج پر آکر بے علم و بے شرع نعت خواں جنہوں نے نہ تو دین کا علم سیکھا نہ سالہا سال محنت کی محض گلے بازی اور آوازوں کے اتار چڑھاؤ کا مظاہرہ کیا وہ تو آپ کے سٹیج سے فارغ ہو کر جاتے ہوئے آپ کی عطاؤں اور روپوں سے جھولیاں بھر کر جارہے ہوتے ہیں جبکہ علماء بیچارے جو وارث الانبیاء ہیں جنہوں نے سالہا سال علم دین حاصل کرنے پر خرچ کئے خالی جھولی یا چند روپے جیب میں ڈالے آپ کی ناسمجھی وناقدری پر افسوس کرتے جارہے ہوتے ہیں نہ صرف وہ بلکہ میرے یقین میں جو مجھے قرآن و سنت کے علم کی بدولت ملا اللہ کے فرشتے بھی افسوس کرتے ہوں گے اور خود اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی قرآن وسنت کے علوم کے حامل علماء اور علم کی ناقدری پر ناراض ہوتے ہوں گے۔

Marfat.com

## شرعی موقف

پیارے بھائیو! ہمارا شرعی موقف یہ ہے کہ محض نعت خوانی کی محفلیں نہیں ہونی چاہیے بلکہ محفلیں قرآن وسنت کے وعظ کی ہونی چاہیں البتہ اس کے شروع میں یا کبھی کبھی درمیان میں علماء دین جیسے امام اہلسنت بریلوی، مولانا حسن رضا خان وغیرہما کی لکھی ہوئی نعتیں پڑھوائی جائیں وہ بھی نماز کے پابند اور داڑھی والے باشرع نعت خوانوں سے، بے نماز اور داڑھی منڈوں سے نہیں کیونکہ ڈاڑھی منڈانے والے سے حضور ﷺ سخت ناراض ہوتے ہیں اس سے خوش نہیں ہوتے اس لئے ایسے شخص سے نعت نہیں پڑھوانی چاہیے۔

اور مزاروں پر غلافوں کے ڈھیر نہیں لگانے چاہئے ایک آدھا غلاف ہی کافی ہے اور نہ ہی بہت زیادہ قیمتی غلاف ہوں بلکہ درمیانہ درجے کے سادہ ایک دو غلاف کافی ہیں اس سے زیادہ مال کو ضائع کرنا ہے جو گناہ ہے یہی موقف امام اہلسنت اعلیحضرت بریلویؒ ودیگر اکابرین اہلسنت کا ہے کیونکہ غلافوں کی اصحاب مزارات کو تو ضرورت نہیں ہے غلاف تو محض لوگوں کے لئے علامت کے طور پر ہیں کہ وہ غلاف کو دیکھ کر سمجھیں کہ یہ کسی بزرگ کا مزار ہے تو وہ آکر دعا کریں۔ بس اس سے زیادہ اور کوئی بات نہیں ہے۔

## مشن

مشن نعت خوانیاں نہ ہو قرآن وسنت کی تبلیغ ہو جیسا کہ اللہ تعالی حضور ﷺ

Marfat.com

کے بارے میں فرماتا ہے

**یتلوعلیکم آیاتنا و یزکیکم و یعلمکم الکتاب و الحکمۃ ویعلمکم مالم تکونوا تعلمون**

(البقرہ)

ترجمہ:۔

یعنی میرے رسول علیہ وسلم تمہیں تمہاری کتاب (قرآن) کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور (ان کے ذریعے) تمہیں پاکیزہ کرتے ہیں اور تمہیں قرآن وسنت کی تعلیم دیتے ہیں اور تمہیں وہ علم دیتے ہیں جو تمہیں پہلے نہ تھا۔بس اس طرح کے وعظ ہمارے مشن ہوں جن میں اللہ کی کتاب کی آیتیں پڑھی جائیں اور سامعین کے دلوں کو اللہ کے کلام کے ذریعے پاکیزہ بنایا جائے اور ان کو وعظ وتقاریر کے ذریعے قرآن و سنت کی تعلیم دی جائے اور ان کو علم وعرفان کی وہ نکات ولطائف کی باتیں بتائی جائیں جن سے ان کے علم میں اضافہ ہو۔

بس یہی اہلسنت کا مشن تھا اور ہمیشہ سے رہا ہے مگر چند سالوں سے اہلسنت کے لوگ غفلت کا شکار ہو کر اپنا سچا مشن بھول گئے ہیں اور اس سیدھے سے راستے سے جو بزرگوں کا تھا ہٹ کر ان نعت خوانیوں اور قوالیوں کو اپنا مشن سمجھ بیٹھے ہیں

وہ معزز تھے زمانے میں مسلمان ہو کر

اور تم خوار ہوئے تارک قرآن ہو کر (اقبالؒ)

## آمدم برسر مطلب

اس ضمنی گفتگو کے بعد ہم پھر اپنے اصل مقصد کی طرف واپس آتے ہیں کہ

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کے نزدیک دین (قرآن وسنت) کے علم وعلماء کا کیا مقام مرتبہ ہے۔

## وراثت نبویہ

حضرت ابوھریرہؓ مدینہ منورہ کے بازار سے گزر رہے تھے اور لوگ اپنے کاروبار میں مصروف تھے آپ وہاں رک گئے اور بہ آواز بلند فرمایا۔

اے بازار والو، تمہیں کس چیز نے بے بس کر دیا؟ لوگوں نے کہا. اے ابوھریرہؓ، آپ کی بات کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا. رسول اللہ ﷺ کی وراثت مسجد میں بٹ رہی ہے اور تم یہاں محروم بیٹھے ہو۔ کیا تم جانتے نہیں کہ وہاں سے اپنا حصہ لے آؤ۔ لوگوں نے عرض کی کہ رسول اللہ ﷺ کی وراثت کہاں بٹ رہی ہے؟ آپ نے فرمایا مسجد نبوی میں۔ تو لوگ بڑی تیزی سے مسجد نبوی کی طرف چل پڑے اور حضرت ابوھریرہؓ وہاں کھڑے رہے حتی کہ وہ واپس آگئے آپ نے ان سے پوچھا تمہیں کیا ہوا تم کیوں واپس آگئے؟ لوگوں نے عرض کی ہم مسجد گئے اندر جا کر دیکھا تو ہمیں وہاں کوئی چیز تقسیم ہوتی اور بٹتی نظر نہیں آئی، آپ نے ان سے فرمایا کیا تم نے مسجد میں کسی کو نہیں دیکھا؟ انہوں نے کہا، کیوں نہیں، ہم نے کچھ لوگوں کو وہاں نماز پڑھتے دیکھا اور کچھ لوگوں کو قرآن کی تلاوت کرتے دیکھا **وقوما يتذاكرون الحلال والحرام** اور ایک گروہ کو ہم نے دیکھا جو حلال اور حرام کے مسائل یاد کر رہے تھے اور پڑھ پڑھا رہے تھے۔ آپ نے ان سے فرمایا **ويحكم فذاك ميراث رسول الله** صلی اللہ علیہ وسلم تمھارے لئے افسوس کا مقام ہے تم نہیں سمجھے یہی دین کا علم ہی رسول اللہ ﷺ کی میراث ہے۔

Marfat.com

# سب سے افضل عبادت

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**افضل العبادة الفقه و افضل الدين الورع**

(الترغيب و الترهيب بحواله طبراني ج ا ص ۹۳)

ترجمہ:۔

کہ سب سے بہتر عبادت دین کا علم (قرآن وسنت کے احکام) سیکھنا ہے گویا سب سے بڑا عابد طالب علم اور عالم دین ہے، لہذا ان پر خرچ کرنے والا سب سے بڑی عبادت میں شریک ہے۔

## مشکل آسان کرنا

ایک لمبی سی حدیث ہے جسے ہم مختلف عنوانوں کے ساتھ کئی ٹکڑوں میں نقل کرتے ہیں حضرت ابوھریرہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**من نفس عن مؤمن كربة من كرب الدنيا نفس الله عنه كربة من كرب يوم القيامة**

ترجمہ:۔

جس نے ایک مسلمان کی دنیا کی مشکلات وپریشانیوں میں سے ایک مشکل وپریشانی کو دور کر دیا اللہ اس کی قیامت کے دن کی مشکلات وپریشانیوں میں سے سب سے بڑی مشکل وپریشانی کو دور کردے گا۔

**ومن ستر مسلما ستره الله فى الدنيا و الاخرة**

Marfat.com

ترجمہ:۔

اور جس نے ایک مسلمان کا ستر ڈھانپا (یعنی اس کا عیب ڈھانپا) اللہ دنیا اور آخرت میں اس کے عیب ڈھانپے گا۔

**ومن یسر علی معسر یسر اللہ علیہ فی الدنیا والاخرۃ**

ترجمہ:۔

اور جس نے کسی تنگدست کی تنگدستی دور کی اللہ اس کی دنیا اور آخرت کی تنگدستی دور کردے گا۔

**واللہ فی عون العبد ما کان العبد فی عون اخیہ**

ترجمہ:۔

اور اللہ بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک وہ بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے۔

**ومن سلک طریقا یلتمس فیہ علما سھل اللہ لہ بہ طریقا الی الجنۃ**

ترجمہ:۔

اور جو شخص علم دین سیکھنے کے لئے راستے پر چلا اللہ اس کی برکت سے اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ علم دین سیکھنے اور سکھانے والے (طلبہ اور علماء) جنتی ہیں لہذا ان سے محبت کرنا اور ان پر خرچ کرنا بھی سب سے بڑی عبادت ہے۔

Marfat.com

وما اجتمع قوم فی بیت من بیوت الله یتلون کتاب الله ویتدارسونه بینهم الاحفتهم الملائکة و نزلت علیهم السکینة وغشیتهم الرحمة وذکرهم الله فیمن عنده۔

(مشکوۃ کتاب العلم و مسلم شریف)

ترجمہ:۔

اور جو لوگ اللہ کے گھروں (مسجدوں) میں سے کسی ایک گھر میں اکٹھے ہو کر اللہ کی کتاب کو پڑھتے اور آپس میں اس کا درس سنتے سناتے ہیں رحمت کے فرشتے ان پر اپنے پر بچھا دیتے ہیں اور ان پر سکون و اطمینان اترتا اور اللہ کی رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے اور اللہ اپنے موجود فرشتوں کے سامنے ان کو یاد فرماتا ہے۔

(صحیح مسلم ج۲ص ۳۴۵)

لہذا جو لوگ اللہ کی کتاب کا علم سیکھنے سکھانے اور پڑھنے پڑھانے اور اس کے درس و تدریس کے انتظام و اہتمام پر خرچ کریں گے ان پر بھی سکون اترے گا اور اللہ اپنے ہاں ان کا بھی ذکر فرمائے گا۔

## طالب علم کو خوش آمدید

حضرت صفوان بن عسال مرادیؓ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا آپ مسجد میں اپنے سرخ رنگ کے تکیہ کے ساتھ ٹیک

Marfat.com

لگائے تشریف فرماتھے تو میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں حضور ﷺ کی خدمت میں اسلیے حاضر ہوا ہوں کہ میں یہاں علم حاصل کروں (میرا نام یہاں کے طلباء میں شامل فرمالیجئے) آپ نے فرمایا کہ

**مرحبا بطالب العلم ان طالب العلم تحفه الملائكة باجنحتها ثم يركب بعضهم بعضا حتى يبلغوا السمآء الدنيا من محبتهم لمايطلب**

(رواه احمد ۔الترغيب و الترهيب ج ا ص۹۵)

ترجمہ:۔

طالب علم کوخوش آمدید بے شک طالب علم کی شان یہ ہے کہ رحمت کے فرشتے علم کی محبت کی وجہ سے اسے اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں پھر ایک دوسرے کےاوپر چڑھتے چلے جاتے ہیں حتی کہ آسمان کو پہنچ جاتے ہیں۔

اس سے ثابت ہوا کہ علم سے محبت کرنا فرشتوں کی شان ہے جوعلم سے محبت کرے گا وہ اسے سیکھے گا اوراس پرخرچ بھی کرے گا۔

## علم حاصل کرنا افضل جہاد ہے

حضرت معاذ بن جبلؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**تعلموا العلم فان تعلمه لله خشية و طلبه عبادة و مذاكرته تسبيح و البحث عنه جهاد و تعليمه لمن لا يعلمه صدقة و بذله لاهله قربة لانه معالم الحلال**

Marfat.com

**والحرام ومنا رسبل اهل الجنة وهوالانيس فی الوحشة والصاحب فی الغربة و المحدث فی الخلوة والدلیل علی السراء والضراء والسلاح علی الاعداء والزین عندالاخلاء**

ترجمہ:۔

علم دین حاصل کرو بے شک اللہ کی رضا کے لئے دین کا حاصل کرنا اللہ کے خوف کی نشانی ہے اور اس علم کی طلب عبادت ہے (بلکہ لیلۃ القدر کی رات کی عبادت سے بھی بہتر عبادت ہے جیسا کہ حدیث کا حوالہ گزر چکا ہے) اور علم کی باتیں کرنا اور سننا (اللہ کی) تسبیح ہے اور آپس میں علم کی بحث و تکرار جہاد (بلکہ سب سے بڑا جہاد) اور جو شخص علم نہیں جانتا اسے علم سکھانا صدقہ (وخیرات وسخاوت) ہے اور جو علم کا اہل ہو اسے علم دینا بڑی نیکی ہے کیونکہ دین کا علم حلال وحرام، جائز وناجائز کے جاننے کا ذریعہ ہے اور جنتیوں کے راستوں کا اونچا نشان ہے اور گھبراہٹ میں انس و محبت دینے والا ہے اور مسافری میں ساتھی ہے اور تنہائی میں باتیں کرنے اور دل بہلانے والا ہے، خوشی اور تکلیف میں راھنمائی کرنے والا ہے اور دشمن کے مقابلہ میں ہتھیار ہے اور دوستوں کے ہاں زینت ہے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

**یرفع الله به اقواما فیجعلهم فی الخیر قادة نقتص اثارهم و یقتدی بفعالهم و ینتهی الی رأیهم ترغب الملائکة فی خلتهم و با جنحتها تمسحهم**

Marfat.com

**ویستغفر لهم کل رطب و یابس و حیتان البحر وھوامه وسباع البر و انعامه لان العلم حیاۃ القلوب من الجھل ومصابیح الابصار من الظلم**

ترجمہ:۔

اللہ تعالیٰ علم دین کی برکت سے علم والوں کو اونچا کرتا ہے تو انہیں (دنیا و آخرت کی) بھلائی میں لوگوں کے آگے آگے چلنے والا بناتا ہے ان کے قدموں کے نشانوں کی پیروی کی جائے اوران کے کاموں کی پیروی کی جائے اوران کی رائے کو حرف آخر سمجھا جائے فرشتے ان کی صحبت میں مائل ہوتے ہیں اوران سے برکت حاصل کرنے کے لئے ان کے جسموں کو اپنے پر ملتے اور ہر تر و خشک چیز اور دریاؤں کی مچھلیاں اور دوسرے جانور اور خشکی کے درندے اور دوسرے جانور چوپائے ان کے لئے دعاء بخشش کرتے ہیں اس لئے کہ دین (قرآن وسنت) کا علم دلوں کی زندگی ہے جوانہیں جہالت سے بچاتا ہے اور آنکھوں کا چراغ ہے جو آنکھوں کو اندھیرے سے بچاتا ہے۔

**یبلغ العبد بالعلم منازل الاخیار و الدرجات العلی فی الدنیا والآخرۃ التفکر فیه یعدل الصیام ومدارسته تعدل القیام به توصل الارحام وبه یعرف الحلال و الحرام و ھو امام العمل و العمل تابعه یلھمه السعدآء و یحرمه الاشقیاء**

(رواہ الامام ابن عبدالبر النمری فی کتاب العلم، الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۹۴۔۹۵)

Marfat.com

ترجمہ:۔

علم دین سے بندہ اللہ کے پسندیدہ بندوں کے درجوں اور دنیا و آخرت کے بلند مرتبوں کو پہنچ جاتا ہے علم میں غور و فکر کرنا دن کے روزے کے برابر اور اس کا پڑھنا پڑھانا رات بھر کھڑے ہو کر نوافل پڑھنے کے برابر ثواب ہے اس علم کے ذریعے رشتوں کے حقوق ادا کیے جاتے ہیں اور اسی علم کے ذریعے حلال و حرام کا پتہ چلتا ہے اور یہ (قرآن وسنت کا علم) عمل کا راھنما اور عمل اس کے تابع ہے نیک بختوں کو ہی علم کے حاصل کرنے کا خیال (اللہ کی طرف سے) دل میں ڈالا جاتا ہے (اور وہ اس کے حاصل کرنے میں مشغول ہو جاتے ہیں) اور بدبخت ہی اس سے محروم کیے جاتے ہیں۔

## قابل توجہ

امام ابن عبد البرؒ نے اس حدیث کو اپنی کتاب جامع العلم والعلماء میں سند کے ساتھ روایت کر کے لکھا ہے **سندہ حسن** کہ اس حدیث کی سند اچھی ہے اور ساتھ ہی لکھا ہے کہ اس حدیث کو ہم نے مختلف سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے۔
امام زکی الدین حافظ عبد العظیم بن عبد القوی المنذریؒ کا اس حدیث کو اپنی کتاب **الترغیب والترھیب** میں فضائل علم و علماء کے سلسلے میں لانا اس حدیث کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔

Marfat.com

## افضل جہاد

اس حدیث میں یہ فرمایا گیا ہے **والبحث عنه جهاد** کہ قرآن و سنت کے احکام و مسائل کی آپس میں بحث کرنا و تکرار کرنا جہاد ہی نہیں بلکہ افضل جہاد ہے یعنی سب جہادوں سے بہتر جہاد علم دین کا سیکھنا سکھانا ہے۔

کفار کے ساتھ جنگ خواہ کشمیر میں ہو یا افغانستان یا فلسطین و لبنان میں ہو یا بوسینا اور چیچنیا میں کہیں بھی ہو اس سے افضل و اعلیٰ جہاد قرآن و سنت کے علوم کا پڑھنا پڑھانا ہے کیونکہ علم ہر عمل و نیکی کی بنیاد ہے۔

## چھوٹا اور بڑا جہاد

اسلامی ریاست کی سرحد پر جو مجاھدین لڑتے اور جہاد کرتے ہیں یہ چھوٹا جہاد ہے اور قرآن و سنت کا علم پڑھنا اور پڑھانا اور لوگوں کے عقائد و اعمال کی اصلاح کرنا جہاد اکبر (سب سے بڑا جہاد) ہے جب صحابہ جہاد سے واپس آئے تو اسے نبی کریم ﷺ نے جہاد اصغر (سب سے چھوٹا) ٹھہرایا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**رجعتم من الجهاد الاصغر الى الجهاد الاكبر**

ترجمہ:۔

کہ تم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹے ہو۔

یعنی سرحدوں پر لڑا جانے والا جہاد چھوٹا ہے اور گھر میں رہتے ہوئے ان

Marfat.com

پڑھوں کو دین کا علم سکھا کر انہیں عالم بنانا یہ جہاد اکبر ہے۔

(حوالہ ملاحظہ ہو اتحاف السادة المتقین ج۶ ص ۳۷۹۔ ج۷ ص ۲۱۸۔ تہذیب تاریخ دمشق ج ۳ ص ۷۔ کشف الخفا عجلونی ج ۱ ص ۴۲۵۔ الاسرار المرفوعة ۲۰۶۔ تذکرہ ۱۹۱)

اسی طرح دوسری حدیث میں کہ جب آپ ﷺ غزوہ سے واپس تشریف لائے تو آپ سے عرض کی گئی کہ خوش آمدید آپ جہاد سے واپس تشریف لائے آپ نے فرمایا نہیں واپس نہیں آئے بلکہ **رجعنا من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاکبر** کہ ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آئے ہیں

(اطراف الحدیث ج۵ ص ۱۲۱)

اور تاریخ بغداد میں ہے کہ حضور ﷺ ایک غزوہ (جنگ) سے واپس تشریف لائے صحابہ بھی آپ کے ہمراہ تھے آپ نے فرمایا

**قدمتم خیر مقدم و قدمتم من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاکبر**

(تاریخ بغداد ج۱۳ ص ۴۹۳)

تمہیں خوش آمدید اور تم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آئے ہو۔

وہ بڑا جہاد کیا ہے؟ جسے بہت بڑا جہاد کہا گیا ہے وہی جس کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ یہ میرا مشن ہے **انما بعثت معلما** مجھے علم کو فروغ دینے والا بنا کر بھیجا گیا۔

**طلب العلم فریضة علی کل مسلم و مسلمة**

(صحیح مسلم و جامع بیان العلم و العلماء)

Marfat.com

کہ علم دین کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے

**بلغوا عنی ولو آیة**

میری طرف سے دوسروں تک پہنچا کر رہو اگر چہ ایک آیت (یا ایک حدیث) ہی ہو۔

اور فرمایا

**تعلموا العلم وعلموه الناس وتعلموا الفرائض و علموها الناس**

(دار قطنی و بیہقی کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۲۶)

یعنی علم پڑھو اور دوسروں کو پڑھاؤ اور خاص کر وراثت کا علم بھی پڑھو اور اسے دوسروں کو پڑھاؤ۔ اس سے ثابت ہوا کہ علم کو فروغ دینا رسول اللہ ﷺ کی منشا اور آپ کا واحد مشن ہے۔

لہذا اسے فروغ دینے کے لئے اپنے وسائل خرچ کرنا افضل ترین عبادت ہے۔

## ﴿عالم مجاہد سے افضل ہے﴾

حضرت علیؓ فرماتے ہیں

**العالم افضل من الصائم القائم المجاهد**

ترجمہ:۔

کہ عالم دین اس شخص سے بہتر ہے جو دن کو روزے کے ساتھ جہاد کرے

Marfat.com

اور رات کو کھڑے ہو کر عبادت کرے

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۱۸)

علماء فرماتے ہیں جس نے دین (قرآن وسنت) کا علم حاصل کر لیا اس نے اپنے اندر ہر کمال اور ہر خوبی جمع کر لی اور جس نے یہ علم حاصل نہ کیا اس نے کوئی خوبی حاصل نہ کی

(احیاالعلوم ج ۱ ص ۱۸)

## دین کے علم والے اور نبی کے درمیان فرق

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**من جاء اجله وهو يطلب العلم لقى الله ولم يكن بينه و بين النبيين الا درجة النبوة**

(طبرانی اوسط الترغیب

والترهيب ج ۱ ص ۹۶)

ترجمہ:۔

جسے اس حال میں موت آئی کہ دین کا علم حاصل کرتا ہے وہ اللہ تعالی سے اس حال میں ملے گا کہ اس کے اور نبیوں کے درمیان صرف نبوت کے درجہ کا فرق ہو گا۔

یاد رہے کہ علم کی طلب کبھی ختم نہیں ہوتی حتی کہ اس کے باوجود کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے قیامت تک کے کل علوم عطا فرما دیے اور کچھ اس کے بعد بھی پھر بھی حکم فرمایا کہ اے حبیب آپ یہ دعا کیا کریں جیسا کہ قرآن مجید میں ہے

Marfat.com

**رب زدنی علما**

ترجمہ:۔

اے میرے رب میرے علم میں زیادتی فرما

لہذا ہر طالب علم، طالب علم اور ہر عالم بھی عالم ہونے کے باوجود بھی طالب علم ہی ہے۔

## ستر صدیقین کا ثواب

امام ابو منصور دیلمی مسند الفردوس میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**من تعلم بابامن العلم لیغلم الناس اعطی ثواب سبعین صدیقا**

(الترغیب و الترهیب ج ۱ ص ۹۸)

ترجمہ:۔

جس نے دین کے علم (شریعت کے احکام) کا ایک باب سیکھا تا کہ لوگوں کو پڑھائے اسے ستر صدیقوں کا ثواب دیا جاتا ہے۔

یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا کہ

**من النبیین و الصدیقین و الشهداء و الصالحین**

ترجمہ:۔

"نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں میں سے"

اس آیت میں درجہ وار پہلے نبیوں کا پھر صدیقوں کا پھر شہیدوں کا اور اس کے بعد

Marfat.com

صالحوں کا ذکر فرمایا گیا ہے یہ اس طرف اشارہ ہے کہ سب سے اونچا درجہ پیغمبروں کا ہے پھر صدیقوں کا پھر شہیدوں کا پھر صالحوں کا درجہ ہے نبیوں کے بعد علماء کا درجہ ہے انہیں لوگوں کو قرآن وسنت کے احکام میں سے ایک باب کی تعلیم دینے کا جو ثواب ملتا ہے وہ ستر صدیقین کے ثواب کے برابر ہوتا ہے۔

قارئین!

یہاں سے اندازہ لگائیں کہ علماء کا کیا ہی بلند مقام ہے جس سے لوگ بے خبر ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کو انگریزوں نے ہی دین اور علماء دین سے دور کر دیا کیونکہ ہندوستان اور پاکستان جب ایک تھے اور جب یہ متحدہ ہندوستان تھا اور یہاں انگریزوں کی حکومت تھی تو انہوں نے عوام کے دلوں سے دین، علم دین اور علمائے دین کی عظمت نکال دی تا کہ ان کے خلاف اگر علماء آواز بلند کریں تو عوام ان کا ساتھ نہ دیں. کیونکہ علماء اہلسنت انگریزوں کی حکمرانی سے خوش نہ تھے بلکہ انہوں نے تو فتویٰ دیا تھا کہ ہندستان سے انگریزوں کو نکالنا جہاد ہے۔

## حج کامل کا ثواب

امام طبرانی معجم کبیر میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوامامہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا

**من غدا الی المسجد لایرید الاان یتعلم خیرا اویعلمه کان له (اجرا) کاجر حاج تاما حجته**

Marfat.com

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۱۰۴)

ترجمہ:۔

جو شخص صبح اس ارادہ سے مسجد گیا کہ وہاں عالم دین سے کوئی اچھی بات سیکھ لے گا یا عالم ہے جو محض اس لئے مسجد میں گیا تا کہ لوگوں کو قرآن وحدیث کی تعلیم دے اسے پورے حج کا ثواب ملے گا۔اس سے حج نفلی مراد ہے جس کا ثواب عمرہ سے بہت زیادہ ہوتا ہے۔

قارئین!

غور فرمایئے کہ کسی شخص کا مسجد میں اس نیت سے بیٹھ جانا کہ وہاں جا کر عالم دین سے شریعت کا ایک مسئلہ سیکھ لے گا یا عالم دین کا اس نیت سے مسجد کی طرف جانا کہ مسجد میں سیکھنے کے لئے آئے ہوئے نمازی کو شریعت کا ایک مسئلہ سکھا دے تو پورے ایک حج کا ثواب حاصل کرنا ہے اور جہاں ایک دارالعلوم بنا ہی اس مقصد کے لئے ہو جبکہ وہاں نمازی بھی شریعت کے احکام سیکھتے ہوں کہ انہیں صبح وشام نماز کے وقت درس بھی دیا جاتا ہو اور وہاں مسجد نبوی کے طلبہ اصحاب صفہ صحابہ کرام کی طرح باہر سے آئے ہوئے ہوں طلبہ سارا دن اساتذہ وعلماء سے علم حاصل کرتے ہوں اور شریعت کے احکام سیکھتے ہوں اس جگہ کی کیا شان ہوگی اور اس درس گاہ کی تعمیر وترقی پر مال خرچ کرنے والے خوش قسمت اور پڑھانے والے علماء دین واساتذہ کرام کو ایک ہی دن میں کتنے نفلی حجوں کا ثواب ملتا ہوگا

کاش ہر سال عمرہ اور نفلی حج کے لئے جانے والے اس طرف توجہ فرماتے کہ اگر اس کی بجائے وہ روپیہ صحیح العقیدہ اہلسنت وجماعت کی درسگاہ پر جہاں طلبہ کو مکمل عالم بنایا

Marfat.com

جاتا ہے، خرچ کیا کریں تو وہ کئی نفلی حجوں کا ثواب گھر بیٹھے حاصل کر سکتے ہیں۔

وہ جو نفلی حج یا عمرہ کرتے ہیں اس کا ثواب تو صرف ان کی ذات تک محدود رہ جاتا ہے لیکن دینی درسگاہ پر خرچ کرنے سے کئی حجوں اور عمروں کا ثواب ملتا ہے انکی ذات کے لئے کئی حجوں اور عمروں کے ثواب کے علاوہ پوری قوم بلکہ عالم اسلام کا بھی فائدہ ہے کہ وہاں سے علم پڑھ کر جانے والے علماء ساری دنیا کو علم کا فیض پہنچائیں گے اس طرح یہ بے مثال صدقہ جاریہ بھی ہوگا۔

## علم دین پڑھنے پڑھانے والے مجاہد ہیں

جیسا کہ ہم نے عرض کیا ہے کہ تحصیل علم جہاد ہے حضرت امام بیہقیؒ وامام ابن ماجہؒ نے اپنی اپنی سندوں کے ساتھ حضرت ابوھریرہؓ سے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا

**من جاء مسجدی هذا لم یأته الا لخیر یتعلمه او یعلمه فهو بمنزلة المجاهدین فی سبیل الله الخ**

(الترغیب والترهیب ج ۱ ص ۱۰۵)

ترجمہ:۔

جو شخص میری اس مسجد میں آیا اور صرف شریعت کا علم حاصل کرنے کے لئے آیا یا کسی کو سکھانے کے لئے ہی آیا تو وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہے۔

بلکہ افضل الجہاد کرنے والا افضل المجاہدین ہے جیسا کہ گزرا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے علم پڑھنے پڑھانے کو جہاد اکبر فرمایا علم جہاد سے افضل ہے بلکہ علم حاصل

Marfat.com

کرنا کافروں کے ساتھ جہاد کرنے سے بھی بہتر ہے چونکہ مجاہدین [illegible]
اپنی نفسوں کے ساتھ آخرت اس کے ہدایت کرتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا

**طلب العلم افضل عند الله من الصلوة و الصيام والحج والجهاد في سبيل الله**

(کنز العمال ج[illegible] ص [illegible] حدیث نمبر [illegible])

کہ علم دین حاصل کرنا اللہ کے نزدیک نفلی نماز روزے اور حج سے اور اللہ کی راہ میں جہاد سے بھی افضل ہے لہذا جہاں دین کا قرآن و سنت کا اور شریعت کا علم سکھایا جاتا ہو وہاں چندہ دینا اور مال اور وقت دینا بھی سب سے زیادہ ثواب ہوگا ایک اور حدیث میں ہے کہ ایک دن کا علم حاصل کرنا تین ماہ کے روزوں سے زیادہ ثواب ہے۔

(کنز العمال ج۱۰ ص [illegible])

ایک دوسری حدیث میں ہے

**الغدو و الرواح في تعليم العلم افضل من الجهاد في سبيل الله**

ترجمہ:

کہ صبح و شام علم دین کی تعلیم دینا علم دین کا پڑھنا پڑھانا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے بہتر ہے۔

(کنز العمال ج۱۰ ص [illegible])

اس سے ان لوگوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے جو ناسمجھ طالب علموں کو

Marfat.com

بہلا پھسلا کر کشمیر کے جہاد پر بھیج دیتے ہیں اور ان کو بھی جو دینی مدارس جو علم کے سرچشمے ہیں امداد دینے کی بجائے کشمیر کے جہاد کے نام پر خوب چندہ دیتے ہیں حالانکہ ان کے لئے زیادہ ثواب اس میں ہے کہ علم کے مراکز و دینی تعلیم دینے والے مدرسوں کی مدد کرنے میں۔

اس حدیث میں "میری اس مسجد میں آیا" فرمایا لیکن اس سے پہلے حدیث گزری اس میں کسی مسجد کی تخصیص نہیں ہے کوئی بھی مسجد یا مدرسہ جہاں دین کی تعلیم دینے والے موجود ہوں وہاں جانا بڑی عبادت اور افضل جہاد ہے۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین

امام طبرانی نے اوسط میں سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کی ہے انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی سے دعا کی۔

**اللھم ارحم خلفائی ۔قلنا یا رسول اللہ !ومن خلفاء ك ؟قال الذین یاتون من بعدی یروون احادیثی ویعلمونھا الناس**

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۱۱۰)

ترجمہ:۔

اے اللہ میرے جانشینوں پر رحم فرما ۔ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے جانشین کون ہیں؟ آپ نے فرمایا وہ لوگ جو میرے بعد آئیں گے میری حدیثیں بیان کریں گے اور لوگوں کو میری حدیثوں کی تعلیم دیں گے۔

Marfat.com

الحمدللہ اس سے علماء کے عظیم الشان مقام و مرتبہ کا ایک اور ثبوت ملا کہ رسول اللہ ﷺ نے علماء دین کو اپنا جانشین قرار دیا اور جانشین کا مطلب ہوتا ہے قائم مقام۔

یعنی علماء رسول اللہ ﷺ کے قائم مقام ہیں اور یہ ایک حقیقت مسلمہ ہے کہ کسی کے جانشین کا احترام اس اصل ہستی کا ہی احترام ہوتا ہے۔لہذا علماء دین کا احترام حضور ﷺ کا احترام اور ان کی توہین حضور ﷺ کی توہین ہے اس لئے فقہاء نے علماء کی توہین کو کفر ٹھہرایا ہے۔

## علماء کی توہین کفر ہے

چنانچہ امام ابوحنیفہؒ کی کتاب "الفقہ الاکبر" کی شرح میں حضرت امام علی بن سلطان القاری المکیؒ لکھتے ہیں۔

**استخفاف العلماء کفر وھو مستلزم لاستخفاف الانبیاء علیھم السلام لان العلماء ورثة الانبیاء**

(طبع مصر ۱۷۴)

یعنی علماء کی توہین کفر ہے کیونکہ ان کی توہین سے انبیاء علیھم السلام کی توہین لازم آتی ہے اس لئے کہ علماء انبیاء علیھم السلام کے وارث ہیں۔

حضرت محدث علی بن سلطان القاری المکی اس کے بعد لکھتے ہیں کہ **عالم** کو **عویلم** کہنا صیغہ تصغیر کے ساتھ بہ نیت توہین کفر ہے لہذا یہ جو بعض جہلاء علماء کے لئے حقارت کے ساتھ ملا، ملوانے کا لفظ استعمال کرتے ہیں یہ بھی کفر ہے اگر کسی نے کہا کہ مجھے علماء کی مجلس میں جانے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی مجھے ان کے علم کی مجلس

Marfat.com

کی حاجت ہے یہ بھی کفر ہے یا کسی نے کہا کہ مجھے شریعت کے علم کو سیکھنے کی حاجت نہیں ہے یہ بھی کفر ہے (شرح فقه اکبر ۱۷۴ مطبوعه مصر)

## علماء کی مجلس جنت کا باغ ہے

امام طبرانی نے معجم کبیر میں بہ سند حدیث روایت فرمائی سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

**اذا مررتم بریاض الجنة فارتعوا۔ قالوا یارسول اللہ وما ریاض الجنة؟ قال مجالس العلماء**

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۱۱۲)

جب تم جنت کے باغوں سے گزرا کرو تو وہاں بیٹھا کرو وہاں سے پھل کھایا کرو۔ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں (دنیا میں بھی جنت کے باغ ہیں؟) اور وہ جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علماء دین کی مجلسیں (جنت کے باغ ہیں) اور یاد رہے کہ مسجد نبوی میں آپ کے محراب وممبر سے آپ کے روضہ اقدس تک کا ٹکڑا بھی ''ریاض الجنۃ'' کہلاتا ہے وہاں کی حاضری کو ہم کمال نیک بختی اور انتہائی خوش قسمتی سمجھتے ہوئے گھنٹوں وہاں بیٹھے رہتے ہیں اور ہر وقت وہاں ہجوم کیے رہتے ہیں بلا شبہ یہ سب کچھ صحیح ہے کہ وہاں کی حاضری کمال سعادت اور انتہائی خوش قسمتی کی بات ہے اللہ ہمیں یہ سعادت بار بار نصیب فرمائے مگر لوگ عالم دین کی مجلس کی شان سے بے خبر اور ناواقف ہیں عالم دین کی خدمت میں حاضری اور اس کی مجلس میں بیٹھنے کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ریاض الجنۃ قرار دیا ہے گزشتہ حدیثوں کی

Marfat.com

روشنی میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ عالم دین کی مجلس میں حاضری اور اس حاضری مین شریعت کا مسئلہ سیکھ لینا نہ صرف ریاض الجنۃ (بہشت کے باغوں) میں بیٹھنا ہے بلکہ حج کا ثواب حاصل کرنا بھی ہے۔

## علماء سے تواضع اور انکی پیروی کا حکم

امام طبرانی نے معجم اوسط میں حضرت ابوھریرہؓ سے روایت کی انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**تعلموا العلم و تعلموا للعلم السکینة و الوقار و تواضعوا لمن تعلمون منه**

(الترغیب و الترهیب ج ۱ ص ۱۱۴)

ترجمہ:۔

علم حاصل کرو اور علم کے لئے سکون اور وقار سیکھو جس استاذ محترم سے تم علم سیکھو اس سے تواضع وانکساری اور عاجزی سے پیش آؤ اور اس کی پیروی کیا کرو اور اس کی تعظیم بجالایا کرو اور اس کے آگے تکبر نہ کیا کرو۔

## بے دینوں سے علم حاصل نہ کرو

چونکہ استاذ کا احترام اور اس کی اطاعت کا حکم ہے اس لئے حدیث میں ہے

**العلم دین، الصلوة دین فانظروا عمن تاخذون هذا العلم و کیف تصلون هذه الصلوة فانکم تسالون یوم القیامة**

Marfat.com

(مسلم و مسند الفردوس و کنزالعمال ج ۱۰ ص ۱۳۳)

(کہ علم دین ہے نماز بھی دین ہے لہذا اسے دیکھ لیا کرو جس سے تم علم سیکھتے ہو (کہ استاذ ہونے کے لائق بھی ہے یا نہیں)

## وہ زمانہ نہ آئے جسمیں علماء کی پیروی نہ کی جائے

امام احمد نے اپنی مسند میں حضرت سھل بن سعد ساعدیؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالی سے دعا کی کہ

**الھم لا یدرکنی زمان او قال لاتدرکوا زمانا لایتبع فیه العلم**

(الترغیب و الترھیب ج ۱ ص ۱۱۴)

اے اللہ مجھے وہ زمانہ دیکھنا نصیب نہ ہو یا لوگو! تمہیں وہ زمانہ دیکھنا نصیب نہ ہو جسمیں عالم دین کی پیروی نہ کی جائے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عالم دین کی پیروی بحیثیت وارث اور جانشین پیغمبر علیہ الصلوۃ السلام لوگوں پر فرض ہے اور یہ کہ حضور ﷺ نے اس زمانہ کو برا زمانہ قرار دے کر اس سے پناہ مانگی ہے جسمیں لوگ علماء دین کی بات نہ مانیں اور ان کی پیروی نہ کریں۔

## عالم کی موت

حضرت ابو درداؓ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ فرماتے ہیں جو شخص صبح صبح محض اللہ کی رضا کے لئے گھر سے علم حاصل کرنے کے لئے نکلا اللہ

Marfat.com

اس کے لئے جنت کا دروازہ کھول دیتا ہے اور فرشتے اس کے لئے اپنے پر بچھاتے ہیں اور اس پر آسمانوں کے فرشتے، دریاؤں کی مچھلیاں درود بھیجتے (اس کے لئے طلب رحمت و بخشش کرتے) ہیں عالم کا درجہ عبادت گزار پر اتنا ہی اونچا ہے جتنا چاند کا درجہ آسمان کے کسی سب سے چھوٹے ستارے کے مقابلہ میں اونچا ہے اور علماء پیغمبروں کے وارث ہیں اور پیغمبروں نے اپنے پیچھے دینار و درھم کا ترکہ یا ورثہ نہیں چھوڑا بلکہ انہوں نے اپنے پیچھے علم کو ہی چھوڑا ہے۔

تو جس نے علم حاصل کرلیا اس نے پیغمبروں کا ورثہ حاصل کرلیا اور عالم کی موت ایک ایسی مصیبت ہے جس کی تلافی نہیں ہوسکتی اور ایک ایسا خلا ہے جو پر نہیں ہو سکتا وہ ایک ستارہ ہے جس کا نور غائب ہوگیا ایک قوم کی موت (کا صدمہ) عالم کی موت (کے صدمہ) کے مقابلہ میں زیادہ آسان ہے۔

(ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجه و غیرهم الترغیب والترهیب ج ۱ ص۱۰۵-۱۰۶)

ایک اور حدیث میں ہے کہ

**موت العالم ثلمة فی الاسلام لا تسد ما اختلف الیل و النهار**

(مجمع الزوائد ج ۱ ص ۲۰۱. کنزالعمال ج ۱۰ ص ۱۴۹ حدیث نمبر ۲۸۷۶۰).

ترجمہ:۔

عالم کی موت سے اسلام میں ایسا رخنہ پڑتا ہے کہ قیامت تک بند نہیں ہو سکتا۔

یہ ہے عالم کی شان، اس لئے کئی بزرگ لوگوں کو دیکھا ہے کہ جب وہ کسی عا

Marfat.com

لم دین کو دیکھتے اور اسکی خدمات سے متاثر ہوتے ہیں تو دعا کرتے ہیں کہ خدا کرے ہماری عمران کو لگ جائے اور یہ حقیقت ہے کہ عالم کے وجود ہی سے اسلام کا وجود ہے جب علماء نہ رہیں گے تو قیامت آجائے گی۔ گویا علماء کا وجود قیامت کے آنے میں رکاوٹ ہے۔

## اللہ کا مقرر کیا ہوا بادشاہ

امام دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت ابوذرؓ سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**العالم سلطان الله فی الارض فمن وقع فیه فقد هلك**

(کنزالعمال ج ۱۰ ص ۱۳۴)

عالم دین زمین پر اللہ کا (مقرر کیا ہوا) بادشاہ ہے تو جس نے عالم دین کی برائی کی وہ ہلاک و برباد ہوا۔

## اللہ کے امین

امام قضاعی و امام ابن عساکر و امام دیلمی و امام ابن عدی و ابن النجار اپنی اپنی سندوں کے ساتھ حضرت انسؓ و حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**العلماء امناء الله علی خلقه۔ العلماء امناء امتی**

Marfat.com

۔العلماء مصابیح الارض العلماء قادۃ

(کنزالعمال ج۱۰ص۱۳۴ حدیث نمبر۷۸۔۷۷۔۷۶۔۲۸۶۷۵)

ترجمہ:۔

کہ علماء مخلوق پر اللہ کے امین ہیں۔علماء میری امت کے امین ہیں۔علماء زمین پر چمکتے چراغ ہیں۔علماء میری امت کے پیشوا (آگے آگے چلنے والے) ہیں۔

## علماء کی پیروی کرو

امام دیلمی مسند الفردوس میں حضرت انس وامام حلوانی و بیہقی حضرت کثیر بن عبداللہ سے اپنی اپنی سندوں سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

اتبعوا العلماء فانھم سرج الدنیا و مصابیح الاخرۃ۔اتقوا زلۃ العالم و انتظروا فیئتہ

(کنزالعمال ج۱۰ص۱۳۵ حدیث نمبر ۸۲۔۸۱۔۲۸۶۸۰)

علماء کی پیروی کرو بے شک وہ دنیا کے چراغ ہیں اور آخرت کے چراغ ہیں عالم کی خطا کو نظرانداز کرو اور اس کے رجوع کا انتظار کرو۔

حضور ﷺ کے ان ارشادات عالیہ سے چند باتیں معلوم ہوئیں ایک یہ کہ مسلمانوں پر علماء دین کی پیروی کرنا فرض ہے دوسری یہ کہ علماء دین و دنیا کے چراغ ہیں دنیا کے چراغ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ دنیا کے معاملات میں امت کی راہنمائی کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں تو جو لوگ کہتے ہیں کہ علماء کو دنیا کے بارے میں کیا خبر لہذا ہم دنیا کے بارے میں آزاد ہیں جو چاہیں کریں ان کا یہ خیال غلط ہے اور ان

Marfat.com

کے لیئے نقصان دہ ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کو بنے ہوئے پچاس سال سے اوپر ہو گئے عوام نے مجموعی طور پر علماء کی نہیں مانی اور جاہل وڈیروں کو ووٹ دیتے اور ان کے پیچھے لگے رہے تو پاکستان کے دو ٹکڑے کر بیٹھے اور رہے سہے پاکستان کو بھی معاشی لحاظ سے تباہ و برباد کر ڈالا اور پاکستان لوٹستان بن گیا حتیٰ کہ اور روز بروز اسپر قرضوں کے زیادہ سے زیادہ بوجھ ڈال کر اسکی کمر توڑی جارہی ہے اور عوام پر طرح طرح کے ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی لعنتیں مسلط کر کے مہنگائی پر مہنگائی لا کر ان کے لئے زندہ رہنا مشکل سے مشکل تر بنایا جارہا ہے یہ نتیجہ ہے علماء کی پیروی نہ کرنے اور انکا کہنا نہ ماننے کا۔ تیسری بات یہ کہ علماء آخرت کے بھی چراغ ہیں ان کے پیچھے چلنے والے کی دنیا بھی سنور جائے گی اور آخرت بھی بن جائے گی۔

چوتھی یہ کہ علماء فرشتے یا پیغمبر تو نہیں ہیں کہ ان سے کوئی خطا اور بھول چوک ہی نہ ہو اگر خدانخواستہ کسی عالم سے کوئی خطا ہو جائے تو اس بات کا انتظار اور یقین کیا جائے کہ وہ اپنی خطا اور بھول چوک سے رجوع اور توبہ کر لے گا اس پر قائم نہیں رہے گا

## ایک سوال اور اس کا جواب

بعض لوگ کہتے ہیں کہ علماء میں تو اختلافات ہیں ہم کس کس عالم کے پیچھے چلیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اختلاف کے باوجود کوئی عالم بھی عوام کی قرآن وسنت کے نظام سے ہٹ کر کسی اور نظام کی طرف راہنمائی نہیں کرتا اور نہ کرے گا بعض باتوں کے سوا باقی سب باتوں میں اتفاق ہے اور جن بعض باتوں میں علماء کا باہمی اختلاف

Marfat.com

ہے وہ محض علمی و تحقیقی نوعیت کی ہیں ان کا اسلام کے نظام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔
آپ جس عالم کو بھی ووٹ دیں گے وہ اسمبلی میں جا کر انگریزی قوانین کی حمایت نہیں کرے گا جس سے مسلمانوں کو تباہی و بربادی کے سوا کچھ نہیں ملا۔ وہاں ہر عالم کی یہی آواز ہوگی کہ قرآن وسنت کا نظام لاؤ، بس سب کی یہی آواز ہوگی سب مدینے والے آقا کی بات کریں گے۔

امریکہ والے آقا کی بات نہیں کریں گے وڈیروں کا آقا امریکہ والا مگر علماء کا آقا مدینہ والا آقا ہے وہ مدینہ منورہ کا اور جنت کا راستہ دکھائیں گے اور پاکستان میں مدینے والے آقا کا نظام لا کر پاکستان کی کشتی کو بھنور سے نکال کر ساحل مراد سے لگائیں گے اور پاکستان کو خوش حال اور امن کو گہوارہ بنا کر دکھائیں گے۔

اگر بعض علماء اپنے بعض خیالات کے زیادہ ہی باہمی اختلاف کی وجہ سے ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہ پڑھیں تو اس کو بھی انکی دیانتدار اور اپنے ایمان کے ساتھ کمال اخلاص ولگاؤ ہی سمجھا جائے اسے غلط رنگ نہ دیا جائے اور اسے اسلامی نظام کے نفاذ میں رکاوٹ تصور نہ کیا جائے کیونکہ اس اختلاف کا تعلق نظام سے نہیں ہے ہمیں اسلامی نظام صرف اس بات کی رہنمائی کرتا ہے کہ اس کے قواعد وضوابط اور اس کے اصول وفروع وقوانین پر عمل کیا جائے، وہ اس بات پر زور نہیں دیتا کہ سب کے سب ایک طرز کی نماز پڑھیں بلکہ نماز پڑھیں خواہ کسی بھی طریقے سے، اسی طرح جماعت سے پڑھیں خواہ کسی بھی امام کے پیچھے پڑھیں جسکے پیچھے تمہارا دل چاہے اس کے پیچھے پڑھیں۔

Marfat.com

## علماء پر فرض

لیکن اس کے باوجود علماء پر فرض ہے کہ اپنی علیحدہ علیحدہ پارٹیاں ختم کر کے ایک بڑی پارٹی بنا کر اس میں سب کو شامل کر کے قرآن وسنت کے نظام کو لانے کے لئے سراپا کوشش وجدوجہد ہو جائیں۔

## روزی کا ضامن اللہ ہوگا

امام ابوبکر الخطیب بغدادیؒ تاریخ بغداد میں اپنی سند کے ساتھ حضرت زیاد بن حارث صدائیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**من طلب العلم تكفل الله له برزقه**

(کنزالعمال ج۱۰ ص ۱۳۹ حدیث نمبر ۲۸۷۰۱)

ترجمہ:۔

کہ جو قرآن وسنت کے علم کا طالب ہو گیا اللہ اس کے رزق کا ضامن ہو گیا۔ اس سے ثابت ہوا کا دین کے علم حاصل کرنے والوں کو اپنے مستقبل کی فکر نہیں کرنی چاہیے کیونکہ ان کے مستقبل کی بہتری اللہ نے اپنے ذمہ لے لی ہے۔

## عالم دین کے قلم کی روشنائی شہید کے خون سے بہتر

امام شیرازی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انسؓ سے امام مذ ہبی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عمران بن حصین سے امام حافظ ابن عبدالبر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو درداء سے اور امام ابن جوزی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت

Marfat.com

نعمان بن بشیر سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**یوزن یوم القیامۃ مداد العلماء ودم الشھداء فیرجح علیھم مداد العلماء علی دم الشھداء**

ترجمہ:۔

قیامت کے دن علماء کے قلم کی سیاہی (جس سے وہ شریعت کے مسائل لکھتے ہیں) اور شہیدوں کے خون کو تولا جائے گا تو سب دیکھ لیں گے کہ علماء کی سیاھی شہیدوں کے مقابلہ میں بھاری ثابت ہوگی۔

یہ مقام ہے علماء اور علم والوں کا جس سے عوام بے خبر ہیں اس سے علم وعلماء کے مقام ومرتبہ کا احساس ہونا چاہے جس کے نتیجہ میں ضروری ہے کہ ہم اپنے وسائل کے ذریعے اپنے علمی اداروں کو مستحکم بنائیں اور ان کو ان کی شان کے لائق اہمیت دیں۔

تحفہ نصائح فارسی کی ایک بڑی اچھی کتاب ہے جسے صدیوں سے علماء پڑھتے پڑھاتے چلے آرہے ہیں اسمیں ایک حدیث روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالی کے ہاں علم دین کی اسقدر اہمیت ہے اور اسے علم دین پڑھنا اور سیکھنا اسقدر پسند ہے کہ ایک طالب علم کو اس نیت سے قلم دینے والے کو کہ وہ اس سے قرآن وحدیث کے مسائل کو تحریر میں لائے جنت عطا فرمائے گا۔

یہ تو صرف ایک قلم دینے والے کی جزائے خیر کا حال ہے پھر جو لوگ پورے ایک دارالعلوم کی جہاں بہت سے طلباء دور دراز کا سفر کر کے وطن چھوڑ کر آکر رہتے اور علم حاصل کرتے ہوں، مدد کرنے، اسکی تعمیر وترقی میں بھرپور تعاون اور وہاں زیادہ

Marfat.com

سے زیادہ اپنے وسائل خرچ کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ کتنی جنتیں عطا فرمائے گا۔

کاش کہ سنی بھائی اس عظیم الشان نیکی کو جانتے اور اپنی دولت ادھر ادھر غیر ضروری کاموں پر اڑانے کی بجائے اس عظیم ترین اور سب سے افضل و اعلیٰ نیکی اور افضل جہاد میں خرچ کرتے۔

## یہاں ہوتے ہوئے جنت میں ہے

امام ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**من غدا اوراح وھو فی تعلیم دینہ فھوفی الجنۃ**

(کنزالعمال ج ۱۰ س ۱۴۰)

کہ جو صبح یا شام کو چلا اس حال میں کہ وہ اپنے دین کی تعلیم میں مشغول ہے تو وہ (یہاں ہوتے ہوئے) جنت میں ہے۔

سبحان اللہ! دین کی تعلیم (عالم بننے) کا کیا مقام ہے، کیا ہی درجہ ہے، خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اپنے بچوں کو دین کی تعلیم دلوا کر عالم بناتے ہیں اور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس جنت میں لے جانے اور نبی کے وارث بنانے والے اس نیک عمل پر اپنی دولت خرچ کرتے ہیں۔

## عالم کی نیند

حلیۃ الاولیاء میں امام ابونعیم اپنی سند کے ساتھ حضرت سلمان فارسیؓ سے

Marfat.com

روایت کرتے ہیں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

## نوم علی علم خیر من عبادة علی جهل

(کنزالعمال ج۱۰ ص۱۴۰)

ترجمہ:۔

عالم کی نیند بے علم کی عبادت سے بہتر ہے۔

## ﴿بے علم پیر وصوفی﴾

امام ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند کے ساتھ حضرت واثلہ بن اسقعؓ سے روایت فرماتے ہیں کہ بے علم عبادت گزار (پیر وصوفی) کولہو کے گدھے کی طرح ہے۔ یعنی جیسے کولہو کا گدھا جسکی آنکھوں پر پٹی بندھی ہے چکی کے اردگرد چلتا رہتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اس نے بہت سفر کرلیا ہے لیکن جب آنکھوں سے پٹی کھلتی ہے تو اپنے آپ کو وہاں پاتا ہے جہاں پہلے تھا ایسے وہ بے علم پیر وصوفی ہیں جو بڑے ذکر واذکار اور بڑی لمبی چوڑی عبادتیں اور ریاضتیں کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ انہوں نے بڑا روحانی سفر کر لیا ہے ولایت کے درجہ پر فائز ہوگئے ہیں اللہ تعالی کے قریب ہوگئے ہیں لیکن جب موت آئیگی اور ان کی آنکھوں کے آگے سے پردہ ہٹے گا تو انہیں پتہ چلے گا وہ تو اب بھی وہاں ہی ہیں جہاں پہلے تھے تو اس وقت انہیں افسوس ہوگا اور کہیں گے کہ کاش ہم نے کثرت عبادت وریاضت اور کثرت ذکر واذکار کی بجائے علم دین پڑھا ہوتا تو اللہ تعالی کے قریب ہوگئے ہوتے۔

اسی طرح امام دیلمی مسند الفردوس میں حضرت علی مرتضیٰؓ سے روایت کرتے

Marfat.com

ہیں حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک عالم ایک ہزار عبادت گزاروں سے بہتر ہے۔اسی طرح انہوں نے حضرت انسؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ طالب علم اللہ کے ہاں اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بہتر ہے۔

(کنز العمال ج۱۰ ص۱۴۳)

اس میں ان لوگوں کے لئے عبرت ہے جو دین کا علم سیکھنے کی بجائے کشمیر وغیرہ کے جہادوں میں جاتے ہیں یا جو دینی درسگاہوں کے تعاون کرکے علم دین کو فروغ دینے کی بجائے کشمیر کے جہاد کے نام پر مال خرچ کرتے ہیں جبکہ افضل جہاد دین کا علم حاصل کرنا اور افضل عبادت علم دین (قرآن وسنت کے علم) کوفروغ دینے پر مال خرچ کرنا ہے اسقدر ثواب نہ ہسپتالوں پر خرچ کرنے میں ہے اور نہ کشمیر وغیرہ کے نام کے جہادوں پر اور نہ کسی نعت خوانیوں کی محفلوں کے اوپر اور نہ کسی اور رفاہی یا خیراتی کاموں پر جس قدر قرآن وسنت کے علوم کوفروغ دینے والے مدارس ومراکز اہلسنت وجماعت پر خرچ کرنے کا ثواب ہے۔

## شیطان کی پیٹھ توڑیں

امام دیلمی کتاب مسند الفردوس میں اپنی سند کے ساتھ حضرت واثلہ بن اسقعؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

**مامن شيء اقطع لظهر ابليس من عالم يخرج في قبيلة**

(کنز العمال ج۱۰ ص۱۴۸)

Marfat.com

کہ شیطان کی پیٹھ کو اس سے بڑی توڑنے والی کوئی چیز نہیں کہ کسی قوم میں ایک عالم دین پیدا ہو جائے۔

لہذا امت کا فرض ہے کہ اپنے وسائل خرچ کر کے علماء دین پیدا کرے اور شیطان کی پیٹھ توڑے۔

## علماء کی تعظیم اللہ و رسول کی تعظیم ہے

امام ابن عساکر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباسؓ اور امام ابو بکر خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابرؓ سے روایت فرمائی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**اکرموا العلماء فانهم ورثة الانبياء فمن اکرمهم فقد اکرم الله و رسوله**

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۵۰)

علماء کی تعظیم کرو کیونکہ وہ انبیاء علیہم السلام کے وارثین ہیں تو جس نے علماء کی تعظیم کی بے شک اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعظیم کی۔

## امت میں سب سے بہتر

امام خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہؓ سے اور امام قضاعی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

Marfat.com

**خیار امتی علماء ھا و خیر علماء ھا رحماء ھا الا و ان اللہ لیغفر للعالم اربعین ذنبا قبل ان یغفر للجاھل ذنبا واحدا الا و ان العالم الرحیم یجیء یوم القیامۃ وان نورہ قد اضاء یمشی فیہ مابین المشرق و المغرب کما یضیء الکوکب الدری**

ترجمہ:۔

میری امت میں سب سے افضل وسب سے بہتر اس کے علماء ہیں اور اس کے علماء میں سب سے افضل وسب سے بہتر مہربان علماء ہیں خبردار یقیناً اللہ تعالی قیامت کے دن بے علم کا ایک گناہ بخشنے سے پہلے عالم کے چالیس گناہ بخشے گا اور سنو! بے شک عالم مہربان قیامت کے دن اس شان سے آئیگا کہ اس کے نور نے جسمیں وہ چل رہا ہوگا مشرق ومغرب کے درمیان کی سب فضا کو روشن کیا ہوا ہوگا جیسے ایک نہایت ہی روشن ستارہ فضا کو روشن کرتا ہے۔

اس حدیث سے ایک تو عالم دین کی شان کا مزید پتہ چلا کہ وہ امت میں سب سے اعلی درجہ رکھتا ہے دوسرا یہ کہ علماء میں پھر اس کا درجہ سب سے اونچا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر بہت مہربان ہو ان کی اصلاح کی فکر کرتا اور ان کو پیش آنے والی الجھنوں کو اپنے علم کی روشنی اور تحقیق وبصیرت کے نور سے حل کر کے انہیں سکون و آرام پہنچاتا ہو ان کے لئے دین کو قرآن وسنت کی روشنی میں آسان کر کے پیش کرتا ہو جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

**بشروا ولا تنفروا** کہ دین کے معاملہ میں لوگوں کو خوشخبری کی باتیں سناؤ کہ ان سے خوش ہو کر غیر مسلم بھی مسلمان ہو جائیں نفرت دلانے اور گھبرا دینے والی باتیں نہ سناؤ کہ جن سے غیر مسلم اسلام کو ایک مشکل مذہب سمجھ کر اسلام سے دور ہو جائیں۔

تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ پیغمبروں کے بعد کوئی بھی خطاء وگناہ سے پاک نہیں ہے مگر دوسروں کے مقابلہ میں علماء کی خطائیں زیادہ بخشی جائیں گی کیونکہ علماء دیدہ دانستہ کم ہی خطا کا ارتکاب کرتے ہیں اگر ارتکاب ہو جائے تو اس پر قائم نہیں رہتے بلکہ فوراً اللہ تعالی کے حضور رجوع وتوبہ کرتے ہیں جس سے نہ صرف ان کی بخشش ہو جاتی ہے بلکہ کثرت ندامت وافسوس سے ان کے روحانی درجات میں بھی ترقی ہو جاتی ہے اور ان کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ

ازاں محبوب تر مابشی کہ بودی

چوتھا یہ کہ عالم کا ظاہر اگر چہ بشر ہے لیکن علم وتقوی اور شریعت پر عمل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین ہونے کی برکت سے اس کا باطن نور ہی نور ہو جاتا ہے جس کا ظہور قیامت کے دن ہوگا جسکا ذکر اس حدیث مبارک میں ہوا ہے۔

دوسری حدیث میں ہے جسے امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند شریف میں اور امام طبرانی وغیرہ نے اپنی اپنی سندوں سے حضرت درۃ بن ابی لھب رضی اللہ عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**خیر الناس اقرؤهم و افقهھم فی دین الله و اتقا**

Marfat.com

هم للہ و آمرھم بالمعروف و انھاھم عن المنکر و او صلھم للرحم

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۵۳)

اللہ کے نزدیک سب سے اونچے درجے والا وہ شخص ہے جو قرآن کو تجوید کے ساتھ دوسروں سے بہتر طور پر پڑھنے والا (قرآن وسنت کی روشنی میں) شریعت کے احکام زیادہ جاننے والا، اللہ سے زیادہ ڈرنے والا لوگوں کو شریعت کے احکام کا زیادہ حکم دینے والا، انکو برائیوں سے زیادہ روکنے والا اور رشتہ داروں کے حقوق زیادہ ادا کرنے والا ہو۔

## رشتہ دار

رشتہ دار تین قسم کے ہیں ایک نسبی جیسے ماں باپ، دادا نانا، دادی نانی، اور ماموں چچا اور ان کی اولادیں، بہن بھائی، خالائیں پھوپھیاں اور آگے ان کی اولادیں۔ ہر ایک کے ساتھ ان کی شان کے لائق بہتر سلوک کرنا فرض ہے۔

دوسرا اسرالی رشتہ ہے بیوی کے ماں باپ بہن بھائی اور دیگر رشتہ داروں سے ان کی شان کے لائق بہتر سلوک کرنا۔

تیسرا دینی رشتہ مرشد و استاذ جو دینی اور روحانی تعلیم دیتے ہیں۔ مرشد عالم دین ہونا چاہئے جو عالم دین (عربی زبان کا ماہر قرآن وسنت کا علم رکھتا) ہو طبرانی کی معجم کبیر میں حضرت ابو امامہؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

من علم عبدا آیۃ من کتاب اللہ فھومولاہ لا

Marfat.com

**ینبغی ان یخذلہ ولا یستاثر علیہ**

(مجمع الزوائد ج ا ص ۱۲۸)

کہ جس نے کسی بندہ خدا کو قرآن کی ایک آیت سکھائی کہ اس کو پڑھنا اور اس کا معنی سکھایا یا ایک آیت کے الفاظ و معنی کے ساتھ تعلیم دی وہ اس کا استاذ و سردار ہے اب اسے جائز نہیں کہ اپنے سردار کو بے یار و مددگار چھوڑ دے یا اس سے تعلق نہ رکھے اور نہ ہی وہ اس کے مقابلہ میں کسی کو ترجیح دے۔

اس سے علماء نے ارشاد فرمایا کہ مرشد و استاذ دینی کا درجہ غیر عالم ماں باپ سے اونچا ہے کیونکہ عالم دین کا درجہ تو رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے اونچا ہے کہ وہ انبیاء کا وارث اور جانشین ہے۔

## قراءت قرآن

اس حدیث میں لفظ **اقرؤھم** سے واضح ہوا کہ مسلمانوں کو قرآن کریم کی قراءت کا باقاعدہ علم سیکھنا چاہئے آج قرآن کو صحیح پڑھنے والے شاید سو میں سے ایک کی نسبت رکھتے ہوں حتی کہ مشیخیت و پیری مریدی کرنے والوں کا یہ حال ہے کہ قرآن کریم صحیح نہیں پڑھتے اور دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ پہنچے ہوئے ہیں یا مرید انہیں اپنے زمانہ کا غوث سمجھتے اور ان کے قطب اور قبلہ عالم ہونے کے نعرے لگواتے ہیں۔

جبکہ وہ مسکین قرآن تک صحیح نہیں پڑھ سکتے مگر لوگ قرآن سے اور علم سے اس قدر دور ہیں کہ ان کے نزدیک شیخ و مرشد اور پیر ہونے کے لئے کسی علمی صلاحیت و قابلیت حتی کہ قرآن کی صحیح تلاوت تک کرسکنا بھی ضروری نہیں بس اتنا کافی ہے کہ وہ

Marfat.com

کسی پیر صاحب کا صاحبزادہ ہو یا کسی خانقاہ کا گدی نشین (فالی اللہ المشتکی اللہ ہی سے ان کا شکوہ ہے)

جبکہ تمام آئمہ مجتہدین اور فقہاء دین متین واکابر صوفیائے ربانیین کا اس پر اتفاق ہے کہ مرشد و شیخ طریقت پیر وہ ہو سکتا ہے جو قرآن کی قراءت صحیح کر سکتا ہو اور عربی زبان کا اس قدر علم رکھتا ہو کہ براہ راست قرآن وحدیث کو جانتا ہو اور کسی کے ترجمہ کا محتاج نہ ہو۔

## علم کی دولت

امام ابن عساکر و امام دیلمی نے اپنی اپنی سندوں کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**خیر سلیمان بین المال و الملك و العلم فاختار العلم فاعطی الملك والمال لاختیاره العلم**

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۵۳)

سلیمان علیہ السلام کو اللہ تعالی کی طرف سے اسبات کا اختیار دیا گیا کہ تین چیزوں میں سے ایک چیز چن لیں ایک مال دوسرا ملک اور تیسرا علم۔ تو انہوں نے علم کو چن لیا تو علم کی برکت سے مال بھی مل گیا اور ملک بھی مل گیا۔

اس سے ثابت ہوا کہ جو عربی گرائمر اور عربی زبان پر پوری طرح عبور حاصل کر کے قرآن وسنت کا عالم ہو گیا ملک و مال اس کے قدموں میں ہوں گے کیونکہ قرآن وسنت کے علم کی بدولت اسکی دلوں پر حکمرانی ہوگی اور جب دلوں پر حکمرانی

Marfat.com

ہوگی تو وہ عالم دین ہونے کے طفیل حاکم بھی ہوگا اور مالدار بھی ہوگا۔ کہ اللہ اسے معاشی طور پر بھی بے نیاز کردے گا۔

## عالم کی ایک رکعت

امام شیرازی القاب میں اپنی سند کے ساتھ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**ركعة من عالم بالله خير من الف ركعة من متجاهل بالله**

(کنزالعمال ج۱۰ ص۱۵۴)

اللہ کے (دین، قرآن وسنت کے) عالم کی ایک رکعت اللہ کے (دین قرآن وسنت سے) جاہل کی ایک ہزار رکعت سے بہتر ہے۔

## حضور علیہ وسلم ﷺ کی ایک حدیث کا علم

امام رافعی اپنی تاریخ میں سند کے ساتھ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**سارعوا فی طلب العلم فالحديث من صادق خير من الدنيا وما عليها من ذهب و فضة**

(کنز العمال ج۱۰ ص ۱۵۴)

علم دین کے حاصل کرنے میں جلدی کرو (سستی نہ کرو) سچے نبی ﷺ کی ایک حدیث کا علم دنیا سے اور جو دنیا کے اوپر سونا چاندی ہے اس سے بہتر ہے۔

Marfat.com

ایک اور حدیث میں ہے کہ جس نے میری دو حدیثیں سیکھیں ان پر عمل کر کے اپنے آپ کو فائدہ پہنچایا ہے اور آگے دوسروں کو بھی سکھاتا ہے اور وہ اس پر عمل کرتے ہیں تو اس کی یہ خدمت ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۶۴)

سبحان اللہ کیا ہی شان ہے قرآن وسنت کے علم کی۔ لیکن افسوس کہ علم کے مقام سے بے خبر مالدار علم کے مقابلہ میں سونے اور چاندی کو زیادہ عزیز سمجھتے ہیں اور اسے علم کو فروغ دینے پر خرچ نہیں کرتے یا خرچ کرنے کا حق ادا نہیں کرتے۔

## علماء کا حشر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے

**العلماء یحشرون مع الانبیاء**

(کشف الخفاء ج ۲ ص ۸۴۔ الفوائد المجموعة ص ۲۰۰۔ التذکرة ۱۸۶)

ترجمہ:۔

کہ علماء دین نبیوں کے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔

سبحان اللہ! کیا ہی شان ہے علماء کی اور یہ حقیقت ہے کہ پیغمبروں کے بعد انہیں کا درجہ ہے اور وہ پیغمبروں کے خلفاء، جانشین اور ان کے وارث ہیں تو ان کا حشر بھی ان کے ساتھ ہی ہوگا۔

ایک حدیث میں ہے کہ مومن کا عالم دین سے ایک مسئلہ سیکھ لینا ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے اور اولاد اسماعیل سے ایک غلام کو آزاد کرنے سے بہتر ہے اور

Marfat.com

بے شک دین کا علم سیکھنے والا اور اپنے خاوند کی فرمانبردار بیوی اور اپنے ماں باپ کی (جائز کاموں میں) فرمانبرداری کرنے والی اور ان سے اچھا سلوک کرنے والی اولاد نبیوں کے ساتھ کسی حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوگی۔

(کنزالعمال ج ۱۰ ص ۱۶۰)

## ایک حدیث کی تبلیغ کا ثواب

امام ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

**من ادی الی امتی حدیثا لتقام به سنة او تثلم به بدعة فهو فی الجنة**

جس عالم دین نے میری امت تک ایک حدیث پہنچائی تا کہ اس سے میری کوئی سنت قائم ہو جائے اور بدعت کا راستہ بند ہو جائے وہ عالم دین (یہاں ہوتے ہوئے بھی) جنت میں (بیٹھا) ہے۔ یعنی اس کے لئے قطعاً اور یقیناً جنت ہی جنت ہے بس وہ سمجھ لے کہ وہ جنت میں پہنچ ہی گیا ہے۔

## ایک درجہ کا فرق

امام ابن نجار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے امام طبرانی نے اوسط میں سند کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے۔ امام ابن عساکر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے۔ امام ابوبکر خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت سعید بن مسیّب اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

Marfat.com

**من جاءه الموت وهو يطلب العلم ليحيىَ به الاسلام لقى الله تعالى و لم يكن بينه و بين النبيين الا درجة النبوة**

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۶۰ حدیث نمبر ۳۲۔۳۱۔۳۰۔۲۸۸۲۹)۔

جس شخص کو اس حال میں موت آئے کہ وہ دین کا علم حاصل کر رہا ہوتا کہ اس سے اسلام کو زندہ کرے وہ اللہ سے اس شان سے جا ملے گا کہ اس کے اور پیغمبروں کے درمیان صرف ایک نبوت کے درجہ کا فرق ہوگا۔

ماشاء اللہ۔ سبحان اللہ علم دین، طالب علم اور علماء دین کا کیا ہی مقام ہے جن کا علمی محنتوں اور کاوشوں سے واحد مقصد یہی ہے کہ وہ اپنے علم کے ذریعے اسلام کی مٹی ہوئی قدروں کو زندہ کریں، دین کو فروغ دیں، گمراہی کا خاتمہ کریں، اسی مشن کے لئے وہ طرح طرح کی تکلیفیں اٹھاتے ہیں، علم کی قدر و منزلت سے بے خبر مالداروں کی بے رخی اور ناقدری کو رضائے الٰہی کے لئے برداشت کرتے ہیں اور یہی انبیاء علیہم السلام کا طریقہ رہا ہے اور اسی پر علماء دین چل رہے ہیں اور طرح طرح کی مخالف قوتوں کی مخالفت کی پرواہ کئے بغیر قدم آگے بڑھاتے رہے ہیں اور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو دین کے علوم کو فروغ دینے اور دین کی مٹی ہوئی قدروں کو پھر سے زندہ کرنے میں علماء دین کا ساتھ دیتے ہیں اور دے رہے ہیں۔

## بڑی عمر میں علم حاصل کرنا

امام ابن النجار نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابرؓ سے روایت کی

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**من لم یطلب العلم صغیرا فطلبه کبیرا فمات مات شهیدا**

(کنز العمال ج۱۰ ص ۱۶۲)

جس نے چھوٹی عمر میں علم حاصل نہ کیا پھر بڑی عمر میں حاصل کرنا شروع کیا پھر اسے موت آگئی تو وہ شہادت کی موت پا گیا۔

لہذا بڑی عمر میں بھی دین کے علم کے سیکھنے کا شوق ہو جائے تو اسے غنیمت سمجھیں اور سیکھنا شروع کر دیں تا کہ اگر موت آجائے تو شہادت کا درجہ پائیں۔

## بخشش ہی بخشش

امام ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء میں سند کے ساتھ حضرت علیؓ سے، امام طبرانی نے اوسط میں اور امام ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں ابوالطفیلؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**ما انتعل عبد قط ولا تخفف ولا لبس ثوبا لیغدو فی طلب العلم یتعلمه الا غفرت له ذنوبه حیث یخطو عتبة باب بیته**

(کنز العمال ج۱۰ ص ۱۶۳)

جونہی کسی بندۂ خدا نے علم حاصل کرنے کی نیت سے تیاری کی کہ جوتا پہنا اور موزے پہنے اور کپڑے پہنے تا کہ صبح صبح علم حاصل کرنے روانہ ہو جونہی اس نے اپنے گھر کی

Marfat.com

چوکھٹ پر قدم رکھا اس کے (پچھلے) گناہ بخشے گئے۔

سبحان اللہ! ابھی تو اس نے قدم اٹھایا اور بخشا گیا تو جب وہ مدرسہ میں پہنچ کر عالم دین کی خدمت میں بیٹھ کر بسم اللہ کرے گا تو اس وقت اللہ کے ہاں اسکی کیا قدر و منزلت ہوگی۔

## باپ کی بخشش ہوگئی

امام فخر الدین رازیؒ تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ ایک شخص کی بیوی حاملہ تھی اس شخص کا انتقال ہونے لگا تو اس نے بیوی کو وصیت کی کہ جب بچہ پیدا ہو اور بیٹا ہو تو اسے عالم دین بنانا۔ حسن اتفاق سے بیٹا ہوا۔ وہ گناہ گار شخص تھا اسے قبر میں عذاب شروع ہو گیا۔ ادھر سے بیٹا بڑا ہو کر پڑھنے کے قابل ہوا تو اسکی ماں نے خاوند کی وصیت کے مطابق بیٹے کو ایک عالم دین کے ہاں لے گئی کہ اسے بھی عالم دین بنادیں۔ عالم دین نے جوں ہی بچے کو ''بسم اللہ'' شروع کرائی اور بچے نے پڑھا ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' اللہ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ اس بچے کے باپ کو چھوڑ دو عذاب دینا بند کر دو۔ میں نے اسے معاف کر دیا ہے کیونکہ مجھے شرم آتی ہے کہ اس کا بیٹا عالم دین بن رہا ہو اور میں اس کے باپ کو عذاب دوں۔

(تفسیر کبیر ج ۱)

یہ شان ہے عالم دین ہونے کی اور علم حاصل کرنے کی تو جب کوئی بچہ قرآن کا علم سینے میں جمع کر لیتا ہے تو اس کے ماں باپ کے سروں پر قیامت کے دن ایسا تاج رکھا جائیگا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے بڑھ کر ہوگی۔ (مشکوۃ فضائل القرآن)

Marfat.com

## عظیم ہستی

امام دیلمی مسند الفردوس میں سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**من تعلم لله و علم لله كتب فى ملكوت السموات عظيما**

(کنزالعمال ج۱۰ ص۱۶۴)

جس نے اللہ کی رضا کے لئے علم حاصل کیا اور اللہ کی رضا کے لئے دوسرں کو تعلیم دی آسمانوں کے جہان میں اس کا نام عظیم ہستی لکھا جاتا ہے اور فرشتے اسے عظیم ہستی کے نام سے پکارتے ہیں۔

## غیب سے روزی اور مقصد میں کامیابی

امام رافعی سند کے ساتھ حضرت انسؓ سے اور امام ابوبکر خطیب بغدادی و امام ابن النجار سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن جزز بیدیؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**من تفقه فى دين الله كفاه الله همه ورزقه من حيث لا يحتسب**

(کنزالعمال ج۱۰ ص۱۶۵)

جس نے اللہ کے دین میں (قرآن وسنت کے) احکام کا علم حاصل کیا اللہ

Marfat.com

اس کے ہر مقصد میں اس کو کافی ہوگا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا وھم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

الحمدللہ! یہ دین اور دین کے علم کی برکت ہے کہ اس کے علم والوں سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ ان کو دنیا و آخرت کے تمام مقاصد میں کافی ہوگا اور یہ کہ اسے غیب سے روزی دے گا۔ لہذا علم دین پڑھنے پڑھانے والوں کو اللہ تعالیٰ پر توکل رکھتے ہوئے اپنے دین کے کام میں پوری دل جمعی اور بے فکری کے ساتھ مصروف و مشغول رہنا چاہئے۔

## شہیدوں سے ہوں گے

امام ابو بکر خطیب بغدادی اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

**حملة العلم فی الدنیا خلفاء الانبیاء و فی الاخرة من الشهداء**

(کنز العمال ج ۱۰ ص ۱۷۰)

ترجمہ:۔

علماء دنیا میں نبیوں کے جانشین اور قائم مقام ہیں اور آخرت میں شہیدوں سے ہوں گے۔

## اھل جنت، جنت میں بھی علماء کے محتاج ہوں گے

امام ابن عساکر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

ان اھل الجنة لیحتاجون الی العلماء فی الجنة و ذلك انھم یزورون الله تعالی فی کل جمعة فیقول لھم :تمنوا علی ما شئتم فیلتفتون الی العلماء فیقولون :ماذا نتمنی ؟ فیقولون تمنوا علیه کذا وکذا فھم یحتاجون الیھم فی الجنة کما یحتاجون الیھم فی الدنیا

(کنز العمال ج۱۰ ص۱۵۰)

ترجمہ:۔

بے شک جنت والے جنت میں علماء کے محتاج ہوں گے اور یہ اس طرح کہ وہ ہر جمعہ اللہ تعالی کا دیدار کریں گے تو اللہ تعالی ان سے فرمائے گا جو تمہاری آرزو ہو مجھے بتاؤ میں پوری کروں تو وہ علماء کی طرف متوجہ ہوں گے اور ان سے پوچھیں گے کہ ہم اللہ تعالی سے کیا آرزو کریں؟ تو علماء ان کی راہنمائی کریں گے اور فرمائیں گے کہ تم اللہ تعالی سے یہ آرزو کرو اور یہ یہ مانگو۔

لہذا جنت والے جنت میں علماء کے ایسے ہی محتاج ہوں گے جیسے دنیا میں محتاج ہیں (کہ کوئی مشکل ہوتی ہے تو علماء سے مشورہ لیتے اور دعائیں کراتے ہیں اور ان سے دین سیکھتے ہیں اور جو لوگ علماء سے دور ہوتے ہیں وہ ذہنی اور روحانی طور پر چکنا چور ہوتے ہیں)

Marfat.com

# اچھے حکمران و امراء

حکمران ہوں یا امراء جب تک یہ علماء سے رابطہ نہیں رکھیں گے وہ مملکت کا اور اپنے ادارہ کا صحیح نظام نہیں چلا سکیں گے۔ اس لیے حدیث میں فرمایا گیا کہ

**خیار الامراء الذین یاتون العلماء**

(تذکرہ ص ۲۴)

ترجمہ:۔

سب سے بہتر حکمران اور امراء وہ ہیں جو علماء کی خدمت میں حاضری دیتے ہیں (اور ان سے راہنمائی لے کر اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں)

دوسری حدیث میں ہے کہ

**خیر الامراء الذین یاتون العلماء**

(اتحاف السادۃ المتقین ج۶ ص ۱۲۵)

ترجمہ:۔

سب سے بہتر امراء وہ ہیں جو علماء کی خدمت میں حاضری دیتے ہیں اور ان سے راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

پہلی حدیث میں **خیار** کا لفظ ہے اور دوسری حدیث میں اس کی بجائے **خیر** کا لفظ ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حکمرانوں کو اور امراء کو علماء سے رابطہ رکھنا چاہیے اور ان کے مشوروں پر چلنا چاہیے تاکہ وہ اپنے مقاصد میں کامیاب رہیں۔

مغلیہ کے دور کے بادشاہ جو عرصہ دراز تک باشاہت پر فائز رہے اسکی وجہ ان

Marfat.com

کی علماء سے نیازمندی اور محبت و دوستی تھی جس حکمران نے علماء سے دوستی کی اور ان کے کہنے پر چلا اس کا اقتدار طویل ہوا اور جس نے علماء سے دوری اختیار کی اس کا اقتدار تھوڑا ہی عرصہ رہا۔

## اللہ کی طرف بلانا

**خیار امتی من دعا الی اللہ تعالی**

(کنزالعمال ج۱۰ ص۱۵۲ حدیث نمبر ۵۶۔۴۳۔۲۸۷۷۹۔۴۴۰۶۹)

ترجمہ:۔

میری امت میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو لوگوں کو اللہ تعالی کی طرف بلائے۔

یعنی اللہ کے دین کی طرف بلائے اور دین کی تبلیغ کرے اور ظاہر ہے کہ دین کی تبلیغ علماء ہی کرتے ہیں اس لئے علماء ساری امت میں سب سے بہتر اور سب سے افضل ہیں۔

## تبلیغ کا کام

تبلیغ کا کام بہت اہمیت رکھتا ہے اس لئے یہ علماء کا ہی کام ہے اور عوام جو تبلیغ کرتے ہیں وہ محدود تبلیغ ہے۔

## تبلیغ یا تلقین

بلکہ یہ تبلیغ نہیں تلقین ہے تبلیغی جماعت کے سادہ لوح مسلمان تبلیغ کے شوق

Marfat.com

میں نکل کر وطن سے دور بستی بستی ،گاؤں گاؤں اور شہر شہر پھرتے ہیں بیوی اور بچوں کو اکیلے چھوڑ جاتے ہیں مہینوں سالوں باہر رہتے ہیں ، بلکہ کئی لوگوں کے عزیز و اقارب حتی کہ ماں باپ تک ان کے پیچھے دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں، کئی لوگوں کی بیویاں اور کئی ایک کے بچے تک بے یار و مددگار اور طرح طرح کی پریشانیوں کا شکار ہوتے ہیں مگران کے گھر کا سہارا اپنے گھر کی ذمہ داریوں سے بے نیاز تبلیغ کے شوق میں وطن سے دور مارا مارا پھرتا ہے یہ کوئی تبلیغ نہیں ایسی تبلیغ جس سے گھر کے زیر کفالت لوگ پیچھے پریشانیوں میں مبتلا ہو جائیں تبلیغ نہیں بلکہ زیر کفالت افراد کو بے یار و مددگار چھوڑنے پر گناہ ہے پھر تبلیغ تو علماء کا کام ہے جو وہ اپنے اپنے مراکز میں کر رہے ہیں، یہ مسجدوں میں نمازیوں کو تبلیغ کا فلسفہ نا قابل فہم ہے بلکہ حدیث شریف میں ہے کہ **تعلموا العلم وعلموه الناس** کہ علم پڑھو اور اسے دوسروں کو پڑھاؤ۔ پر تبلیغی لوگ عمل نہیں کرتے علم دین حاصل کرنا جوان پر فرض ہے اس کے تارک ہیں اور تبلیغ جوان پر فرض نہیں ہے اس کے پیچھے لگے ہوئے ہیں یہ کیسی عقل اور کیسی سمجھ ہے۔

## اللہ کی رحمت ہو

امام حافظ ابن عبد البر نے اپنی سند کے ساتھ حدیث روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

**علی خلفائی رحمة الله**

کہ میرے خلیفوں جانشینوں پر اللہ کی رحمت ہو

Marfat.com

عرض کی گئی آپ کے خلیفے کون ہیں؟ فرمایا علماء جو میری سنت کو زندہ کریں گے اور اللہ کے دوسرے بندوں کو میری سنت اور میرے طریقے کی تعلیم دیں گے۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۲۲)

## ثمرۂ ایمان

امام حاکم نے اپنی تاریخ نیشاپوری میں سند کے ساتھ حضرت ابودرداءؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**الایمان عریان و لباسه التقویٰ و زینته الحیاء و ثمرته العلم**

(احیاء علوم الدین للغزالی ج ا ص ۱٦)

ترجمہ:۔

کہ ایمان بے لباس ہے اور اس کا لباس تقوی، پرہیز گاری اور خدا خوفی ہے اور اس کی زینت وخوبصورتی شرم وحیاء ہے اور اس کا پھل علم ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک متقی و پرہیز گار اور صاحب شرم وحیاء (باطن میں اللہ سے ڈرنے والا) اور علم قرآن وسنت رکھنے والا انسان ہی انسان کامل ہے۔

## فقیہ

امام حافظ ابن عبدالبر نے اپنی سند کے جامع بیان العلم والعلماء میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی کہ حدیث شریف میں ہے کہ جس نے میری سنت کو (عمل) سے (تعلق رکھنے والی) چالیس حدیثیں محفوظ کر کے انہیں آگے میری امت

Marfat.com

کے لوگوں تک پہنچائیں **كنت له شفيعا و شهيدا يوم القيامة** تو میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کرونگا اور اس (کے دین وایمان) کا گواہ ہوگا۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۱۶)

ایک دوسری حدیث میں جیسے امام حافظ ابن عبدالبرؒ نے سند سے روایت کیا یوں ہے کہ جس نے میری امت (کے علماء) سے چالیس حدیثیں اٹھائیں یعنی انہیں یاد کیا وہ قیامت کے دن اللہ تعالی سے شریعت کے احکام سے باخبر عالم کی حیثیت سے ملے گا۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۱۶)

## امراء علماء کے دروازہ پر

حضرت سالم بن ابی الجعدؓ فرماتے ہیں کہ میرے مالک نے مجھے تین سو درھم میں خریدا پھر آزاد کردیا۔ میں نے آزاد ہونے کے بعد سوچا کہ میں کونسا کمال حاصل کروں تو میں نے سوچ کر علم حاصل کرنا شروع کردیا اور بڑا عالم ہوگیا ابھی ایک سال نہ گزرا کہ مدینے کا گورنر بھی مجھے ملنے کے لئے میرے دروازہ پر آیا اور مجھ سے ملنا چاہا مگر میں نے اسے ملاقات کا وقت نہ دیا اور وہ چلا گیا۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۱۹)

اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے زمانہ کے حکمران علم دین اور علماء دین کی کس قدر قدر کرتے تھے کہ ان کے دروازوں پر حاضر ہوتے ان سے علم کے موتی حاصل کرتے اور آج اس کے برعکس ہے کہ علماء کو اپنے ہاں بلوایا جاتا ہے اس لئے تو

Marfat.com

ان حکمرانوں کی عوام میں کوئی قدر و منزلت نہیں ہے۔

## حکمرانوں کے حکمران

امام ابوالاسود استاذ امام حسنؓ و حسینؓ فرماتے ہیں کہ

علم سے بڑھ کر کوئی عزت والی چیز نہیں اور بادشاہ لوگوں کے حکمران ہیں اور علماء باشاہوں کے حکمران ہیں۔

**الملوك حكام على الناس و العلماء حكام على الملوك**

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۱۸)

ترجمہ:۔

یعنی بادشاہ لوگوں کے حکمران ہیں اور علماء بادشاہوں کے حکمران ہیں۔

حضرت زبیر بن ابی بکرؒ نے فرمایا کہ میں عراق میں تھا میرے والد نے مجھے خط لکھا کہ ہر صورت علم حاصل کرو کیونکہ اگر تمہیں مال کی ضرورت ہوگی تو یہ علم تیرے لئے مال ہوگا (کہ اس کی برکت سے لوگ خود بخود تمہیں مال پیش کریں گے) اور اگر تمہیں مال کی حاجت نہ ہوگی تو علم تیرے لئے جمال (حسن) ہوگا

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۱۹)

## عالم کو دیکھنا عبادت ہے

امام العارف عمدة المحققين مجدد الملة والدین شاہ احمد رضا خاںؒ کے والد ماجدؒ نے امام غزالیؒ کے حوالہ سے حدیث نقل فرمائی کہ

Marfat.com

## نظرة الی العالم خیر من صلوة عام و صیامه۔

(فضل العلم و العلماء ص ۶۸)

ترجمہ:۔

عالم کو ایک نظر دیکھنا سال بھر کی نماز و روزہ سے بہتر ہے۔

امام سمعان بن المہدی محدث ؒ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انس ؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

## نظرة فی وجه العالم احب الی الله تعالی من عبادة ستین سنة صیاما وقیاما

ترجمہ:۔

عالم دین کے چہرے پر ایک نگاہ ڈالنا ساٹھ سال کی نمازوں اور روزوں اور رات بھر کھڑے ہو کر عبادت کرنے سے بڑھ کر اللہ تعالی کو پسند ہے اور امام دیلمی نے حضرت انس ؓ سے مرفوعاً ان لفظوں سے حدیث نقل کی ہے۔

## النظر الی وجه العالم عبادة

کہ عالم دین کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے پھر فرمایا

## وکذا الجلوس معه و الکلام

کہ اسی طرح عالم دین کے ساتھ بیٹھنا اور اس سے بولنا بھی عبادت ہے

(مسند الفردوس دیلمی ج ۴ ص ۲۹۴) (اما قول العجلونی لا یصح شئی من ذلک کله فالمراد کونه صحیحا لذاته علی شرائط المحدثین فلا یلزم منه نفی کونه صحیحا لغیره .قادری) کشف الخفاج ۲ ص ۳۱۸)

Marfat.com

## علماء کا انجام

صحیح بخاری و ترمذی شریف میں ہے کہ اللہ تعالی جس بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے شریعت (قرآن وسنت کے احکام) کا علم دیتا ہے۔

(صحیح البخاری ج ا ص ١٦)

**الاشباہ والنظائر** میں امام ابن نجیم مصریؒ لکھتے ہیں کہ قرآن وسنت کے عالم کے سوا کوئی بھی اپنے انجام سے واقف و باخبر نہیں ہوتا کیونکہ عالم کا انجام حضرت محمد ﷺ نے بتا دیا کہ باخیر و عافیت اور سلامتی و ایمان کے ساتھ ہے کیونکہ اللہ نے اسے قرآن وسنت کا علم عطا فرما کر اسے بہت بڑی خیر و برکت عطا فرما رکھی ہے۔

(الاشباہ و النظائر ص ٣٨٩)

## ایک خواب

فضل العلم والعلماء میں فتاوی درمختار کے حوالہ سے امام اسمٰعیل بن ابی رجاءؒ سے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام ابوحنیفہ کے شاگرد رشید امام محمدؒ کو خواب میں دیکھا حال پوچھا، فرمایا مجھے اللہ تعالی نے بخش دیا اور فرمایا کہ اگر میں نے تجھے عذاب دینا ہوتا تو تجھے عالم دین نہ بناتا۔

(فضل العلم و العلماء ص ٦٨)

Marfat.com

# عالم دین کی مجلس میں حاضری

امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاریؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**حضور مجلس عالم افضل من صلوة الف رکعة و عبادة الف مریض و شهود الف جنازة**

ترجمہ:۔

عالم دین کی مجلس میں حاضر ہونا ایک ہزار رکعت نفل، ایک ہزار بیمار کی بیمار پرسی اور ایک ہزار جنازوں کی نماز میں حاضر ہونے سے بہتر ہے۔

پھر عرض کی گئی اے اللہ کے رسول ﷺ! عالم دین کی مجلس میں حاضر ہونا قرآن کریم کی قراءت (تلاوت) سے بہتر ہے (زیادہ ثواب ہے)؟ آپ ﷺ نے فرمایا

**وهل ينفع القرآن الا بالعلم ؟**

ترجمہ:۔

اور کیا قرآن علم کے بغیر نفع دیتا ہے؟

یعنی پورا نفع نہیں دیتا۔ قرآن سے پورا نفع حاصل کرنے کے لئے عالم دین کی مجلس میں حاضری ضروری ہے اس کے بغیر قرآن سے نفع نہیں اٹھایا جا سکتا۔

(احیاء علوم الدین ج ۱ ص ۱۹۔ فضل العلم و العلماء ۶۹)

Marfat.com

# ﴿انسان کامل﴾

امام طبرانی نے معجم کبیر میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے اور امام دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے اور امام ابونعیم نے حضرت ابوالدرداء سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**الناس عالم و متعلم ولا خير فيما بينهما من الناس**

(مسند الفردوس ج۴ ص۲۹۸)

**الناس رجلان عالم و متعلم ولاخير فيما سواهما**

(فیض القدیر ج۶ ص ۲۹۴)

انسان کامل عالم ہے اور طالب علم اور ان دو کے سوا دوسرے لوگوں میں (کامل) بھلائی نہیں ہے

**الناس ثلاثة عالم و متعلم والثالث همج لاخير فيه**

(حلیۃ الاولیاء ج۱ ص ۲۱۲ و فیض القدیر شرح جامع صغیر ج۴ ص ۹۳)

ترجمہ:۔

لوگ تین (قسم) ہیں عالم اور طالب علم (یہ تو کامل عقل والے لوگ ہیں) اور جو تیسرے ہیں کہ نہ عالم ہیں اور نہ طالب علم وہ کامل عقل والے نہیں ہیں اور اس

Marfat.com

میں بھلائی نہیں ہے۔

ایک اور حدیث شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے یوں مروی ہے کہ

**الناس رجلان مؤمن و جاهل فلا تردوا المؤمن ولا تجاوروا الجاهل**

(مسند الفردوس ج ۴ ص ۳۰۴)

لوگ دو ہی ہیں ایک مومن (عالم) اور دوسرا (مومن) جاہل یعنی غیر عالم۔ تو تم مومن عالم کو نہ ٹھکراؤ (اسے اپنے سے دور نہ کرو بلکہ اس سے عقیدت ومحبت رکھو اور اس کی ہدایت پر عمل کرو) اور مومن غیر عالم سے دور رہو یعنی اس سے مشورے نہ لو اور نہ ہی اسے قابل بھروسہ سمجھو۔

## عالم دین کے پیچھے نماز پڑھنے کا درجہ

ایک حدیث میں ہے کہ

**من صلی خلف عالم تقی فکانما صلی خلف نبی۔**

(فتاوی شامی ج ۱ ص ۵۶۲ و نصب الرایہ للزیلعی ج ۲ ص ۲۶)

ترجمہ:۔

جس نے پرہیز گار عالم دین کے پیچھے نماز پڑھی گویا اس نے اللہ کے نبی کے پیچھے نماز پڑھی۔

(پرہیز گار عالم سے مراد صحیح العقیدہ اہل سنت مسلک کا عالم دین ہے، اس کے

Marfat.com

پیچھے نماز پڑھنا ایسے ہے جیسے اللہ کے نبی کے پیچھے نماز پڑھنا اس لئے علماء دین امامت کرانا چاہئے تاکہ ان کو امامت کا ثواب ملے اور قوم کو بھی زیادہ ثواب ملے۔ ایک حدیث میں ہے عالم دین امامت کرائے تو اسے ایک نماز کی امامت کا ثواب ایک سو نمازوں کے برابر ثواب ملتا ہے

(طحطاوی شرح مراقی الفلاح)

## علماء اللہ اور بندوں کے درمیان وسیلہ ہیں

حدیث شریف میں ہے کہ

**ان سركم ان يقبل الله صلوتكم فليئومكم خياركم فانهم وفدكم فيما بينكم و بين ربكم**

(المستدرك للحاكم ج٣ص٢٢٢و جمع الجوامع ٧٦٥١)

ترجمہ:۔

اگر تمہیں یہ بات اچھی لگے کہ اللہ تمہاری نماز قبول کرے تو تم میں بہتر لوگ (علماء) تمہارے امام ہوں بے شک علماء تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان وسیلہ ہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امامت کا منصب علماء کے لئے ہی ہے اور اگر عالم دین نہ ہو تو مجبوری کی صورت میں کوئی بھی باشرع آدمی امامت کرا سکتا ہے جبکہ اس کا عقیدہ صحیح ہو لیکن جہاں عالم دین موجود ہو وہاں امامت کرانے کا حق اسی کا ہے اور اگر مقامی امام بھی عالم دین ہے تو دوسرے عالم دین کے مقابلہ میں اس کا حق زیادہ ہے

Marfat.com

ہاں وہ باہر کے عالم کو اس کی عزت افزائی کے لئے اپنا حق دے سکتا ہے یا باہر کا عالم بڑا ہو تو بڑے عالم کا امامت کرانا افضل ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ

**خیار کم من تعلم القرآن و علمه**

(مسند امام احمد ج ا ص ۱۵۳)

ترجمہ:۔

تمہارے خیار (بہترین لوگ) وہ ہیں جو قرآن کا علم پڑھیں اسے دوسروں کو پڑھائیں۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ

**خیار أمتی علماء ها**

(کنزالعمال حدیث نمبر ۲۸۷۷۸ و حلیة الاولیاء ج۸ص ۱۸۸)

ترجمہ:۔

میری امت میں بہترین لوگ ان کے علماء ہیں۔

لہذا جو نمازیں علماء دین کے پیچھے پڑھی جائیں وہ مقبول ہوتی ہیں۔

ایک حدیث میں ہے کہ

**الشیخ فی جماعته کالنبی فی قومه**

(کشف الخفاء ج ۲ص ۲۲، تذکرة الموضوعات ۲۰، الاسرار المرفوعة ۲۲۹)

ترجمہ:۔

قرآن وسنت کا ماہر عالم اپنی جماعت میں ایسے ہے جیسے نبی اپنی امت میں۔

Marfat.com

# شیخ

شیخ کا معنی ہے بزرگ اور بڑا، اور بڑا وہ ہے جسے اللہ تعالی نے قرآن وسنت کے علم کی دولت ونعمت دے کر بڑائی بخشی ہے ایسا شخص اپنے شاگردوں، مریدوں اور عقید تمندوں کی جماعت میں ایسے ہے جیسے نبی امت میں یعنی جیسے نبی امت میں محبوب اور واجب الاتباع ہے ایسے نبی ﷺ کے طفیل آپ ﷺ کی امت کا عالم اپنے شاگردوں، مریدوں اور عقید تمندوں میں محبوب اور واجب الاتباع ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ

**الشیخ فی اهله کالنبی فی امته**

(کنز العمال ۴۲۶۳۲، کشف الخفاء ج ۲ ص ۲۲)

ترجمہ:۔

قرآن وسنت کا عالم اپنے پیروکاروں میں ایسے ہے جیسے اللہ کا نبی اپنی امت میں۔

اور ایک حدیث میں

**کالنبی فی قومه** بھی آتا ہے

(اتحاف السادة المتقین ج ا ص ۴۵۰)

حضرت ابراھیم علیہ السلام کو اللہ تعالی کا حکم ہوا کہ ابرھیم میں علیم (علم والا) ہوں اور علم والے کو پسند کرتا ہوں یعنی علم میری صفت ہے اور جو میری صفت رکھتا ہے وہ میرا محبوب ہے۔

Marfat.com

# صدقہ جاریہ

حدیث شریف میں ہے جب انسان کا انتقال ہوتا ہے تو اس کے بعد اس کی نیکیوں کا سلسلہ بھی ختم ہو جاتا ہے مگر تین نیکیاں ایسی ہیں جن کا ثواب انسان کو مرنے کے بعد بھی پہنچتا رہتا ہے ایک صدقہ جاریہ مثلاً کنواں کھدوانا یا نلکا لگوانا یا نہر جاری کرنا جس سے لوگ پانی حاصل کریں یا سڑک بنوانا یا ھسپتال یا مسجد یا مدرسہ بنوانا جہاں دین کی تعلیم دی جائے یا دینی لائبریری قائم کرنا جس سے علماء وطلباء اور دوسرے مسلمان فائدہ اٹھائیں یا مسجد یا مدرسہ کے لئے دوکان یا زمین یا کوئی ایسی جائداد وقف کرنا جس سے مدرسہ کے اخرجات پورے ہوتے رہیں یہ سب سے افضل صدقہ جاریہ ہے کیونکہ دینی مدرسوں کا قائم رکھنا اور وہاں سے حافظ، قاری اور عالم پیدا کرنا ایک ایسا نیک کام ہے کہ اس کے برابر کوئی نیک کام نہیں مگر لوگ اس بڑی شان والے نیک کام سے باخبر نہیں ہیں۔

دوسرا اپنے پیچھے علم چھوڑ جانا جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں مثلاً کتابیں لکھنا ان کو چھپوانا اور لوگوں تک پہنچانا یا شاگرد علماء پیدا کرنا یہ بھی صدقہ جاریہ ہے جس کا ثواب انسان کو مرنے کے بعد بھی پہنچتا رہے گا۔

تیسرا نیک بچہ چھوڑ جانا جو دین کا کام کرتا ہو۔

(مشکوۃ کتاب العلم و فضل العلم و العلماء ۲۹ و صحیح مسلم ج ۲ ص ۴۱)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ عالم دین روزہ دار شب بیدار مجاہد سے افضل و بہتر ہے

(احیاء علوم الدین ج ۱ ص ۱۸)

Marfat.com

## ﴿تلاوت قرآن یا درس قرآن﴾

کسی نے مجتہد ابو بکرؒ سے پوچھا کہ قرآن کریم کی تلاوت بہتر ہے یا قرآن و سنت کی روشنی میں فقہی مسائل واحکام شریعت کا درس دینا؟ فرمایا امام ابو مطیع کا فرمان منقول ہے کہ احکام شریعت کا درس دینا یا سننا تو بڑی بات ہے فقہ کی کتابوں کی محض زیارت کرنا بھی ساری رات کی عبادت سے بہتر ہے۔

(فضل العلم و العلماء ٦٩)

صحابی رسول ﷺ حضرت ابو درداء فرماتے ہیں کہ

**لان اتعلم مسئلة احب الی من قیام لیلة** (احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۰ و فضل العلم الشریف ۵۱)

ترجمہ:۔

مجھے شریعت کا ایک مسئلہ سیکھنا رات بھر کی عبادت کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

## ﴿عالم کی موت﴾

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں

**موت الف عابد قائم الیل صائم النهار اهون من موت عالم بصیر بحلال الله و حرامه**

(احیاء علوم الدین ج ۱ ص ۲۰)

ساری رات کھڑے ہو کر عبادت کرنے اور دن بھر روزے رکھنے

Marfat.com

والے ایک ہزار عبادت گزاروں کا مرنا ایک عالم دین جو قرآن وسنت کی روشنی میں اللہ کے حلال وحرام کو جانتا ہے، کی موت کے برابر نہیں۔

یعنی ایسے ایک ہزار عبادت گزار کی موت اس قدر بڑی بات نہیں جس قدر قرآن وسنت کی روشنی میں حلال وحرام کے جاننے والے عالم کی موت بڑی بات ہے۔

برادران اسلام! ہمیں علماء کی قدر کرنی چاہئے اور ان کے وجود کو اللہ کی نعمت عظمیٰ جاننا چاہئے اور اپنے بچوں کو اسقدر عربی زبان اور دیگر ضروری علوم کی تعلیم ضرور دلوانی چاہئے جس سے ہمارے بچے قرآن وسنت کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کے حلال وحرام سے اچھی طرح واقف ہو جائیں اور بہتر ہے کہ بچے کو درس نظامی کی پوری تعلیم دلائی جائے تاکہ وہ عظیم الشان عالم ہو جائے۔

الغرض:۔ آخر میں غرض ومقصد کلام یہ ہے کہ علم دین کی شان میں بڑی بڑی فضیلت والی اور بھی حدیثیں اور بے شمار فضائل ہیں بات اتنا ہے علم کی فضیلت وعظمت میں اسقدر حدیثیں کافی ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی اور اس کے فضل سے اس کے رسول ﷺ کی صفت ہے۔ دونوں جہانوں کی ترقی، سعادت اور دونوں جہانوں کا کمال علم سے ہی حاصل ہوتا ہے جو شخص قرآن وسنت اور شریعت کے علم سے خالی ہے وہ بہت بڑے کمال سے خالی ہے وہ بدقسمت ہے ہاں اس کے لئے اس کمال میں سے حصہ لینے اور اپنی بدقسمتی کو خوش قسمتی میں بدلنے کا طریقہ بھی ہے وہ یہ کہ علماء سے محبت کرنا شروع کریں اور محبت کا تقاضا انکی

Marfat.com

مجلس، محفل میں حاضری اور ان کے ساتھ اللہ و رسول ﷺ کے مشن قرآن و سنت کی تعلیم کو فروغ دینے میں بھرپور مدد کرنا۔

## ﴿بھاری بھرکم فیسوں والے لوگ اور کمرشل تعلیمی ادارے﴾

آج ایک ایسا دور آ گیا ہے کہ تعلیمی ادارے کمرشل بنیاد پر چلائے جاتے ہیں اور لوگوں کو سبز باغ دکھا کر بھاری بھرکم فیسیں وصول کر کے تعلیم دے رہے ہیں جس کی وجہ سے یہ تعلیمی ادارے فیکٹریوں کی طرح مالکوں کو انکم (نفع) دے رہے ہیں یہ قوم کے ساتھ بڑی زیادتی بلکہ ظلم ہے سب کو معلوم ہے کہ قوم کی اکثریت غربت و افلاس کی زندگی گزار رہی ہے اکثر لوگوں کی آمدنی دو تین ہزار سے زیادہ نہیں ہے یہ لوگ بھاری بھرکم فیسیں ہرگز برداشت نہیں کر سکتے سوال یہ ہے کہ ان کے لئے اپنے بچوں کو تعلیم دلوانے کا کیا راستہ ہے؟ اللہ تعالیٰ بھلا کرے علماء دین کا جنہوں نے دینی مدرسے قائم کر کے تعلیم کا مفت انتظام کر کے قوم کی اکثریت کے لئے بچوں کو تعلیم دلوانے کا راستہ کھول دیا بلاشبہ قوم کے غریبوں کو مفت تعلیم دے کر انہیں جہالت کے اندھیروں سے نکالنا سب سے بڑا جہاد ہے۔

اس افضل جہاد میں اپنی استطاعت و توفیق خداوندی کے مطابق بھرپور حصہ لینا نہ صرف بہت بڑا اجر ہے بلکہ سب سے افضل صدقہ جاریہ بھی ہے کیونکہ قرآن و سنت کی مکمل تعلیم دینا قوم پر اللہ تعالیٰ کا اہم فریضہ ہے اور قرآن و سنت کا مکمل نصاب (syllabus) درس نظامی (مکمل عالم کورس , Complete Alim Course) ہی ہے جو صرف اور صرف دینی مدرسوں میں پڑھایا جاتا ہے فیسیں لے

Marfat.com

کر تعلیم دینے والے سکولوں میں نہیں پڑھایا جاتا اور نہ ہی حکومتی سکولوں۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھایا جاتا ہے۔

## درس نظامی کیا ہے؟

سوال یہ ہے کہ درس نظامی کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے یہ درس نظامی مڈل کے بعد آٹھ سال کا کورس ہے جو ایم اے عربی، ایم اے علوم اسلامیہ (ڈبل ایم اے) کی حیثیت سے حکومت پاکستان یونیورسٹی گرانٹس کمشن کی طرف سے منظور شدہ ہے اس کے بعد (کسی بھی یونیورسٹی سے) پی ایچ ڈی کر سکتے ہیں سکولوں کالجوں اور یونیورسیٹوں میں استاذ، لیکچرار اور پروفیسر لگ سکتے ہیں اور لگے ہوئے ہیں نیز مقابلہ کا امتحان پاس کر کے انتظامیہ میں بھی جا سکتے ہیں۔ اور اس تعلیم میں ڈبل فائدہ ہے دین (قرآن وسنت) کے علوم پر مکمل عبور بھی اور دنیا کی تعلیم بھی کیونکہ درس نظامی کے ساتھ میٹرک، ایف اے، بی اے، بھی کیا جا سکتا ہے۔

جبکہ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی تعلیم میں صرف دنیاوی تعلیم دی جاتی ہے دینی تعلیم یا عربی کی تعلیم برائے نام ہے اس سے نوکری تو مل سکتی ہے قرآن وسنت کے علوم پر عبور حاصل نہیں ہوتا جبکہ مسلمانوں کے لئے یہ تعلیم انتہائی ضروری ہے چنانچہ شاعر امت جناب اکبر الہ آبادی کہتے ہیں۔

یہ بات تو کھری ہے ہر گز نہیں کھوٹی
عربی میں ہے نظم ملت، بی اے میں صرف روٹی

آج یہ حقیقت آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں کہ کالجوں اور

یونیورسٹیوں کے سند یافتہ بے شمار لوگ بے روزگار اور فارغ و بے کار پھر رہے ہیں ان کو نوکری نہیں ملتی لیکن ان کے مقابلہ میں آپ کو ایک پختہ حافظ، قاری یا عالم ایسا نہیں ملے گا جو بیکار پھر رہا ہو الحمد اللہ اس علم والوں کو دنیا میں جو عزت حاصل ہے اور جو آخرت میں حاصل ہوگی وہ دنیاوی تعلیم والوں کو کبھی نصیب نہیں ہوسکتی نیز حدیث گزر چکی کہ

**من طلب العلم لكفل الله برزقه**

ترجمہ:۔

جس نے دین (قرآن وسنت) کا علم حاصل کیا اللہ اس کی روزی کا ذمہ دار ہے۔

گویا عالم دین کے مستقبل (فیوچر) کی خود اللہ نے ضمانت (گارنٹی) دی ہے۔

## رزق کریم

کس کی روزی کا اللہ ذمہ دار نہیں ہے؟ سب کی روزی کا ذمہ دار اللہ ہی ہے لیکن اس دین کے علم کی برکت سے جو روزی ملتی ہے وہ احترام و عزت و وقار کی روزی ہے کہ مسلمان جس طرح ایک عالم دین کا احترام کرتے ہیں اس طرح کا کسی کا نہیں کرتے۔

Marfat.com

## علماء نہ ہوں تو؟

سیدنا امام حسنؓ نے فرمایا کہ

**لولا العلماء لصار الناس مثل البھائم**

ترجمہ:۔

اگر علماء نہ ہوں تو لوگ جانوروں کی طرح ہو جائیں
یعنی علماء دین کی تعلیم دے کر لوگوں کو جانوریت سے انسانیت کی طرف نکالتے ہیں۔ (احیاء العلوم ج اص ۲۰)

## ماں باپ سے بڑھ کر مہربان

امام یحییٰ بن معاذؒ فرماتے ہیں کہ

**العلماء ارحم بامة محمد صلی اللہ علیہ وسلم من آباء ھم و امھاتھم۔**

ترجمہ:۔

علماء کرام حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر ان کے ماں باپ سے بڑھ کر مہربان ہیں۔

آپ سے پوچھا گیا وہ کیسے؟

آپ نے فرمایا کہ

**لان آباء ھم و امھاتھم یحفظونھم من نار الدنیا و**

Marfat.com

هم یحفظونهم من نار الاخرة

ترجمہ:۔

کیونکہ ان کے ماں باپ ان کو دنیا کی آگ سے بچاتے ہیں اور علماء کرام انہیں آخرت کی آگ (جھنم) سے بچاتے ہیں۔

اس لئے کہ علماء انہیں شریعت کی تعلیم دیتے اور ان پر عمل کراتے ہیں۔

## خلافت الھیہ

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ انسان اشرف المخلوق ہے جو انسان اشرف المخلوق کو علم دیتا ہے وہ اشرف المخلوق کے دل و دماغ کی تکمیل کر رہا ہے اور انہیں پاک بنا رہا ہے تا کہ انسان اس کے ذریعے اللہ کے قرب کے قابل ہو جائے تو علم سکھانا بالخصوص قرآن وسنت کا علم جو اللہ کی وحی ہے اور اس کا اتارا ہوا ہے انسان کو یہ علم دینا ایک طرح سے عبادت ہے اور ایک طرح سے اللہ کی خلافت و نیابت اور قائم مقامی ہے بلکہ سب سے بڑی خلافت الھیہ ہے کیونکہ اللہ تعالی نے عالم کے دل پر علم کی صفت کو کھول دیا اور علم اس کی سب سے خاص صفت ہے تو عالم اللہ کا خزانچی ہے جو اس کی سب سے بڑھ کر خاص اور نفیس نعمت کا خزانہ اسکی اشرف المخلوق پر لٹاتا ہے تو اللہ تعالی کی طرف سے عالم کو اجازت ہے اور حکم بھی ہے کہ وہ اسکی یہ نعمت ہر شخص کو عطا فرمائے جو اس کا طلب گار ہو۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۲۴)

Marfat.com

# پہلے قرآن وسنت کا علم پھر تصوف

امام غزالیؒ لکھتے ہیں کہ حضرت جنید فرماتے ہیں کہ میرے مرشد حضرت سری سقطیؒ نے مجھے دعا دی اور فرمایا کہ

**جعلك الله صاحب حديث صوفيا لا صوفيا صاحب حديث**

ترجمہ:۔

اللہ تجھے حدیث کا عالم (پھر) صوفی بنائے۔صوفی (پھر) حدیث کا عالم نہ بنائے۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جس نے پہلے حدیث اور علوم عربیہ پڑھے پھر تصوف کا علم پڑھا ''**افلح**'' وہ کامیاب ہوگیا اور جس نے حدیث اور دیگر علوم عربیہ سے پہلے تصوف پڑھا وہ بھٹک گیا۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۳۲)

حضرت شاہ عبدالحقؒ محدث دھلوی اللمعات میں امام مالک کا فرمان نقل فرماتے ہیں۔

**من تفقه ولم يتصوف فقد تفسق ومن تصوف ولم يتفقه فقد تزندق ومن جمع بينهما فقد تحقق ۔**

جس نے شریعت کا علم حاصل کیا اور تصوف نہ پڑھا تو بے شک وہ فاسق ہوگیا اور جس نے تصوف کا علم پڑھا اور شریعت کا نہ پڑھا وہ بے دین ہوگیا اور جس نے اپنے اندر دونوں علموں کو (ترتیب کے مطابق) جمع کرلیا اس نے حق ادا کردیا

Marfat.com

صاحب تحقیق ہو گیا اور حق کو پالیا۔

## فاسق

یہ جو فرمایا گیا ہے کہ جس نے فقہ (شریعت) کا علم پڑھا اور تصوف نہ پڑھا وہ فاسق ہو گیا یہاں فاسق سے مراد نافرمان ہے وہ نافرمان ہو گیا یعنی اس نے اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی کیونکہ اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ بندے کو عمل و اخلاص کے راستہ پر چلنے کا حکم دیتے ہیں اور عمل و اخلاص کا بہترین سبق تصوف سے ملتا ہے رہا یہ سوال کہ تصوف کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ

## تصوف

تصوف ,,صفا'' سے ہے اور صفا کا معنی صاف ستھرا ہونا ہے یعنی دل کو اور دماغ کو پہلے غیر شرعی خیالات سے پاک کرنا، حرص سے، ہوس سے حسد سے سب ناجائز خیالات و غلط تصورات سے مکمل طور پر پاک کرنا۔

اس کے بعد دوسرا قدم ہے اللہ اور رسول ﷺ کی محبت کو اپنے اوپر غالب کرنا اس کے بعد تیسرا قدم احسان کا ہے کہ جو عبادت کرے اس طرح کرے کہ اللہ تعالی اسے دیکھ رہا ہے اور وہ اللہ تعالی کو دیکھ رہا ہے اور کم از کم یہ تو سمجھے کہ اللہ تعالی اسے دیکھ رہا ہے جب ایک مسلمان کوئی عبادت کرے خواہ قولی عبادت ہو یا بدنی عبادت ہو اس اخلاص کے ساتھ کرے تو اس عبادت سے اسکی ترقی ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالی کے قریب ہو جاتا ہے اور قرب ہی مقصود عبادت ہے اور اس طرف مکمل طور پر

Marfat.com

مرشد ہی لگاتا ہے اس لئے قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے

**وابتغوا الیه الوسیلة**

(المائدہ)

کہ اللہ کے عرفان اور اس کے قرب کے حصول (مرشد) کا وسیلہ ڈھونڈو

اور فرمایا

**کونوا مع الصادقین**

کہ صدق وصفا والے بندوں کے ساتھ ہو جاؤ اور ان کا دامن پکڑلو اور فرمایا

**ومن یضلله فلن تجد له ولیا مرشدا**

کہ جسے اللہ تعالی بھٹکائے تو تم اس کا کوئی مرشد ہرگز نہ پاؤ گے۔

معلوم ہوا بھٹکتا وہی ہے جس کا کوئی (قرآن وسنت کا ماہر عالم وفاضل صحیح العقیدہ) ولی مرشد نہ ہو

بلکہ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ

**من لا شیخ له فالشیطان شیخه**

ترجمہ:۔

جس کا مرشد نہ ہو شیطان اس کا مرشد ہے

یعنی اس کا مرشد نہ پکڑنا یہ بھی ایک ایسی بات ہے جس سے شیطان خوش ہوتا ہے وہ نہیں چاہتا کہ کوئی قرآن وسنت کے عالم وفاضل صاحب سلسلہ کو مرشد بنائے کیونکہ جب کوئی ایسا مرشد بنائے گا تو مرشد اسے سیدھا راستہ پر چلائیگا اور یہ شیطان کے مشن کے خلاف ہے اس لئے صوفیہ فرماتے ہیں

Marfat.com

**من بايع شيخا عارفا أيس منه الشيطان**

(کہ جس نے قرآن وسنت کے عالم وفاضل اور صاحب سلسلہ ہستی کو مرشد بنالیا شیطان اس سے ناامید ہو گیا۔

یہ بھی قطعا ایک حقیقت ہے کہ مرشد ہونے کے لئے عالم ہونا ضروری ہے عالم ہی اس قابل ہوتا ہے کہ اسے مرشد بنایا جائے جبکہ وہ صاحب سلسلہ ہو صحیح العقیدہ اہل سنت ظاہر شرع کا پابند ہو ایسے عالم سے بہتر کوئی ہستی نہیں ہے۔)

## سب سے افضل

امام جمال الدین محمد بن عبد الرحمٰن متوفی ۸۰۷ھ اپنی کتاب **نشر طی التعریف فی فضل حملۃ العلم الشریف** میں فرماتے ہیں کہ

**قد شرف الله سبحانه ۔ وله الحمد العلم و العلماء و جعلهم افضل من تحت اديم السماء**

(ص ۱۳)

ترجمہ:۔

بے شک اللہ تعالی نے علم اور علماء کو عظمت و بزرگی دی اور ان کو آسمان کی چھت کے نیچے سب مخلوق میں افضل بنایا۔

Marfat.com

## واجب الاطاعت

پھر لکھتے ہیں کہ

**واوجب اللہ تعالی علی جمیع عبادہ وعلی الملوک الذین مکنھم اللہ فی بلادہ طاعۃ العلماء و الانقیاد لامرھم و جعلھم حجۃ علی خلقہ باسرھم وھم خلفاء اللہ و خلفاء رسلہ فی ارضہ**

(نشرطی التعریف ص ۱۴)

اللہ تعالیٰ نے اپنے تمام بندوں پر اور ان کے بادشاہوں اور حکمرانوں پر جنہیں اس نے اپنی زمین پر حکومت بخشی سب پر علماء کی فرمانبرداری اور ان کے حکم کی پیروی فرض کی اور ان کو اپنی ساری مخلوق پر حجت بنایا اور علماء اللہ کی زمین پر اس کے رسولوں کے نائب وقائم مقام ہیں۔

## ہر قدم پر سال کی عبادت کا ثواب اور جنت کا شہر

امام ابواللیث نے اپنی سند کے ساتھ حدیث روایت فرمائی کہ جب کوئی شخص قرآن وسنت کا علم سیکھنے کے لئے عالم دین کے دروازہ پر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر قدم پر ایک سال کی عبادت لکھ دیتا ہے اور اس کے ہر قدم کے بدلے اس کے لئے جنت میں ایک شہر بناتا ہے اور وہ زمین پر چلتا ہے تو زمین اس کے لئے بخشش کی دعا کرتی ہے اور صبح وشام اس حال میں کرتا ہے کہ وہ بخشا ہوا ہوتا ہے اور فرشتے اس کے لئے گواہی دیتے اور کہتے ہیں کہ یہ قرآن وسنت کا علم حاصل کرنے والے دوزخ

Marfat.com

سے آزاد ہیں۔ (نشرطی التعریف ص ۳۴)

## تعظیم

امام ابونعیم نے حلیۃ میں اپنی سند کے ساتھ حدیث روایت کی ہے حضور ﷺ نے فرمایا

**لیس منا من لم یجل کبیرنا و یرحم صغیرنا و یعرف لعا لمنا حقه**

(نشرطی التعریف ص ۳۴)

جو ہمارے بڑوں کی تعظیم اور ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے عالم دین کو نہ پہچانے وہ ہم میں سے نہیں ہے

## عالم کا حق

عالم کا حق کیا ہے؟ پچھلی احادیث کی روشنی میں واضح ہو چکا کہ عالم دین کا حق یہ ہے کہ بحثیت اللہ ورسول کے نائب ہونے کے اسکی اطاعت وفرمانبداری کی جائے اور اس کا فرمان مانا جائے اور اس سے محبت کی جائے اس کو سب سے مقدم سمجھا جائے سب سے افضل مانا جائے اور اسے سب پر ترجیح دی جائے کہ انبیاء کے بعد اسی کا مقام ہے۔

پھر فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

## ﴿علماء ہی اولیاء ہیں﴾

**فالعلماء هم ورثة الانبياء و هم قدوة الاتقياء بل هم صفوة الاولياء**

(نشرطی التعریف ص ۳۵)

ترجمہ:۔

پس علماء ہی پیغمبروں کے وارث ہیں علماء ہی پرہیز گاروں کے امام ہیں بلکہ علماء ہی اللہ کے چنے ہوئے اولیاء ہیں۔

امام نوویؒ اپنی کتاب ''**التبیان**'' میں لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ

**ان لم يكن العلماء اوليا ء الله فليس لله ولى**

ترجمہ:۔

اگر علماء اولیاء اللہ نہیں ہیں تو اللہ کا کوئی بھی ولی نہیں ہے۔

(نشرطی التعریف ص ۳۵)

اور امام حافظ خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت امام خلیل بن احمدؒ سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ

**ان لم يكن اهل القرآن و الحديث اولياء الله فليس لله فى الارض ولى**

(نشرطی التعریف ص ۳۵)

Marfat.com

ترجمہ:۔

اگر قرآن وحدیث کے علم والے اولیاء اللہ نہیں ہیں تو زمین پر اللہ کا کوئی ولی نہیں ہے۔

اس کے بعد امام جمال الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن عمر حبیشیؒ متوفی ۷۸۰ھ فرماتے ہیں۔

عالم دین رسول ﷺ کی امت میں اللہ کا نائب وخلیفہ ہے اور وہ اللہ کے اور اس کی مخلوق کے درمیان وسیلہ ہے وہ اللہ کی طرف سے لوگوں کو حرام وحلال اور غلط اور صحیح بتاتا ہے اور اللہ کا نمائندہ ومبلغ ہے اور رسول اللہ ﷺ کا بھی نمایندہ ہے یہ سب مرتبوں سے اونچا اور انتہائی بلند رتبہ ہے۔

(نشرطی التعریف ۳۶)

## حضرت معاویہؓ

سیدنا امیر معاویہؓ اپنی خلافت کے زمانہ میں حج کے لئے وادی بطحا میں اترے آپؓ کے ساتھ آپ کی بیوی فاختہ بنت قرظہ بھی تھیں لوگ جارہے تھے آپ کا گذر ایک عالم کے پاس سے ہوا جسے لوگوں نے گھیرا ہوا تھا اور وہ اس عالم سے اپنے اپنے ایسے دینی مسائل پوچھ رہے تھے جن میں وہ الجھے ہوئے تھے اور وہ عالم انہیں جواب دیتے تھے حضرت معاویہؓ نے اپنی بیوی سے فرمایا تیرے باپ (کے رب) کی قسم یہ ہے شرف وعظمت اور اونچا مقام ومرتبہ۔ اللہ کی قسم عالم دین ہونا دنیا وآخرت دونوں جہانوں کا سب سے بلند مرتبہ ہے۔

Marfat.com

(نشر طی التعریف ص۳۷)

امام حبشیؒ اس کے بعد لکھتے ہیں۔

بے شک حضرت معاویہؓ نے سچ فرمایا کیونکہ عالم دین دنیا میں پیغمبروں کے قائم مقام ہے بے شک عالم دین امت کا چراغ اور بالاتفاق امت کی روشنی ہے جوان کے لئے احکام بیان فرماتا ہے اور حلال وحرام بتاتا اور لوگوں کو اپنے فتوے کے ذریعے گناہوں سے نکالتا اور شریعت کے احکام ان کے لیے واضح فرماتا ہے۔

(نشرطی التعریف۳۷)

امام ابوعمرو بن صلاحؒ اپنی سند کے ساتھ امام حضرت سھل بن عبداللہ تستریؒ سے روایت کرتے ہیں حضرت سھل بن عبداللہ تستریؒ اولیاء اللہ میں سے تھے صاحب علم وکرامت تھے انہوں نے فرمایا۔

جس نے پیغمبروں کی مجالس ومحافل کو دیکھنا ہو تو وہ علماء کی مجالس ومحافل کو دیکھے۔ایک شخص آتا ہے اور عالم دین سے عرض کرتا ہے، حضرت جی! آپ اس شخص کے بارے میں کیا فتوی دیتے ہیں جس نے اپنی بیوی پر طلاق کی اس طرح قسم کھائی تو وہ فرماتے ہیں اس کی بیوی کو طلاق ہوئی (اسی طرح کے طرح طرح کے مسائل لوگ پوچھتے ہیں اور عالم دین ان کو جواب دیتا ہے) اور یہ تو پیغمبروں کا درجہ ہے لوگو! تم علماء کے درجہ کو اور ان کے حق کو پہچانو!

(نشرطی التعریف ص۳۷)

Marfat.com

## امام ابواللیث

امام ابواللیث سمرقندیؒ فرماتے ہیں۔

علماء زمین کے چراغ ہیں اور ہر عالم اپنے زمانہ کا چراغ ہے جس سے اس کے زمانہ والے روشنی حاصل کرتے ہیں عالم ایک میٹھے چشمے کی طرح ہے جس کا نفع دائمی ہے، اور عالم رحمت کی بارش کی طرح ہے کہ وہ جہاں پڑی نفع دیا عالم چراغ کی طرح ہے جو اس سے گذرا اس نے روشنی حاصل کی اور عالم ایک شفاء بخش پانی کے چشمہ کی طرح ہے جس سے دور والے فائدہ اٹھاتے اور قریب والے غفلت میں رہ کر اس کو چھوڑے رکھتے ہیں اور اسکی پرواہ نہیں کرتے پھر چشمہ کا پانی زمین کے نیچے چلا گیا جبکہ ایک قوم اس سے فائدہ اٹھا چکی اور دوسری قوم افسوس کے ہاتھ ملتی رہ گئی۔

(نشرطی التعریف ۳۸)

## علماء کی موت لوگوں کی موت ہے

امام ثعالبیؒ نے اللہ تعالی کے فرمان

**اولم یروا انا ناتی الارض ننقصھامن اطرافھا**

(سورۃ رعد آیت ۴۱)

ترجمہ:۔

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے اطراف (کناروں) سے کم کرتے آرہے ہیں کی تفسیر میں حضرت عطاءؓ کا قول روایت فرمایا اس سے روئے زمین کے علماء و فقہاء کی موت مراد ہے حضرت سعید بن جبیرؓ سے مروی ہے انہوں نے

Marfat.com

فرمایا کہ

**علامة هلاك الناس هلاك علماء هم فان بهم صلاح الدين و قمع المعتدين و معرفة رب العالمين**

(نشرطی التعریف ۳۹)

ترجمہ:۔

لوگوں کے ھلاک ہونے کی نشانی ان کے علماء کی موت ہے کیونکہ علماء کے ذریعے بھی دین کی بہتری اور (دین کے ساتھ) زیادتی کرنے والوں کی بربادی اور اللہ رب العالمین کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

## علماء کے ساتھ ہونے کا حکم

امام بخاریؒ نے اپنی صحیح بخاری کی کتاب الاعتصام میں فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جو یہ حکم دیا کہ ''**علیکم بالجماعة**'' کہ جماعت کا ساتھ نہ چھوڑنا'' اس سے مراد'' **هم العلماء**'' علماء ہیں یعنی علماء کا ساتھ نہ چھوڑنا ان کے ساتھ رہنا اور ان کے قریب رہنا جو وہ کہیں ویسے کرنا اور سنن ابی داؤد شریف میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا

**من فارق الجماعة شبرا فقد خلع ربقة الاسلام من عنقه**

ترجمہ:۔

کہ جس نے جماعت سے ایک بالشت بھی علیحدگی اختیار کی اس نے اپنے

Marfat.com

گلے سے اسلام کا طوق اتار پھینکا۔ اس جماعت سے مراد علماء ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جس نے علماء سے تھوڑی لاتعلقی بھی اختیار کی اس کا ایمان رخصت ہو گیا۔

اور ترمذی میں ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص عین جنت کے درمیان کی جگہ لینا چاہے وہ جماعت کو نہ چھوڑے اس سے مراد علماء اہلسنت :جماعت ہیں اور آپ کا یہ فرمان بھی ہے کہ" **ید اللہ مع الجماعۃ** "اللہ کا ہاتھ جماعت کے ساتھ ہے اس سے مراد علماء اہلسنت کی جماعت ہے ایک حدیث میں ہے اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے جو جماعت سے الگ وہ جھنم میں گیا اس سے مراد علماء ہیں یعنی جو علماء اہلسنت سے علیحدہ ہوا وہ جھنم میں علیحدہ ہو گیا۔

(نشرطی التعریف ص ۳۴،۳۳)

## حکم والے

اللہ تعالی نے قرآن میں فرمایا کہ

**یاایھاالذین آمنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم**

(سورۃ نساء آیت ۵۹)

ترجمہ:۔

اے ایمان والوں! کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو اللہ کے رسول ﷺ کا اور اپنے میں سے حکم والوں کا۔

سیدنا عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ یہاں حکم والوں سے علماء مراد ہیں وہ

Marfat.com

جہاں بھی ہوں کیونکہ وہ جو حکم دیں گے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق دیں گے اس لئے ان کا کہنا ماننا عوام پر فرض ہے ۔یہی حضرت جابرؓ، حضرت مجاھدؒ، حضرت عطاءؒ، حضرت حسنؓ، حضرت ضحاکؒ، حضرت مبارکؒ بن فضالہ اور حضرت اسمعیلؒ بن ابی خالد نے فرمایا ان کا ذکر امام ثعالبی نے فرمایا اور امام واحدی نے اللہ کے فرمان

## ولو ردوه الی الرسول والی اولی الامر منهم

(النساء ۸۳)

ترجمہ:۔

اگر وہ اس معاملہ کو رسول اللہ ﷺ اور ان میں سے حکم والوں کی طرف لوٹاتے (تو اچھا ہوتا)

کی تفسیر میں فرمایا کہ یہاں ''امر والوں یعنی حکم والوں'' سے مراد فقہ و حکمت کے حامل علماء کرام ہیں ۔حضرت جابرؓ، حضرت ضحاکؒ، حضرت ابن عباسؓ سے یہی مروی ہے

(نشرطی التعریف ۴۳)

## بچے

حضرت امام ربیعہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ لوگ اپنے علماء کے نزدیک ایسے ہیں جیسے بچے اپنی ماؤں کی گودوں میں ۔عوام پر فرض ہے کہ وہ وہی کریں جو علماء فرمائیں اور جس سے علماء ان کو روکیں رک جائیں۔

Marfat.com

(نشرطی التعریف ۴۴)

## علماء کی غیبت وتوھین

جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں اور حدیثوں کے حوالے بھی گذرے ہیں کہ علماء کی تعظیم فرض اور توھین حرام بلکہ کفر ہے ائمہ دین متین فرماتے ہیں کہ

**لحوم العلماء مسمومة**

(نشرطی التعریف ۴۶)

ترجمہ:۔

علماء کے گوشت زہریلے ہیں (جو انہیں کاٹے گا ہلاک ہوجائے گا، کاٹنے سے مراد انکی عزت پر حملہ کرنا اور ان کو تکلیف پہنچانا ہے)

پھر لکھتے ہیں۔

اور اللہ کی عادت ہے کہ جو شخص علماء کی تنقیص وتوھین کرتا ہے اللہ تعالی اسے ذلیل ورسوا کرتا ہے اور مرنے سے پہلے اس کے دل کو مردہ کر دیتا ہے۔

چنانچہ قرآن میں فرمایا کہ

**فليحذر الذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة او يصيبهم عذاب اليم**

(النور)

جو لوگ رسول ﷺ کے فرمان کی مخالفت کرتے ہیں وہ اس بات سے ڈریں کہ انہیں کوئی فتنہ پہنچے یا انہیں دردناک عذاب پہنچے۔

Marfat.com

پہلے بیان ہو چکا کہ علماء دین اللہ اور رسول ﷺ کے خلفاء و نائب اور قائم مقام ہیں انکی مخالفت کر کے ان کو تکلیف پہنچانا ہی رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرنا اور آپ کو تکلیف پہنچانا ہے، لہذا قرآن کی یہ تنبیہ علماء کی مخالفت کر کے انہیں تکلیف پہنچانے والوں کے لئے بھی ہے۔

(نشرطی التعریف ۳۹)

## عالم سے برکت حاصل کرو

حضور ﷺ نے فرمایا (بروایۃ حضرت رتن المعمر)

**تبرك بالعالم ان عمل و ان لم يعمل فتبرك به فللعالم حرمة العلم الشريف وان لم يعمل و يرجى له ببركة العلم صلاحه فى المستقبل ومن احب عالما لاجل العلم الذى فى قلبه ولم ينظر الى ما يتخيل من زلته و ذنبه فقد ادى مايجب من حق العالم لاجل ربه**

(نشرطی تعریف ص۴۸)

ترجمہ:۔

عالم سے برکت حاصل کرو اگر چہ وہ عمل کرتا ہو یا عمل نہ کرتا ہو تم بہر صورت اس سے برکت حاصل کرو (قرآن وسنت کے) علم شریف کی وجہ سے اس کا احترام فرض ہے اگر چہ وہ عمل نہ کرتا ہو اور اس علم کی برکت سے اس بات کی امید رکھی جائے کہ مستقبل میں سنور جائے گا اور اپنے علم پر عمل کرنے لگ جائے گا اور جس نے عالم کا

Marfat.com

اس کے علم کی وجہ سے احترام کیا جو اس کے دل میں ہے اور اس سے محبت کی اور اس کے گناہ و خطا اور بھول چوک کی طرف نہ دیکھا اسے نظر انداز کر دیا بلاشبہ اس نے عالم کے اس حق کو ادا کر دیا جس کا ادا کرنا اس کے رب کیوجہ سے اس پر فرض تھا۔

دوسری حدیث میں ہے کہ

**من احب العلم و العلماء لم تكتب عليه خطيئة ايام حياته ومن مات على محبة العلم و العلماء فهو رفيقي في الجنة**

(نشر طی التعریف ص۴۸)

ترجمہ:۔

جس نے علم اور علماء سے محبت کی اس کی زندگی بھر کی (گناہ صغیرہ جیسی) خطائیں نہیں لکھی جائیں گی اور جو (قرآن وسنت کے) علم اور علماء کی محبت پر مرا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔

سبحان اللہ! کیا ہی شان ہے علم قرآن وسنت کی اور اس علم کے رکھنے والے علماء کی۔ آیئے اپنے بچوں کو قرآن وسنت کا عالم بنایئے اور اسے اس عظیم الشان مرتبہ پر فائز ہونے کا موقع دیجئے اور اس علم پر کھل کر خرچ کیجئے بلکہ اپنی آمدنی و انکم کا زیادہ سے زیادہ قرآن وسنت کے علم حاصل کرنے والے طالب علموں اور دینی مدرسوں اور علماء پر خرچ کیجئے اس سے بڑھ کر کوئی مصرف نہیں ہے یہ افضل جہاد بھی ہے اور یہ قیامت تک رہنے والا صدقہ جاریہ بھی ہے۔

Marfat.com

## قرآن کا علم حاصل کرنا جہاد سے افضل ہے

امام حمیدی جمالی کہتے ہیں کہ میں نے امام سفیان ثوریؒ سے پوچھا کہ آپ کا کیا فرمان ہے کہ آپ کے نزدیک کونسا شخص آپ کو زیادہ پسند آتا ہے (اور اللہ کو بھی ؟) جو کافروں سے جہاد کرتا ہے یا جو قرآن کا علم حاصل کر رہا ہے اور عالم بن رہا ہے؟ فرمایا جو قرآن کا عالم بن رہا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "**خیرکم من تعلم القرآن وعلمه**"

(مشکوۃ و بخاری و ابوداؤد)

ترجمہ:۔

یعنی تم سب میں اللہ کے ہاں وہ شخص افضل اور بہتر ہے جو قرآن کا علم حاصل کرے اور دوسروں کو پڑھائے۔

## امام ابن عساکر

حضرت امام ابن عساکرؒ کے دو شعر مع ترجمہ ملاحظہ فرمایئے

**وتجنب العلماء و ان هم خلطوا**

**فالعلم يغفر زلة العلماء**

ترجمہ:۔

علماء کی شان کے خلاف بات کرنے سے بچو اگر چہ وہ ملائیں یعنی نیک و بد عمل کو ملائیں۔

(تو یقین رکھو کہ علم کی برکت سے ان کی لغزشیں اور خطائیں بخشی جائیں گی۔)

Marfat.com

**فلحومهم مسمومة و باكلها**

**يخشى هلاك الشعروالشعراء**

ترجمہ:۔

بلاشبہ علماء کے گوشت زہریلے ہیں اور ان کے کھانے سے شعراور شعراء ہلاک ہوجائیں گے۔

یعنی جو شاعر لوگ بھی اپنی شاعری میں علماء کی شان میں توھین وتنقیص کریں گے وہ تباہ ہوجائیں گے نہ خود رہیں گے اور نہ ان کے شعر رہیں گے۔

(نشرطی التعریف۴۶)

## امام سہروردی

سلسلہ عالیہ سہروردیہ کے امام اور شیخ الشیوخ اور سیدنا غوث اعظمؒ کے براہ راست فیض یافتہ امام شہاب الدین سہروردیؒ اپنی کتاب ''**عوارف المعارف**'' شریف کے شروع میں ارشاد فرماتے ہیں۔

**والعالم ان لم يعمل بعلمه ترجى له التوبة فان العلم فى الاسلام لا يضيع اهله ويرجى عود العالم ببركته**

(نشرطی التعریف ۴۷)

ترجمہ:۔

اور عالم دین اگر اپنے علم پر عمل نہ کرتا ہو اس کی توبہ کی امید ہے کیونکہ قرآن و

Marfat.com

سنت کا علم عالم کو ضائع نہیں ہونے دیتا بہرصورت عالم کے اپنے علم پر عمل کرنے کی طرف لوٹ آنے کی امید ہے۔

امام جمال الدین محمدؒ بن عبدالرحمٰن بن عمر حبیشی متوفی ۷۸۰ھ اپنی معرکۃ الآراء کتاب "**نشر طی التعریف فی فضل حملۃ العلم الشریف**" میں فرماتے ہیں۔

عالم اگرچہ اپنے علم پر عمل نہ کرتا ہو کم از کم یہ تو مسلم بات ہے کہ اس کے سینے میں ایک ایسی دولت تو ضرور ہے جس کے برابر کائنات کی کوئی دولت نہیں، اسے اس عظیم ترین لافانی دولت کو سینے میں محفوظ کر لینے اور اسے اٹھائے پھرنے کا شرف تو حاصل ہے اور جو اس قدر عظیم ترین نعمت اور عظیم دولت کو اٹھائے ہوئے ہو کوئی بعید نہیں کہ وہ اس پر عمل کرنا بھی شروع کر دے۔ اور بلا شبہ جسے کسی چیز سے محبت ہو گی وہ اس چیز کے رکھنے اور اٹھانے والے سے بھی محبت کرے گا اگرچہ اس کے اٹھانے والے کا عمل سردست اچھا نہیں مگر اسے اپنا عمل اچھا کرتے دیر نہیں لگے گی۔

## تشبیہ

اور نبی پاک ﷺ نے اپنی حدیث پاک میں جسے امام ترمذی و نسائی نے روایت کیا اس شخص کی جو قرآن و سنت کا علم سینے میں محفوظ کرلے لیکن اس پر عمل نہ کرے اس مشک کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو مشک و عنبر اور عطر گلاب سے بھری ہوئی ہے مگر اس کا منہ بند ھا ہوا ہو۔

یقیناً وہ منہ بند ہونے کے باوجود بھی جہاں پڑی ہو گی وہ جگہ اور اس کا آس

Marfat.com

پاس ضرور خوشبودار ہوجائیگا اسی طرح وہ عالم اگرچہ عمل نہ کرتا ہو مگر جہاں ہوگا اور جو اس کے پاس بیٹھے گا اس علم کی مہک سے خوشبو پائے بغیر نہیں رہے گا۔

(نشرطی التعریف ۴۷)

امام حبیشیؒ اس کے بعد لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عالم کی کیا ہی پیاری تشبیہ و مثال دی ہے، کہ اس سے عالم اور جاھل میں فرق واضح ہوگیا اور کیوں نہ فرق ہو کہ ایک وہ جس نے مشک وعنبر اور عطر گلاب کی مشک اٹھا رکھی ہے اور دوسرا وہ جس نے جہالت کی بھری ہوئی بدبودار مشک اٹھا رکھی ہے اسے نہ قرآن کی سمجھ ہے اور نہ حدیث کی خبر ہے اور نہ قرآن وحدیث کے آداب وعلوم سے واسطہ ہے، نہ علماء سے محبت وعقیدت اور نہ ان کی صحبت مبارکہ کا شرف حاصل ہے کہ اس کی برکت سے اسکی جہالت کی بدبو ختم ہو کر علماء سے عقیدت ومحبت وصحبت کے فیضان سے اسمیں خوشبو جمع ہوتی۔

## طالب علم دین کی محبت

بے شک علم دین (قرآن وسنت کے علوم کے) طالب وعالم کی محبت ایک مسلمان کے ایمان کا تقاضا ہے اور ایمان اس کے بغیر کامل ہو ہی نہیں سکتا بلکہ ان کی محبت نبی ﷺ کی محبت اور ان سے بغض نبی ﷺ سے بغض ہے چنانچہ امام موسی بن احمد وصابیؒ نے اپنی کتاب ''الحجة'' میں اپنی سند کے ساتھ پانچ حدیثیں روایت فرمائی ہیں۔

Marfat.com

## پہلی حدیث

ترجمہ:۔

جس نے علم اور علماء سے محبت کی اس کی عمر سے اس کے (صغیرہ) گناہ نہیں لکھے جائیں گے اور جو علم دین کی اور علماء کی محبت پر مرا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔

## صغیرہ و کبیرہ

صغیرہ گناہ چھوٹے گناہوں کو کہتے ہیں جن میں سے کسی کی حق تلفی نہ ہو اور نہ ہی شریعت نے اسکی دنیا یا آخرت میں نہ کوئی سزا بیان فرمائی ہے اور اگر اس سے کسی کی حق تلفی ہو یا دنیا یا آخرت میں اسکی سزا بتائی گئی ہو وہ گناہ کبیرہ ہے۔

(کتب فقہ و عقائد)

## دوسری حدیث

دوسری حدیث میں ہے کہ

**من احب طالب العلم فقد احب الانبیاء ومن احب الانبیاء کان معھم و من ابغض طالب العلم فقد ابغض الانبیاء ومن ابغض الانبیاء فجزاء ہ جھنم ۔**

ترجمہ:۔

جس نے (قرآن وسنت کا) علم حاصل کرنے والے سے محبت کی (اور اسپر خرچ کیا) تو بے شک اس نے انبیاء علیھم السلام سے محبت کی (اور ان پر اور ان کے

Marfat.com

مشن پر خرچ کیا) وہ قیامت کے دن ان کے ساتھ ہوگا اور جس نے طالب علم سے بغض رکھا تو اس نے انبیاء سے بغض رکھا اور جس نے انبیاء سے بغض رکھا اس کی سزا جہنم ہے۔

## محبت کے تقاضے

محبت کے تقاضے اور محبت کی علامتیں ہیں وہ یہ کہ جس سے محبت ہوگی اس کی ضروریات کا بھی خیال رکھے گا اور اس کی ضروریات پر خرچ بھی کرے گا تو طالب علم (اور علماء کہ وہ بھی حقیقت میں علم کے طلب گار ہی ہیں ان کی) محبت کا تقاضا ہے کہ ان پر خرچ کریں خواہ طالب علم ہو یا علم پڑھانے والا ہو ان پر خرچ کرنا ان کی ضروریات کا انتظام کرنا ان کو دوسروں کے مقابلہ پر ترجیح دینا جیسے رسول اللہ ﷺ ترجیح دیا کرتے تھے، اسی سنت پر چلنا اور اسی مشن کو آگے بڑھانا تاکہ قرآن و سنت کے نور کے پھیلنے سے جہالت کے اندھیرے دور ہوں سب سے بڑی نیکی اور سب سے بڑا جہاد ہے۔

## تیسری حدیث

تیسری حدیث میں ہے کہ

**من حقر عالما فهو منافق ملعون فی الدنیا و الآخرة۔**

ترجمہ:۔

جس نے عالم دین کی توھین اور بے عزتی کی اس پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے (وہ

Marfat.com

اللہ کی رحمت سے دور ہے)

## چوتھی حدیث

چوتھی حدیث میں ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے عالم کی شان کے بارے میں پوچھا آپ ﷺ نے فرمایا

**ھو سراج امتی فی الدنیا والاٰخرۃ طوبی لمن عرفھم و احبھم و ویل لمن انکر معرفتھم و ابغضھم ومن احبھم شھدنا لہ انہ فی الجنۃ ومن ابغضھم ابغضناہ و شھدنا انہ فی النار۔**

ترجمہ:۔

میری امت کا عالم دنیا اور آخرت میں میری امت کا چراغ ہے ان لوگوں کے لئے خوشخبری ہے جنہوں نے انہیں جانا اور ان سے محبت کی اور ان کے لئے بربادی ہے جنہوں نے انہیں نہ جانا اور ان سے بغض رکھا اور جس نے ان سے محبت کی ہم نے اس کے لئے گواہی دی کہ وہ جنت میں ہے اور جس نے ان سے بغض رکھا ہم نے گواہی دی کہ وہ دوزخ میں ہے۔

## پانچویں حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**اکتبوا العلم فان للہ سبحانہ و تعالی ملائکۃ فی**

Marfat.com

السماء السابعة يستغفرون للفقهاء والمتعلمين و يعطيهم الله تعالى بكل حرف ثواب نبی من الانبیاء و یکتب لهم کل یوم الف حسنة ۔

ترجمہ:۔

علم کولکھو بے شک اللہ تعالی کے فرشتے جو ساتویں آسمان میں ہیں وہ قرآن و سنت کے احکام کے علم رکھنے والے علماء کے لئے اور اس علم کو سیکھنے والے طالب علموں کے لئے اللہ تعالی سے بخشش کی دعا کرتے ہیں اور اللہ تعالی ان کو ہر حرف جسے وہ پڑھاتے ہیں کے بدلے اللہ کے پیغمبروں میں سے ایک پیغمبر کا ثواب دیتا ہے اور ان کے لئے روزانہ ایک ہزار نیکی لکھی جاتی ہے۔

## بلا حساب شفاعت

امام عمرؒ بن عبد المجید میانشی اپنی کتاب ''الایضاح'' میں اپنی سند کے ساتھ دو حدیثیں روایت فرمائی ہیں

## پہلی حدیث

پہلی یہ ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ.

یوزن حبر العلماء ودم الشهداء فیرجح ثواب حبر العلماء على ثواب دم الشهداء ویقال للعالم اشفع فی تلامذ تك ولو بلغ عددهم عدد نجوم السماء و من تقلد

Marfat.com

مسئلة واحدة قلده الله يوم القيامة الف قلادة من نور و غفر له الف ذنب و بنی له مدينة من ذهب۔

(نشرطی التعریف ۴۹)

ترجمہ:۔

قیامت کے دن علماء کے قلم کی سیاہی اور شہیدوں کے خون کو تولا جائے گا تو علماء کی سیاہی کا ثواب شہیدوں کے خون کے ثواب سے بھاری ہو جائے گا اور عالم دین سے کہا جائے گا کہ تم ان لوگوں کے بارے میں شفاعت کرواور ان کو بخشواؤ جنہوں نے تم سے شریعت کے احکام (قرآن وسنت) کا علم سیکھا اگرچہ ان کی تعداد آسمان کے ستاروں کے برابر ہو۔

اور جس نے عالم دین سے شریعت کا ایک مسئلہ گلے میں ڈالا یعنی سیکھا اور یاد رکھا قیامت کے دن اللہ اس کے گلے میں نور کے ایک ہزار ہار ڈالے گا اور اس کے ایک ہزار گناہ بخشے گا اور اس کے لئے جنت میں سونے کا ایک شہر بنائے گا۔

(اس حدیث کے شروع کے حصہ دیگر محدثین نے بھی روایت کیے ہیں)

غور فرمائیے یہ تو ایک مسئلہ سیکھنے کی جزاء ہے اور جس نے قرآن وسنت کے احکام پر عبور حاصل کرلیا اس کی جزاء کیا ہوگی۔

(نشرطی التعریف ۴۹)''

## دوسری حدیث

اسے بھی امام عمر بن عبدالمجید میانشی نے اپنی کتاب ''الایضاح'' میں اپنی

Marfat.com

سند کے ساتھ روایت کیا حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**افضل العبادۃ طلب العلم**

(نشرطی شریف ۴۹)

ترجمہ:۔

سب سے افضل عبادت علم حاصل کرنا ہے۔

جب علم دین حاصل کرنا سب سے افضل عبادت ہے تو اس پر مال خرچ کرنے کا ثواب بھی سب سے بڑھ کر ہے لہذا دینی مدرسوں پر مال خرچ کرنا جہاں طلباء دین کا اور قرآن وسنت علم کا حاصل کرتے ہیں سب سے افضل و اعلیٰ ثواب حاصل کرنا ہے اس کے برابر کوئی نیک کام نہیں جس پر خرچ کرنے سے اس قدر ثواب ملے کیونکہ حضور ﷺ نے اسی کو ہی سب سے افضل عبادت قرار دیا ہے۔

## علم حاصل کرنے میں جلدی کرو

امام خطیب بغدادی نے اپنی کتاب میں سند کے ساتھ روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**سارعوا فی طلب العلم فلحدیث عن صادق خیر من الارض وما علیها من ذهب و فضة**

(نشرطی التعریف ۵۰)

ترجمہ:۔

قرآن وسنت کے علم حاصل کرنے میں جلدی کرو (سستی وغفلت نہ کرو)

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث (کا علم حاصل کرنا اسے یاد کر لینا) زمین اور زمین پر موجود تمام سونے اور چاندی سے بہتر ہے۔

## ستر سال کی عبادت سے بہتر

امام ثعالبیؒ سورۃ آل عمران کی شروع کی تفسیر میں اور امام حسین طبری اپنی کتاب ''**الدرر**'' میں اور امام ابن الجوزی اپنی کتاب ''**المنتخب**'' میں روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**ساعة من عالم يتكئى على فراشه وينظر فى علمه خير من عبادة العابد سبعين سنة ۔**

(نشرطی التعریف ۵۰)

ترجمہ:۔

عالم دین جو ایک گھنٹہ تکیہ لگا کر فرش پر بیٹھتا اور اپنے (قرآن وسنت و شریعت کے) علم میں نظر ڈالتا ہے اس کا یہ عمل عبادت گذار کی ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

ایک شخص نے حضرت ابوھریرہؓ سے عرض کی کہ میں علم حاصل کرنا چاہتا ہوں اور مجھے یہ خوف ہے کہ میں اس پر عمل نہ کرسکوں گا جس سے وہ ضائع ہو جائے گا آپ نے فرمایا تمہارا اس خوف سے اس کو حاصل نہ کرنا بھی اسے ضائع کرنے کو کافی ہے۔

آپ کا مقصد یہ تھا کہ سب سے بڑا نقصان علم حاصل نہ کرنا ہے علم حاصل کرنے کے بعد اس پر عمل نہ کرنا کوئی بڑا نقصان نہیں کیونکہ عمل کرنے میں کوئی دیر نہیں

Marfat.com

لگتی جب عمل کرنا شروع کر دیں گے تو علم ضائع ہونے سے بچ جائے گا اور علم کی برکت یہ ہے کہ علم بالآخر علم والے کو عمل کی طرف لے آتا ہے جیسا کہ پہلے گذرا۔

ایک شخص نے حضرت ابوذرؓ سے عرض کی میں علم حاصل کرنا چاہتا ہوں مگر مجھے خوف ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں اس پر عمل نہ کروں اور وہ ضائع ہو جائے آپ نے فرمایا کہ تمہارا علم کو تکیہ بنا کر سونا تمہارے جہالت کو تکیہ بنا کر سونے سے بہر حال بہتر ہے۔

(نشرطی التعریف ۵۱)

## علم پر خرچ کرنے کا ثواب

حضرت امام جمال الدینؒ محمد بن عبدالرحمٰن بن عمر حبیشی متوفی ۷۸۰ھ فرماتے ہیں کہ ائمہ دین وعلماء وفقہاء شرع متین کی طرف سے یہ بات وثوق سے کہی جاتی ہے کہ

**نفقة درهم في طلب العلم خير من عشرة آلاف درهم ينفقها في سبيل الله**

(نشرطی التعریف ۵۱)

ترجمہ:۔

علم دین کے حاصل کرنے اور اسے فروغ دینے پر ایک درھم خرچ کرنا فی سبیل اللہ (دوسرے نیکی کے تمام کاموں میں) دس ہزار درھم خرچ کرنے سے بہتر ہے۔

Marfat.com

## مامون

مامون نے اپنے چچا ابراھیم بن مہدی سے کہا کہ آپ کو علم دین حاصل کرتے ہوئے موت آئے وہ قرآن وسنت سے جاہل رہتے ہوئے زندہ رہنے سے بہتر ہے، چچا نے پوچھا کہ مجھے کب تک علم حاصل کرتے رہنا چاہئے؟ انہوں نے جواب دیا کہ جب تک صحت وسلامتی کے ساتھ زندہ رہو۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ عالم ہونے کے باوجود بھی علم میں اضافہ کرتے رہنا چاہئے جس کا طریقہ کتابوں کا مطالعہ جاری رکھنا ہے۔

## امام غزالی

مثلا امام غزالیؒ کا جب وصال ہوا اس وقت وہ صحیح بخاری کا مطالعہ کر رہے تھے اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور فرما رہے تھے کاش کہ میں نے منطق و فلسفہ کی کتابوں کی تعلیم و تدریس اور ان میں بہت زیادہ تجربہ حاصل کرنے میں جو وقت خرچ کیا وہ قرآن وسنت میں ہی خرچ کرتا کہ جو سکون قرآن وسنت کے مطالعہ میں حاصل ہوتا ہے وہ اور کہیں سے حاصل نہیں ہوتا یہ فرما کر کلمہ پڑھتے ہوئے جاں بحق ہو گئے (رضی اللہ عنہ و بہ عنا)

## امام شعبی

امام شعبیؒ فرماتے ہیں کہ اگر ایک شخص نے مشرق کے آخری کونے سے مغرب کے آخری کونے تک سفر کیا اور وہاں جا کر قرآن وسنت کے علوم میں سے

Marfat.com

صرف ایک ہی مسئلہ سیکھا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس نے عمر ضائع نہ کی۔

حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک قرآن و سنت کا ایک مسئلہ سیکھ لینا ساری رات کی عبادت سے بہتر ہے، امام یحیٰ بن کثیرؒ ما ہیں کہ فقہ کی کتاب کا مطالعہ کرنا نفلی نماز سے بہتر اور قرآن رس ینا بھی نفلی نماز سے بہتر

## الله کے محبوب ترین

امام ابن جریجؒ فرماتے ہیں کہ وہ لوگ اللہ کے سب سے محبوب ہیں جو قرآن و سنت کا علم حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلتے ہیں۔

(نشرطی التعریف ۵۲)

حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ "علم حاصل کرو اور علم پڑھو اور علم پر عمل کرو بے شک عالم اور طالب علم کا اجر و ثواب برابر ہے" عرض کی گئی کہ ان کے لئے کیا اجر ہے؟ فرمایا کہ

**مائة مغفرة و مائة درجة فی الجنة**

(نشرطی التعریف ۵۲)

ترجمہ:۔

ایک سو بخشش اور جنت میں ایک سو درجے۔

Marfat.com

# ہر مسلمان پر فرض

حضورا کرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت انسؓ روایت فرماتے ہیں آپ نے فرمایا

**التفقه فی الدین حق علی کل مسلم الا فتعلموا و علموا ولا تموتوا جهالا۔**

(نشرطی التعریف ۵۲)

شریعت کا علم سیکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ سنو! پس تم علم حاصل کرو اور دوسروں کو پڑھاؤ اور جاہل نہ مرو۔

اس میں علم دین کے حاصل کرنے کو فرض قرار دیا گیا ہے اور فرض کا ثواب سب سے زیادہ ہوتا ہے لہذا اس پر خرچ کرنے اور اس کو فروغ دینے کا ثواب بھی سب سے زیادہ ہے۔

امام ثعالبیؒ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

**مامن مؤمن ذکر اوانثی ولا مملوك الا و لله علیه حق واجب ان یتعلم من القرآن و یتفقه ثم تلا هذه الأیة ولکن کونوا ربانیین بما کنتم تعلمون الکتاب و بما کنتم تدرسون**

(آل عمران ۷۹ بحوالہ نشرطی التعریف ۵۲)

Marfat.com

ترجمہ:۔

ہر مومن مرد و عورت اور غلام پر اللہ کے لئے قرآن پڑھنا (اور اسے سمجھنا) اور شریعت کے احکام سیکھنا فرض ہے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی (ترجمہ) تم قرآن وسنت کے عالم وفاضل اور اللہ والے ہو جاؤ اس لئے کہ تمہاری شان یہ ہے کہ تم اللہ کی کتاب کی تعلیم اور اس کا درس دینے میں مشغول رہو اور اس کو اپنا نصب العین اور مشن بنالو۔

## علماء کے ساتھ رہو

قرآن کریم میں ہے کہ

**واصبر نفسك مع الذين يدعون ربهم بالغداة و العشى**

(سورۃ الکہف ۲۸)

ترجمہ:۔

اپنے آپ کو ان کے ساتھ پابند رکھو جو صبح وشام اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں۔

امام یحیی بن کثیرؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو قرآن وحدیث کے احکام سیکھتے اور سکھاتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو صبح وشام علماء کے ساتھ پابند رکھو ان کی مجالس جو قرآن وسنت کی تبلیغ کے لئے ہوں ان میں جاؤ ان سے دور نہ رہو کیونکہ جو علماء سے دور ہوگا وہ شیطان کے بہکاوے میں آسکتا ہے جس سے

Marfat.com

اس کے ایمان یا عمل یا دونوں میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔

شارح مسلم امام نوویؒ نے کتاب ''الاذکار''میں لکھا ہے کہ حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں کہ مجلس ذکر یا محفل ذکر وہی ہے جس میں قرآن وسنت کے احکام بیان ہوں کہ کیا چیز حلال اور کیا حرام ہے، خرید وفروخت کیسے کریں گے نماز کیسے پڑھیں گے اور روزہ کیسے رکھیں گے، نکاح اور طلاق کے احکام کیا ہیں حج اور عمرہ کے فرائض وواجبات کیا ہیں؟ وغیرہ

## عالم کو دیکھنا

امام ابو نعیم نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عطاءؒ سے روایت کیا انہوں نے فرمایا کہ

**النظر الی العالم عبادة**

ترجمہ:۔

عالم دین کو دیکھنا عبادت ہے۔

امام ابو اللیث نے ''**تنبیه الغافلین**''میں حضرت عمرؓ سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ

**ان الله لم يخلق على وجه الارض اكرم من مجلس العلماء**

(نشرطی التعریف ۵۴)

ترجمہ:۔

اللہ تعالی نے روئے زمین پر علماء کی مجلس سے زیادہ عظمت وعزت والی کوئی

Marfat.com

مجلس نہیں پیدا کی۔

## ایک عجیب پیشگوئی

امام حافظ ابو نعیمؒ نے اپنی سند کے ساتھ اپنی کتاب ''ریاضۃ المتعلمین ''میں حدیث روایت کی رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے ارشاد فرمایا کہ

**اصبحتم فی زمان کثیر فقهاء ہ قلیل خطباء ہ قلیل سوا له کثیر معطوه العمل فيه خير من العلم و سياتی زمان قليل فقهاء ہ كثير خطباء ہ كثير سوا له قليل معطوه العلم فيه خير من العمل**

(نشرطی التعریف ۵۵)

ترجمہ:۔

تم ایسے زمانہ میں ہو جس کے علماء فقہاء بہت ہیں اس کے خطباء (تقریر کرنے والے) یعنی مقررین تھوڑے ہیں اور مانگنے والے تھوڑے اور دینے والے بہت ہیں اور اس زمانہ میں عمل علم سے بہتر ہے (کیونکہ سر چشمہ علم حضور ﷺ تو موجود ہیں) اور عنقریب ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں علماء وفقہاء بھی کم ہوں گے اور بے عمل مقررین (تقریر کرنیوالے) زیادہ ہوں گے مانگنے والے زیادہ اور دینے والے تھوڑے ہوں گے اس زمانہ میں علم عمل سے بہتر ہوگا۔

Marfat.com

# علماء و مقررین

حضور ﷺ کی پیشگوئی صحیح ثابت ہو رہی ہے آج بالکل وہی زمانہ ہے کہ پوری دنیا کے امراء اور حکمران طبقوں نے دولت سمیٹ سمیٹ کر بینکوں میں جمع کر رکھی ہے جس کے نتیجے میں غربت پھیل گئی اور مانگنے والے زیادہ ہو گئے پہلے زمانہ میں لوگ دولت جمع نہیں کرتے تھے ان کے ایمان مضبوط تھے اللہ پر توکل اور بھروسہ کرتے تھے اپنی ضرورت کے لئے رکھ کر باقی دولت راہ خدا میں خرچ کر دیتے اور ہر حاجت و ضرورت والے کو گھر بیٹھے اسکی ضرورت و حاجت کی چیز مل جاتی لہذا اسے کہیں جا کر مانگنے کی تکلیف نہیں اٹھانا پڑتی تھی بلکہ آج دولتمندوں اور امیروں نے اپنی دولت سے بنک بھر دیے روپیہ بنکوں میں منجمد و مرتکز ہو گیا اس میں حرکت نہ رہی اس لئے مہنگائی بڑھی اور غربت پھیلی لوگ مانگنے اور سوال کرنے پر مجبور ہو گے اور اسی طرح علماء و فقہاء کم ہیں اور مقررین شعلہ بیان تقریریں کرنے والے زیادہ ہیں۔

عالم وہ ہوتا ہے جسے عربی زبان پر اس قدر عبور ہو کہ وہ عربی کے حرفوں زبر پیش وزیر لکھے بغیر عربی عبارت صحیح صحیح پڑھ سکے، لکھ سکے اور بول سکے اگر دیکھا جائے تو ایسے علماء کم ہیں اور جو عربی نہ بول سکیں نہ پڑھ سکیں اور نہ لکھ سکیں وہ مقررین کثرت کے ساتھ ہیں۔ علم کا سرچشمہ حضور ﷺ نے چونکہ پردہ فرمالیا اس لئے علم کی بہت ہی ضرورت واقع ہو گئی لہذا آج علم عمل سے بہتر ہے۔

حضور ﷺ کے پردہ فرمانے کے بعد آپ ﷺ کے عطا کردہ علوم قرآن و سنت کی روشنی میں بہت سے علوم نے زمانوں کے تقاضوں کے مطابق الگ الگ

Marfat.com

مستقل علوم وفنون کی شکل اختیار کرلی ہے اور وہ الگ الگ مستقل علوم ہو گئے جن کا حاصل کرنا قرآن وسنت کی روشنی میں اسلام کے احکام اوران کی تحقیق وتبلیغ کے لئے ضروری ہو گیا ہے فرائض وواجبات کے بعدان علوم کا سیکھنا بہت ضروری ہے حتی کہ نفلی عبادات سے بھی بدرجہ ہاافضل ہے اس لئے فرمایا گیا کہ اس زمانہ میں علم عمل سے بہتر ہے۔

تنبیہ الغافلین میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے مروی ہے آپ نے فرمایا تم ایک ایسے زمانہ میں ہو جسمیں عمل، علم سے بہتر ہے (کہ علم کا سرچشمہ موجود ہے) اور عنقریب ایسازمانہ آئیگا جسمیں علم عمل سے بہتر ہوگا۔

اور امام خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت امام ابن ابی شیبہ (استاذ امام بخاری) نے حدیث پڑھنے پڑھانے والے علماء وطلباء میں سے کسی کے بارے میں سنا کہ وہ غیر شرعی عمل کا مرتکب ہوتا ہے۔

آپ نے فرمایا

**اما ان فاسقهم خير من عابد غيرهم**

ترجمہ:۔

سنو! ان کا گنہگار (ہونا) دوسرے (جاہل) عبادت گذار سے بہتر ہے۔

امام خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عمرؓ بن حفص بن غیاث سے روایت کی ہے ان سے کسی نے حدیث پڑھنے پڑھانے والوں میں سے کسی کی شکایت کی کہ اس نے غیر شرعی کام کیا ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ

**هم على ماهم خيار القبائل**

Marfat.com

ترجمہ:۔

اس کے باوجود وہ سب لوگوں سے بہتر ہیں

## حدیث کا مطلب

مطلب یہ ہے کہ گناہوں سے معصوم اور پاک تو اللہ تعالی کے رسول اور اسکے نبی ہیں باقی کوئی کتنا ہی اونچے درجہ والا ہو اس سے سہواً خطا اور غلطی ہو سکتی ہے گناہ سرزد ہو سکتا ہے لیکن علم والوں سے اگر خطا و گناہ سرزد ہو تو وہ بے علموں کی طرح اس پر ڈٹے نہیں رہتے بلکہ جلدی یا کچھ عرصہ بعد بالآخر وہ تائب ہو کر سیدھے راستہ پر چل پڑتے ہیں۔ علم ان کو بہر حال سیدھے راستہ پر لے آتا ہے۔

## عالم کا احترام ہر حال میں فرض ہے

عالم کا احترام ہر حال میں فرض ہے چنانچہ امام جمال الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن عمر الحبیشیؒ متوفی ۷۸۰ھ فرماتے ہیں

**فعرف بهذا ان حرمة العلم لا تسقط بالزلل و لا يباح عوض العالم بترك العمل فبركة العلم ترده الى الصواب و يرجى لحامله التوفيق للمتاب لطفا من الله الرحيم الوهاب۔**

(نشرطی التعریف ۵۴)

ترجمہ:۔

Marfat.com

یعنی گذشتہ دلائل سے معلوم ہوا کہ بھول چوک اور خطاؤں سے علم کا احترام ختم نہیں ہوتا اور نہ ہی عملی کمزوری سے عالم کی بے عزتی جائز ہے علم کی برکت ہر صورت اسے ٹھیک راستے پر لوٹا دے گی اور بالآخر اللہ اپنے لطف و کرم سے ضرور اسے توبہ کی توفیق دے گا۔

امام ابواللیث سمرقندیؒ نے اپنی کتاب ''**تنبیہ الغافلین**''میں اپنی سند کے ساتھ حضرت انسؓ سے روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**من طلب العلم لغیر اللہ لم یخرج من الدنیا حتی یأبٰی علیہ العلم فیکون للہ و ان بابا من العلم یتعلمہ الرجل خیر لہ من ان لوکان لہ ابو قبیس ذھبا فانفقہ فی سبیل اللہ**

(نشرطی التعریف ۵٦)

ترجمہ:۔

جس نے غیر اللہ (دنیا کے حصول) کے لئے یہ علم حاصل کیا وہ دنیا سے باہر نہیں نکلے گا یہاں تک کہ اس کا علم دنیا کی بجائے اللہ کے لئے ہو جائے گا اور بلا شبہ انسان کا قرآن و سنت کے احکام کا ایک باب علم پڑھنا مکہ کے سب سے اونچے ابوقبیس نامی پہاڑ کے برابر سونا اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے زیادہ ثواب ہے۔

## امام ابن شنبوذ کا عجیب واقعہ

امام ابن شنبوذؒ جو بہت بڑے قاری و عالم و فاضل تھے ان سے ایک غلطی

Marfat.com

ہوگئی کہ انہوں نے قراءات شاذہ غیر مشہورہ کے کچھ حروف قرآن کے اندر شامل کردیے جبکہ اس پر اجماع ہے کہ قرآن میں قراءات شاذہ غیر مشہورہ میں سے کوئی چیز بھی قرآن میں شامل نہیں کی جائیگی کیونکہ قرآن میں جو قراءتیں ہیں وہ سات متواتر قراءتیں ہیں مگر امام شنبوذؒ سے غلطی ہوئی کہ انہوں نے قراءت شاذہ غیر مشہورہ جن پر باجماع قرآن کا اطلاق نہیں ہوسکتا، کے کچھ حروف قرآن میں شامل کردیے اور قراءت کرتے اور پڑھاتے وقت ان حروف کو آیتوں میں شامل کرلیتے اور ملادیتے اس زمانہ کے علماء وقراء حضرات نے ان کی سخت مخالفت کی تو ابن مقلہ نامی وزیر نے انہیں گرفتار کراکر جیل بھیجدیا اور ان پر سختی کی اور مارپیٹ کا حکم دیا یہاں تک کہ امام ابن شنبوذ نے اپنی غلطی کا علانیہ اقرار کرکے توبہ کی اور سب حاضرین کو اپنی توبہ پر گواہ بنایا یہ واقعہ سنہ ۳۲۳ھ کا ہے۔

جب وزیر ابن مقلہ کے حکم سے انہیں مارا پیٹا جارہا تھا تو انہوں نے ابن مقلہ کو بددعا دی کہ "یا اللہ اس ابن مقلہ نامی وزیر کے ہاتھ کاٹ دے اور اس کے کام کو بگاڑ دے تو اللہ نے ان کی بددعا قبول فرمائی تو بادشاہ نے ابن مقلہ کو سنہ ۳۲۴ھ وزارت سے علیحدہ کردیا اور ایک الزام پر اسکی مارپٹائی بھی کی اور اس کی زبان اور ہاتھ بھی کاٹے گئے حالانکہ ابن مقلہ کی نیت ابن شنبوذ کو صحیح راستے پر لانے کی تھی کیونکہ انہوں نے جو قراءات شاذہ کے بعض حروف کو قرآن میں داخل کرنے کی جسارت کی تھی ہر دیندار کو اس کا دکھ پہنچا کہ اجماع امت کے خلاف ایک غلط کام تھا۔

لیکن چونکہ وہ بہت بڑے قاری وحافظ اور عالم دین تھے قرآن وسنت کا علم رکھتے تھے ان کی غلطی کے باوجود ان کا علمی ودینی احترام ختم نہیں ہوگیا تھا کہ عالم دین

Marfat.com

ہر صورت واجب الاحترام ہے انہیں سیدھے راستے پر لانے کے لئے دلائل اور علم کے طریقے اور شفقت و نرمی سے انہیں سمجھا کر سیدھے راستہ پر لانا ہی ان کی شان کے لائق تھا جیسا کہ حدیث میں ہے کہ ''**نزلوا الناس علی قدر منازلهم**'' کہ لوگوں کے ساتھ ان کی شان کے لائق سلوک کرو۔ ابن مقلہ نے جوان کے ساتھ توھین آمیز سلوک کیا وہ درست نہ تھا۔

اس لئے ایک عالم دین کے ساتھ اس طرح کے تشدد اور ان کی توھین سے اللہ تعالی ابن مقلہ پر جو ناراض ہوا اور امام ابن شنبوذ کی بد دعا پر ابن مقلہ کو دنیا میں ہی سخت سزا دے کر لوگوں پر واضح کر دیا کہ وہ اپنے قرآن اور اپنے محبوب ﷺ کی سنت کے علم رکھنے والوں (علماء دین) کی شان و عظمت اور ان کی تعظیم و تکریم کا محافظ ہے امام ابن ابی شامہ نے اپنی کتاب '' **المرشد** '' میں اس واقعہ کا ذکر فرمایا اور امام ابن عبدالسلام نے ''**قواعد الاحکام** '' میں ذکر فرمایا کہ امام ابن شامہ نے فرمایا کہ اگر علماء دین کی چھوٹی موٹی غلطیاں حکمرانوں کے پاس لائی جائیں تو حکمرانوں کے لئے یہ ہدایت ہے کہ ''**لم یجز تعزیرهم علیها بل تقال عثرتهم و تغفر زلتهم** '' وہ علماء دین کو انکی چھوٹی موٹی خطاؤں پر کوئی سزا نہ دیں بلکہ ان کی خطائیں معاف کر دی جائیں۔

(نشرطی التعریف ۵۷۔۵۸)

## علم کی باتیں کرنا جہاد ہے

Marfat.com

امام ابوالليث سمرقندی نے تنبیہ الغافلین میں اور زہرۃ العیون کے مصنف نے "زھرۃ العیون" اور دیگر محدثین نے اپنی تصانیف میں حضرت معاذ بن جبلؓ سے اور امام ثعالبی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت انسؓ سے روایت کیا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

علم حاصل کرو بے شک علم حاصل کرنا بڑی نیکی ہے اسکی طلب وشوق بھی عبادت ہے اس کا سنانا سننا تسبیح ہے اور علم کی باتیں کرنا جہاد ہے اور ان پڑھ کو پڑھانا سخاوت اور اس کے لائق لوگوں کو علم سکھانا خدا کی نزدیکی ہے سنو، علم قرآن وسنت جنت والوں کے ٹھکانوں کا راستہ ہے یہ قرآن وسنت کا علم تنہائی میں انس دینے والا اور سفر میں اچھا دوست اور اکیلے میں باتیں کرنے والا اور خوشیاں دکھانے والا اور تنگیوں سے نکالنے والا اور دوستوں کے ہاں زینت اور دشمنوں کے مقابلہ میں ہتھیار ہے اللہ تعالی اس کے ذریعے قوموں کو ترقی دیتا ہے تو انہیں دین ودنیا میں پیشوا بناتا ہے جنکے نقش قدم پر چلا جاتا ہے اور ان کے کردار کی پیروی کی جاتی ہے اور ان کی رائے کو آخری بات سمجھا جاتا ہے فرشتے علماء سے دوستی کرتے اور ان کے جسم سے پروں کو لگا کر برکت حاصل کرتے ہیں۔

اور علماء دین پر ہر خشک وتر چیز اور دریا کی مچھلیاں اور زمین کے جانور کیڑے مکوڑے چیونٹیاں اور جنگلی اور دریائی جانور اور چوپائے سب درود بھیجتے اور ان کے لئے بخشش کی دعائیں کرتے ہیں کیونکہ علم سے انسان جہالت کی موت سے نکل کر حقیقی زندگی پاتا ہے، اور علم کے ذریعے اندھے پن سے نکل کر آنکھوں کا حقیقی اور ابدی نور

Marfat.com

پاتا ہے اور علم کے ذریعے بدن کو بشری کمزوری سے نجات حاصل ہو کر ابدی قوت اور روحانی طاقت نصیب ہوتی ہے اور علم انسان کو دنیا و آخرت میں اخیار و ابرار کے مقامات اور بلند درجات پر پہنچاتا ہے۔

قرآن و سنت میں غور و فکر کرنا روزوں کی عبادت اور اس کے احکام میں مذاکرہ و گفتگو کرنا رات بھر کھڑے ہو کر نوافل پڑھنے کے ثواب کے برابر ثواب ہے اسی علم سے رشتوں کے حقوق کی پہچان ہوتی اور ادائیگی کی جاتی ہے اور اسی علم سے حلال و حرام کا پتہ چلتا ہے اور علم امام اور عمل اس کا پیرو کار ہے علم دین کے سیکھنے کا جذبہ اللہ ان کو ہی عطاء کرتا ہے جو نیک بخت اور خوش قسمت ہوتے ہیں اور بدقسمت اس سے محروم رہتے ہیں۔

(نشرطی التعریف ۵۳)

یہ علم حاصل کرنے والے چونکہ سعادتمند اور خوش قسمت ہوتے ہیں ان کے درجے دوسروں سے بہت اونچے اور بلند ہوتے ہیں، اس لئے اللہ کے ہاں یہ انتہائی محترم ہوتے ہیں جیسا کہ گذرا ہے کہ نبیوں کے بعد علماء کا ہی مقام و رتبہ ہے۔

## احترام علماء

جیسا کہ گذرا ہے کہ علماء کا ہر صورت احترام فرض ہے اس لئے ان کے صغائر (چھوٹی موٹی خطاؤں) سے درگذر کرنا ضروری اور انکی توہین و تنقیص حرام ہے، وہی اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان کے صغائر سے درگذر کیا جائے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ

Marfat.com

## اقیلوا ذوی الھیئات عثراتھم

ترجمہ:۔

شریفوں کی خطاؤں کو معاف کردو۔ بلاشبہ قرآن وسنت کے علم والوں سے بڑھ کر کوئی شریف نہیں ہوسکتا۔

## فاھل العلم اشرف ذوی الھیئات اذھم الاولیاء بقول الثقات

(نشر طی التعریف ۵۸)

ترجمہ:۔

لہذا علماء سب سے بڑھ کر شریف لوگ ہیں کیونکہ بقول علماء محققین و محدثین علماء دین اللہ کے اولیاء ہیں۔

مذکورہ تمام حوالہ جات قرآن وسنت اور ارشادات علماء محققین ومحدثین کی روشنی میں ثابت ہوا کہ قرآن وسنت کا علم اس قدر بلند واس قدر اونچا درجہ رکھتا ہے کہ اس کے حامل (علماء دین) کی توہین وتنقیص نہیں کی جاسکتی۔(نشرطی التعریف ۵۸)

امام ابومنصور ثعالبی رحمۃ اللہ علیہ کتاب ''**الفرائد و القلائد**''میں لکھتے ہیں کہ علم دین اور علماء کی بے ادبی وہی کریگا جو متکبر جاہل ہوگا یا رذیل گھٹیا شخص ہوگا۔ یہ بات حجۃ الاسلام امام غزالیؒ بھی'' **احیاء علوم الدین** ''میں ارشاد فرمائی اور حضرت حذیفہؓ سے حدیث روایت فرمائی انہوں نے فرمایا: لوگو! تم اس وقت تک خیر و عافیت سے رہو گے جب تک تم حق والوں کا حق پہنچانو گے اور تم میں علماء کا احترام ہوتا رہے گا

(نشرطی التعریف ۶۰)

Marfat.com

## عالم کی تعظیم اللہ کی تعظیم ہے

سیدہ عائشہؓ صدیقہ ام المؤمنین کی حدیث ہے جسے امام ماوردیؒ نے اپنی کتاب میں سند کے ساتھ روایت کیا کہ

**من و قر عالما فقد و قر ربه**

(نشرطی التعریف ۵۸)

ترجمہ:۔

جس نے عالم دین کی تعظیم کی اس نے اپنے رب کی تعظیم کی۔

عالم دین کی تعظیم اللہ کی تعظیم اس لیے ہے کہ وہ زمین پر اللہ کا نمائندہ ہے اور اس کا سفیر (Ambassador) ہے۔

## علماء کے آگے چلنا گناہ کبیرہ ہے

امام موسیٰ بن احمد وصابیؒ نے اپنی کتاب ''الحجۃ ''میں اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا

**المشی بین یدی الکبراء من الکبائر ولایمشی بین یدی الکبراء الا ملعون قیل یا رسول الله من الکبراء؟ قال " العلماء و الصالحون "**

(نشرطی التعریف ۵۸)

Marfat.com

ترجمہ:۔

بڑوں کے آگے چلنا کبیرہ گناہوں میں سے (ایک گناہ) ہے اور بڑوں کے آگے لعنتی ہی چلے گا۔عرض کی گئی یارسول اللہ ﷺ بڑے کون ہیں؟ فرمایا علماء اور شریعت کے پابند لوگ۔

## اس سے علماء کی عظمت کا پتہ چلا

نیز اس سے ثابت ہوا کہ قوم پر فرض ہے کہ اپنے دینی و دنیاوی اور سیاسی معاملات میں علماء کو ہی آگے رکھیں،ان سے مشورے لے کر چلیں اور اگر قوم ایسا نہ کرے گی تو گناہ کبیرہ میں پڑیگی اور یوں اللہ کی رحمت سے دور ہوگی اور وہ نہیں سدھر سکے گی،آج پاکستان کے حالات اس لئے ہی خراب ہیں بلکہ خراب ہی چلے آرہے ہیں کہ قوم نے اور حکمرانوں نے علماء کو ان کا وہ مقام نہیں دیا جو اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے فرمان مبارک کے مطابق دینا چاہیے تھا

## علماء کا کمال ادب

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین باتیں اللہ تعالیٰ کی تعظیم ٹھہرتی ہیں ایک اس شخص کی تعظیم جو اسلام کے احکام کی پیروی اور اسلام کی خدمت کرتے کرتے بوڑھا ہوگیا دوسرا وہ جو جس کے سینے میں قرآن ہے اور تیسرا وہ کہ جس کے پاس قرآن وحدیث اور شریعت کا علم ہے خواہ وہ عمر میں بڑا ہو یا چھوٹا یہ حدیث امام میانشی ؒ نے اپنی سند کے ساتھ اپنی کتاب ''**مجالس**''میں روایت فرمائی

Marfat.com

(نشرطی التعریف ۵۹)

## عالم کو تکلیف پہنچانا رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچانا ہے

امام خطیب بغدادیؒ نے اپنی کتاب ''الفقیه و المتفقه'' میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن عباسؓ کی ایک حدیث روایت کی ہے کہ

**من اذی فقیها فقد آذی رسول الله ﷺ و من آذی رسول الله ﷺ فقد آذی الله عزوجل**

(نشرطی التعریف ۵۹)

ترجمہ:۔

جس نے عالم دین کو ایذاء (تکلیف) دی اس نے اللہ کے رسول ﷺ کو ایذاء دی اور جس نے اللہ کے رسول ﷺ کو ایذاء دی (تکلیف پہنچائی) تو بے شک اس نے اللہ کو ایذاء دی اور اللہ تعالی نے ان لوگوں کے بارے میں جو اس کے رسول ﷺ کو ایذاء دیں یہ فرمایا ہے۔

بے شک جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول کو ایذاء دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور اللہ نے ان کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(احزاب ۵۷۔نشرطی التعریف ۵۹۔۶۰)

## تکلیف پہنچانے کے طریقے

عالم دین کو تکلیف پہنچانے کے کئی ایک طریقے ہیں

Marfat.com

☆ (۱) ایک یہ کہ اس کی شان میں کوئی ایسا لفظ بولنا جس سے اس کی شان میں واضح توھین ہوتی ہو یا توھین کا پہلو نکلتا ہو۔

☆ (۲) دوسرا یہ کہ کوئی ایسی حرکت یا کوئی ایسا کام کرنا جس سے عالم دین کی توھین ہوتی ہو یا توھین کا پہلو نکلتا ہو۔

☆ (۳) تیسرا یہ کہ عالم دین کو اپنا راھنما نہ ماننا اور انکو یا ان کی بات کو اہمیت نہ دینا۔

☆ (۴) چوتھا یہ کہ ملکی یا ملی یا معاشرتی معاملات یا مشکلات میں علماء کے ہوتے ہوئے غیروں سے راھنمائی حاصل کرنا۔

☆ (۵) پانچواں یہ کہ ان معنوں یا ان طریقوں میں سے کسی بھی طریقہ سے علماء کی توھین کرنے والوں سے جان بوجھ کر دوستانہ تعلق رکھنا

☆ (۶) چھٹا یہ کہ اسکی ضرورت کے مقابلہ میں دوسروں کی ضرورت کو ترجیح دینا۔

## علماء کا ادب

مسلمان شروع سے ہی اپنے علماء کا ادب واحترام کرتے اور ان سے تواضع وانکساری سے پیش آتے رہے ہیں اگرچہ وہ خاندان کے لحاظ سے ان سے ظاہر کم درجے کے ہوتے لیکن وہ جانتے تھے کہ علم کا مرتبہ خاندان کے مرتبہ سے بلند تر ہے اس لئے وہ ان سے نہایت ادب واحترام اور تواضع وانکساری سے پیش آتے چنانچہ سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان میں سے تھے اور آپ کے چچازاد بھائی

Marfat.com

تھے اور عالم وفقیہ تھے مگر وہ اپنے سے بڑے عالم حضرت زید بن ثابت خزرجی کا بہت ادب کرتے تھے حتی کہ جب حضرت زیدؓ سواری پر سوار ہوتے تو حضرت ابن عباسؓ ان کی سواری کی رکاب پکڑ لیتے تا کہ حضرت زیدؓ سوار ہو جائیں۔ کسی نے ان سے عرض کی کہ آپ تو اونچے خاندان کے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں پھر بھی آپ حضرت زیدؓ کا اس قدر ادب کرتے ہیں؟ آپ نے جواب دیا کہ

**''انا ھکذا نصنع بالعلماء''**

ترجمہ:۔

ہم علماء کا ایسا ہی ادب کرتے ہیں۔

یعنی ہمیں شریعت کی طرف سے علماء کا اسی طرح ادب کرنے کا حکم ہے۔

## ﴿سونا چاندی تانبا﴾

صاحب ''**زھرۃ العیون**'' نے اپنی سند کے ساتھ حدیث روایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**العالم من ذھب و المتعلم من فضۃ و الثالث من نحاس**

(نشرطی التعریف ۲۹)

ترجمہ:۔

عالم سونا اور طالب علم چاندی اور دوسرے لوگ تانبا ہیں۔

Marfat.com

## ہمیشہ حق پر قائم رہنے والا گروہ

صحیح بخاری و مسلم میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**لایزال من امتی امة قائمة بامره الله لایضرهم من خذلهم و لا من خالفهم حتی یأتی امر الله و هم علی ذلك**

(صحیح بخاری کتاب المناقب و مسلم)

ترجمہ:۔

میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ اللہ کے حکم کو قائم رکھے گا انہیں وہ شخص نقصان نہیں پہنچا سکے گا جو ان کو چھوڑ جائے گا اور نہ وہ جو ان کی مخالفت کرے گا یہاں تک کہ اللہ کا حکم (یوم آخر قریب) آجائیگا اور وہ بدستور اللہ کے دین پر ڈٹے ہوئے ہوں گے

امام نوویؒ نے اپنی کتاب "**تهذیب الاسماء و اللغات**" میں فرمایا ہے کہ محققین نے فرمایا کہ یہ حدیث علماء دین کے بارے میں ہے۔

## طالب علم قرآن میں

امام ثعالبیؒ نے اپنی تفسیر میں سند کے ساتھ حضرت عکرمہؓ سے روایت کی انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے قرآن میں کئی ایک جگہ علم کے پڑھنے پڑھانے والوں کا ذکر فرمایا (مثلاً **فی سبیل الله** کا ذکر مصارف زکوۃ میں جہاں وارد ہوا وہاں طالب علم دین مراد ہیں نیز سورۃ توبہ آیت ۱۱۲ میں

Marfat.com

"السائحون" کا ذکر ہے اس سے مراد بھی علم دین سیکھنے کے لئے سفر کرنے والے حضرات مراد ہیں

(نشرطی التعریف ۵۰)

## جلدی کرو

امام خطیب بغدادی متوفی ۴۶۳ھ نے اپنی سند کے ساتھ یہ حدیث روایت فرمائی ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**سارعوا فی طلب العلم فلحدیث عن صادق خیر من الارض وما علیھا من ذھب و فضة**

ترجمہ:۔

علم حاصل کرنے میں جلدی کرو سستی وغفلت نہ کرو بے شک سچائی کی جان نبی کریم ﷺ کی ایک حدیث کے پڑھنے پڑھانے کا ثواب ساری زمین سے اور ساری زمین کے سونے اور چاندی کے اللہ کی راہ میں خرچ کر ڈالنے سے بھی زیادہ ہے

جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ مال و دولت کی محبت محض اپنے عیش و آرام اور محض نفسانی خواہشوں کی تحصیل و تکمیل کے لئے ہی ہو تو مال و دولت کی محبت نہ صرف گناہ بلکہ تمام گناہوں کی بھی جڑ ہے جیسا کہ حدیث شریف میں کہ

**حب الدنیا رأس کل خطیئة**

ترجمہ:۔

Marfat.com

دنیا کی محبت ہر گناہ کی جڑ ہے۔

اور حدیث شریف میں فرماتے ہیں کہ

**الدینا زور لا یحصل الا بالزور**

ترجمہ:۔

دنیا جھوٹ ہے اور جھوٹ سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

دنیا جھوٹ ہے یعنی جیسے جھوٹ کو کوئی ٹھیراؤ نہیں ہے اور نہ ہی اس کا کوئی اعتبار ہے یوں ہی دنیا کو بھی کوئی ٹھیراؤ نہیں ہے اور نہ ہی اس کا کوئی اعتبار ہے یہ ڈھلتی چھاؤں ہے اس کو اکثر لوگ جھوٹ سے ہی کماتے ہیں بہت کم لوگ ہیں جو کاروبار میں یا لین دین میں سچ بولتے ہوں پھر سچ بولنے والوں میں سے بھی اکثر لوگ کاروبار میں طرح طرح کی پریشانیاں اٹھاتے ہیں جبکہ جھوٹ بولنے والے اپنی دنیا آباد اور آخرت برباد کر لیتے ہیں۔

لیکن اگر کوئی شخص اس نیت سے دنیا جمع کرے کہ وہ اس کے حاصل کرنے کے بعد یا اس کا معقول ذریعہ آمدن بنانے کے بعد بے فکری سے دین کا کام کرے گا اور دین پر خرچ کرے گا تو اس کی دنیا بلاشبہ دنیا نہیں دین ہے اور وہ شخص ارب پتی ہو کر بھی دنیا دار نہیں بلکہ دین دار ہے زاھد اور تارک الدنیا ہے کہ اس کے ذرائع آمدنی جو اسے کروڑوں کی انکم دے رہے ہیں وہ کروڑں روپے دین پر بھی خرچ کرتا جا رہا ہے وہ اللہ تعالی کہ اس فرمان پر کہ

**قل العفو الخ**

جو تمہاری ضرورت سے زائد ہے اسے جمع رکھنے کی بجائے اللہ کی راہ میں

Marfat.com

اوراس کے دین پر خرچ کرو

دل کھول کر عمل کرتے ہیں، یہ دنیا نہیں دین سے محبت ہے

## صاحب علم وعرفان

جو شخص صاحب علم وعرفان اور صاحب ایمان وایقان ہے وہ دنیا سے دنیا کے لئے نہیں دین کے لئے اور اللہ کے لئے محبت کرتا ہے وہ دنیا سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ اسے دین کی حفاظت اور دین کی ترقی کا ذریعہ بناتا ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ

**المال ترس المؤمن**

ترجمہ:۔

مال مؤمن کی ڈھال ہے

یعنی مومن مال کے ذریعے اپنی غیرت وآبرو اور اپنے دین و ایمان کی حفاظت کرتا ہے۔

دشمنان دین جو دین پر حملے کرتے ہیں وہ اپنے مال خرچ کر کے ان کے حملوں کا جواب دیتا ہے دینی کتابیں چھاپ چھاپ کر، دینی مدرسے قائم کر کے اور علماء پیدا کر کے دین کے دشمنوں کے مقابلہ میں اپنے محاذ کو مضبوط کرتا ہے۔

## امام شافعی

اس لئے امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

## يحتاج طالب العلم الى سعة ذى اليد و الذكاء

(نشرطی التعریف ۹۳)

ترجمہ:۔

علم پڑھنے پڑھانے والوں پر کھلے ہاتھ سے مال خرچ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ بےفکری سے علم کوفروغ دیں جورسول اللہ ﷺ کا مشن ہے۔

## امام عبداللہ بن مبارک

حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے شاگرد رشید امام عبداللہ بن مبارک جو اپنے زمانہ کے ابدالوں (خاص اولیاء) میں سے تھے اور صاحب کشف و کرامات اور مستجاب الدعوات تھے، اپنا تمام سرمایہ علماء کے حوالے کر کے فرماتے تھے لو اس سے دین کا کام کرو۔ان سے کہا گیا کہ آپ دوسرے ضرورتمندوں کو بھی کچھ دیا کرو آپ فرماتے کہ

**انی لاعرف بعد مقام النبوة افضل من مقام العلماء**

(نشرطی التعریف ۹۳)

ترجمہ:۔

میں نہیں جانتا کہ نبوت کے بعد علماء کے مقام سے کسی کا اونچا مقام ہو اس لئے میں ان کو ہی اپنا سرمایہ دیتا ہوں گویا نبوت کے بعد سب سے بڑی نیکی یہی ہے کہ علماء کو بڑھ چڑھ کر وسائل دیے جائیں تاکہ وہ دین کو مضبوط کریں اور دین مضبوط ہوگا

Marfat.com

توامت مضبوط ہوگی اور اسلام غالب ہوگا۔

## ﴿عمر بن عبدالعزیزؒ﴾

امام خطیب بغدادیؒ تاریخ بغداد میں سند کے ساتھ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے ''حمص'' کے گونر کو لکھا کہ

**مر لاهل الصلاح من بيت المال مايغنيهم لئلا يشغلهم شيء عن تلاوة القرآن وما حملوا من الاحاديث**

(نشرطى التعريف ٩٣)

ترجمہ:۔

کہ علماء کو بیت المال سے اس قدر وظائف دینے کا حکم دو جوان کی تمام ضروریات کے لئے کافی ہو جائیں تاکہ فکر معاش انہیں قرآن و حدیث کے علم کو پھیلانے میں رکاوٹ نہ ڈالے۔

## ﴿امام شاطبیؒ﴾

امام شاطبیؒ جو بڑے قاری و عالم وفقیہ ومحدث ہوئے ہیں ارشاد فرماتے ہیں

**ولا بد من مال به العلم يعتلى وجاه من الدنيا يكف المظالم**

ترجمہ:۔

علم دین کی ترقی کے لئے مال کا خرچ کرنا انتہائی ضروری ہے اور ظالموں

Marfat.com

کے ظلم کو روکنے کے لئے اہل دین کے ہاتھ میں قدرت ہونی چاہئے۔

## امام غزالی

امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ اللہ کے دین کی بھلائی کے لئے مال سے محبت یا کسی انسان سے محبت بھی اللہ ہی سے محبت ہے چنانچہ جو عالم دین اپنے طالب علموں سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ ان کی وجہ سے اسے قرآن وسنت کو پڑھانے کا موقع مل رہا ہے تو اس کی یہ محبت اللہ ہی سے محبت ہے نیز فرماتے ہیں کہ اسی طرح ایک عالم دین اپنے خدمت گار سے جو اس کے کپڑے دھوتا، اس کے گھر میں جھاڑو پھیرتا صفائی کرتا اور اس کے لئے کھانا تیار کرتا ہے، اس لئے محبت کرتا ہے کہ اس کی وجہ سے وہ بے فکر ہو کر اپنا وقت دینی کتابوں کے پڑھنے پڑھانے پر خرچ کرتا ہے تو اس نیت سے اس خادم کی محبت بھی اللہ ہی کی محبت ہے اسی طرح جو شخص اپنے بچوں سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ بچے باپ کی اس محبت سے متاثر ہو کر اس کے کہنے پر چلتے ہوئے دین سیکھیں گے اور دین پر عمل کریں گے اور اس کے معاون ہو کر دین کے کاموں میں اس کے دست و بازو بنیں گے اور اسی طرح وہ اپنی بیوی سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ اس کی بیوی اسے دین و دنیا کے کاموں میں مدد دیتی ہے اور اس کے دینی مشن میں اس کا تعاون کرتی ہے تو یہ ساری محبتیں درحقیقت اللہ ہی سے ہیں غیر سے نہیں ہے۔

(نشرطی التعریف ۹۴)

(راقم عرض کرتا ہے کہ اس نیت سے کسی سے بھی محبت اللہ ہی سے محبت ہے چنانچہ حدیث میں ہے **الحب للہ و البغض للہ** ۔یعنی اللہ ہی کے لئے محبت ہو اور

Marfat.com

اللہ ہی کے لئے نفرت ہو۔)

## حضرت معاویہ بن قرۃ

حضرت معاویہ بن قرۃؒ سے پوچھا گیا کہ آپ کا بیٹا کیسا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ

**نعم الابن ،کفانی امر دنیا ی فغرغنی لاٰ خرتی**

ترجمہ:۔

کیا ہی اچھا بیٹا ہے، اس نے میری دنیا کے معاملات اپنے ذمے لے کر مجھے آخرت کے کاموں کے لئے فارغ کر دیا ہے۔

(نشرطی التعریف ۹۴ از حلیہ ابی نعیم)

اسی طرح جو شخص دنیا کی کسی چیز سے اس لئے محبت کرے کہ اس سے اسے دین و آخرت کے کاموں میں اور علم کو فروغ دینے میں مدد ملتی ہے اور اس کی وجہ سے اس کا دل دنیا کی فکر اور دنیا کی بھاگ دوڑ سے بے نیاز ہے بلاشبہ اس کی محبت اللہ ہی کی محبت ہے۔

(نشرطی التعریف ۹۴۔۹۵)

حضور اکرم ﷺ جب مبعوث ہوئے تو بہت سے لوگ تجارت پیشہ تھے ،،بہت سے لوگ صنعتکار تھے اور بہت سے مختلف قسم کے ہنر مند تھے اور بہت سے زمیندارہ اور کاشتکاری کرتے تھے اور دنیا کماتے ان میں بعض تو انتہائی امیر و غنی اور ایسے دولتمند تھے کہ ان کی دولت کا حساب ہی نہیں تھا آپ ﷺ نے کسی کو ان کے

Marfat.com

پیشوں کے ترک کرنے اور دنیا کمانے کے سلسلہ کو چھوڑ دینے کا حکم نہ فرمایا حتی کہ کسری اور قیصر جیسے بادشاہوں کو بھی دعوت نامے بھیجے ان کو بادشاہی سے دست بردار ہونے کا حکم نہ دیا بلکہ اسلام لانے کا حکم دیا اور اسلام لانے والوں کو اپنے مالوں کی زکوۃ ادا کرنے کا حکم اور بروقت ضرورت عطیات کی ترغیب دی بلکہ ارشاد فرمایا کہ

نعم المال الصالح للرجل الصالح

ترجمہ:۔

مرد صالح کے لئے مال صالح کیا ہی اچھا ہے۔

یعنی نیک مال کیا ہی اچھا مال ہے جو جائز طریقے سے کمایا اور اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے۔

قرآن کریم میں اسراف سے یعنی مال کو بے جا خرچ کرنے اور ضائع کرنے سے روکا گیا ہے۔

## حضرت عثمانؓ

بلکہ حضرت عثمانؓ کو ایمان کے بعد اسی کثرت مال و دولت کی بدولت جنت میں بے حساب داخل ہونے کی خوشخبری دی گئی کہ انہوں نے دین پر اس قدر فراخ دلی سے خرچ کیا کہ دیتے وقت توقع سے بھی بڑھ کر راہ خدا میں دیتے تھے بلکہ ہر ایک سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے تھے حتی کہ ان کی شدت سے خواہش ہوتی تھی کہ وہ اس قدر دیں کہ اس کے بعد کسی اور سے

Marfat.com

مانگنے کی ضرورت ہی نہ رہے بلاشبہ جو لوگ عثمان غنی کی سیرت پر عمل پیرا ہیں وہ بھی ان کے طفیل جنت میں بلاحساب داخل ہونے کی سعادت حاصل کریں گے۔

## زھد

صحیح ترمذی میں زھد کے بارے میں حضور اکرم ﷺ کا فرمان مروی ہے کہ

**لیست الزهادة فی الدنیا بتحریم الحلال ولا باضاعة المال ولکن الزهادة فی الدنیا ان تکون بمافی ید الله اوثق منك فی یدك وان تکون بثواب المصیبة اذا انت اهبت بها ارغب منك فیها لو لم تصبك۔**

(نشر ۹۶)

دنیا میں زاھد ہونا اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو اپنے اوپر حرام ٹھہرا لینے سے نہیں اور نہ ہی مال کو ضائع کر ڈالنے سے ہے لیکن دنیا میں زاھد ہونا یہ ہے کہ (تمہارے لئے) جو اللہ کے پاس ہے اس پر تمہیں زیادہ بھروسہ ہو جو اس مال سے جو تمہارے ہاتھ میں ہے اور یہ کہ مصیبت کے ثواب کی جو تمہیں پہنچی (اس پر صبر کرنے سے تمہیں ثواب ملا) تمہیں زیادہ خوشی ہو اس سے کہ اگر وہ مصیبت تمہیں نہ پہنچتی (اور تم اس کے ثواب سے محروم رہ جاتے)

حضور اکرم ﷺ نے جو زھد کی تعریف فرمائی وہ اس سے کہیں مختلف ہے جو ہم بعض کتابوں میں پڑھتے ہیں کہ زھد یہ ہے کہ انسان دنیا سے ہی کنارہ کش

Marfat.com

ہو جائے۔ تجارت نہ کرے، مال ومتاع کی خواہش نہ کرے، بیوی بچوں سے دلچسپی نہ رکھے بس پھٹے پرانے کپڑے پہنے، ہر آسائش و آرام اور اچھے کھانے پینے اور اچھے رہنے سہنے سے دلچسپی نہ رکھے۔

اس طرح کے زاھد کا اسلام میں کوئی تصور نہیں حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت طلحہؓ اور حضرت عبدالرحمٰنؓ صحابہ میں سے امیر ترین حضرات تھے اور اللہ کی ہر نعمت سے استفادہ فرماتے مگر ان کی سیرت یہ تھی کہ وہ اسلام کے لئے دین کے لئے جس قدر کھلے دل سے خرچ کرتے، دیکھنے والے حیران رہ جاتے ان کو دنیا سے محبت تھی تو اللہ کے لئے تھی یہی زھد ہے۔

## امام ربیعہ بن عبدالرحمٰنؒ

امام ابونعیم نے حلیۃ الاولیا میں سند کے ساتھ بیان فرمایا کہ امام ربیعہ بن عبدالرحمٰنؒ جو اولیا اللہ میں سے تھے ان سے پوچھا گیا کہ زھد کی حقیقت کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ

**جمع الاشیاء من حلھا و وضعھا فی حقھا**

یعنی ہر قسم کا مال جائز طریقے سے کمانا اور جہاں انہیں خرچ کرنے کا حق ہے (اللہ کی راہ میں) انہیں خرچ کرنا یہی زھد کی حقیقت ہے۔

## امام ابوحازم

امام ابونعیم حلیۃ میں اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں کہ امام ابوحازم جو

Marfat.com

اولیا اللہ میں سے تھے ان سے ایک شخص نے عرض کی کہ حضرت والا! میں آپ کی خدمت میں اس بات کی شکایت کرتا ہوں کہ میرے دل میں دنیا کی محبت ہے حالانکہ میرے پاس اپنا ذاتی مکان بھی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا دیکھو، اللہ تعالی تمہیں جس جائز طریقہ سے بھی مال و دولت دے اسے لے لو اور اپنی ضرورت سے زائد کو اللہ کی راہ میں خرچ کئے جاؤ اس طرح دنیا سے محبت تمہیں نقصان نہ دے گی۔

(نشرطی التعریف ۹۶)

اسی طرح امام ابونعیمؒ حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم نے فرمایا کہ میں نے حضرت امام ابوحازمؒ سے عرض کی کہ میں اپنے دل میں ایک چیز محسوس کرتا ہوں جو مجھے رنج و غم میں ڈالتی ہے آپ نے فرمایا وہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی، دنیا کی محبت آپ نے فرمایا، یقین کرو دنیا کی محبت تو میرے دل میں بھی ہے مگر مجھے اس کا کوئی رنج و غم نہیں کیونکہ میں یقین رکھتا ہوں کہ دنیا کی محبت اللہ ہی نے ہمارے دل میں ڈالی ہے لہذا یہ غم کی بات نہیں ہے لیکن رنج و غم کی بات یہ ہے کہ ہم میں سے کوئی اسے ناجائز طریقہ سے حاصل کرے جب ہم دنیا کو جائز طریقوں سے حاصل کریں اور اپنی ضرورت سے زائد کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں تو دنیا کی محبت ہمیں نقصان نہیں دیتی

(نشر ۹۷)

## مفتی غلام سرور قادری

راقم ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری عرض کرتا ہے کہ مزہ بھی تب ہی ہے جب

Marfat.com

دل میں دنیا کی محبت ہو اور اسے راہ خدا میں خرچ کرے۔ ثواب بھی اس صورت میں زیادہ ہے جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا ہے۔

**واٰتی المال علی حبه**

ایک تفسیر کے مطابق "**علی حبه**" میں "**علی**" "**مع**" کے معنی میں ہے گویا تقدیر عبارت یوں ہوگی

**"واٰتی المال مع حبه"**

(البقرہ )

کہ مومن وہ ہے جو مال کی محبت رکھنے کے ساتھ اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرے۔

نیز چوتھے پارہ کے شروع میں ہے کہ

**لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون**

ترجمہ:۔

تم (اس) نیکی کو (جو تمہیں اللہ کے قریب کرے) ہرگز حاصل نہیں کرسکتے یہاں تک کہ تم اپنا محبوب مال اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔

## امام حبیشی

امام جمال الدین محمد بن عبدالرحمٰن عمر حبیشیؒ متوفی ۷۱۰ھ فرماتے ہیں کہ خود حضور اکرم ﷺ دنیا کی کئی ایک چیزوں سے محبت فرماتے تھے چنانچہ فرمایا کہ

**حبب الی من دنیاکم ثلاث النساءٓ و الطیب و**

Marfat.com

**جعلت قرة عینی فی الصلوة**

ترجمہ:۔

تمہاری دنیا میں سے تین چیزوں کی محبت میرے دل میں ڈالی گئی ہے ایک عورتوں کی، دوسری خوشبو کی اور تیسری یہ کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں کردی گئی اور آپ شہد کو اور میٹھے کو پسند فرماتے بیویوں سے اور خاص کر حضرت عائشہؓ سے محبت فرماتے امام حسنؓ و حسینؓ سے محبت فرماتے حالانکہ یہ سب دنیاوی قسم کی چیزیں ہیں

**"وکل هذا من الدنیا"**

## حضرت انسؓ کے لیے دعاء

نیز آپ ﷺ نے حضرت انسؓ کے لئے دعا فرمائی کہ اللہ اس کے مال اور اس کی اولاد کو بہت کرے تو اللہ تعالی نے آپ ﷺ کی دعا قبول فرماتے ہوئے حضرت انسؓ کو بہت مال دیا اور اولاد دی" **وذلك كلـه دنيـا**" اور یہ سارا معاملہ دنیا ہے۔ اگر دنیا ہر طرح سے بری ہوتی تو حضرت انسؓ کے لئے دعا نہ فرماتے اور ان کے لئے پسند نہ فرماتے جبکہ حضرت انسؓ آپ ﷺ کے بہترین صحابہ کرام میں سے ہیں۔

اور آپ ﷺ نے خود اپنے لئے یوں دعا فرمائی کہ

**اللهم انی اسالك من صالح ما تؤتی الناس من المال و الولد غیر الضال والمضل۔**

Marfat.com

ترجمہ:

اے اللہ میں تجھ سے اس میں سے کچھ مانگتا ہوں جو تو لوگوں کو اچھا مال اور اچھی اولاد دیتا ہے جو نہ گمراہ ہوں اور نہ گمراہ کرنے والے

(نشرطی التعریف ۹۸)

اس دعا میں حضور ﷺ نے اپنے رب سے مال بھی مانگا اور اولاد بھی اور یہ دونوں چیزیں دنیاوی ہیں مگر آپ ﷺ نے "**ضال**" اور "**مضل**" کے الفاظ سے اس مال اور اولاد کی طلب کی نفی فرمادی جن میں برکت نہ ہو، جس مال سے انسان میں تکبر آجائے غرور پیدا ہو اور اسے راہ خدا میں خرچ نہ کیا جائے وہ مال "ضال" بے برکت ہے اور جو اولاد دین سے دور ہو وہ اولاد بھی "ضال" اور "مضل" (گمراہ اور گمراہ کن) ہے ایسا مال اور ایسی اولاد مومن کی مطلوب و آرزو نہیں ہو سکتی۔

## دنیا

حدیث شریف ہے جسے امام ترمذی و نسائی نے اپنی سنن میں، امام مالک نے مؤطا میں اور امام واحدی نے اپنی تفسیر "**وسیط**" میں روایت کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**ان اللہ یعطی الدنیا من یحب ومن لا یحب ولا یعطی الاٰخرۃ الا من احب**

(ترمذی و نسائی و مؤطا)

Marfat.com

ترجمہ:۔

بے شک اللہ دنیا اسے بھی دیتا ہے جس سے محبت فرماتا ہے اور اسے بھی جس سے محبت نہیں فرماتا یعنی فرمانبردار اور نافرمان دونوں کو دیتا ہے لیکن آخرت صرف اسے دیتا ہے جس سے محبت فرماتا ہے۔ آخرت سے مراد دین ہے جیسا کہ وسیط میں ہے کہ

**فمن اعطاہ الدین فقد احبہ**

ترجمہ:۔

جسے اللہ نے دین دیا بے شک اسے پسند کرلیا۔

دین سے مراد قرآن وسنت کا علم اور قرآن وسنت کے علم سے محبت اور اس پر عمل کا جذبہ اور اس کی فکر کرنا اور علم دین کو فروغ دینے پر اپنے وسائل خرچ کرنا اور دین کے کام کو دنیا کے کاموں پر فوقیت دینا اور اسے پہلے کرنا، یہی دین ہے اور یہی دینداری اور یہی محبت خداوندی کا ذریعہ اور اس کی علامت ہے دنیا میں بے شمار اللہ کے ایسے بندے گزرے ہیں جن کو اللہ تعالی نے دین اور دنیا دونوں کا بادشاہ بنایا۔

حضرت یوسف علیہ السلام وحضرت داؤد علیہ السلام کو اللہ تعالی نے نبوت و بادشاہت دی خزانوں کا مالک بنایا۔

ان دلائل سے معلوم ہوا کہ مومن جو ایمان پر چلے اللہ تعالی کے احکام کا پیروکار ہو سخاوت شعار اور زکوۃ گذار ہو دین اور علم دین کا جاں نثار ہو اس کی دنیا دین ہے وہ دنیا میں رہتے ہوئے بھی جنت کا مکین ہے وہ شخص نہ صرف صاحب ایمان ہے بلکہ صاحب حسن ایمان ہے۔ یقیناً حسن ایمان کے ساتھ مال و دولت نہ تو ضرر ہے نہ

Marfat.com

نقصان ہے جیسے اللہ کی نافرمانی کے ساتھ فقر و درویشی کا فائدہ نہیں ایسے ہی ایک متقی و پرھیز گار اور اللہ کے فرمانبردار دین کے طلب گار و خدمتگار ہے اس کے لئے غنی ہونا خطرناک نہیں بلکہ مفید ہے کیونکہ اس کی دولت اس کے دین کے کاموں میں معاونو مددگار رہے۔

## دین و دنیا ساتھ ساتھ

امام حبیشی امام وردی کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ انہوں نے اپنی کتاب میں سند کے ساتھ حدیث روایت فرمائی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**لیس خیر کم من ترك الدنیا للأخرة ولا الأخرة للدنیا ولکن خیر کم من اخذمن هذه و هذه ۔**

ترجمہ:۔

تم میں وہ شخص بہتر نہیں ہے جس نے آخرت کے لئے دنیا چھوڑ دی اور نہ ہی وہ بہتر ہے جس نے دنیا کے لئے آخرت چھوڑ دی تم میں سے بہتر وہ ہے جس نے آخرت سے حصہ لیا اور دنیا سے بھی حصہ لیا یعنی بہترین انسان وہ ہے جو آخرت کو اور دنیا کو ساتھ ساتھ رکھے، دین کے کام بھی کرنے اوز دنیا کے بھی لیکن یہ خیال رہے کہ دونوں کے مقابلہ کی صورت میں دین اور آخرت کے کام کو فوقیت اور ترجیح دے۔

(نشرطی التعریف ۹۸)

## دعائے مصطفے

ہمارے آقا و مولا محمد مصطفے احمد مجتبے رسول خدا جل و علا ﷺ کی یہ دعا صحیح

Marfat.com

مسلم میں مروی ہے۔

**الھم اصلح لنا دیننا الذی ھو عصمة امرنا و اصلح لنا دنیانا التی فیھا معاشنا و اصلح لنا آخرتنا التی الیھا معادنا**

(نشر ۹۹)

یعنی اے اللہ ہمارے دین کو جو ہمارے ہر کام کی عصمت وحفاظت اور بچاؤ ہے ہمارے لئے بہتر کردے اور ہماری دنیا کو جسمیں ہماری گذر بسر ہے ہمارے لئے بہتر کردے اور ہماری اخرت کو جس کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے ہمارے لئے بہتر کردے۔

اس دعامیں حضورﷺ نے دنیا کی بہتری طلب فرمائی اور دنیا کی بہتری دنیا ہی ہے لیکن دنیا کی بہتری اور ترقی مسلمان کوتقوی کے معاملہ میں مدد دیتی ہے اور تقوی آخرت میں نفع دینے اور ہر پریشانی ومصیبت سے دور کرنے والا ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے آپﷺ نے یوں دعافرمائی کہ

**اللھم انی اسالك الھدی و التقی والعفان و الغنی**

(نشر ۹۹)

اے اللہ میں تجھ سے ھدایت ،تقوی ، پاکیزگی اور اس قدر مال کا سوال کرتا ہوں جوزندگی کی ضروریات میں مجھے بے نیاز رکھے۔

اور اکثر اوقات حضورﷺ تنگدستی ، مال کی کمی اور ذلت سے پناہ مانگتے تھے، اور صحیحین کی حدیث مشہور ہے کہ کسی نے اپنے بعد اپنے مال کی تہائی سے زیادہ

Marfat.com

راہ خدا میں خرچ کرنے کی وصیت کرنا چاہی تو حضور ﷺ نے اسے منع فرمایا اور فرمایا کہ اگر تم اپنے بعد بچوں کو دنیا کے معاملہ میں بے نیاز کر کے چھوڑ جاؤ تو یہ بہتر ہے اس سے کہ تم اپنا سارا مال راہ خدا میں دے جاؤ اور اپنے بچوں کو اس طرح محتاج چھوڑ جاؤ کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔

لیکن یاد رکھئے یہ اگر کسی نے اپنی ساری آمدنی دین پر لگادی اور بچوں کو صاحب علم یا صاحب فن کر دیا کہ وہ لوگوں کے ماویٰ و مرجع ہوں کہ لوگ ان سے فیض پائیں اور ان سے دین سیکھیں یہ اعلیٰ درجہ کی خدمت ہے دین کی بھی اور اولاد کی بھی کیونکہ حدیثوں کے حوالوں سے پہلے گذرا ہے کہ جس نے اپنے آپ کو علم دین کے پڑھنے پڑھانے میں مصروف کر دیا اللہ اسے دنیا کے معاملہ میں کافی ہوگا۔

## الغرض

مال وسیلۂ حصول کمال ہے کہ انسان اس کے ذریعے اپنی ضروریات پوری کرے اور اپنا وقت علم دین کے پڑھنے پڑھانے میں خرچ کرے، گویا اہل علم کے پاس اگر اپنا ذریعۂ روزگار ہو تو وہ بے فکری سے دین کا کام کر سکتے ہیں جیسے امام اعظم ابو حنیفہؒ کا اپنا کپڑے کا کاروبار تھا جس سے آپؒ اپنی ضروریات پوری فرماتے اور تمام اوقات پڑھنے پڑھانے اور لوگوں کو دین سکھانے میں صرف کرتے۔

اگر کسی صاحب علم جو علم کی خدمت میں مصروف ہو کہ اس کے پاس اپنا کوئی ذریعہ انکم نہ ہو تو مالدار مسلمانوں پر فرض ہے کہ دنیا و معاش کے معاملہ میں اسے مکمل طور پر بے فکر رکھیں تاکہ وہ بے فکری سے وراثت نبوت (قرآن وسنت کے علوم) کو فروغ

Marfat.com

دے سکے۔ جیسا کہ امام حافظ عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے تھے۔

## علم وحلم

علم اور حلم (حوصلہ و بردباری و متحمل مزاجی) جس شخص میں جمع ہو جائیں وہ زمین پر اللہ کا فرشتہ رحمت بلکہ فرشتوں سے بہتر ہے وہ اللہ کی نعمت ہے وہ بزرگ ہے وہ اللہ کا دوست ہے وہ اللہ کا ولی ہے۔

سیدی امام عبدالوہاب شعرانیؒ کشف الغمہ شریف میں فرماتے ہیں جو عالم دین بردبار ہو متحمل مزاج ہو درگزر کرنے والا اپنی طبیعت پر قابو پانے والا ہو وہ اللہ کا ولی ہے اور متحمل مزاج کی تعریف اور پہچان لکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ کوئی شخص اس سے غصہ دلانے والی بات کرے تو وہ اس پر غصہ میں نہ آجائے بلکہ اپنے آپ کو قابو میں رکھے اور معتدل (نارمل) رہے۔

## سب سے بہتر علم قرآن وحدیث کا ہی علم ہے

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جس علم کی یہ شان بیان ہو رہی ہے یہ قرآن وتفسیر قرآن وحدیث انبیاء وصحابۂ مصطفے کا علم ہے کیونکہ یہ وہ علم ہے جس سے اللہ کی ذات وصفات کا پتہ چلتا ہے اور اس علم سے ہی اللہ کا ڈر پیدا ہوتا ہے اس علم والا آج نہیں تو کل ضرور اللہ کا محبوب ومقبول بندہ ہو کر رہے گا۔

(احیاء العلوم ج ۲ ص ۲۵۸)

جسے قرآن وسنت کا علم آگیا اسے ہر علم آجائے گا۔

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۵)

Marfat.com

## سب سے بہتر

امام ماوردیؒ نے اپنی کتاب میں اور امام ابن بطال نے الاربعین فی لفظ الاربعین میں یہ حدیث روایت کی ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ

**خیار امتی علماء ھا وخیار علماء ھا فقھاء ھا و خیار فقھاء ھا حلماء ھا۔**

میری امت میں سب سے بہتر اس کے علماء ہیں اور علماء میں سب سے بہتر اس کے فقہاء ہیں اور فقہاء میں بہتر اس کے بردباد اور حوصلہ والے ہیں۔ امام ابن بطال کی روایت کردہ حدیث میں ''**فقھاء ھا**'' کی جگہ ''**حلماء ھا**'' کا لفظ ہے یعنی میری امت کے علماء میں بہتر وہ علماء ہیں جن میں حوصلہ ہے۔

## فقیہ حلیم الطبع ہی ہوتا ہے

یہ جو دونوں روایتوں میں الگ الگ لفظ ہیں ایک میں ہے کہ میری امت کے علماء میں بہتر وہ ہیں جو حلیم الطبع ہوں متحمل مزاج ہوں، جذباتی اور مشتعل ہونے والے نہ ہوں اور دوسری حدیث میں ہے کہ میری امت کے علماء میں بہتر وہ ہیں جو فقہ (قرآن وسنت کے احکام) میں خصوصی مہارت رکھتے ہوں۔ تو ان دونوں روایتوں میں کوئی تضاد نہیں ہے کیونکہ جو فقہ میں خصوصی مہارت رکھتے ہوں گے وہ حلیم الطبع، متحمل مزاج اور حوصلہ والے ہوں گے گویا فقیہ وہ ہے جو علم بھی رکھتا ہو اور حلم بھی رکھتا ہو۔

Marfat.com

چنانچہ ایک بزرگ شاعر نے خوب فرمایا

**(۱) العلم و الحلم حلتا کرم**

**للمرء زین اذا هما اجتمعا**

**(۲)صنوان لا یستتم حسنهما**

**الا بجمع لذا و ذاك معا**

(۱)علم اور حلم دونوں کرم کے جوڑے ہیں، جب دونوں جمع ہو جائیں تو آدمی کے لئے زینت ہیں۔

(۲) دونوں حقیقی بھائی ہیں جن کا حسن اس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک دونوں کسی میں جمع نہ ہوں۔

**(۳)العلم زین و منجاة لصاحبه**

**من المهالك و الا فات و العطب**

علم، علم والے کے لئے خوبصورتی اور تباہیوں اور آفتوں اور بربادیوں سے نجات کا ذریعہ ہے۔

**وما تلحف انسان بملحفة**

**ابهیٰ و اجمل من علم و ادب**

اور کسی انسان نے کوئی ایسا لباس نہیں پہنا، جو علم و ادب سے بڑھ کر قیمتی اور خوبصورت ہو۔

(نشر ۶۷۔۶۸)

Marfat.com

## امام شافعیؒ

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ

**من لا یحب العلم فلا خیر فیه**

ترجمہ:۔

جو شخص علم سے محبت نہیں رکھتا اسمیں کوئی بھلائی نہیں ہے۔
یعنی اسکی آخرت برباد ہوگی اور وہ خسارہ میں ہوگا۔

## علم سے محبت کی صورتیں

علم سے محبت کی ایک صورت اسے سیکھنا ہے اور دوسری صورت اسے دوسروں کو سکھانا اور تیسری صورت علم والوں کی مجلس میں حاضر ہونا ان سے علم کی باتیں سننا اور چوتھی صورت علم والوں سے محبت کرنا اور نیک کاموں پر خرچ کرتے ہوئے دوسروں پر علم والوں کو ترجیح دینا اور زیادہ ان پر خرچ کرنا ہے۔

## علم کی مجلس

حضرت عطاءؒ فرماتے ہیں کہ عالم کی مجلس میں حاضر ہونا اور اسکی صحبت میں بیٹھ کر علم کی باتیں سننا لہو ولعب کی ستر (غیر شرعی) مجلسوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۰)

## لقمان حکیم کی بیٹے کو وصیت

Marfat.com

امام مالکؒ نے مؤطا میں روایت کیا کہ حضرت لقمان حکیم نے اپنے بیٹے کو یوں وصیت فرمائی کہ

**یا بنی جالس العلماء و زاحمھم برکبتیك فان الله یحی القلوب بنور الحكمة كما یحی الارض المیتة بوابل السماء**

(مؤطا امام مالک حدیث نمبر ۱۰۰۲)

ترجمہ:۔

اے میرے بیٹے علماء کی مجلس میں بیٹھا کرنا اوران کے سامنے دوزانوؤں ہوکرادب کے ساتھ سامنے بیٹھا کرنا تاکہ توان کی باتیں سنے پس بلاشبہ اللہ تعالیٰ علماء کے ذریعے سامعین کے دلوں کوایسے زندہ کرتا ہے جیسے بنجر اور ویران زمین کو بادل کے زوردار مینہ سے زندہ کرتا ہے اور عجلونیؒ کشف الخفاء میں حدیث نقل کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

**من زار العلماء فكأنما زارنى ومن صافح العلماء فكانما صافحنى و من جالس العلماء فكانما جالسنى فى الدنیا اجلس الی یوم القیامة**

(کشف الخفاء ج۲ص ۲۵۱)

جس نے علماء کی زیارت کی تو گویا اس نے میری زیارت کی اور جس نے علماء سے ہاتھ ملایا گویا اس نے مجھ سے ہاتھ ملایا اور جو علماء کے ساتھ بیٹھا گویا وہ دنیا میں میرے ساتھ بیٹھا اور وہ قیامت کے دن میرے ساتھ بٹھایا جائے گا۔

Marfat.com

اور مصافحہ کا ذکر امام ابونعیم کی تاریخ میں مذکور حدیث میں بھی ہے

''من صافح العلماء فکانما صافحنی''

ترجمہ:۔

جس نے علماء سے مصافحہ کیا گویا اس نے مجھ سے مصافحہ کیا۔

(تاریخ اصبہان ج ۲ ص ۳۶۴)

## علم کے بغیر عبادت کا انجام

امام حافظ ابن عبد البرؒ نے سند کے ساتھ ''الا ستذ کار'' میں امام محمد بن سیرینؒ کا فرمان نقل فرمایا آپ نے ارشاد فرمایا کہ

ان قوما ترکوا العلم و مجالسة العلماء و اخذوا فی الصلوة والصیام حتی یبس جلد احدھم علی عظمه ثم خالفوا السنة فھلکوا وسفکوا دماء المسلین فوالذی لااله غیره ماعمل احد عملا علی جھل الا کان یفسد اکثر مما یصلح

(الاستذ کار ج ۲۷ ص ۴۳۴)

ترجمہ:۔

بے شک کچھ لوگوں نے علم کی طلب اور علماء کی خدمت میں بیٹھنا چھوڑ دیا اور (نفلی عبادات) نماز و روزہ میں مشغول ہو گئے یہاں تک کہ بعض کا چمڑا اسکی ہڈی پر خشک ہو گیا پھر وہ (جہالت کی وجہ سے) سنت رسول ﷺ کے خلاف عمل کرنے لگے تو

Marfat.com

ھلاک ہو گئے اور انہوں نے مسلمانوں کے خون تک بہا دیئے پس اللہ کی قسم جس کے بغیر کوئی معبود نہیں جس شخص نے بھی علم حاصل کئے بغیر جہالت کی بنیاد پر عمل کیا اس نے نیکی تھوڑی اور خرابی زیادہ کی۔

اس سے ثابت ہوا کہ یہ جو علم دین حاصل کئے بغیر زاھد و عابد و صوفی اور پیر و مرشد بن جاتے ہیں لوگوں کو بے دھڑک بیعت کرتے چلے جاتے ہیں حالانکہ عربی زبان سے بے خبر اور قرآن و سنت کے احکام سے لاعلم ہوتے ہیں ان کا انجام یہی ہوتا ہے جو حضرت امام محمد بن سیرینؒ نے ارشاد فرمایا۔

اس لئے ضروری ہے کہ بیعت صرف اور صرف علماء کی کی جائے جو عربی زبان پر عبور رکھنے کی وجہ سے قرآن و سنت کے احکام سے واقف ہوتے ہیں جو صوفی ہو مگر عالم نہ ہو اسکی بیعت ہرگز نہ ہوں اگر چہ وہ ہوا میں اڑتا پھرے یا کوئی اور کرامت دکھاتا پھرے، کیونکہ شریعت کے مقابلہ میں کراموں کی کوئی اہمیت نہیں ہے شریعت کے علم کے سیکھنے اور اسے لوگوں کو سکھانے کے برابر نہ کوئی نیکی ہے اور نہ کوئی کرامت۔

## سفیان ثوریؒ

اسلاف کو علم کے فروغ دینے سے جو دلچسپی تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حضرت سفیان ثوریؒ عسقلان تشریف لائے اور کچھ دن وہاں ٹھہرے اس دوران ان سے علم کی بات یا شریعت کی بات پوچھنے کے لئے کوئی بھی نہ آیا آپ نے فرمایا میرے لئے کرایہ کی سواری کا انتظام کرو، **لاخرج من هذا البلد هذا بلد يموت فيه العلم** تاکہ میں اس شہر سے نکل جاؤں کیونکہ یہ ایک

Marfat.com

ایسا شہر ہے جسمیں رہنے سے علم والے کا علم ضائع ہو جائے گا

(احیاء العلوم ج ا ص ۲۲)

## علماء پر شہید رشک کریں گے

امام غزالیؒ نقل فرماتے ہیں کہ سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا علم کے اٹھ جانے سے پہلے اسے حاصل کرلو اور علم علماء کے اٹھ جانے سے اٹھ جائے گا مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے قیامت کے دن جب شہید حضرات اللہ کے نزدیک ایک عالم کی عزت و احترام دیکھیں گے تو اس وقت رشک کرتے ہوئے کہیں گے کہ کاش ہم علماء ہوتے

(احیاء العلوم ج ا ص ۱۸)

بلاشبہ دونوں جہانوں کی بھلائی علم سے حاصل ہوتی ہے دونوں جہانوں کی سعادت و نیک بختی اسی علم سے ہاتھ آتی ہے۔ جاہل آدمی محض ایک حیوان ہے کیونکہ انسان کی فصل (جو صفت اسے دوسرے حیوانوں سے ممتاز و جدا کرتی ہے) ناطق ہے اور ناطق یابندۃ معقولات کو کہتے ہیں یعنی عقل و شعور رکھنے اور اس سے کام لینے والا تو جس نے علم حاصل نہ کیا اس نے عقل و شعور سے کام نہ لیا تو وہ حیوان کا حیوان ہی رہا۔

## ضروری چیز

لہذا انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس عظیم الشان دولت کے حاصل

Marfat.com

کرنے کی کوشش کرتا رہے اور اس کے حاصل کرنے میں جو رکاوٹیں آئیں ان کو دور کرے۔

## علم حاصل کرنے میں رکاوٹیں

محدث کبیر فقیہ شہید رئیس المتکلمین امام اہلسنت استاذ المحققین و امام المرفقین مولانا شاہ نقی علی خاں والد ماجد مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی اپنے رسالہ ''**فضل العلم و العلماء**'' میں فرماتے ہیں کہ علم کے حاصل کرنے میں آٹھ رکاوٹیں پیش آتی ہیں ایک مسلمان کو چاہیے کہ وہ ان رکاوٹوں کو دور کر کے علم کی دولت حاصل کر کے رہے۔

## پہلی رکاوٹ

پہلی رکاوٹ شیطان ہے شیطان کو جس قدر دشمنی علم اور علم والوں سے ہے اور کسی چیز سے نہیں ہے کیونکہ شیطان نے انسانوں کو گمراہ کرنے اور انہیں اپنے ساتھ دوزخ میں لے جانے کی قسم کھا رکھی ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے

**''فبعزتك لاغوينهم اجمعين''**

ترجمہ:۔

یا اللہ مجھے تیری عزت کی قسم میں سب انسانوں (اور جنوں) کو گمراہ کرونگا۔

اور اللہ تعالیٰ نے شیطان کے گمراہ کن حیلوں حربوں اور اسکے بھٹکانے کے تمام طریقوں کے روکنے کے لئے نبیوں رسولوں کو بھیجا اور ان پر کتابیں اتاریں تا کہ

Marfat.com

رسولوں کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد ان پر نازل شدہ کتابیں لوگوں کے لئے شیطان سے بچنے اور اسکی گمراہ کن باتوں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ بنی رہیں اور حضرت محمد ﷺ نے پردہ فرمانے سے پہلے وصیت فرمائی کہ

## انی تارك فیکم الثقلین

ترجمہ:۔

میں تم میں دو چیزے چھوڑیں جارہا ہوں۔

جب تک تم ان دونوں کو تھامے رہو گے ان کو پڑھتے پڑھاتے اور ان پر عمل کرتے رہو گے تم میرے بعد ہرگز نہیں بھٹک سکو گے، ایک ان میں سے اللہ کی کتاب ہے۔(قرآن مجید) اور دوسری میری سنت (میری تعلیمات و ہدایات جو میری حدیثوں سے ثابت ہیں)

اور یقیناً اللہ کی کتاب اور حضرت محمد ﷺ کی سنت دونوں چونکہ عربی زبان میں ہیں اس لئے عربی زبان کو پڑھے اور اسے عبور حاصل کئے بغیر قرآن وسنت کو سمجھنا مشکل ہے لہذا ضروری ہوا بلکہ فرض قرار پایا کہ علماء کی خدمت میں حاضر ہو اور ان سے علم سیکھا جائے اور جب قرآن وحدیث کا علم آجائے گا تو شیطان کی گمراہ کن کاروائیوں اور اس کے بھٹکانے کے تمام راستوں کا پتہ چل جائیگا اور شیطان یہ نہیں چاہتا لہذا شیطان کو سب سے زیادہ دشمنی علم اور علماء سے ہے اس لئے وہ جس قدر وسوسے علم اور علم کو فروغ دینے سے اور اس پر خرچ کرنے سے روکنے کے لئے دل میں ڈالتا ہے اور کسی نیک کام سے روکنے کے لئے نہیں ڈالتا وہ قرآن کی تلاوت اور قرآن کے حفظ کرنے کرانے سے بھی اور نماز وروزے سے حج وعمرہ وغیرہ کسی بھی کام کا اس

Marfat.com

قدر سخت دشمن نہیں ہے جس قدر قرآن وحدیث اور شریعت کے علوم سیکھنے کا دشمن ہے۔

## شیطان کا مشن

شیطان کا مشن ہے کہ انسان کو نیکی سے روکے اگر انسان ہر صورت نیکی پر تیار ہو جائے تو اس کی کوشش ہوتی ہے کہ پھر اسے کم ثواب یا کم درجہ والی نیکی پر راضی کرے۔ مثلاً پانچوں کی بجائے ایک یا دو نمازوں پر خوش کرنا، زیادہ سخاوت کی بجائے کم سخاوت پر تیار کرنا، ضروری کاموں کی بجائے غیر ضروری کاموں پر خرچ کرانا۔ کوئی علم دین پر خرچ کرنے کی خواہش کرے تو شیطان کہے گا نہیں ہسپتال کو دو یا فلاں رفاہی (ویلفیئر) ادارے کو دیدو۔

غرضیکہ وہ ہر صورت کوشش کرتا ہے کہ انسان کوئی بھی نیکی کرے قرآن وسنت کا علم نہ سیکھے اور نہ ہی اس علم کو فروغ دینے پر خرچ کرے وہ یعنی شیطان علم دین کا سخت ترین دشمن ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہی علم ہے اس لئے وہ باقی نیک کاموں پر خرچ کرنے کا اس قدر سخت دشمن نہیں ہے جس قدر قرآن وسنت کے علوم کو فروغ دینے اور اس پر خرچ کرنے کا دشمن ہے اس لئے وہ اس سے روکنے کے لئے طرح طرح کے وسوسے اور غلط فہمیاں پیدا کرتا ہے اس علم کے سیکھنے والوں کو دلوں میں بھی اور اس پر خرچ کرنے والوں کے دلوں میں بھی۔

لہذا اس کے وسوسوں کو دفع کرنے کے لئے اس علم کی فضیلت وعظمت اور اس پر خرچ کرنے کا جو اجر وثواب بیان ہوا اسکا دل میں تصور کریں گے تو شیطان کے وسوسوں کا دل پر کوئی اثر نہ ہوگا اور اس کی ایک نہیں سنیں گے بلاشبہ قرآن کی آیات

Marfat.com

اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث اور ائمہ دین متین کے فرمودات وارشادات کے مقابلہ میں اس ملعون کے وسوسوں کا کیا اعتبار کیا ٹھکانا اور کیا حیثیت ہے۔

## دوسری رکاوٹ

انسان کا اپنا نفس ہے جو علم حاصل کرنے کی محنت و مشقت سے نفرت کرتا اور آرام و آسائش کی طرف مائل ہے لیکن جب انسان یہ خیال کرے کہ دنیا ایک فانی گھر ہے یہاں ہمیشہ نہیں رہنا اور اس کے مقابلہ میں آخرت ایک ہمیشہ کا گھر ہے اگر میں علم کی طلب اور علم کے حاصل کرنے میں تھوڑی سی محنت و مشقت، جو ہزاروں روحانی لطف و کیفیات اور مزوں سے خالی نہیں، اختیار اور برداشت کروں گا تو اس دنیا میں بڑے بڑے درجے اور آخرت میں بڑے بڑے مرتبے پاؤں گا یہاں دنیا میں اور وہاں آخرت میں لوگ میرے محتاج ہوں گے چنانچہ امام غزالی ؒ احیاء العلوم میں لکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس عالم باعمل کو آسمانوں پر عظیم یعنی بڑا شخص کہتے ہیں۔

(احیا العلوم ج ا ص ۲۱)

تو اس خیال و تصور سے جو بلاشبہ ایک حقیقت ہے محنت و مشقت انسان کے لیے آسان ہو جاتی ہے، یہاں تک کہ ایک عرصہ بعد ایسا مزہ اور لطف حاصل ہوتا ہے کہ اگر ایک دن کتاب نہیں دیکھتا تو اسکا دل بے چین ہو جاتا ہے۔

## تیسری رکاوٹ

Marfat.com

لوگوں سے تعلق، رشتہ داریاں، دوستیاں، ان سے کثرت سے میل ملاپ اوران کا کثرت سے آنا جانا یہ بھی علم کے حصول میں رکاوٹ ہے، علم حاصل کرنے کے لئے تعلقات کی کمی ضروری ہے لوگوں کے تعلق میں کمی کر کے علم شروع کردیں علم کے لئے تھوڑا سا وقت مخصوص کردیں پھر جب علم کا ذوق بڑھتا جائے گا تو کتاب کے شوق اور علم کے ذوق ولطف کی برکت سے علم وکتاب کے سوا دیگر چیزوں میں دل چسپی خود بخود کم ہو جائے گی۔

ہمنشینے به از کتاب مخواہ

که مصاحب بود گہه و بیگاہ

ترجمہ:۔

کتاب کے سوا کسی کو اپنا ساتھی نہ بنا۔ کیونکہ کتاب ایک ایسا دوست ہے جو ہر وقت تیرا ساتھ دے سکتا ہے اور ہر وقت تیرے ساتھ ہے۔

ہمچنیں ہمدم و رفیق که دید

که نرنجیده و ہم نرنجانید

ترجمہ:۔

کتاب کی طرح کا ساتھی کس نے دیکھا ہے۔ جو نہ تو ناراض ہو اور نہ ہی ناراض کرے۔

## چوتھی رکاوٹ

عزت وجاہ اور اپنی شان رکھنے رکھانے کا شوق جبکہ دنیا کی عزت آخرت کی

Marfat.com

عزت کے مقابلہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتی جو شخص محض دنیا کے لئے علم کو چھوڑ دیتا ہے، درحقیقت وہ اپنی جان کو ہمیشہ کی ذلت میں ڈالتا ہے اور جو دنیا کی عزت کے مقابلہ میں علم کو فوقیت اور ترجیح دیتا ہے، اور اسے محنت سے حاصل کرتا ہے اللہ تعالی اسے دنیا کی عزت بھی دیتا ہے اور آخرت کی عزت بھی عطا فرماتا ہے انگریزوں کے زمانہ میں انگریز حکمران بھی علماء کی قدر کرتے تھے جو کچھ علماء مسلمانوں کے معاملات کے بارے میں لکھ دیتے انگریز حکمران اسی پر عمل کرتے تھے۔

آج پوری دنیا میں جہاں جہاں بھی مسلمان اقلیت میں ہیں ان کے بارے میں علماء جو کہتے ہیں وہاں کے حکمران اسی پر عمل کرتے ہیں اور مسلمانوں ملکوں میں بھی جو کچھ علماء لکھ دیتے ہیں حکمران اس پر عمل کرتے ہیں۔

بہرحال علم سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے اسی علم کی برکت سے حضرت آدم کو فرشتوں نے سجدہ کیا اسی علم کی برکت سے حضرت خضر علیہ السلام حضرت موسی علیہ السلام کے استاذ بنے اور اسی علم کی برکت سے حضرت یوسف علیہ السلام مصر کے حکمران بنے۔ جو شخص علم کی قدر ومنزلت جانتا ہے اس کے نزدیک علم کے مقابلہ میں روئے زمین کی بادشاہی بھی کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔

## آپ میرے کام کے نہیں

اعلیحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ کے والد ماجد محدث نقی علی خاں علیہ الرحمۃ اپنے رسالہ ''فضل العلم والعلماء'' میں فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو ملازمت کی ضرورت تھی وہ بادشاہ کے دربار میں پہنچا بادشاہ نے کہا تو جاہل ہے ہمیں

Marfat.com

تیری ضرورت نہیں وہ حجۃ الاسلام امام محمد غزالی کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے علم حاصل کر کے عالم و فاضل ہو گیا اسے علم کی ایسی لذت آئی کہ اس نے عمر بھر علم کی خدمت پر کمر بستہ ہونے کا فیصلہ کر لیا کیونکہ اسے یقین ہو گیا بلکہ حق الیقین ہو گیا کہ یہ دنیا فانی ہے چند روزہ ہے اس دنیا کی ہر چیز فانی ہے دنیا کا گھر آفتوں اور بلاؤں اور طرح طرح کی پریشانیوں کا گہوارہ ہے یہ دولت دنیا کسی کو اطمینان و سکون نہیں دے سکتی، امیروں اور بادشاہوں کو بھی حقیقی سکون حاصل نہیں ہے۔

کیونکہ ان کے دل دنیا کی حرص و ہوس سے بھرے ہوئے ہیں ان کی صحبت سے دنیا کا ہی حرص بڑھتا ہے اور آخرت کی فکر کم ہوتی ہے ایک صاحب ایمان و یقین کے لئے جس کی فکر آخرت ہو، امراء و بادشاہوں کی صحبت خطرے سے خالی نہیں ہے لہذا جہاں تک ممکن ہو ان کی صحبت سے پرہیز کی جائے اس کے برعکس علماء و صالحین کی صحبت اختیار کی جائے۔ پھر اس علم و فضل کی برکت سے اس کی یہ کیفیت ہوئی کہ لوگ اس کی طرف آنے اور یوں اس سے فیض و برکت حاصل کر ہونے لگا اور اس کا احترام بادشاہ سے بڑھ کر کرنے لگے اللہ تعالیٰ نے اس علم و فضل کی برکت سے اسے باعزت روزی بھی دیدی۔

ایک روز بادشاہ نے اسے اپنے دربار میں بلایا اور کچھ سوالات کئے جس کے جوابات اس نے بڑی خوبی سے دیے بادشاہ نے اس سے کہا کہ اب آپ ہماری ملازمت کے لائق ہو گئے ہیں جو عہدہ چاہیں آپ کے لئے حاضر ہے اس نے کہا اس وقت میں آپ کے کام کا نہیں تھا اور اب آپ میرے کام کے نہیں۔ اس وقت آپ نے مجھے پسند نہ کیا اب میں آپ کو پسند نہیں کرتا۔ بس یہ کہا اور اجازت لے کر چلا گیا

Marfat.com

اور جا کر علم کی خدمت میں مصروف ہو گیا۔

## پانچویں رکاوٹ

علم کے حاصل کرنے میں پانچویں رکاوٹ مال و دولت جمع کرنے کا شوق ہے مال و دولت جمع کرنے اور امیر سے امیر تر بننے کا شوق بھی انسان کو علم سے محروم کر دیتا ہے حالانکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ مال دنیا فانی ہے یہ علم کی لازوال دولت کے برابر نہیں ہو سکتا۔ مال دنیا کو جس قدر بھی جمع کریں گے آخر اسے یہاں چھوڑ کر چلے جائیں گے پھر یہ دوسروں کی چیز ہوگی اس میں آپکا حصہ وہی ہے جو آپ نے اپنی زندگی میں اللہ کے لئے دیدیا۔ مگر جو جمع پڑا ہے وہ دوسروں کا ہے۔

وہ یہاں رہ جانے والی چیز ہے جبکہ علم قبر میں ساتھ جاتا ہے اور ہر وقت مدد کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ بہشت میں لے جاتا ہے لیکن اس کے برعکس مال خرچ کرنے سے گھٹتا اور کم ہوتا ہے اور علم کی دولت ایسی دولت ہے اسے جتنا خرچ کریں گے یعنی دوسروں کو دیں گے پڑھائیں گے یہ بڑھتا جائے گا۔ مالدار انسان اپنے مال کا نگہبان، نگران اور محافظ ہے جبکہ علم، عالم کی نگہبانی اور حفاظت کرتا ہے۔ علاوہ ازیں جو شخص محض اللہ کی خوشی کے لئے مال کی بجائے علم حاصل کرتا ہے اور علم کو مال کے اوپر فوقیت و ترجیح دیتا ہے اللہ اسے محتاج نہیں رکھتا جیسا کہ حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے احیاء العلوم شریف میں حدیث روایت فرمائی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**من تفقه فی دین الله عزوجل کفاه الله تعالی ماهمه و رزقه من حیث لا یحتسب**

Marfat.com

ترجمہ:۔

”جس نے اللہ کے دین (قرآن وسنت) کا علم حاصل کیا اللہ اسے ہر اس بات میں کافی ہوگا جو اسے فکر میں ڈالے گی اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا وھم وگمان بھی نہ ہوگا۔“

لہذا علم دین حاصل کرنے والوں کو اور معاش اپنی مستقبل کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ جو اللہ کے دین کی فکر کرتا اور اپنی ساری فکر اس کے دین کے لئے وقف کر دیتا ہے اللہ تعالی اسے معاش میں بے فکر کر دیتا ہے بلکہ گذشتہ حدیث میں لفظ ”**ما اهمه**“ آیا ہے اسمیں ”**ما**“ عام ہے جس کا معنی ہے اسکی ہر حاجت و ضرورت میں اللہ اسے کافی ہوگا۔

## چھٹی رکاوٹ

علم حاصل کرنے میں چھٹی روکاٹ قلت عمر اور کثرت علم کا وھم ہے یعنی انسان جب یہ سوچتا ہے کہ عمر قلیل ہے تھوڑی ہے فرصت کم ہے علم ایک بے کنار سمندر ہے اس تھوڑے وقت میں اس قدر بہت علم حاصل کرنا مشکل ہے۔ یہ سوچ اور یہ خیال بالکل غلط اور جاہلانہ خیال ہے کیونکہ علم ایک بے کنار سمندر ہے لامحدود کا علم تو کسی کو بھی حاصل نہیں ہوتا یہاں تک کہ سرور کائنات حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالی کا حکم ہوا۔

**قل رب زدني علما**

ترجمہ:۔

یعنی اے میرے رب میرے علم کو زیادہ کر، مگر از روئے محاروہ مشہورہ

Marfat.com

''مالایدرک کلہ لایترک کلہ '' کہ جو چیز ساری ہاتھ نہ آئے وہ ساری ہاتھ سے نہ جائے یعنی جس قدر بھی ملے لے لی جائے۔قرآن وسنت نے علم حاصل کرنے کا حکم دیا ہے مگر سارے علم کے حاصل کرنے کا حکم نہیں دیا بلکہ جس قدر بھی زیادہ سے زیادہ حاصل کرنا ممکن ہو حاصل کریں۔لہذ امحنت وخلوص کے ساتھ علم حاصل کرنے والا محروم نہیں رہتا اس میں استعداد و صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے بنیادی چیز عربی گرائمر ہے عربی گرائمر سیکھنے کے بعد علوم میں غوطہ لگانے والے کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے سمندر میں پھرنے والی مچھلیاں اپنی طاقت کے مطابق سمندر میں سیر کرتی ہیں مگر کوئی مچھلی سارا سمندر نہیں پھر سکتی۔

علوم دینیہ احکام شریعت ہیں جو ظاہر قرآن میں پانچ سو اور حدیثوں میں تین ہزار ہیں بس ان ساڑے تین ہزار ظاہری احکام کے علم آجانے کی برکت سے وہ علوم حاصل ہو جاتے ہیں جو انسان کے وھم وگمان میں بھی نہیں ہوتے بلکہ بنیادی چیز تو عربی گرامر صرف ونحو واصول فقہ اور علم معانی ہے درس نظامی کے ماہرین کا فرمان ہے کہ صرف میں شافیہ، نحو میں کافیہ،اصول فقہ میں حسامی اور علم معانی میں تلخیص اچھی طرح از بر وضبط کر لینا سے درس نظامی پر عبور حاصل کرنے کو کافی ہے لیکن آج کے دور میں ان کے بدلے جدید اور آسان کتابیں بھی ہیں جن کو پڑھنے سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

پھر حدیث شریف میں ہے کہ

**من عمل بما علم یورثہ اللہ علما من حیث لایحتسب**

Marfat.com

ترجمہ:۔

جس نے اپنے علم پر عمل کیا اللہ اسے وہاں (غیب) سے علم دے گا جہاں سے اس کا وہم وگمان نہ ہوگا علم جس قدر بھی ہو نور ہے روشنی ہے نہ ہو تو اندھیرا ہے، اندھیرا بہر حال برا ہے اور روشنی بہر صورت اچھی ہے خواہ تھوڑی ہو۔اور اگر کوئی مطلوبہ حد تک علم حاصل نہیں کر سکے گا اور اسکی طلب میں مر جائے گا تو وہ قیامت کے دن علماء میں اٹھایا جائے گا۔کیا اس قدر فائدہ کم ہے؟

اللہ تعالیٰ اسے جزاء دے جس نے یہ کہا

در راہ تو بمیرم گرچہ ترانہ بینم

بارے خلاص یابم از ننگ زندگانی

یعنی اے محبوب میری آرزو یہ ہے کہ تیرے راستہ میں مجھے موت آجائے اگرچہ میں تجھے نہ دیکھ پاؤں۔

تجھ سے دور یا تیرے بغیر میری زندگی کا جو مجھ پر قابل نفرت بوجھ ہے میں اس سے تو خلاصی پاؤں گا۔

## عالم کی مجلس میں حاضری کے سات فائدے

امام ابو اللیث سمرقندیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص عالم کی مجلس ومحفل مین جائے اسے سات فائدے حاصل ہوتے ہیں اگرچہ وہ اس سے علمی فائدہ نہ بھی اٹھا سکے۔

☆ (۱) ایک یہ کہ جب تک عالم کی مجلس میں رہے گا گناہوں اور فسق و فجور (اللہ کی نافرمانی) سے بچا رہے گا۔

Marfat.com

☆ (۲) دوسرا یہ کہ طالب علموں یعنی علم کے طلبگاروں میں شمار ہوگا۔

☆ (۳) تیسرا یہ کہ علم کی طلب کا ثواب پائے گا ہے جو سب عبادتوں کے ثواب سے زیادہ ہے۔

☆ (۴) چوتھا یہ کہ عالم کی مجلس پر اللہ کی طرف سے سکون واطمینان اور رحمت و برکت نازل ہوتی ہے یہ اس میں شریک وحصہ دار ہوتا ہے۔

☆ (۵) پانچواں یہ کہ جب تک علم کی باتیں سنتا رہے گا سب عبادتوں سے افضل عبادت کا ثواب پاتا رہے گا۔

☆ (٦) چھٹا یہ کہ جب اسے عالم کی کوئی عالمانہ بات سمجھ میں نہیں آئے گی تو اس کا دل ٹوٹے گا اور افسوس ہوگا اس افسوس اور اپنی کم علمی کے احساس اور دل ٹوٹنے پر بھی اسے اجر وثواب ملے گا اور دل ٹوٹنے والوں میں لکھا جائے گا اور دل ٹوٹنے والوں کے بارے میں اللہ تعالی کا فرمان ہے ''**انا عند المنکسرة قلوبھم**'' کہ میں دل ٹوٹنے والوں کے پاس ہوں۔

☆ (۷) ساتواں یہ کہ وہ علم وعلماء کی عزت اور جہل وفسق کی ذلت سے واقف ہوجاتا ہے اس پر بھی اسے ثواب ملے گا اور یہ ثواب اس ثواب کے علاوہ ہے جو عالم کی مجلس میں حاضر ہونے کی وجہ سے ملتا ہے۔

## ہوا میں پرندے علماء کا ذکر کرتے ہیں

امام غزالی احیاء العلوم میں بعض حکماء کے حوالہ سے فرماتے ہیں انہوں نے فرمایا کہ جب عالم کا انتقال ہوتا ہے تو مچھلیاں پانی میں اور پرندے ہواؤں پر روتے

Marfat.com

ہیں پھر گو وہ کی صورت تو نہیں دیکھتے مگر اس کا ذکر کرتے رہتے ہیں یوں عالم کا تا قیامت چرچا باقی رہے گا۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۱۹)

## ساتویں رکاوٹ

علم کے حصول کے میں بعض اوقات استاذ کی بے جا سختی یا سخت مزاجی بھی رکاوٹ بن جاتی ہے بلاشبہ ایسے استاذوں کی کمی ہے جو طالب علموں کو اپنے بیٹے اور بچے سمجھ کر پڑھائیں عام استاذہ بے جا سختی کرتے اور سخت مزاجی برتتے ہیں اس کی وجہ سے بھی طالب علم، علم سے متنفر ہو کر بھاگ جاتے ہیں اور علم سے محروم رہ جاتے ہیں۔ استاذوں کو چاہیے کہ وہ طالب علموں کے ساتھ اپنے بیٹوں اور بچوں کا سا سلوک کیا کریں شفقت و محبت سے پڑھائیں۔ ان کو پورا وقت دیں۔

اچھی طرح سمجھائیں بلکہ ان سے کہلوائیں اور اپنے سامنے دھروائیں، ان کی علمی ترقی کی فکر کریں، پچھلا سبق سنکر آگے کا سبق دیا کریں، ہفتہ وار پھر ماہ وار پھر تین ماہ بعد پچھلے سارے پڑھے ہوئے اسباق کا امتحان لیا کریں۔ جس قدر ہو سکے تعلیم میں سختی کریں مگر مار پیٹ اور جسمانی تشدد کرنے سے بچیں کیونکہ یہ بھی طلباء کے لئے علم کے حصول میں رکاوٹ ہے۔

## آٹھویں رکاوٹ

آٹھویں رکاوٹ معاش (روزی) کی فکر ہے معاش کی فکر سے مراد ضرورت کی حد تک مال کا حصول ہے یعنی بعض اوقات تنگدستی اور اس قدر مالی وسعت کا نہ ہونا

Marfat.com

کہ جس کی وجہ سے گھر کا خرچ بھی چلے اور علم بھی حاصل کرے۔ پھر بھی کوشش کریں کہ گھر کی ضرورت کے مطابق کمانے کے بعد جو بھی وقت ملے اس میں عالم کی خدمت میں حاضر ہو کر علم سیکھنا شروع کریں تو انشاء اللہ تھوڑا تھوڑا کر کے سیکھتے رہنے سے مکمل عالم ہو جائے گا۔ بہر صورت پہلے روزی کا انتظام بقدرت ضرورت ضروری ہے اس کے بغیر تعلیم و تعلم پر دل نہیں لگے گا جیسا کہ کہتے ہیں۔

پراگندہ روزی پراگندہ دل

کہ جس کو روزی کی فکر ہو گی اس کا پڑھنے پڑھانے پر دل بھی نہیں لگے گا۔

## کسب حلال

بے شک کسب حلال ضروری ہے جس کے ذریعے انسان روزی سے بے فکر ہو کر علم حاصل کرے لیکن جہاں کوئی اسکی کفالت کرنے کو تیار ہو کوئی شخص ہو یا ادارہ اسے غنیمت سمجھتے ہوئے تحصیل علم میں مصروف و مشغول ہو جائے۔

حدیث شریف میں ہے جسے امام ابو اللیث سمرقندیؒ نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ

**افضل الاعمال علی وجه الارض طلب العلم و الجهادو الکسب**

(تنشرطی التعریف ۱۰۳)

ترجمہ:۔

روئے زمین پر سب سے افضل اور سب سے بہتر کام علم دین حاصل کرنا اور

Marfat.com

جہاد اور کسب حلال ہے۔

اس حدیث میں علم کا پہلے ذکر فرما کر اس کے افضل سے افضل عمل ہونے کی طرف اشارہ فرمایا۔

## امراء سے گذارش

اعلحضرت بریلویؒ کے والد ماجد حضرت نقی علی شاہ محدث بریلویؒ لکھتے ہیں کہ مسلمان امیروں اور رئیسوں اور مالداروں پر دین کے علم کو پڑھنے پڑھانے والے علماء و مدارس کی امداد و اعانت کرنا فرض ہے مدرسین کی تنخواہیں دیں طلبہ کے اخراجات اٹھائیں بلکہ ان کو وظائف دیں تاکہ انہیں علم حاصل کرنے کا شوق ہو فقیر غلام سرور قادری عرض کرتا ہے جیسا کہ امام ابو عبید فرماتے ہیں کہ "**ان عمر بن الخطاب کتب الی بعض عماله ان اعط الناس علی تعلم القرآن**

(کتاب الاموال ص ۲۶۱)

ترجمہ:۔

یعنی حضرت عمرؓ نے اپنے بعض گورنروں کو لکھا کہ طالب علموں کو قرآن کے علم حاصل کرنے پر وظائف دیا کرو اسی طرح ہر زمانہ میں علماء اور علم دین کے طالب علموں کو معاش کے معاملہ میں بے فکر رکھنے کی کوشش ہوتی رہی ہے۔

اعلحضرت کے والد ماجد محدث محمد نقی علیؒ فرماتے ہیں کہ امراء و اغنیاء اور مالداروں کو اس بات پر یقین رکھنا چاہیے کہ اس نیکی یعنی دین کے پڑھنے پڑھانے کا

Marfat.com

ثواب سب نیکیوں سے بڑھ کر ہے اور یہ کہ جس قدر ثواب پڑھنے پڑھانے والے طلباء وعلماء کرام کو ملے گا اسی کے برابر ثواب ان پر خرچ کرنے والوں کو بھی ملے گا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ

## الدال علی الخیر کفاعله

(مجمع الزوائد ج ۱ ص ۱۶۶)

ترجمہ:۔

جو شخص کسی کو نیکی کے راستہ پر چلائے گا اسے نیکی کے راستے پر چلنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔

اس کے علاوہ صحاح ستہ (حدیث کی چھ مشہور کتابوں) میں اس مضمون کی اور بھی حدیثیں ہیں اور سمجھ لیجئے کہ اوقات اور حالات کے اعتبار سے انسان کے نیک کاموں کا ثواب مختلف ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام جنہوں نے ابتداء اسلام میں دین یعنی قرآن وسنت کے علم کو رواج وفروغ دینے میں اور (اس علم) کو گھر گھر پہنچانے میں بے حد اور انتھک کوشش کی اور دین کے غلبہ کے لئے جاں نثاری کی ان (صحابہ) کا ثواب دوسرے لوگوں کے ثواب کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے اور ان کا درجہ بھی اور لوگوں کے مقابلہ میں بڑا ہے لہذا جو لوگ اس زمانہ میں جسمیں دین غریب ومسکین ہو کر رہ گیا ہے علم دین کی ترویج وتائید میں کوشش کریں گے اپنے وسائل، اپنے مال اور اپنے اوقات کے ذریعے اس علم کو گھر گھر پہنچائیں گے اور قرآن وسنت اور شریعت کے علوم کو پھیلانے میں خود بھی کوشش کریں گے اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کو بھی اس طرف لائیں گے بلاشبہ وہ اگلے بادشاہوں اور امیروں

Marfat.com

اور مالداروں سے جنہوں نے اس طرح دین کی خدمت کی زیادہ اجر وثواب پائیں گے۔

کیونکہ وہ ان کی بہ نسبت زیادہ مالی طاقت اور وسائل رکھتے تھے اور ان کے وقت وزمانہ میں علم کی روز بروز ترقی تھی لیکن اس کے برعکس آج کے دور میں اسلام کی محبت لوگوں کے دل میں ویسی نہیں اور نہ ہی قرآن وسنت یعنی دین کا علم پڑھنے کا شوق ہے لوگوں میں دنیا کمانے کی ہوس انتہاء کو پہنچ چکی ہے جس کے نتیجے میں دین کا علم کم ہوتا جارہا ہے نہ کوئی اسے شوق سے پڑھتا ہے اور نہ پڑھاتا ہے مگر بہت تھوڑے لوگ ہیں جن میں اس کے پڑھنے اور پڑھانے کا شوق ہے اور ان کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے اگر یہی صورت رہی تو تھوڑے ہی عرصہ میں اس ملک میں علم دین کا نشان بھی نہیں رہے گا اور جب علم نہ رہے تو دین بھی نہ رہے گا پھر عوام فرائض وواجبات اور نماز وروزے کے احکام کس سے پوچھیں گے، شیطان کے وسوسوں اور شیطانوں کے جو دین پر اعتراضات ہیں یا ہوں گے وہ کس سے پوچھیں گے اور ان کے جوابات کن سے لیں گے آخر کار گمراہ ہو جائیں گے اور جو لوگ محض تقلید میں (باپ دادا کی رسم سمجھتے ہوئے) دین پر رہ جائیں گے وہ برائے نام مسلمان ہوں گے۔

## علماء کا اٹھ جانا

علماء کا اٹھ جانا بہت بڑی مصیبت ہے اور علم دین کا ختم ہو جانا قیامت کے آنے کی علامت ہے امام محی السنۃ بغویؒ معالم التنزیل میں حضرت سعد بن جبیرؓ سے نقل فرماتے ہیں کہ علماء کی موت لوگوں کی ہلاکت وبربادی کی علامت ہے یعنی جب

Marfat.com

علماء اٹھ جائیں گے تو لوگ ھلاک ہو جائیں گے حضرت عطا خراسانیؒ کے فرمان ''ناتی الارض ننقصها من اطرافها'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ زمین کی کمی اور تنگی سے مراد علماء وفقہاء کی موت ہے

(الدر المنثور ج۴ ص۶۸)

یعنی جب علماء نہ رہیں گے تو لوگ بیلوں اور گدھوں کی طرح عقل سے خالی اور بے مہار اونٹ کی طرح بے باک اور دین سے آزاد ہو جائیں گے جس کے نتیجے میں سارا نظام تباہ و برباد ہو جائیگا اور قتل و غارت شروع ہو جائیگی اور طرح طرح کی خطرناک وبائیں اور بلائیں زیادہ ہوں گی جس کا منظر ہم آج دیکھ رہے ہیں تو زمین چاروں طرف سے ویران ہو جائیگی اور مخلوق روز بروز کم ہوتی جائے گی یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائیگی۔

## تخلیق عالم کا مقصد

اس بات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ تخلیق عالم کا مقصد اللہ تعالی کی عبادت و معرفت ہے اور جب عالم نہ رہیں گے عبادت و معرفت کی تعلیم کون دے گا پھر جب تعلیم نہ ہوگی تو عبادت و معرفت بھی نہ ہوگی اور جب عالم نہ ہوں گے اور عبادت و معرفت بھی نہ ہوگی اور یوں دونوں نہیں ہوں گے اور یہ جہاں دونوں سے خالی ہو جائیگا اور اس کا مقصد باقی نہ رہے گا تو (یہ جہان) نکما اور مٹانے کے قابل ہو جائیگا لہذا قیامت آکر اس جہان کو مٹا دیگی۔ یہاں سے ظاہر و واضح ہوا کہ جس طرح دین کا باقی رہنا علم دین کے بغیر ناممکن ہے اسی طرح اس کے بغیر جہان کا باقی رہنا بھی بے کار

Marfat.com

ہے لہذا علم کی دولت کو کھونا دونوں جہانوں کی دولت زندگی سے ہاتھ دھونا ہے۔

اعلیٰحضرت کے والد ماجد محدث نقی علی خاں علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

## اپیل

از والد ماجد اعلیٰحضرت بریلوی علیہ الرحمۃ

"لہذا مسلمانو! خدا کے لئے خواب غفلت سے بیدار ہو جاؤ اور علم دین جو سفر آخرت کا سرمایہ ہے کو مٹ جانے سے روکو۔ تم شب و روز دنیا کے جھگڑوں میں مشغول رہتے ہو کسی وقت تو علم دین کی طرف توجہ کرو، ہزاروں روپے بلکہ لاکھوں روپے اس فانی دنیا کے آرام و آسائشوں کے لئے خرچ کرتے ہو کچھ تو ہمیشہ کی زندگی یعنی آخرت کے لئے بھی خرچ کرو اور علم دین کو فروغ دینے میں فراخ دلی کے ساتھ مال خرچ کرو کہ یہ وہاں تمہارے اپنے کام آئے گا اور یہاں تمہیں اس کی برکت سے اللہ ہر بلا سے بچائے گا ورنہ بعد میں ندامت اور افسوس کے ہاتھ ملو گے پھر حسرت کرو گے کہ ہم علم دین پڑھتے یا پڑھنے والوں سے محبت کرتے اور ان پر خرچ کر کے اسے فروغ دینے کی سعادت حاصل کر کے علماء کی رفاقت اور ان کے گروہ میں اٹھتے، آج موقع ہے اس سے فائدہ اٹھالیں۔" ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری مؤلف کتاب ہذا عرض کرتا ہے کہ بعض لوگ علم دین کو فروغ دینے پر خرچ کرنے کی بجائے دوسرے نیک کاموں پر شوق سے خرچ کرتے ہیں جبکہ علماء دین کا اتفاق ہے کہ

**نفقة درهم في طلب العلم خير من عشرة آلاف درهم ينفقها في سبيل الله** (نشرطی التعریف ۵۱)

Marfat.com

ترجمہ:۔

کہ علم دین کی طلب اور اس کو پھیلانے میں ایک درھم خرچ کرنا دوسری جگہ راہ خدا میں دس ہزار درھم خرچ کرنے سے بہتر ہے۔یہی عقل کا بھی تقاضا ہے کیونکہ عقل کے نزدیک کائنات میں ''علم دین'' سے بہتر بلکہ اس کے برابر کوئی دولت اور کوئی نعمت نہیں لہذا اسپر خرچ کرنا بھی سب کاموں پر خرچ کرنے کے مقابلہ میں زیادہ ثواب ہے۔

قارئین کرام!

اعلحضرت عظیم البرکتہ کے والد ماجد حضرت نقی علی خاںؒ کا رسالہ مبارک ''**فضل العلم و العلماء** '' بھی یہاں تک ہماری کتاب میں مکمل شامل ہوگیا۔والحمدللہ علی ذلک۔**و صل الله على خيرتعالى خلفه سيدنا محمد و على آله و صحبه و بارك وسلم** محتاج دعاڈاکٹرمفتی غلام سرور قادری۔

اس کے بعد ہم مقام علم وعلماء کے متعلق مزید دلائل لاتے ہیں ملاحظہ فرمائیں

## علمی ترقی کیسے ہو؟

امام غزالیؒ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ علمی ترقی حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے تم عالم کی خدمت میں حاضر ہو اور خاموش ہو کر بیٹھو پھر جو عالم فرمائے اسے اچھی طرح سنو اور سمجھو جو بات سمجھ نہ آئے ادب کے ساتھ اس کی وضاحت پوچھو جو وضاحت ہو اسے اچھی طرح سمجھ لو پھر جو کچھ سنا اور سمجھا اسے لکھ لو اور

Marfat.com

لکھ کر حفظ کرلو تا کہ تم اس لکھے ہوئے کے محتاج نہ رہو کہتے ہیں کہ آپ کا علم وہ ہے جو آپ کے دماغ یا سینے میں ہے وہ نہیں جو کاپی یا کتاب میں ہے پھر جو حفظ کرلیا حفظ کا مطلب بعینہ ان الفاظ کا من وعن یاد کرنا نہیں بلکہ اس کا مطلب و مفہوم یاد کرنا یعنی قاعدہ یا مسئلہ یاد کرنا ضروری ہے اس کے الفاظ کو یاد کرنا ضروری نہیں ہاں اگر وہی الفاظ بھی یاد ہو جائیں جو عالم کے الفاظ ہیں تو بہتر ہے مگر ضروری نہیں، تو جو حفظ کرلیا یا جو علم میں آگیا اگر وہ عمل سے متعلق ہے تو پہلے اس پر عمل کرو پھر اسے دوسروں کو بتاؤ یا پڑھاؤ یا اسے تحریر کی صورت میں دوسروں تک پہنچاؤ یا تقریر و تبلیغ کے طریقہ سے دوسروں تک پہنچاؤ اس سے علم بڑھے گا اور مضبوط بھی ہوگا۔

پھر لکھتے ہیں (یعنی امام غزالیؒ) کہ

علم علمك من يجهل و تعلم ممن يعلم ما تجهل

ترجمہ:۔

جو کچھ تم نے پڑھا ہوا ہے اسے ان پڑھوں کو پڑھاؤ اور جو تم نہیں پڑھے وہ عالم سے پڑھ لو۔

یعنی پڑھاؤ بھی اور پڑھو بھی ۔ ہاں اگر استعداد کتابیں سمجھنے کی ہو لیکن پڑھانے والا نہ ہو تو خود کتابوں سے استفادہ کرکے اپنے علم کو بڑھاؤ۔

## فتنوں سے حفاظت

حدیث شریف میں ہے جسے امام شہاب زھری نے اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

Marfat.com

**ان الفتنة تجیء فتنسف العباد نسفا ینجو منها العالم**

(نشر طی التعریف ۷۵)

ترجمہ:۔

(میرے بعد) فتنے آئینگے جو بندوں کو برباد کردیں گے ان سے عالم دین نجات پائیں گے۔

لھذا فتنوں سے بچنے کے لئے علماء کی محبت وعقیدت اور صحبت نہایت ہی ضروری ہے اس لئے قرآن کریم میں فرمایا کہ

**یاایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین ۔**

ترجمہ:۔

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچ والوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

## سچ والے کون

سچ کیا ہے اور سچ والے کون ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ سچ قرآن اور سچ والے قرآن کے علم والے یعنی علماء ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

**ومن اصدق من اللہ قیلا**

Marfat.com

ترجمہ:۔

اللہ سے بڑھ کر کس کا کلام سچا؟

اللہ تعالیٰ کا کلام ہی سب سے بڑا سچ ہے۔لہذا ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو علماء کے ساتھ ہونے کا حکم دے رہا ہے۔اور اسی میں مسلمانوں کی نجات ہے۔

## علماء کا وسیلہ پکڑو

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں حکم دیا ہے کہ

"یا ایھاالذین امنواتقو الله واتبغو الیه الوسیلة وجاھدوافی سبیله للعلکم تفلحون ٥"(المائدہ پ٦)

ترجمہ:۔

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو (اسکے احکام پر عمل کرو) اور اسکی طرف جانے اور ترقی کرنے کے لئے وسیلہ ڈھونڈو اور اس کے راستے (شریعت پر عمل کرنے) میں خوب محنت کرو تاکہ تم (دنیا و آخرت میں) کامیاب ہو جاؤ۔

تفسیر روح البیان میں ہے

وھی علماء الحقیقة ومشائخ الطریقة

(ج ٢ ص ٢٨٨)

ترجمہ:۔

کہ وسیلہ سے مراد قرآن وسنت کے علم والے علماء اور باعمل بزرگان دین

Marfat.com

ہیں۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنے والد ماجد شاہ عبدالرحیمؒ سے

''**القول الجمیل**'' کے صفحہ ۲۱ پر اور حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ''**ضیاء القلوب**'' کے صفحہ ۴ پر اور شاہ اسمٰعیل دہلوی ''**صراط مستقیم**'' کے صفحہ ۳۳ پر لکھتے ہیں کہ یہاں وسیلہ سے مراد علماء حق میں سے کسی عالم کامل کا وسیلہ پکڑنا مراد ہے۔

غرضیکہ علماء دین کا مقام و منصب یہ ہے کہ ان کا دامن پکڑا جائے اور ان کی ھدایات پر چلا جائے اسی میں نجات ہے اور اسی مین کامیابی ہے۔

علماء کے اٹھ جانے سے علم اٹھ جائے گا میں اس بات سے ڈر رہا ہوں کہ کہیں تمہاری طرف بھی علم ضائع نہ ہو جائے جیسے ہمارے ہاں ضائع ہو چلا ہے۔

## حضرت فضیل بن عیاضؒ

علامہ شیخ محمد صالح فرفور دمشقیؒ فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ حضرت فضیل بن عیاضؒ کے ہیں جب حج کے موقع پر آپ کی خلیفہ ہارون الرشید سے ملاقات ہوئی اور دونوں کے درمیان بڑی مفید اور ضروری گفتگو ہوتی رہی، ہارون الرشید کو حضرت فضیل بن عیاضؒ نے ہدایات فرمائیں جن سے ہارون بہت خوش ہوا اور جب ہارون الرشید وہاں سے اٹھنے لگا تو حضرت فضیل بن عیاضؒ نے ایک انتہائی نفع بخش اور اہم نصیحت کا تحفہ دینے کا ارادہ فرمایا کیونکہ اللہ تعالی نے علماء پر فرض فرمایا ہے کہ وہ امراء کو اور حکمرانوں کو ہمدردانہ نصیحتیں فرماتے اور انکی راھنمائی کرتے رہیں یوں نہ کریں کہ ان

Marfat.com

سے دنیاوی فائدے حاصل کریں، مال ودنیا، عہدے اور مناصب ومراتب تولیں مگر ان کو نصیحتیں نہ کریں انکی غلطیوں کی نشاندہی نہ کریں، ان کی اصلاح کی بات نہ کریں جیسے بعض نام نہاد علماء کرتے ہیں تو آپ نے ہارون الرشید سے فرمایا

**یا امیر المؤمنین ،انی اخشیٰ ان یکون العلم قد ضاع قبلك كماضاع عندنا**

ترجمہ:۔

اے امیر المؤمنین مجھے ڈر ہے کہ کہیں علم تمہاری طرف سے تمہارے علاقہ میں ضائع نہ ہوجائے جیسے ہمارے ہاں ضائع ہوگیا۔ ہارون الرشید نے عرض کی ہاں بات یہی ہے جو آپ نے فرمایا یہ نصیحت ہارون الرشید کے دل میں رہی یہاں تک کہ وہ حج کے فرائض بجالاکر فارغ ہوگیا اور عراق واپس آیا تو سب سے پہلے اس نے جو کام کیا وہ یہ تھا کہ اس نے اپنے ملک (اسلامی ریاست) کے تمام شہروں اور لشکر کے جرنیلوں اور حکمرانوں کے نام حکم جاری فرمایا جس میں علماء کرام، ائمہ اور خطباء کرام کے بارے میں لکھا کہ یہ لوگ قابل توجہ ہیں اور یہ کہ

**هم سرج الامة يهتدى بهديهم فيصلحون ما افسد الناس ۔**

ترجمہ:۔

علماء امت کے چراغ ہیں جن کے کردار سے ھدایت پائی جاتی ہے تو یہ حضرات ہراس چیز کو درست کرتے ہیں جسے لوگ بگاڑ دیں۔

(من نسمات الخلود ۵۳)

Marfat.com

ہارون الرشید نے مزید لکھا کہ

☆ ا۔ جو حضرات تمہارے ہاں اذان دیتے ہیں ان کا ماہانہ وظیفہ ایک ہزار دینار لکھ دو۔

☆ ۲۔ اور جو قرآن کا علم پڑھتے ہیں پھر قرآن پڑھ کر اس کے علم تفسیر و تحقیق و فقہ وغیرہ سیکھنے میں مصروف ہو گئے ہوں ان کا ماہانہ وظیفہ دو ہزار دینار لکھ دو (تا کہ وہ علم میں زیادہ دلچسپی لیں اور انہیں دیکھ کر لوگ اپنے بچوں کو اس طرف لائیں)۔

☆ ۳۔ اور جس نے قرآن کا علم جمع کر لیا اور حدیث بھی پڑھ لی اور فقہ کا علم حاصل کر کے اس پر عبور حاصل کر لیا اور عالم و فاضل ہو گیا اس کا ماہانہ وظیفہ چار ہزار دینار لکھ دو۔ اور اس سلسلہ میں اپنے قرب جوار کے علماء و فضلاء سے مشورہ بھی لو کہ کون کس قدر وظیفہ کا حقدار ہے تو یاد رکھو کہ

**فاسمعوا قولهم واطيعوا امرهم فان الله تعالى يقول "يا ايها الذين آمنوا اطيعوا الله واطيعوا الرسول واولى الامر منكم" والوا الامرهم اهل العلم المخلصون فى دعوتهم**

(من نسمات الخلود ۵۵)

علماء کی بات توجہ سے سنو اور ان کی پیروی کیا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے۔

"اطيعوا الله واطيعو الرسول واولى الامر منكم (النساء ۵۹)"

Marfat.com

ترجمہ:۔

''اللہ کا حکم مانو اور اس کے رسول ﷺ کا حکم مانو اور ان کا جو تم میں سے (اللہ کے) حکم (کو جاننے) والے ہیں اور بلاشبہ یہ حکم والے وہ علماء ہیں جن کا کام ہی لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف بلانا ہے''

جب ہارون الرشیدؒ کا یہ حکم ان کے مقرر کردہ حکمرانوں افسروں اور فوج کے جرنیلوں کو پہنچا تو انہوں نے خلیفہ کے حکم کی دل و جان سے پیروی کی تو اس سے پوری اسلامی ریاست میں ایک علمی تحریک قائم ہوگئی جبکہ اس سے پہلے لوگ علم سے بے نیاز اور بے پرواہ ہو رہے تھے خلیفہ کے فرمان سے لوگ قرآن و سنت کے علوم سیکھنے کی طرف متوجہ ہوئے اور بھرپور طریقے سے سیکھنے لگے اور جا جا کر علم کے چشموں (علماء) سے علم کی پیاس بجھاتے پھر دوسروں کو سکھاتے اور نفع پہنچاتے اور علم کے ایسے حریص ہوگئے جیسے دنیا دار لوگ دنیا کے مال و متاع کے حاصل کرنے اور دنیا کمانے کے حریص ہوتے ہیں۔

اسکے بعد علامہ شیخ محمد صالح فرفور دمشقی لکھتے ہیں کہ امام ابن المبارک بھی اس حج میں ہارون الرشید کے ہمراہ تھے انہوں نے حضرت فضیل بن عیاضؒ کی بات جو انہوں نے ہارون الرشید سے فرمائی سنی تھی، امام ابن المبارک نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ و خلفاء اور صحابہ کے زمانہ کے بعد ہارون الرشید کے زمانہ میں سب سے زیادہ علم دین کی رونق اور شہرت دیکھی علامہ محمد صالح فرفور لکھتے ہیں کہ امام عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں کہ ہارون رشید کے زمانہ میں علم دین کی ترقی کا یہ حال تھا کہ آٹھ آٹھ سال کے بچے قرآن کے علوم (حفظ و تجوید و قراءۃ و معانی و احکام و تفسیر) کو اپنے

Marfat.com

سینے میں جمع کر لیتے اور گیارہ گیارہ سال کی عمر کو پہنچ کر حدیث وفقہ وشعراء عرب کے دیوانوں کے حافظ ہو جاتے اور اپنے اساتذہ کے ساتھ کسی بھی مسئلہ میں مکمل بحث کر سکتے تھے اور بلا شبہ اس زمانہ میں امت علم کے میدان میں آگے بڑھ گئی اور اس نے جہالت وغفلت اور سستی کی چادر اپنے سے دور پھینک دی اور اس زمانہ میں علم واخلاق کی حکمرانی قائم ہوگئی اس کے بعد مدارس کی بنیاد رکھی جانے لگی اور قرآن وسنت کے علوم کے لئے مدارس قائم کرنے میں علماء سے بڑھ کر حکمران آگے آگے تھے

اس کاوش وجد وجہد کے نتیجے میں انہوں نے اپنے بعد ہمارے لئے علم کے ایسے ایسے خزانے چھوڑے ہیں جو قیامت تک ان کی شاندار یادگار ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین صدقہ جاریہ ہیں آج کے علماء وفقہاء ان کے نام دیکھ کر اور ان کے کام ملاحظہ کر کے بے ساختہ ان کو دعائیں دیتے ہیں اور یہ دعائیں اس وقت سے لے کر آج تک جاری ہیں اور قیامت تک جاری رہیں گی کیا ہی خوش قسمت بلکہ قابل رشک قسمت کے مالک ہیں وہ علماء وسلاطین اور امراء اسلام جنہوں نے اپنی صلاحتیں اور اپنی کمائی اور اپنی دولت علم پر لٹا کر اپنی تاریخ سنہری الفاظ میں رقم کرائی آج ان کے علمی ذخیرے ان کے ایمان وذوق دین متین اور حب مصطفے ﷺ وعشق رب العالمین کی گواہی دے رہے ہیں۔ بس یہ وہ وقت تھا کہ امت کا علمی اور سنہری دور معرض وجود میں آیا جسکی بنیاد تقوی تھا اور حقیقت یہ ہے کہ امراء وحکمران جب ایسے ذوق والے ہوں تو وہ ایسے ہی کارناموں میں آگے آگے ہو کر امت کی قیادت کرتے ہیں سچ کہا گیا ہے کہ

''فان صلح صلحوا وان فسد فسدوا''

Marfat.com

حکمران و امراء کا طبقہ جب دین کا کام کریگا اور اچھا ہوگا تو لوگ بھی اچھے ہوں گے اور دین کا کام کریں گے اور حکمران و امراء کا طبقہ جب دین سے دور ہوگا اور خراب ہوگا تو عوام بھی خراب اور دین سے دور ہو جائیں گے۔

(من نسمات الخلود ٥٦)

## حضرت عمرؓ کے مشیر

حضرت عمرؓ کا دور اسلام کا انتہائی کامیاب اور قابل تقلید دور تھا اور اسکی واحد وجہ آپ کی مجلس مشاورت ہے جسمیں علماء وفقہاء تھے قرآن وسنت کے عالم و فاضل تھے۔

چنانچہ سیدنا عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں کہ

**کان القراء اصحاب مجالس عمر و مشاورته کهولا کانوا او شبانا**

(صحیح بخاری باب خذالعفو وامربالعرف ج٢ص ٦٦٩)

ترجمہ:۔

حضرت عمرؓ کی مجلس مشاورت والے قرآن کے عالم و فاضل لوگ ہوتے تھے خواہ بڑی عمر کے ہوتے یا نوجوان ہوتے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ جس حکمران کی مجلس مشاروت میں علماء وفضلاء لوگ ہوں گے اس کی حکومت تادیر چلیگی اور جس حکمران کی مجلس مشاورت میں علماء نہ ہوں گے وہ ناکام ہوگا۔

Marfat.com

# راسخ فی العلم کون؟

قرآن کریم میں جو" **والراسخون فی العلم** "کا ذکر ہوا ہے
اس کی تفسیر میں امام مالک بن انسؒ نے فرمایا راسخ فی العلم وہ عالم ہے۔

**"العالم العامل بما علم المتبع له "**

ترجمہ:۔

وہ عالم ہے جو اپنے علم پر عمل کرے اور اس کے پیچھے چلے۔
اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ "راسخ فی العلم" وہ علماء ہیں جن میں درج ذیل چار باتیں پائی جائیں۔

☆ ا۔ **التقوی بینه و بین الله**

ترجمہ:۔

اس کے اور اللہ کے درمیان تقوی ہو۔
یعنی وہ اس وقت بھی اللہ سے ڈرے اور خلاف شریعت کام نہ کرے جب اسے اللہ کے سوا کوئی نہ دیکھتا ہو۔

☆ ۲۔ **التواضع بینه و بین الخلق**

ترجمہ:۔

لوگوں کے ساتھ تواضع سے پیش آئے تکبر سے پیش نہ آئے۔

☆ ۳۔ **الزهد بینه و بین الدنیا**

ترجمہ:۔

Marfat.com

دنیا رکھے تو صرف اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے لئے رکھے اپنی ذات کے لئے دنیا جمع کرنے کی حرص وہوس نہ رکھے۔

## مولانا جامیؒ

چنانچہ جب مولانا جامیؒ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کی خدمت میں پہنچے تا کہ ان کے مرید ہوں دیکھا کہ ان کے پاس تو بہت مال و دولت ہے اس قدر کہ اسکا حساب ہی نہیں اور شاہانہ رہن سہن ہے جیسے ایک بادشاہ ہو، غلام ہیں لونڈیاں ہیں ، زمینیں ہیں باغات ہیں ہر قسم کی عمدہ سواریاں اور ہر قسم کے عمدہ جانور ہیں مولانا جامیؒ یہ دیکھ کر مرید ہوئے بغیر دل میں یہ کہتے ہوئے واپس آ گئے کہ

نامرد است آنکه دنیا دوست دارد

یعنی جو شخص دنیا سے اس قدر محبت کرے وہ نامرد ہے، مرد خدا نہیں ہے اللہ کا دوست نہیں وہ دنیا پرست ہے۔

رات کو خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہوگئی ہے، محشر کی سخت گرمی ہے، لوگ سخت دھوپ اور گرمی سے بچنے کے لئے بھاگ رہے ہیں۔ آپ بھی بھاگے تو دیکھا کہ کچھ خیمے لگے ہوئے ہیں جن میں لوگ پناہ لے رہے ہیں اور یہ خیمے اولیاء اللہ کے ہیں اور ہر خیمے پر اللہ کے اولیاء کے نام لکھے ہوئے ہیں ایک خیمے کی جانب مولانا جامیؒ بھاگے جب اس کے قریب گئے تو اس پر حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا اسم گرامی لکھا ہوا تھا آپ اس میں داخل ہو گئے اندر دیکھا کہ حضرت خواجہ صاحب تشریف رکھے ہوئے ہیں مولانا بڑے پریشان ہوئے اور دل میں سوچنے لگے کہ میں تو حضرت

Marfat.com

کوایک دنیادار سمجھ کرواپس آگیا تھا یہ تو اللہ کے بڑے ولی ہیں۔خواجہ صاحب مسکرائے اور مولانا جامی کو اپنے قریب بلایا اور شفقت سے فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ آپ مجھ سے بیت ہونے آئے مگر میرے ہاں دنیا کی ریل پیل اور ٹھاٹھ باٹھ دیکھ کرواپس آگئے اور دل میں کہا کہ

نامرد است آنکه دنیا دوست دارد

آپ کا یہ خیال ٹھیک ہے مگراس کے ساتھ یہ مصرع ثانی شامل کیجئے

اگر دارد برائے دوست دارد

یعنی اگر دنیا کو دوست رکھے تو دوست اللہ کے لئے رکھے۔

مطلب یہ کہ جو شخص محض اپنی ذاتی ضروریات کے لئے جمع کرے اور اپنی ضروریات پر تو خرچ کرے مگر اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرے ایسا شخص نامرد ہے اسمیں مردانگی نہیں یعنی مرد خدا نہیں ہے۔اور مرد خدا وہ ہے جو اپنی ضرورت سے زائد جمع کرنے کی بجائے اللہ کی راہ میں خرچ کردے۔ایسے لوگ زاہد ہیں اور اسی عمل کا نام زہد ہے قرآن کریم میں اسی کی تعلیم دی گئی ہے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے

(البقرہ ۲۱۵)

**''یسئلونک ماذا ینفقون قل العفو''**

اے نبی کریم ﷺ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ اللہ کی راہ میں کیا خرچ کریں؟ فرمادیجئے جو ضرورت سے زائد ہو وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو یعنی جمع کر کے نہ رکھتے جاؤ۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ خواب سے بیدار ہوئے تو حضرت خواجہ

Marfat.com

عبیداللہ احرارؒ کی خدمت میں واپس گئے ۔حضرت خواجہ عبیداللہ احرار کے ہاتھ مبارک پر بیعت ہوئے اور اپنا پورا واقعہ بھی سنایا تو خواجہؒ نے فرمایا یہ جو آپ نے میرے پاس مال و متاع اور ساز و سامان کی کثرت دیکھی ہے یہ سب دینی مقاصد کے لئے ہے یہ جس قدر آمدنی ہے دین پر خرچ ہوتی ہے چلیں میں آپ کو اپنا دارالعلوم دکھاؤں آپ اپنے شیخ خواجہ عبیداللہ احرارؒ کے ساتھ ان کے دارالعلوم میں تشریف لے گئے دیکھا کہ ایک شاندار اور خوبصورت بڑا عظیم دارالعلوم ہے جہاں پانچ چھ سو کی تعداد میں طلبہ ہیں جو وہاں رہائش رکھتے ہیں دور دراز کے علاقوں سے آکر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

ان کا ناشتہ اور دو وقت کا پر تکلف کھانا پکتا ہے۔کپڑے دھونے کے لئے دارالعلوم میں ہی دھوبی رکھے ہوئے ہیں تا کہ طلباء زیادہ سے زیادہ وقت اپنی تعلیم پر خرچ کریں۔ان کی یہ ضرورت دارالعلوم سے پوری ہوتی ہے اور لاکھوں روپے ہر ماہ خرچ ہوتے ہیں یہ اس قدر بلند و بالا عمارتیں بھی اور یہ تمام اخراجات بھی ہم اپنی آمدنی سے کرتے ہیں اور اپنی ذاتی ضروریات کے سوا جو کچھ زمینوں اور باغوں کی آمدنی ہوتی ہے وہ ہم دارالعلوم پر بھی خرچ کرتے ہیں کچھ بھی بچا کر نہیں رکھتے مولانا جامیؒ کو یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ شیخ محترم حضرت خواجہ عبیداللہ احرار جو ظاہر میں بہت دنیا دار معلوم ہوتے ہیں دراصل زاھد اور تارک الدنیا ہیں کہ جو کچھ ان کے پاس دنیا آتی ہے وہ اللہ کی راہ میں جاتی اور حضور اکرم ﷺ کے مشن علم کے فروغ دینے پر خرچ ہوتی ہے۔

☆ ۴۔والمجاهدة بينه و بين نفسه

(اللباب ج۱ ص۲۱)

Marfat.com

ترجمہ:۔

چوتھی یہ کہ اپنے اور اپنے نفس کے درمیان مجاھدہ اور محنت کرے۔

یعنی عیش و آرام پرست نہ ہو، غافل، بے محنت نہ ہو، سست نہ ہو آخرت کی فکر میں اور دین کی سربلندی اور قرآن وسنت کے علوم کی ترویج وترقی کے لئے محنت اور بھاگ دوڑ کرنے والا ہو۔

## بازل کون

امام ابوالفضل عباس محمد خراسانیؒ کا شعر ہے

**لا یطلب العلم الا بازل ذکر**
**ولیس یبغضه الا المخانیث**

ترجمہ:۔

یعنی علم وہی حاصل کرے گا جو عقلمند مرد ہو گا، اور علم سے وہی نفرت کریں گے جو ہیجڑے ہوں گے۔

(بازل) زاء کے ساتھ کامل العقل یعنی پورا عقلمند جو عقل و تجربہ میں کامل ہو۔ (ذکر) مرد۔ (مخانیث) مخنث کی جمع۔ ہیجڑہ۔ مطلب یہ ہے کہ علم حاصل کرنا اور نہایت شوق و جذبہ سے دین کا علم پڑھنا عقلمندی اور مردانگی ہے جبکہ علم دین سے نفرت کرنا اور اسے حاصل نہ کرنا ہیجڑہ پن ہے۔

Marfat.com

## حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فرمان

سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے

**ما الفخر الا لاهل العلم انهم**
**على الهدى لمن استهدى ادلاء**

ترجمہ:۔
فخر صرف علماء کے لئے جائز ہے بے شک وہ ہدایت کے طلبگاروں کے راہنما ہیں۔

## فخر کی قسمیں

یہاں فخر سے فخر تشکر مراد ہے فخر تکبر مراد نہیں۔
فخر تشکر کا مطلب ہے اللہ کی دی ہوئی نعمت کا اظہار (ظاہر کرنا) اسکی اجازت ہے بلکہ ضرورت کے وقت اس کا اظہار ضروری ہو جاتا ہے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے۔

**واما بنعمة ربك فحدث**
(سورة والضحى)

ترجمہ:۔
اور (اے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے رب کی نعمت کا اظہار کیجئے۔
نعمت جس پر انسان جس قدر بھی شکر کرے کم ہے وہ صرف ایک ہی ہے اور وہ علم کی نعمت ہے کیونکہ یہ نعمت ایک ایسی نعمت ہے جو باقی ہے اور باقی رہنے والی ہے۔ قیامت تک عالم کے ساتھ رہیگی یہی قرآن وسنت کا علم ہے، شریعت مطہرہ کا علم

Marfat.com

ہے یہ تمام نعمتوں سے بڑھ کر نعمت ہے باقی سب نعمتیں فانی ہے یہاں رہ جانی والی ہیں اس لئے فخر و شکر بلکہ کمال شکر اسے لائق ہے جس کے پاس یہ نعمت ہے۔

ففز بعلم تعش حیا به ابدا

فالناس موتی واهل العلم احیاء

ترجمہ:۔

علم حاصل کر کے کامیاب ہو جاؤ تم علم سے ابدی زندگی پاؤ گے لوگ مردہ ہیں اور علم والے زندہ ہیں۔

## امام جمال الدین

امام جمال الدین محمد بن عبد الرحمٰن بن عمرؒ نے بعض بزرگوں کا یہ قول نقل فرمایا ہے۔

رایت العلم صاحبه شریف

وان ربته اباء لئام

ترجمہ:۔

یعنی جس نے علم پڑھا وہ بزرگ ہو گیا اگرچہ اسکی تربیت نالائق باپ دادانے کی ہو۔

ففی العلم النجاة من المخازی

وفی الجهل المذلة و المغرام

ترجمہ:۔

پس علم میں ہی دنیا و آخرت کی رسوائیوں سے چھٹکارا ہے، اور جہالت میں

Marfat.com

دنیاوآخرت کی ذلت اور نقصان ہے۔

**ولو لا العلم ما سعدت نفوس**

**ولا عرف الحلال و لا الحرام**

ترجمہ:۔

اور اگر علم نہ ہوتا تو لوگ خوش قسمت نہ ہوتے، اور نہ ہی حلال وحرام پہچانے جاتے۔

**هو العلم الدليل الى المعالى**

**و مصباح يضيئ به الظلام**

ترجمہ:۔

علم ایسا نشان ہے جو دنیاوآخرت کی بلندیوں کا راستہ دکھاتا ہے، اور علم ایسا چراغ ہے جس سے اندھیرے روشن ہوجاتے ہیں۔

## علم کے ذریعے ایمان محفوظ

امام ابونعیم نے حلیۃ الاولیا میں اپنی سند کے ساتھ روایت کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

**تكون فتن يصبح الرجل فيها مؤمنا و يمسى كافرا الا من اجاره الله بعلمه**

(نشرطی التعریف ۷۵)

ترجمہ:۔

Marfat.com

ایک زمانہ آئے گا کہ فتنے ہوں گے (آزمائشیں ہوگیں) ان میں آدمی صبح کو مومن ہوگا تو شام کو کافر ہوگا مگر وہ محفوظ ہوگا جسے اللہ نے علم کی برکت سے پناہ دی۔

## ﴿صرف علماء کے کہنے پر چلو﴾

اللہ تعالی نے قرآن میں یہی فرمایا ہے کہ لوگ صرف علماء کے کہنے پر چلیں جیسا کہ یہ آیت کریمہ ہے

**ثم جعلنا لك علی شريعة من الامر فاتبعها ولا تتبع اهواء الذين لايعلمون**

(سورة جاثیه آیت ۱۸)

ترجمہ:۔

پھر ہم نے تمہیں تمام معاملات سے متعلق ایک شریعت پر (گامزن) کردیا تو تم تمام معاملات میں شریعت پر چلو اور ان لوگوں کا کہنا نہ مانو جو شریعت کو نہیں جانتے۔

اس آیت سے واضح ہے کہ اللہ تعالی نے مکمل زندگی گذارنے کے لئے ایک شریعت دی ہے اور حکم دیا ہے کہ ہم اپنے تمام معاملات میں شریعت پر ہی چلیں، خواہ ہمارے معاملات انفرادی ہوں یا اجتماعی، مذہبی ہوں یا سیاسی عبادات سے متعلق ہوں یا معاملات سے ملکی ہو یا غیر ملکی غرضیکہ ہر مسئلہ میں شریعت کی اتباع فرض ہے اور فرمایا جارہا ہے کہ " **ولا تتبعوا اهواء الذين لايعلمون** " ان کی خواہشات پر نہ چلو جو شریعت (قرآن وسنت) کا علم نہیں رکھتے مطلب یہ کہ علماء کے

Marfat.com

کہنے پر چلو اور جو علماء نہیں ان کے کہنے پر نہ چلو۔

حدیث شریف میں ہے کہ

**لاقدست امة لا یؤخذ لضعیفها حقه من قویها**

(رواہ صاحب الترغیب و الترھیب نشر ۸۲)

ترجمہ:۔

ایسی امت پاک نہ کی جائے جس کے کمزور کا حق اس کے قوی سے نہ لیا جائے اور یہ حق اس وقت تک لیا جاتا رہے گا جب تک امت میں علماء رہیں گے کیونکہ وہی قرآن وسنت کی روشنی میں لوگوں کے حقوق کا تعین کرتے اور بتاتے ہیں کہ حق کسے کہتے ہیں اور کس کس کے کس کس پر کیا حقوق ہیں یہ بتانے کے بعد وہ حکمرانوں سے حقوق دینے دلانے کا مطالبہ کرتے اور آواز اٹھاتے ہیں۔

لہذا امت کی تقدیس و پاکیزگی کا سبب علماء دین ہیں جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امت کی تقدیس کا سبب ہیں ایسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم مقام ہونے کی حیثیت سے علماء ہیں جیسا کہ امام جمال الدین رح لکھتے ہیں۔

**ان الفقهاء هم القائمون مقام الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ومن عصاهم فقد عصى الله ومن اطاعهم فقد اطاع الله اذوراث رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فمخالفهم مارق عن الدين و خاذلهم فاسق بيقين**

(نشرطی التعریف ۸۳)

Marfat.com

ترجمہ:۔

بے شک علماء وفقہاء ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم مقام ہیں اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے ان کی فرمانبرداری کی اس نے اللہ کی فرمانبرداری کی کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہیں تو ان کا مخالف دین سے خارج اور ان کو بے یارومددگار چھوڑنے والا یقیناً اللہ کا نافرمان ہے۔

## مفتی کی بے ادبی

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص نے ایک عالم دین سے فتوی پوچھا عالم دین نے قرآن وسنت کی روشنی میں فتوی دیا جو اس شخص کی خواہش کے خلاف تھا اس نے مفتی صاحب (فتوی دینے والے) کو برا بھلا کہا اور ان کی شان میں بے ادبی کا کلمہ کہا جس کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو علم ہوا تو آپ نے اس شخص کو اپنی عدالت میں طلب کر کے اسے کوڑے مارے اور فرمایا "**تغمص الفتیا**" کہ تم عالم دین کی اور اس کے فتوے کی توہین کرتے ہو اس لئے تمہاری یہی سزا ہے۔

(نشر طی التعریف ۸۳)

صحابہ کرام دین کے معاملہ میں سخت تھے اس لئے اللہ نے قرآن میں انکی تعریف فرمائی ہے وہ شریعت پر عمل کرنے میں غفلت یا سستی نہیں کرتے تھے اور ہونا بھی اسی طرح چاہیے کیونکہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی بھی حکم پر عمل نہ کرنا اسے ضائع کرنا ہے اور ایسا کرنے سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوتے ہیں اور اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی انسان کے لئے دنیا اور آخرت میں

Marfat.com

مصیبتوں کا باعث بنتی ہے۔

## شریعت پر عمل سے مصیبتیں دور ہوتی ہیں

بلکہ شریعت پر عمل کرنے سے تکلیفیں دور ہوتی ہیں جیسا کہ اللہ تعالی نے قرآن میں فرمایا

**ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا و یرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا**

(الطلاق ۲۔۳)

ترجمہ:۔

اور جو اللہ (کی نافرمانی کرنے) سے ڈرے اللہ اس کے لئے (دنیا اور آخرت کی مصیبتوں سے) نجات کی راہ بنادے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہوگا اور جو اللہ پر بھروسہ کرے تو وہ اسے کافی ہے بے شک اللہ اپنا کام پورا کرنے والا ہے بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ رکھا ہے۔

لیکن انسان کو شریعت پر عمل کرنے بلکہ اللہ کے قریب ہونے کے باوجود بھی پریشانیاں اور تکلیفیں پیش آسکتی ہیں جو صبر و شکر کرنے کی صورت میں اس کے درجات کی بلندی کا باعث ہوتی ہیں چنانچہ قرآن وسنت اور تاریخ سے ثابت ہے کہ پیغمبروں اور ولیوں کو بھی طرح طرح کی تکلیفیں پیش آتی رہی ہیں جو ان کے درجات کی بلندی اور قوموں کے لئے ذریعہ تعلیم و تربیت تھیں کہ ایسی ایسی ہستیوں کو بھی تکلیفیں اور

Marfat.com

مصیبتیں پیش آئیں ہم کون ہیں اور ہماری کیا حیثیت ہے انہوں نے صبر کیا ہمیں بھی صبر کرنا چاہیے۔

## فتویٰ اور فیصلہ کا بیچنا

حدیث شریف میں جو علم کی اور فتویٰ کی اہمیت بیان ہوئی ہے اس سے علم و فتویٰ اور اللہ کے احکام کے مطابق فیصلوں کا تقدس ظاہر ہوتا ہے خاص کر علماء اور قضاۃ (قاضی و جج حضرات) کے لئے حدیث میں سبق بھی ہے کہ وہ فتویٰ دیتے اور فیصلہ کرتے وقت دو باتوں کا خیال رکھیں ایک یہ کہ اجتہاد کریں یعنی محنت کریں کوشش کریں، غفلت و سستی اور لاپروائی نہ کریں، فتویٰ لکھنے یا فیصلہ دینے سے پہلے تمام علمی و تحقیقی دلائل پر غور کریں اپنے شعور سے کام لیں اور خوب کام لیں، کسی کی محض اندھی تقلید نہ کریں، قرآن وسنت سے ہرگز نہ ہٹیں، ہاں اگر آپ کو کوئی بات قرآن وسنت سے نہ ملے تو صحابہ وائمہ دین مجتہدین کے اقوال و آراء کو دیکھیں ان کے جس قول کو زیادہ اطمینان بخش اور حالات کے مطابق مناسب یا ضروری سمجھیں اس پر فتویٰ اور فیصلہ دیں، کسی کے طعن و تشنیع کا ہرگز لحاظ نہ کریں اگر تلاش و جستجو کے باوجود صحابہ وائمہ دین کے اقوال میں آپ کو بات نہ ملے تو پھر قرآن وسنت کی روشنی میں اور اپنے صحیح علمی شعور و ادراک کی روشنی میں فتویٰ و فیصلہ دیں۔

دوسری بات جس کا خیال رکھنا ضروری ہے وہ یہ ہے کہ فتویٰ یا فیصلہ ایک شرعی حکم ہے اسے محض رضائے الٰہی کے لئے دیں طمع یا لالچ کو دل میں ہرگز جگہ نہ دیں اور نہ ہی دنیا کے طمع و لالچ میں اس میں تبدیلی کریں کہ یہ فتویٰ یا فیصلہ بیچنے والی بات

Marfat.com

ہوگی جو کسی طرح بھی درست نہیں ہے بلکہ غلط بلکہ عذاب الٰہی کو دعوت دینے والی بات ہے حدیث شریف میں ہے کہ

**ان من علامات الساعة بیع الحکم**

ترجمہ:۔

قیامت کی نشانیوں میں سے ایک فتوی یا فیصلہ بیچنا ہے۔

(نشرطی التعریف ۸۳)

## قیامت کی نشانی

کسی چیز یا کام کے قیامت کی نشانی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس چیز یا اس کام کو کرنا قیامت کو دعوت دینا ہے اور قیامت کو دعوت دینا بری بات ہے لہذا اس چیز یا کام کا کرنا بری بات ہے اس لئے اسے نہیں کرنا چاہیے اس سے اللہ تعالی ناراض ہوتا ہے لہذا علم والوں کو اپنے علم و تحقیق پر ہی دیانت داری کے ساتھ عمل کرنا چاہیے اور کسی کو یہ بھی جائز نہیں کہ علم والوں کے پیچھے چلنے کی بجائے ان کو کسی نہ کسی انداز میں متاثر کر کے ان کے علم و تحقیق کے خلاف ان سے اپنے حق میں رائے یا فتوی یا فیصلہ حاصل کرنے کی کوشش کرے تو یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

## علماء اور مال و دولت

علماء چونکہ امت میں رسول اللہ ﷺ کے نائب اور قائم مقام ہیں دین اور علم دین کی ترقی کا دارومدار علماء پر ہے اور دین و علم دین کو ترقی کے راستہ پر ڈالنے کے لئے

Marfat.com

علماء کے پاس مال ودولت اور مالی وسائل کا ہونا ضروری ہے، صحابہ کرام تمام رفاہی کاموں ودینی خدمات واسلامی معاملات میں مکمل طور پر رسول اللہ ﷺ کو ہی ماوی ملجا اور محورو مرکز سمجھتے تھے اور کوئی رفاہی کام ودینی واسلامی وسیاسی ومذہبی نوعیت کا کام حضور ﷺ سے مشورہ واجازت لئے بغیر نہیں کرتے تھے اسی لئے ان کے زمانہ میں مسلمانوں کے تمام نوعیت کے معاملات وحالات میں ترقی ہوتی چلی گئی۔

آج وہ بات نہیں، دینی ادارے روز بہ روز زوال پذیر ہورہے ہیں اور رفاہی کام بھی صحیح نہیں ہورہے بلکہ پوری قوم غیر منظّم ہے تمام قومی وملی وسیاسی ومذہبی معاملات بھی غیر منظّم اور پریشان حالی کا شکار ہیں اس کی واحد وجہ قوم کا اپنے علماء جو وارثان رسول ونائبان مصطفےٰ ﷺ ہیں سے رابطہ نہ ہونا ہے اور بدقسمتی کا یہ حال ہے کہ علماء کرام دین وملت کے کام کرنے کے لئے عوام کے محتاج ہوکررہ گئے ہیں اور عوام اور حکمران کوئی رفاہی یا دینی یا سیاسی یا قومی کام کرنا چاہیں تو اپنی مرضی وخواہش سے جیسے چاہتے ہیں کرڈالتے ہیں علماء سے نہ تو راہنمائی لیتے ہیں اور نہ ہی علماء کے ساتھ خاطر خواہ تعاون کرتے ہیں۔

بس جس کے پاس اقتدار اور مال ودولت آگئی جو اس کے دل میں آیا اس نے کرڈالا، کسی نے کہیں مسجد بناڈالی کسی نے کہیں ہسپتال بناڈالا، کسی نے ڈسپنسری قائم کردی کسی نے سکول یا کالج قائم کردیا اور کسی نے مختلف مقامات پر دورونزدیک چندے بھیجنے شروع کردیے، حالانکہ ضرورت اس بات کی تھی کہ جن علماء نے علمی مراکز قائم کردیے جہاں دور دراز کے غریب الوطن طلباء قرآن وسنت کی مکمل تعلیم مفت حاصل کرتے بلکہ اس کے ساتھ ان کے لئے وہاں جملہ ضروریات کا بھی ان علماء

Marfat.com

نے انتظام کر رکھا ہے ان کی دل کھول کر اور بھرپور مالی معاونت کی جاتی تا کہ علوم دینیہ کو جو دین کی بنیاد ہے خوب فروغ حاصل ہوتا اور علماء کو گذارش کی جاتی کہ وہ اپنے مراکز میں رہ کر اپنا علمی کام کریں ان کی جملہ ضروریات انہیں وہاں پہنچائی جائیں گی۔

کیونکہ دین کی ترقی اور اسلامی معاشرے کی پوری فلاح و بہبود اور کامیابی کے لئے علماء کے قدم اور ان کے ہاتھ مضبوط کرنا نہایت ضروری ہے علماء کی مالی حالت کا بہتر سے بہتر ہونا ضروری ہے اسی میں دین کا وقار ہے اور اسی میں دین کی ترقی و سربلندی ہے۔

بعض ناسمجھ جب کسی عالم کو خوش دیکھتے ہیں تو اس پر طعن کرتے ہیں کہ وہ عالم دنیادار ہو گئے اور دنیا سے محبت کرنے لگے ہیں اور کہتے ہیں کہ دنیا کی محبت بری چیز ہے لہذا علماء کو دنیاوی شان وشوکت سے رہنے کی بجائے سادگی سے رہنا چاہئے کہ پیدل چلیں یا سائیکل یا زیادہ سے زیادہ موٹر سائیکل یا سکوٹر اور اس سے بڑھ کر پرانی سی ٹوٹی پھوٹی کار ہو تو گوارا ہے اور کپڑے بھی سادہ ہوں اچھے درجے کہ نہ ہوں، کیونکہ انکا کام درویشانہ زندگی گذارنا ہے اچھے قسم کا لباس اور اچھے قسم کے مکان اور اچھی قسم کی سواریاں تو صرف حکمرانوں اور عوام کے لئے ہی حلال، علماء کے لئے حرام یا مکروہ ہیں۔ سبحان اللہ کیا ہی بلند سوچ اور اعلیٰ ذہنیت ہے جبکہ تاریخ گواہ ہے کہ یہ ذہنیت انگریز بہادر کی پیدا کردہ ہے جس نے اپنے خاص پیدا کردہ طبقہ کے لوگوں میں یہ سوچ ڈالی تا کہ وہ انگریز بہادر کے غلام رہیں اور یوں علماء، علم دین اسلام اور اسلامی عظمتوں سے دور بلکہ بہت ہی دور ہو کر ان کے دشمن ہو کر رہیں ان کے بچے بھی انگریز بہادر کی زبان سیکھیں اور انگریز بہادر کے کلچر میں پروان چڑھیں۔ تا کہ اس

Marfat.com

طرح دین کوختم کرنے کا راستہ ہموار ہو جائے۔

**(انا للہ وانا الیہ راجعون ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم)**

بات یہ ہے کہ عوام مسلمین کی دنیا اور آخرت کی بھلائی اس میں ہے کہ وہ اپنی ذاتی ضروریات کے علاوہ کسی بھی نیک کام میں خرچ کرنا چاہیں تو علماء دین سے مشورہ کر کے ان کے مشورہ کے مطابق خرچ کریں اگر وہ ایسا کریں گے تو دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں گے اور اسلامی معاشرہ ایک منظّم وجود کے ساتھ ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔

غرضیکہ دین کی بھلائی و ترقی کے لئے ضروری ہے کہ علماء کے ہاتھ میں بھی وسائل ہوں، دولت ہو مال ہو اس لئے نہیں کہ علماء کا کوئی ذاتی مفاد ہے بلکہ اس لئے کہ دین کا کام اس کے بغیر نہیں چلتا۔ دنیا سے دنیا کے لئے محبت درست نہیں جیسے فرعون وھامان ونمرود وخاقان وطرخان ایسے لوگوں کو دنیا عزیز تھی اللہ کے لئے نہیں دنیا کے لئے دنیا عزیز تھی یہ دنیا کی محبت گناہ ہے مگر دنیا کے ساتھ دین اور اللہ کے لئے محبت عبادت وثواب ہے۔

## ایک حقیقت

یہ ایک حقیقت ہے کہ دنیا دار اور مالدار لوگ جو اپنی دنیا اور اپنے مال سے فائدہ اٹھا رہے ہیں وہ علماء کے طفیل اور ان کے وسیلے سے ہی ہے کیونکہ اگر دنیا دار یا مالدار نہ ہو تو دنیا کا نظام درھم برھم اور تباہ و برباد نہ ہوگا لیکن اس کے برعکس اگر علماء نہ

Marfat.com

ہوں تو امراء دنیا دار ہلاک و برباد ہو جائیں چنانچہ احادیث گذر چکیں لہذا امراء طبقہ کو علماء کا شکر گذار ہوتے ہوئے دین کے کام کو چلانے میں ان کے ساتھ بھرپور مالی و اخلاقی تعاون کا فریضہ ادا کرتے رہنا چاہئے۔

## روئے زمین پر سب سے بہتر طبقہ علماء ہیں

نیز روئے زمین پر سب سے بہتر طبقہ علماء کا طبقہ ہے جیسا کہ اس حدیث شریف میں جسے امام جمال الدین **نشرطی التعریف** کے صفحہ ۲۷ پر اور امام ثعالبی نے اپنی سند کے ساتھ اور امام طبری نے بھی روایت کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**خیر الناس و خیر یمشی علی جدید الارض المعلمون کلما خلق الدین جددوہ**

ترجمہ:۔

سب لوگوں سے بہتر اور جو زمین پر چلنے والے ہیں ان سب میں بہتر علماء ہیں جو لوگوں کو دین سکھاتے ہیں جب بھی دین پرانا ہوتا ہے علماء اسے نیا کر دیتے ہیں

اور یہ مسلم بات ہے کہ علم والوں کے پاس مال و دولت ہو تو معاشرہ کو علمی ترقی ملے گی، اسی لئے شروع سے ہی ہر نبی کے زمانہ میں اسکی امت کے مالی وسائل اس نبی کے ذریعے خرچ ہوتے حضرت یوسفؑ کے زمانہ میں مالی وسائل غیر علماء کے پاس تھے تو شدید قحط پڑ گیا اور پورا ملک تباہی کے کنارے پر پہنچ گیا عوام پریشان حال ہو گئے ملک اور عوام کے بالکل تباہ و برباد ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا آخر ملک مصر کے

Marfat.com

بادشاہ نے حضرت یوسفؑ سے مشورہ کیا آپ نے فرمایا اس ملک کو اور اس کی عوام کو بچانے کا واحد راستہ یہ ہے کہ

## اجعلنی علی خذآئن الارض انی حفیظ علیم

(سورۃ یوسف پ ۱۳ آیت ۵۴)

ترجمہ:۔

تم زمین کے خزانوں پر مجھے مقرر کردو، ملک کا مکمل اقتصادی معاملہ اور سب خزانے میرے سپرد کردو میں اس کام کا اہل ہوں کیونکہ میں حفاظت کرنے والا علم رکھنے والا ہوں۔

یوسفؑ کے پاس علم تھا جو اللہ کی کتاب اور وحی کا علم تھا۔ چنانچہ تمام خزانوں کے اختیارات حضرت یوسفؑ کو دیدیے گئے آپ نے وہ تدبیریں اختیار فرمائیں کہ ملک مصر اور اسکے عوام نہ صرف تباہی اور بربادی سے محفوظ ہوگئے بلکہ خوش حال ہوگئے

## حفیظ وعلیم

حفیظ کا معنی ہے حفاظت کرنے والا اور علیم کا معنی ہے علم والا حفاظت میں دیانت آگئی کہ ملک کے خزانہ کی حفاظت وہی کرے گا جو دیانتدار ہوگا بددیانت تو اسے لوٹ کرلے جائیگا جیسے پاکستان کے نام نہاد سیاستدان وحکمران کہ جب اقتدار پر جلوہ گر ہوتے ہیں تو ملک کے خزانے کو لوٹ کر بیرون ملک جمع کرلیتے ہیں اور اس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے قوم پر طرح طرح کے ٹیکس لگا کر ملک وقوم کا جینا مشکل بنادیتے ہیں۔

Marfat.com

## ﴿لہذا ضروری ہے کہ قوم کا خزانہ دیانتدار ہاتھوں میں ہو﴾

دیانتداری کے لئے علم کی ضرورت ہے اور علم بھی مغرب کا نہیں امریکہ یا انگلینڈ وغیرہ کی کسی یونیورسٹی کا نہیں وہ علم جس کا مرجع مکہ اور مدینہ ہیں (کرمہما اللہ تعالی ونورهما) جو آسمانی وحی کے ذریعے مکہ میں پھر مدینہ میں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پر اترا جو قرآن کہلاتا ہے جس کی تفسیر سنت کہلاتی ہے وہی اللہ کا دیا ہوا علم یوسفؑ کے پاس تھا وہی اللہ تعالی کا دیا ہوا علم جو اس نے اپنے آخری نبی ﷺ کو عطا کیا آج علماء دین کے پاس کتاب وسنت کی شکل میں ہے آج اسی علم والے ''حفیظ علیم'' کا مصداق ہیں اس لئے حضور ﷺ نے فرمایا کہ

**علماء امتی کا نبیاء بنی اسرائیل**

(مشکوۃ)

ترجمہ:۔

میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے پیغمبروں کی طرح ہیں۔

حضرت یوسفؑ بھی بنی اسرائیل کے پیغمبر ہیں انہوں نے اپنے حفیظ وعلیم ہونے کا دعوی کر کے خزانوں کے اختیارات طلب فرمائے جو انہیں دیدیے گئے تو انہوں نے ملک کو تباہی سے بچالیا اور عوام کو خوشحال کر دیا حضور ﷺ کی اس حدیث سے اس بات کی طرف امت کو متوجہ کیا گیا ہے کہ تمہاری اقتصادی و معاشی حالت بھی میری امت کے علماء دین جو بنی اسرائیل کے پیغمبروں کی طرح ہیں کے ذریعے درست ہوگی اور درست رہیگی غیر علماء کے ہاتھوں میں جب دنیا اور دولت آتی ہے وہ اپنی صوابدید اور

Marfat.com

اپنی خواہش کے مطابق اسے خرچ کرتے ہیں لیکن علماء کے ہاتھوں میں ہوتو وہ اسے اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق خرچ کرتے ہیں۔

علماء دین جو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور اس کے احکام کا علم رکھتے ہیں وہ دنیا کو لہو ولعب وفخر ومباحات اور تعیشات کے لئے نہیں رکھتے اور نہ ہی دنیا کو کسی پر برتری حاصل کرنے یا کسی کو تنگ کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں بلکہ علماء دین کے ہاتھ میں دنیا آتی ہے تو آخرت کے کاموں پر خرچ ہوتی ہے اللہ کے نزدیک سب سے اہم کام جس پر مال ودولت خرچ کرنے کو ترجیح دی جائے وہ علم ہے قرآن وسنت کا علم اور فقہ اسلامی کا علم اس علم کو زیادہ فروغ دینا اسلامی ریاست کا اولین فریضہ اور مالداروں اور دولتمندوں کی ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے اولین ذمہ داری ہے۔ باقی دنیاوی علوم وفنون کی حیثیت ثانوی ہے۔ یہ علوم بھی ضرور سیکھنے جائیں اولیت اسلامی علوم کے حصول کو ہی حاصل ہے۔

## امام شافعی

امام محمد بن ادریس شافعیؒ فرماتے ہیں کہ علم دین کے پڑھنے پڑھانے والوں کو مال ودولت کی سب سے زیادہ حاجت ہے کیونکہ اس علم کو فروغ دینا انفرادی و اجتماعی طور پر تمام مسلمانوں کی اولین ضرورت ہے، مال ودولت اور وسائل کے بغیر علم کو فروغ دینا ممکن نہیں ہے۔

Marfat.com

## حجۃ الاسلام

حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ متوفی ۵۰۵ھ جنہوں نے پانچوں صدی ہجری میں اپنے علم کے نور سے دنیا کو روشن کر دیا۔ مسلمانوں کے لئے انکی عظیم الشان علمی یادگار انکی کتاب ''احیاء علوم الدین'' جسے انہوں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ و حضرت ابوبکر صدیقؓ وحضرت عمر فاروقؓ وحضرت عثمان غنیؓ وحضرت علی مرتضیٰؓ کی خدمت میں پیش کیا اور سب نے اسے بے حد پسند کیا اور بزرگان دین فرماتے ہیں کہ اس کا مطالعہ کرنے اور اس پر عمل کرنے والا اللہ کا ولی ہو جاتا ہے یہ سب قرآن وسنت کا ہی فیضان ہے حجۃ الاسلام اپنی اس کتاب میں اور امام جمال الدین نشرطی التعریف میں لکھتے ہیں کہ

## امام عبداللہ بن مبارک

امام اعظم ابوحنیفہ متوفی ۱۵۰ھ کے شاگرد رشید امام عبداللہ مبارک جو اپنے زمانہ کے عظیم الشان عالم ومحدث وفقیہ اور بڑے درجہ کے ولی (ابدالوں میں سے) تھے۔

**انه كان يخصص بمعروفه اهل العلم فقيل له لو عممت ؟ فقال : انى لا اعرف بعد مقام النبوة افضل من مقام العلماء فاذا اشتغل قلب احد هم بحاجته لم يقبل على التعلم فتفريغهم للعلم افضل**

(نشرطی التعریف صفحہ ۹۲ و احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۵۹ کتاب الزکوۃ)

Marfat.com

ترجمہ:۔

وہ اپنے مال کی زکوۃ اور عطیات وغیرہ سب علماء کو دیتے تھے تو ان سے عرض کی گئی کیا ہی اچھا ہوتا کہ آپ اپنے مال میں سے علماء کے علاوہ دوسرے ضرورتمندوں کو بھی کچھ دیتے تو امام صاحب نے فرمایا میرے نزدیک نبوت کے مقام کے بعد علماء کا ہی مقام ہے ان سے اوپر اور کسی کا مقام نہیں یہ لوگ علم کو پھیلا رہے ہیں ہمارا فرض ہے ان کو معاشی لحاظ سے اور دنیا کے لحاظ سے بے فکر رکھیں تا کہ یہ علم کو زیادہ سے زیادہ پھیلائیں اس لئے کہ اگر یہ اپنی ضرورت کے بارے میں فکر مند ہو گئے تو علم کو پھیلانے کی طرف پوری توجہ نہیں دے سکیں گے لہذا ضروری ہے کہ ہم ان کو دنیا اور معاش اور دیگر ضروریات کے معاملہ میں فارغ رکھیں لہذا میں ان کو ہی ترجیح دیتا ہوں۔

اسی کتاب احیاء العلوم کی کتاب ''**الشکر و تقسیم النعم**'' میں حجۃ الاسلام امام غزالیؒ لکھتے ہیں کہ قرآن وسنت وفقہ اسلامی کے علوم کو فروغ دینے میں مصروف عالم کا تمام ضروریات کی فکر سے فارغ ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ اگر اس کے پاس مال نہ ہوگا تو وہ علم کو فروغ نہیں دے سکے گا پھر اس کی مثال ایسے ہوگی جیسے مجاہد ہے مگر ہتھیار نہیں ہے باز ہے شکار کرنا چاہتا ہے مگر پر نہیں ہیں تو قوم کے فرائض میں سے ہے کہ ایسے عالم دین کو جو دین کی خدمت کے لئے وقف ہے اپنے وسائل مالیہ کے ذریعے تمام ضروریات زندگی سے بے فکر رکھیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ صبح وشام روزی کی فکر میں ہو اور اس فکر میں ہو کہ کپڑے کہاں سے بنائیں گے مکان کیسے تیار کریں گے وغیرہ وغیرہ، غرضیکہ ایسے عالم دین کو تمام ضروریات میں بے نیاز رکھیں تا کہ علم کو زیادہ سے زیادہ فروغ حاصل ہو، قرآن وسنت کے علوم کی خدمت ہو کیونکہ علم

Marfat.com

تو اصل میں یہی ہے۔

## علم کون سا ہے؟

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ

قال المفسرون و المحدثون العلم هو علم الكتاب و السنة اذ بهما يتوصل الى العلوم كلها

(احیاء العلوم ۲۵)

ترجمہ:۔

علم سارے اچھے ہیں مگر مفسرین ومحدثین نے فرمایا کہ جس علم کی سب سے اونچی شان ہے یہ قرآن وسنت کا علم ہے کیونکہ یہ تمام علوم کا خزانہ ہے اسکی برکت سے تمام علوم تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔

لہذا اسی علم کو فروغ دینا اپنا مشن بنالیں قرآن وسنت کے علوم سے ہی ہمارے معاشرہ کی اصلاح ہوگی اور اسی سے ہی ہمارا معاشرہ جہالت کے اندھیروں سے نکل کر آسمانی انوار سے منور ہوگا۔

## تمام مسلمانوں پر فرض

امام جمال الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن عمر حبیشیؒ متوفی ۷۸۰ھ اپنی کتاب نشر طی التعریف میں فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ اور امام شرف الدین الذوالیؒ نے فرمایا کہ

فعلى الكل ان يعينو العلماء للتفرغ للعلوم و

Marfat.com

**یمنعوا عنهم من یشغلهم عن ذالك المعلوم و یتفقدوهم لئلاتر و علیهم الغموم وینصروهم عند ان یظهر لهم الخصوم وان یرفهوهم لاقتباس العلم و اظهار ہ و نشره و بسطه واختصاره ۔**

(نشرطی التعریف ۲۰۳)

ترجمہ:۔

سب مسلمانوں پر فرض ہے کہ علماء کی مدد کریں تا کہ وہ علوم دینیہ کی خدمت کے لئے دنیا کی ضروریات سے بے فکر و فارغ رہیں اور ان لوگوں کو ان کے پاس نہ جانے دیں جو ان کے لئے علمی کام میں رکاوٹ بنیں اور گاہے گاہے ان کی خبر رکھیں کہ ان کو کسی چیز کی ضرورت ہو جس کی فکر میں ان کے علمی کام میں خلل آ رہا ہو اور ان کی ضروریات جب انہیں پیش آئیں تو مسلمان ان کی خوب مدد کریں اور ان کو ہر طرح کی سہولت اور آرام پہنچائیں تا کہ وہ علم کا چراغ روشن رکھیں اور اسے حسب ضرورت پھیلائیں کہیں تفصیل کے ساتھ اور کہیں اختصار کے ساتھ جیسے جیسے وہ علمی کام کی ضرورت محسوس کریں بے فکری سے جاری رکھیں۔

لیکن آج ایسے مسلمان کم ہی ہیں جو اس فریضہ سے باخبر ہیں اور علماء سے تعاون فرماتے ہیں شاید انہی کے ذوق ایمانی کی برکت سے دین کا چراغ روشن ہے جبکہ یہ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اپنی توفیق و طاقت کے مطابق دل کھول کر علماء کی معاونت کرے تا کہ علماء اس جہالت کے دور کو علم کے دور سے بدلنے میں کامیاب ہو جائیں بلاشبہ یہ سب سے اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے اور سب سے اعلیٰ جہاد ہے اور

Marfat.com

سب سے اعلیٰ صدقہ جاریہ ہے۔

## قبر کا ساتھی

امام دیلمی نے کتاب الفردوس میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

**اذا مات العالم صور الله له علمه فی قبره فیؤنسه الی یوم القیامة وید رء عنه هوام الارض**

(بشری الکنیب بلقاء الحبیب بهامش شرح الصدور ص ٦٩

ترجمہ:۔

جب عالم دین دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی قبر میں اس کے علم کو اس کے لئے نہایت خوبصورت شکل عطا فرماتا ہے جو اس کے ساتھ قبر میں قیامت تک ساتھی ہو جاتا ہے وہ اس سے محبت کرتا ہے اور زمین کے کیڑوں مکوڑوں اور دوسرے جانوروں کو اس سے دور کرتا ہے۔

## وحی موسیٰ

امام احمد بن حنبل نے کتاب الزھد میں سند کے ساتھ روایت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ کو وحی فرمائی کہ ہر امتی سے کہہ دیں کہ

**تعلم الخیر و علمه الناس فانی منور لمعلم العلم و متعلمه قبورهم حتی لا یستوحشوا بمکانهم**

(بشر الکنئیب ٦٠)

Marfat.com

ترجمہ:۔

دین کا علم سیکھے اور اسے لوگوں کو سکھائے کہ بلاشبہ میں دین کے علم سیکھنے اور سکھانے والوں کی قبریں روشن کرتا ہوں تا کہ وہ اپنی جگہ میں گھبرائیں نہیں۔

## ﴿علم دین سیکھنا فرض ہے﴾

بلاشبہ علم دین سیکھنا فرض ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ہے اللہ تعالی فرماتا ہے

**وما كان المؤمنون لينفروا كافة فلو لا نفر من كل فرقة منهم طائفة ليتفقهوا فى الدين و لينذروا قومهم اذا رجعوا اليهم لعلهم يحذرون**

(سورة توبه ۱۲۲)

ترجمہ:۔

اور مسلمانوں سے یہ تو نہیں ہوسکتا کہ سب کے سب نکلیں (اور یکدم اپنے وطن خالی کردیں) تو کیوں نہ ہو کہ ان کے ہر گروہ میں سے (ایک جماعت وطن میں رہے اور) ایک جماعت نکلے تا کہ دین کا علم حاصل کرے اور واپس آکر اپنی قوم کو (دین کے احکام کی خلاف ورزی سے) ڈرائے تا کہ وہ (دین کے احکام پر عمل کر کے اللہ کی ناراضگی سے) بچیں۔

## ﴿مسائل﴾

اس آیت سے چند مسائل معلوم ہوئے ایک یہ کہ دین کا علم حاصل کرنا فرض ہے یعنی جو چیزیں بندے پر فرض یا واجب ہیں اور جو چیزیں حرام ہیں ان کا جاننا ہر

Marfat.com

مسلمان پر فرض عین ہے اور اس سے زائد کا سیکھنا فرض کفایہ ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے

**طلب العلم فريضة على كل مسلم و مسلمة**

(صحيح مسلم وجامع بيان العلم و فضله)

ترجمہ:۔

کہ دین کا علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔

اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دین کا علم سیکھنا نفلی نماز سے بہتر ہے۔

دوسرا مسئلہ یہ کہ علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا ضروری ہے جبکہ اسکی ضرورت ہو کہ قریب کوئی تعلیمی ادارہ نہ ہو حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص علم حاصل کرنے کے لئے راستہ پر چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے

(ترمذی شریف)

تیسرا یہ کہ فقہ سب سے افضل علم ہے۔

## علم

حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ فرماتے ہیں کہ

**وقد كان يطلق ذالك على العلم بالله و بآياته وبافعاله فى عباده و خلقه حتى انه لمامات عمرؓ قال ابن مسعودؓ لقد مات تسعة اعشار العلم فعرفه بالالف**

Marfat.com

**واللام ثم فسرہ العلم باللہ الخ**

(احیاء العلوم ج ا ص ۴۵)

ترجمہ:۔

حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام کے زمانہ اقدس میں اور اسی طرح تابعین وائمہ مجتہدین کے زمانہ اقدس میں حتی کہ کئی سو سال بعد تک علم کا لفظ اللہ تعالی کی ذات وصفات اور اس کے احکام (قرآن وسنت) اور اس کے بندوں میں اور اس کی مخلوق میں اس کے جو افعال ہیں اس کے علم کے لئے ہی بولا جاتا تھا یعنی قرآن و سنت کے علم کو ہی علم کہا جاتا تھا اس لئے جب حضرت عمرؓ کا انتقال ہوا تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا "علم کے دس حصوں میں سے نو حصے چلے گئے"

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ "**اعشار العلم**" میں علم کے لفظ کو معرفہ بالام کر کے لائے پھر اس کی تفسیر اللہ تعالی کی ذات وصفات اور اس کے احکام کے علم کے ساتھ فرمائی بعد میں لوگوں نے اسمیں کچھ اپنی طرف سے بناوٹ کردی حتی کہ اکثر طور پر اسے عالم کہا جانے لگا جو مسائل فقہیہ وغیرہ میں مناظرہ باز ہو اور کہا جانے لگا کہ یہی حقیقت میں عالم ہے اور یہی میدان علم کا مرد ہے اور جو عالم تو ہو مگر مناظرہ باز نہ ہو اسے کمزور مردوں میں شمار کیا جانے لگا اور یہاں تک کہ علماء کے گروہ میں ہی اسے شمار نہ کیا جانے لگا یہ بھی ایک بناوٹ کی بات ہے۔

کیونکہ قرآن وحدیث میں جس علم کی فضلیت اور جس عالم کی شان بیان ہوئی ہے وہ حقیقت میں ان علماء کے بارے میں ہے جو اللہ کی ذات وصفات وافعال اور قرآن وسنت کے احکام کے عالم ہوں، اب تو یہاں تک زیادتی کی گئی ہے کہ جو چند

Marfat.com

مناظرانہ باتیں سیکھ لے وہی بڑا عالم کہلاتا ہے حالانکہ وہ قرآن کی تفسیر وحدیث وتاریخ وفقہ ومذاہب فقہاء سے کچھ بھی نہیں جانتا ہوتا اور یہ بھی صحیح علم کے کم رہ جانے کا سبب بنا ہے۔

(احیاء العلوم ج ا ص ۴۵)

آج کے دور کے جدید فنون ڈاکٹری، انجینیئر نگ، اکاؤنٹ سائنس کمپیوٹر بیالوجی فزکس کیمسٹری (حساب) وغیرہ سب فنون ہیں علوم نہیں ہیں ان فنون کے ماہرین کو عالم نہیں کہا جائے گا کیونکہ اس ماہر فن کی عبارت صرف اسی فن تک محدود ہوتی ہے دیگر فنونی سے وہ لاعلم ہی ہوتا ہے۔ اگر چہ یہ سب فنون قومی ضرورت ہیں اور انسانی خدمت کا ذریعہ بھی ہیں اگر کوئی اللہ کی رضا اور ثواب کے لئے ان سے خدمت خلق کرے بے شک بڑے ثواب کا حقدار ہوگا جیسے دوسرے نیک کاموں پر انسان اجرو ثواب کا مستحق ہوتا ہے لیکن جو فضیلت قرآن وسنت کے علوم کی ہے جن سے انسان شریعت کے احکام اور انسانیت کے آداب واخلاق کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات وافعال کی معرفت حاصل کرتا اور نبی کریم ﷺ کا وارث وقائم مقام کہلاتا ہے اور بلاشبہ یہ صرف اور صرف قرآن وسنت اور شریعت کا ہی علم ہے جو علم کامل ہے، جو علم مطلق ہے اور جو فضیلتوں کا جامع ہے اس کے سوا اور کوئی علم نہیں جسے حقیقی طور پر علم کہا جائے۔

## عالم دین کو زکوۃ دینا افضل ہے

عالم دین جو ہمہ وقت دین کے کاموں میں مصروف ہو اسے زکوۃ دینا بہتر

Marfat.com

ہے بلکہ اسے زکوۃ دینا افضل و بہتر ہے۔

**التصدق علی العالم الفقیر افضل**

(درمختار مع شامی ج۲ص ۳۵۴)

ترجمہ:۔

ضرورتمند عالم دین کو زکوۃ دینا افضل ہے۔

کیونکہ یہ دراصل دین کی خدمت بھی ہے اور انسانی خدمت بھی۔

## امام حسنؓ

حضرت امام حسنؓ کی خدمت میں اگر کوئی عالم جاتا تو آپ اسے رخصت کرتے وقت تین تین لاکھ درھم نذرانہ پیش کرتے تھے۔ایک علم کی شان سے بے خبر انسان نے امام صاحب سے عرض کی کہ یہ تو فضول خرچی ہے **"لا خیر فی الاسراف"** اور فضول خرچی میں کوئی بھلائی نہیں ہے ۔امام حسنؓ اسی کے اسی عربی کے جملہ کو الٹا کر کے اسے لاجواب فرمایا دیا کہ **"لا اسراف فی الخیر"** یعنی نیک جگہ میں خرچ کرنا فضول خرچی نہیں ہے پھر فرمایا کہ دین علماء دین کی ہی ایک شکل میں ہمارے پاس ہے لہذا دین پر خرچ کرنا ہو تو علماء پر خرچ کرو کہ یہ ہر وقت دین کے لئے وقف ہیں، دین کا الگ کوئی وجود نہیں دین علماء دین کی صورت میں ہے جب علماء نہیں رہیں گے تو دین بھی نہیں رہے گا۔

علامہ زحیلیؒ لکھتے ہیں کہ

**و تحل الزکوۃ لطالب العلوم الشرعیۃ لان**

Marfat.com

**تحصیل العلم فرض کفایة و یخاف من الاقبال علی الکسب الانقطاع عن التحصیل**

(الفقہ الاسلامی ج۲ص ۸۸۰)

ترجمہ:۔

جو شخص شریعت کے علوم کے پڑھنے پڑھانے میں مشغول ہو اس کے لئے زکوۃ لینا جائز ہے کیونکہ علم دین حاصل کرنا اور اسے فروغ دینا فرض کفایہ ہے اور کاروبار کرنے کی صورت میں اس کے لئے پڑھنا پڑھانا ممکن نہ ہوگا۔

لہذا:۔ اسکی پوری اور مکمل کفالت کرنا اور اسکی جملہ ضروریات کا انتظام کرنا مخیرّ و مالدار مسلمانوں کا فریضہ ہے۔

## امام سرخسیؒ

امام شمس الدین سرخسیؒ متوفی ۴۹۰ھ جو ائمہ احناف کے مجتہدین میں سے ہیں مبسوط میں فرماتے ہیں

**ومنه ارزق القضاة و المفتيين و المحتسبين و المعلمين و کل من فرغ نفسه لعمل من اعمال المسلمين على وجه الحسبة**

(المبسوط ج۳ص۱۸)

ترجمہ:۔

اور قومی خزانے کے ذمہ ہے قاضیوں (ججوں) اور فتوی دینے والے علماء اور

Marfat.com

احتساب کرنے والوں اور علم سکھانے والوں کے وظائف اوران کے علاوہ ہراس شخص کا وظیفہ بھی خزانے کے ذمہ ہے جس نے اپنے آپ کو مسلمانوں کی دینی یا دنیاوی خدمات کے لئے رضا کارانہ طور پر وقف کررکھا ہے۔

اسلامی نظریہ کی رو سے ہر شخص کا وظیفہ اسکی ضرورت کے مطابق ہوگا۔ مثلاً ایک شخص صرف میاں بیوی ہیں تو اسے اتنا ہی وظیفہ ملے گا جس سے اسکی ضروریات پوری ہوں خواہ کتنا ہی اونچے عہدے پر ہو مگر ضروریات سے زیادہ نہیں، اگر دس ہزار روپیہ سے اسکی ضروریات پوری ہوتی ہیں تو اسے دس ہزار دیا جائیگا اور اگر اس سے نیچے درجہ کا ملازم ہے مگر اس کے دس بچے ہیں جنکی ضروریات بیس ہزار روپے سے کم سے پوری نہیں ہوتی ہیں تو اسے بیس ہزار دیے جائیں گے کم نہیں دیے جائیں گے (چنانچہ حوالوں کے ساتھ مدلل بحث ہماری کتاب ''معاشیات نظام مصطفی''میں دیکھ سکتے ہیں) اور اگر قومی خزانہ سے ان کو نہیں دیا جاتا تو مسلمان اپنے طور پر اسکا انتظام کریں یہ ان کا فریضہ ہے تاکہ دین کا کام نہ رکے۔

## امام ابو حفصؒ

امام اسماعیل حقی بروسوی لکھتے ہیں کہ امام ابو حفصؒ نے ارشاد فرمایا کہ

**لایصرف الی من لایصلی الا احیانا و التصدق علی الفقیر العالم افضل من الجاهل و یصرف الی الائمة و المؤذنین و القراء و المفتیین و المعلمین۔**

(تفسیر روح البیان ج ۱۰ ص ۲۷۴)

Marfat.com

ترجمہ:۔

جو شخص نماز نہ پڑھتا ہو یا کبھی کبھی پڑھتا ہو اسے زکوۃ وصدقات نہ دیئے جائیں اور غیر عالم کی بجائے عالم کو زکوۃ دینا افضل اور زیادہ ثواب ہے اور اماموں اور مؤذنوں اور قاریوں اور مفتیوں اور علم دین کی تعلیم دینے والوں کو زکوۃ میں سے وظائف دیے جائیں گے۔

(روح البیان ج ۳ ص ۴۵۵)

## ایک شہر سے دوسرے شہر

فقہاء احناف فرماتے ہیں کہ ایک شہر سے دوسرے شہر زکوۃ بھیجنا پسندیدہ بات نہیں ہے بلکہ ہر شہر والوں کو چاہیے کہ اپنے شہر کے ضرورتمند کو زکوۃ دیں تو حرج نہیں ہاں اگر دوسرے شہر میں زیادہ ضرورتمند ہوں اس کے بعد لکھتے ہیں کہ

**او اصلح او اورع او أنفع للمسلین او الی طالب علم فلایکره**

(التفسیر المنیر ج ۱۰ ص ۲۲۴)

ترجمہ:۔

یا دوسرے شہر میں زیادہ بہتر ہو یا اس کے رشتہ دار ضرورتمند دوسرے شہر میں ہوں یا وہاں زیادہ پرھیزگار یا مسلمانوں کے لئے وہاں زیادہ دین کا کام ہو رہا ہو یا وہاں علم والے علم کا کام کر رہے ہوں تو وہاں زکوۃ بھیجنا اچھی بات ہے۔

علامہ زحیلیؒ اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

**من انفق ماله فی طلبة العلم صدق انه انفق فی سبیل الله**

(التفسیر المظهری ج۴ص ۲۳۹۔التفسیر المنیر ج۱۰ص ۲۴۴)

ترجمہ:۔

جس نے علم کے پڑھنے پڑھانے والوں کوزکوۃ دی واقعی اس نے اللہ کے راستہ میں مال خرچ کیا۔

صاحب التیسیر فرماتے ہیں کہ

**وقال کثیر من الفقھاء ان تفرغ القادر علی الکسب لطلب العلم اعطی من الزکوۃ لان طلب العلم داخل فی الجھاد فی سبیل الله**

(تفسیر تیسیر الکریم الرحمن ج۳ص ۲۵۳)

ترجمہ:۔

بہت سے فقہاء نے فرمایا ہے کہ جو شخص کمانے کی طاقت رکھتا ہو مگر وہ علم کے پڑھنے پڑھانے میں مصروف ہو اسے زکوۃ دی جائے کیونکہ علم کا پڑھنا پڑھانا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے، لہذا علم والوں کوزکوۃ دینا مجاھدین فی سبیل اللہ کوزکوۃ دینا ہے بلکہ اس سے پہلے گذر چکا ہے کہ علم کا جہاد مادی اسلحہ کے ذریعے جہاد سے بہتر ہے۔ بلکہ یہ اولین جہاد ہے۔

Marfat.com

## ﴿علماء کو سلام کرنے ان کی خدمت میں بیٹھنے اور ان کی زیارت کرنے کا ثواب﴾

امام المحدثین والمفسرین حضرت امام جلال الدین السیوطیؒ متوفی ۹۱۱ھ اپنی کتاب ''لباب الحدیث'' میں حدیث روایت فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے فرمایا

**جلوسك في مجلس العلم لا تمس قلما ولا تكتب حرفا خير لك من عتق الف رقبة و نظرك الى وجه العالم خير لك من الف فرس تصدقت بها في سبيل الله ، و سلامك على العالم خير من عبادة الف سنة**

ترجمہ:۔

تمہارا علم کی مجلس میں بیٹھنا بغیر ہاتھ میں قلم پکڑے اور بغیر کوئی حرف لکھے تمہارے لئے ایک ہزار غلام آزاد کرنے کے ثواب سے زیادہ ثواب ہے اور تمہارا عالم دین کے چہرے کو دیکھنا تمہارے لئے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کو ایک ہزار گھوڑے فی سبیل اللہ دینے سے زیادہ ثواب ہے اور تمہارا عالم دین کو سلام کرنا ایک ہزار سال کی نفلی عبادت سے بہتر ہے۔

تشریح:۔ حضور اکرم ﷺ نے جو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے ارشاد فرمایا ہم اسے تشریح و وضاحت کے ساتھ بیان کرتے ہیں ''یعنی تمہارے صحیح العقیدہ عالم باعمل کی

Marfat.com

محفل میں کسی بھی لمحہ دن کو یا رات کو اس نیت سے بیٹھنا کہ اللہ والوں کی صحبت نصیب ہو جائے اور انکی کوئی بات میرے کان میں پڑے اور مجھے سمجھ آجائے جس پر میں عمل کر سکوں اور میرے ایمان یا عمل میں ترقی ہو ایک ہزار غلام یا لونڈی اللہ کے لئے آزاد کرنے سے بہتر ثواب ہے اور ایسے ہی عالم دین کی طرف محبت وعقیدت سے ایک نظر دیکھنا مجاہدین اسلام کو فی سبیل اللہ ایک ہزار گھوڑے دینے سے زیادہ ثواب ہے۔

امام حافظ منذریؒ نے بھی اپنی کتاب ''**الدرة اليتمته**'' میں اسی طرح حدیث روایت فرمائی ہے اور امام حافظ یحی بن شرف نوادی شارح صحیح مسلم نے اپنی کتاب ''**رياض الصالحين**'' میں ایک حدیث روایت فرمائی اس میں ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ

جو شخص عالم دین کی محفل کی طرف چلا اسے ایک ایک قدم پر ایک سو نیکی کا ثواب ملے گا اور جب اس کی خدمت میں جا کر بیٹھے گا اور اس کی باتیں سنے گا تو عالم دین کے منہ سے نکلنے والے ایک ایک لفظ کے بدلے ایک نیکی ملے گی۔

غور کیجئے کہ جب عالم دین کی گھنٹہ بھر کی تقریر سنکر سامعین واپس لوٹتے ہوں گے تو ان کے دامن اور نامہ اعمال میں ہزاروں نیکیاں جمع ہو جاتی ہوں گی۔

## علماء کی تعظیم

علماء کی تعظیم فرض ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے جسے امام سیوطی روایت فرماتے ہیں

**اكرموا العلماء فانهم عند الله كرماء مكرمون**

Marfat.com

ترجمہ:۔

علماء کی تعظیم کیا کرو یقیناً علماء اللہ کے ہاں اس کے محترم و پسندیدہ و برگزیدہ بندے ہیں ان کو اللہ کے ہاں (فرشتوں میں بھی) عزت دی جاتی ہے۔

شرح:۔اس کی شرح میں علامہ محمد بن عمر نووی بنتنی لکھتے ہیں

**اکرموا العلماء ای بعلوم الشرع العالمین بان تعاملوهم بالاجلال و الاحسان الیهم بالقول والفعل۔**

ترجمہ:۔

یعنی جو شریعت کے علم رکھنے اور شریعت پر عمل کرنے والے علماء ہیں ان کی تعظیم کرو اس کا مطلب ہے کہ اپنے قول و عمل سے ان کی عزت بڑھاؤ اور ان کے ساتھ احسان اور بھلائی سے پیش آؤ کہ دین کے کام کو چلانے میں ان کی بھرپور مدد کرو یہ تم پر فرض ہے۔

(تنقیح القول ص۸ طبع لبنان)

## ایک نگاہ سے فرشتہ

امام جلال الدین سیوطیؒ متوفی ۹۱۱ھ حدیث روایت فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**من نظر الی وجه العالم نظرة ۔ ففرح بها خلق الله تعالی من تلك النظرة ملكا یستغفر له الی یوم القیامة**

Marfat.com

(لباب الحدیث ۹)

ترجمہ:۔

جس شخص نے عالم دین کے چہرے کی طرف ایک نظر دیکھا جس سے عالم خوش ہو گیا تو اللہ اس نظر سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے جو اس شخص کے لئے قیامت تک بخشش کی دعا کرتا رہے گا۔

## ﴿عالم کی ایک ایک بات سے فرشتہ پیدا ہوتا ہے﴾

امام سیوطیؒ ایک حدیث حضرت ابوھریرہ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

**اذا تحدث العالم فی مجلسه ولم يد خله هزل ولا لغو الا خلق الله تعالی من کل کلمة طلعت من فمه ملکا یستغفر له و لسامعه الی یوم القیامة فاذا انصر فوا مغفورین لهم ثم هم القوم لا یشقی بهم جلیسهم**

(تنقیح القول الحشیث بشرح لباب الحدیث ص۹)

ترجمہ:۔

جب عالم دین اپنی مجلس میں بات کرتا ہے اور اسکی بات نہ مذاق ہو اور نہ بے کار ہو (بلکہ عالمانہ گفتگو ہو) تو اس کے ایک ایک کلمہ سے جو اس کے منہ سے نکلتا ہے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے جو عالم دین کے لئے اور اس کی باتوں کو سننے والوں کے لئے قیامت کے دن تک بخشش کی دعا کرتا رہے گا تو جب لوگ اس کی محفل

Marfat.com

سے واپس ہوتے ہیں تو بخشے ہوئے ہوتے ہیں پھر آپ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جن کی صحبت میں بیٹھنے والا نامراد نہیں رہتا۔

## ﴿عالم کو دیکھنا عبادت، آنکھ اور دل کا نور ہے﴾

علامہ محمد بن عمر بنتنی لکھتے ہیں کہ سیدنا علی مرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ

**النظر الى وجه العالم عبادة و نور فى النظر و نور فى القلب فاذا جلس العالم للعلم كان له بكل مسئلة قصر فى الجنة وللعامل بها مثل ذلك**

(امام نوویؒ نے بھی اسی طرح روایت کی)

ترجمہ:۔

عالم دین کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے اور آنکھ کا نور اور دل کی روشنی ہے تو جب عالم دین علم کی مجلس میں تشریف رکھتا ہے اور پڑھنے والوں یا سننے والوں کو مسائل بتاتا ہے تو ہر اسے اور اسکی صحبت میں بیٹھ کر اسکا بیان سننے والوں کے لئے ہر مسئلہ کے بدلے جنت کا محل (لکھا جاتا) ہے۔

## ﴿عالم دین کی صحبت میں بیٹھنے والا قیامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھا ہوگا﴾

امام جلال الدین سیوطیؒ حدیث روایت کرتے ہیں

**قال النبى صلى الله عليه وسلم من زار عالما فكانما زارنى ومن**

Marfat.com

صافح عالما فكانما صافحني ومن جالس عالما فكانما جالسني في الدنيا ومن جالسني في الدنيا اجلسته معي يوم القيامة

(لباب الحدیث ص۹)

ترجمہ:۔

جس نے عالم دین کی زیارت کی گویا اس نے میری زیارت کی اور جس نے عالم دین کے ساتھ ہاتھ ملایا گویا اس نے میرے ساتھ ہاتھ ملایا اور جو عالم دین کے ساتھ بیٹھا وہ دنیا میں گویا میرے ساتھ بیٹھا اور جو دنیا میں میرے ساتھ بیٹھا میں قیامت کے دن اسے اپنے ساتھ بٹھاؤں گا۔

ریاض الصالحین امام نووی اور تنقیح القول الحثیث میں حضرت انسؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

جس نے ایک عالم دین کی زیارت کی تو بے شک اس نے میری زیارت کی اور جس نے میری زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی اور جو عالم دین کے پاس دین سیکھنے گیا اسے ایک ایک قدم کے بدلے میں ایک شہید کا ثواب ملے گا۔

## جنت کی ضمانت

عالم دین کی زیارت کے لئے جانے والے مسلمان کے لئے حضور اکرم ﷺ نے جنت کا وعدہ فرمایا اور ضمانت و گارنٹی دی ہے چنانچہ ''ریاض الصالحین'' میں امام نوویؒ شارح مسلم حضرت علی مرتضیٰؓ سے حدیث نقل فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

Marfat.com

**من زار عالما ضمنت له علی الله الجنة**

(تنقیح القول الحثیث بشرح لباب الحدیث امام جلال الدین سیوطی ص۹)

ترجمہ:۔

کہ جس نے عالم دین کی زیارت کی میں نے اسے اللہ کی طرف سے جنت کی ضمانت دی۔

## عالم کی قبر کی زیارت

امام یحیٰ بن شرف نووی شارح مسلم کی "ریاض الصالحین" شریف میں حضرت علی مرتضیٰؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

**من زار عالما ای فی قبره ثم قرء عنده آیة من کتاب الله تعالی اعطاه الله تعالی بعدد خطواته قصورا فی الجنة وکان له بکل حرف قرأه علی قبره قصرا فی الجنة**

(تنقیح القول شرح لباب الحدیث امام سیوطی ص۹)

ترجمہ:۔

جس نے عالم دین کی قبر شریف کی زیارت کی پھر اس کے پاس اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت کی (اور اس کا ثواب اسے بخشا) تو اللہ تعالیٰ اسے ایک ایک قدم کے بدلے (جس سے چل کر آیا) اسے جنت میں ایک محل عطا کرے گا۔

Marfat.com

## ﴿علماء و علم قرآن﴾

الحمدللہ علماء کرام کو یہ شرف حاصل ہے کہ وہ قرآن کا علم رکھتے ہیں اور قرآن علم کا خزانہ ہے علماء قرآن کی زبان (عربی) پر عبور رکھنے کیوجہ سے اور اس کے قواعد و ضوابط و اصول کو جاننے و سمجھنے کیوجہ سے قرآن کے علوم و احکام کو جاننے کے ساتھ ساتھ ان کی باریکیوں اور لطیف نکتوں کو بھی جانتے ہیں امام حافظ مجتہد ابو اسحاق ابراھیم بن موسی لخمی غرناطی معروف بنام گرامی شاطبیؒ متوفی ۷۹۰ھ اپنی کتاب

''**الموافقات فی اصول الاحکام**'' میں فرماتے ہیں

**فالعالم بالقرآن عالم بجملة الشريعة**

(الموافقات ج۳ص۲۱۹)

ترجمہ:۔

تو قرآن کا عالم ہو وہ تمام شریعت کا عالم ہے۔

## ﴿عالم سے بڑا کوئی نہیں﴾

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ

**ان من قرء القرآن فليس فوقه احد**

(الموافقات ج۳ص۲۱۹)

ترجمہ:۔

جس نے قرآن کا علم حاصل کر لیا اس سے اوپر کوئی نہیں۔

یہ قرآن کی شان ہے کہ قرآن سے اوپر کوئی کتاب نہیں تو اس کی برکت سے

Marfat.com

قرآن کے عالم سے بڑا بھی کوئی نہیں ہے۔

## مفتی قائم مقام نبی

امام شاطبی لکھتے ہیں کہ

**المفتی قائم فی الامۃ مقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم**

(الموافقات ج ۴ص ۲۴۰)

ترجمہ:۔

مفتی (فقہ کا علم رکھنے والا) امت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قائم مقام ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ

**من قرء القرآن فقد ادرجت النبوۃ بین جنبیہ الا انہ لا یوحی الیہ**

(احیاء العلوم ج ۱ص ۳۲۳)

ترجمہ:۔

جس نے قرآن کا علم حاصل کرلیا اس کا عالم ہوگیا تو بلاشبہ نبوت اسکے دو پہلوؤں میں رکھدی گئی لیکن اسکی طرف وحی نہیں کی جاتی۔

نبوت کا دو پہلوؤں میں رکھدیا جانا ایک ایسا مرتبہ ہے جو عالم دین (قرآن وسنت کے علم رکھنے والے) کے سوااور کسی کونصیب نہیں ہے۔

Marfat.com

## فضیلت فقہ

"فتاوی درمختار" میں ہے

**وخیر علوم علم فقه لانه یکون الی کل العلوم توسلا**

ترجمہ:۔

اورسب سے بہتر علم فقہ کا علم ہے کیونکہ یہ، تمام علوم پر عبور حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

**فان فقیها واجلا متورعا علی الف ذی زهد تفضل و اعتلی**

ترجمہ:۔

پس بے شک ایک پرھیز گار فقیہ، ایک ہزار عبادت گذار زاھدوں سے بھی بلند و بالا ہے۔

## امام محمدؒ

امام محمد شاگرد رشید امام ابوحنیفہؒ کو ھدایت کی گئی کہ

**تفقه فان الفقیه افضل قائدالی البر و التقوی واعدل قاصد**

ترجمہ:۔

Marfat.com

شریعت کے احکام کا علم حاصل کیجئے بے شک شریعت کا عالم نیکی وتقوی کی طرف لے جانے والا سب سے بہتر راھنما ہے اور سب سے زیادہ انصاف والا قاصد ہے۔

وكن مستفيدا كل يوم زيادة
من الفقه واسبح فى بحور الفوائد

ترجمہ:۔

اور روزانہ فقہ کے علم میں زیادہ فائدہ حاصل کرتے جاؤ اور علم کے فوائد کے دریاؤں میں خوب تیرو

فان فقيها واحدا متورعا
اشد على الشيطان من الف عابد

ترجمہ:۔

تو بے شک ایک پرھیز گار عالم دین ایک ہزار عبادت گذاروں کے مقابلہ میں شیطان پر زیادہ سخت ہے۔

(مقدمہ فتاوی درمختار)

## محنت کی ضرورت

عالم بننے کے لئے محنت کی بڑی ضرورت ہے اوپر والے شعر میں اسی طرف اشارہ ہے کہ تمام علوم میں عموما اور خصوصا فقہ و دین کا علم سیکھنے والوں کو تو بہت ہی محنت کرنے کی ضرورت ہے ہم اس محنت کی ایک مثال دیتے ہیں چنانچہ امام ابو اسحاق

Marfat.com

ابراھیم بن علی بن یوسف شیرازی فیروز آبادی متوفی ۴۶۹ھ فرماتے ہیں۔

**کنت اعید کل درس مائة مرة واذا کان فی المسئلة بیت شعر یستشهد به حفظت القصید کلها من اجله**

(کتاب العلم ص ۵۲)

ترجمہ:۔

میں اپنا سبق روزانہ ایک سو بار دہراتا تھا اور جب مسئلہ میں کسی شاعر کے قصیدہ کا کوئی شعر آتا تو میں صرف وہ شعر نہیں اس شعر کی وجہ سے۔ پورا قصیدہ ہی حفظ کرلیتا تھا فقیہ یا محدث یا مفسر وغیرہ ایسے عظیم الشان عالم بننے کے لئے اس طرح محنت کرنا بڑا ضروری ہے۔

## عالم کا مقام مجاھد سے بڑھ کر ہے

سیدنا علی مرتضیٰؓ نے فرمایا

**العالم اعظم اجرا من الصائم القائم الغازی فی سبیل الله**

(کتاب العلم ص ۷۰)

ترجمہ:۔

عالم دین اس شخص کے مقابلہ میں بڑا درجہ رکھتا ہے جو دن بھر روزہ رکھتا راتوں کو کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور اللہ کی راہ میں جہاد کر کے فتح حاصل کرتا ہو۔

Marfat.com

## تعلیم کا ثواب

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ میرا علم کا ایک باب پڑھ کر کسی مسلمان کو وہ باب پڑھا دینا اس سے بہتر ہے کہ سارے جہان کی دنیا مجھے مل جائے اور میں اسے راہ خدا میں خرچ کردوں

(کتاب العلم ۷۰)

## حضور اکرم ﷺ اور خلفاء راشدین کے زمانہ میں تعلیم دین کا انتظام

آپ ﷺ کے بعد خلفاء راشدین خاص کر حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ نے تمام ممالک اسلامیہ میں تعلیم قرآن کا بڑا منظم اور باقاعدہ انتظام فرمایا تھا۔ حضرت عمرؓ کی فتوحات بائیس لاکھ اکاون ہزار مربع میل پر محیط تھیں اس وسیع ترین مملکت میں آپؓ نے ہر جگہ ماہر معلم قرآن مقرر فرمادیے تھے، عبادہ ابن الصامتؓ اور ابوالدرداءؓ جیسے ماہر قراء کو اہل شام کو قرآن کی تعلیم دینے کے لیے روانہ فرمائے ہوئے ان کو حکم دیا کہ ایک صاحب حمص میں قیام کریں، دوسرے صاحب دمشق جائیں اور تیسرے صاحب فلسطین کو اپنا مستقر بنائیں۔

(کنز العمال ج ا ص ۲۸۰)

## وظائف

ان تمام معلمین قرآن کو بیت المال سے وظیفے دیئے جاتے تھے اسی طرح

Marfat.com

قرآن پڑھنا سیکھنے والوں کو بھی وظیفہ دینے کا آپ نے حکم فرمایا تھا۔

## امام ابو عبیدہؒ لکھتے ہیں

**ان عمرؓ بن الخطاب کتب الی بعض عماله ان اعط الناس علی تعلم القرآن**

(کتاب الاموال ص ۲۶۱)

ترجمہ:۔

حضرت عمر بن الخطابؓ نے اپنے بعض عاملوں کو لکھا کہ قرآن پڑھنا سیکھنے والوں کو وظیفے دیے جائیں۔ بعد میں جب عاملوں نے اطلاع دی کہ بعض لوگ قرآن سیکھنے کی خواہش کے بغیر محض وظیفہ حاصل کرنے کے لیے طالب علم بن رہے ہیں تو اس پر بھی آپؓ نے وظیفہ بند کر دینے کا حکم نہیں فرمایا

(کتاب الاموال ص ۲۶۱)

لوگوں کو قرآن خوانی کی طرف طرح طرح سے مائل کرنا آپ کا محبوب ترین مشغلہ تھا، تمام کے لیے وظیفہ مقرر کرتے وقت بھی آپؓ اس بات کا لحاظ فرماتے تھے کہ قرآن وسنت کا علم سیکھنے سکھانے والے طلباء اور علماء کو وظائف دوسروں سے زیادہ دیے جائیں قاضی ابو یعلی لکھتے ہیں۔

**ثم فرض للناس علی منازلهم و قراء تهم وجهادهم فی سبیل الله**

(الاحکام السلطانیة للقاضی ابی یعلی ص ۲۲۳)

ترجمہ:۔

Marfat.com

یعنی پھر آپؓ نے لوگوں کے لئے ان کے مراتب اوران کے علم قرآن اور ان کے جہاد فی سبیل اللہ کی بناء پر ماہانہ وظیفے مقرر فرمائے نیز آپؓ کے مصاحبین، وزراء اور مشیر بھی قرآن کے عالم ہی ہوتے تھے۔

(صحیح بخاری تفسیر سورۃ الاعراف وباب الاقتداء بسنن رسول اللہ ﷺ)

اور (باب قول اللہ تعالی "وامرھم شوری بینھم")

میں حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں

**کان القراء اصحاب مجالس عمر و مشاورته کھولا کانوا او شبانا**

ترجمہ:۔

یعنی حضرت عمرؓ کی مجالس کے اصحاب وزراء اوران کے مشیر قرآن کریم کے قاری و عالم ہوتے تھے خواہ وہ بوڑھے ہوتے یا جوان ہوتے۔

اندازہ فرمائیے کہ اسلامی ریاست کیسی ہوتی ہے۔آج ہم پاکستان کو اسلامی ریاست کہتے ہیں حالانکہ یہاں اسلام کے نام کے سوا کچھ نہیں اسے اسلام کا نہیں لوٹ کھسوٹ ، جہالت ، بد دیانتی ،قتل و غارت ،فرقہ واریت ،سیاست بازی اور مہنگائیوں اور ٹیکسوں کی بھرمار کی ریاست بنا دیا گیا اس صورت حال کو دیکھ کر قائداعظم محمد علی جناحؒ اور پاکستان بنانے میں ان کے ساتھ تعاون کرنے والے علماء اور قربانیاں دینے اور شہید ہونے والے مسلمانوں کی روحیں یقیناً تڑپ رہی ہوں گی۔

ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتے ہیں کہ وہ پاکستان میں جلد از جلد اسلامی نظام رائج کرنے کے لئے اپنے کسی خاص بندے کو مقرر فرمائے جو ایاں

Marfat.com

نظام مصطفیٰ ﷺ کی حکمرانی قائم کرکے ہمارے ملک وقوم کو اوج ثریا پر پہنچادے آمین۔

## امت پر علماء کی تعظیم فرض ہے

محی السنۃ والدین امام یحی ابن شرف النووی متوفی ۶۷۶ھ

**"کتاب العلم وادآب العالم والمتعلم"** میں

فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی امت کے علماء (اہل سنت وجماعت) روئے زمین پر اللہ کی نشانیاں ہیں جو اللہ کی نشانیوں کی تعظیم وتکریم نہ کرے وہ اللہ کے عذاب کا مستحق ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

(ترجمہ)

یعنی ان لوگوں کے لئے اللہ کی طرف سے سخت حکم ممانعت وسخت ناراضگی اورعذاب کی خبر ہے جو علماء وفقہاء کو ایذاء وتکلیف پہنچائیں اور انکی بے ادبی کریں اللہ تعالیٰ لوگوں کو علماء کی جو اللہ کی نشانیاں ہیں تعظیم وتکریم کا حکم دیتا ہے۔

اور جولوگ اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کریں تو یہ ان کے دل کے تقوی وپرہیز گاری کی ایک بات ہے۔

اور جو اللہ کی محترم چیزوں کی تعظیم کرے یہ اس کے رب کے ہاں اس کے لئے بہتر ہے۔

ایمان والوں (یعنی کامل ایمان والوں اوروہ علماء ہیں) کی تعظیم کے لئے اپنے بازو بچھادو۔

Marfat.com

اور جو لوگ (کامل) ایمان والوں اور ایمان والیوں (علماء و عالمات) کو ناحق تکلیف دیتے ہیں وہ بڑا بہتان اور گناہ اٹھاتے ہیں۔

اور صحیح بخاری میں حضرت ابوھریرہؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

بے شک اللہ عزوجل نے فرمایا جو میرے ولی کو تکلیف پہنچائے گا میرا اس سے اعلان جنگ ہے۔

نیز حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ

جس نے عالم دین کو تکلیف پہنچائی اس نے رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچائی اور جس نے رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو تکلیف پہنچائی۔

امام جمال الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن عمر حبیشیؒ نشر طی التعریف فی حملۃ العلم الشریف میں علماء کرام کی خدمت میں بعض مشائخ کی نصیحت عربی زبان میں پیش کرتے ہیں ہم ان کا ترجمہ پیش کرتے ہیں۔

کہ جب حکمران دین سے دور ہو جائیں، اسلام کا نام لیں مگر کام اسلام کے برعکس کریں علم و علماء کی ناقدری کریں تو اس وقت علماء کو صبر و تحمل اختیار کرتے ہوئے تقوی و طہارت، خداخوفی و پرہیز گاری کے راستہ پر چلتے ہوئے ان حکمرانوں سے الگ تھلگ ہو کر قرآن و سنت و فقہ اسلامی کے علوم کو اپنی ہمت و طاقت کے مطابق فروغ دیتے رہنا چاہئے اللہ تعالیٰ ان کا مددگار ہوگا۔

ان کے اشعار کا ترجمہ یہ ہے۔

ان کے پڑھنے پڑھانے کو اپنا محبوب مشغلہ بنالیں

Marfat.com

صحیح بخاری و صحیح مسلم اور حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ کی
کتاب احیاء العلوم بھی پڑھیں اور پڑھائیں اور
تقوی و پرھیزگاری کا درس تھامے رکھیں اور پیش
آنے والی تکلیفوں اور آزمائشوں کو صبر سے برداشت کریں
اور دین کے نور سے دل و دماغ کو قوت پہنائیں
اورشریعت مصطفے ﷺ پر چلتے اورحتی الامکان اس کی تبلیغ کرتے ہوئے
اس پر قائم رہیں اور ظالموں کو ان کے حال پر چھوڑ دیں کہ جو گناہ کر رہے
ہیں کرلیں انہیں اپنے لئے عذاب الٰہی کو دعوت دینے دیں اور اپنی عاقبت خراب
کرنے دیں رسول اللہ ﷺ کی سنت اور آپ کے طریقہ پر چلنے کے سوا کہیں بھلائی اور
برکت نہیں بلاشبہ ایسے حال میں دین پر اور حضور اکرم ﷺ کی سنت پر عمل
کرنا مشکل ہے لیکن اس کا انجام ہمیشہ کی راحتیں اور سکون اور آرام واطمینان ہے
جو لوگ اللہ کی نافرمانی اور خلاف شرع باتوں کی طرف بلائیں
ان کا ساتھ نہ دیں بلکہ ان کے مقابلہ میں قرآن وسنت کی اتباع
پر ڈٹے رہیں اور کسی کی پرواہ نہ کریں انشاء اللہ اللہ کے فضل و کرم
سے آخر آپ سرخرو ہوں گے اللہ کی مدد آپ کے ساتھ ہوگی
اور لوگ آخرکار آپ کے قدموں میں آکر پڑیں گے کیونکہ گناہوں
میں سکون اور اطمینان نہیں گناہ گار بالآخر تنگ آکر پرھیزگاروں کا دامن پکڑ
نے پر مجبور ہوتے ہیں

کچھ اور اشعار پیش کرتے ہیں عربی عبارت ساتھ ترجمہ کے۔

Marfat.com

**فیاخیر خلق اللہ یا خیر مرسل**

**لقد ھجروا الشرع الشریف الذی تما**

اے اللہ کی مخلوق میں بہتر ہستی اے سب رسولوں میں بہتر رسول

لوگوں نے اس شرع شریف کو چھوڑ دیا جو کامل و مکمل ہے

**اتیت بہ من عند ربك موضحا**

**شرائع حکم اللہ و الحل و الحرما**

جو آپ اپنے رب کی طرف سے لائے وضاحت فرماتے ہوئے

اللہ کے احکام کی اور حلال وحرام کی۔

**الیك شکونا یارسول الھنا**

**و فیك تشفعنا لنکفی بك الھضما**

اے ہمارے اللہ کے رسول ہم آپ کے حضور شکایت لائے اور آپ کی شفاعت

ہمارا سہارا ہے تاکہ ہم آپ کے وسیلہ سے اللہ مصیبت میں ہمیں کافی ہو۔

**وبالانبیاء و الصالحین اولی التقی**

**سألناك یااللہ ان تجبر الکلما**

اے اللہ ہم نبیوں اور نیکوں پرہیز گاروں کے وسیلے سے تجھ سے

سوال کرتے ہیں کہ تو ہمارے دکھوں کو ٹھیک کردے۔

**وتنصر خدام الشریعۃ و النبی**

**وترزقھم عزا وتعطیھم فھما**

اور تو شریعت اور نبی ﷺ کے خدمتگار علماء کی مدد فرما اور انکو

Marfat.com

عزت اور فہم عطا فرما اور ان کے دشمنوں کو تباہ و برباد فرما۔

**بجاه رسول الله نسأل فاكفنا**

**عليه صلوة الله نوفى بها النظما**

ہم تجھ سے تیرے رسول ﷺ کی عظمت کے وسیلہ سے سوال کرتے ہیں کہ تو ہی ہمیں ہر بات میں کافی ہو جا بس اس پر ہم اپنی نظم کو پورا کرتے ہیں۔

## حضرت عبداللہ بن مبارک

امام اعظم ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ کے شاگرد رشید جو بڑے عالم و فقیہ و مجتہد ہونے کے ساتھ صاحب مال و دولت بھی تھے اور ان کا بہت بڑا وسیع کاروبار تجارت تھا وہ اولیاء اللہ کے گروہ ''ابدال'' میں سے تھے ان کے بارے میں ہے۔

**كان ينفق على طلبة العلم فى كل سنة مائة الف درهم ويقول للفضيل بن عياض لولاك و اصحاب ما اتجرت وكان يقول للفضيل واصحابه لاتشتغلوا ابطلب الدينا اشتغلوا بالعلم وانا اكفيكم المؤونة۔**

ترجمہ:۔

دین کے علم کے پڑھنے پڑھانے والوں پر ہر سال ایک لاکھ درھم خرچ کرتے تھے اور حضرت فضیل بن عیاض جن کا مدرسہ تھا اور طلبہ ان سے پڑھتے تھے، ان سے امام عبداللہ بن مبارک فرماتے تھے اگر آپ اور آپ کے طلبہ نہ ہوتے تو میں تجارت چھوڑ دیتا میں اس لئے تجارت کرتا ہوں کہ کما کر علماء و طلبہ کی تمام ضروریات

Marfat.com

پوری کروں اور حضرت فضیل بن عیاض سے اور ان کے شاگردوں سے فرماتے آپ لوگ کسی سے پیسے مانگنے یا اپنی ضروریات کے لئے کچھ کمانے کا کام نہ کرو صرف علم کے پڑھنے پڑھانے میں مشغول رہو اور تمہارے تمام اخراجات کا میں ذمہ دار ہوں۔

(روح البیان ۱۔۲۹۰)

## مسائل

اس سے کئی مسئلے ثابت ہوتے ہیں ایک یہ کہ سب سے بہترین مصرف دین کی خدمت میں مصروف علماء وطلباء ہیں۔ دوسرا یہ کہ ایک مسلمان کو اس بات کی زیادہ ہی فکر ہونی چاہیے کہ قرآن وسنت کے علوم کو پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ جاری رہنا ضروری ہے تیسرا یہ کہ صاحب مال پر فرض ہے کہ وہ دین کے علم کو فروغ دینے والے علماء وطلبہ کی دل کھول کر اور سب بڑھ چڑھ کے مدد کرے۔

اور یہ ہمارے سنی بھائی جو اپنے دینی مدارس کو کبھی نہیں پوچھتے اور نہ ان کی مدد کرتے ہیں بلکہ اپنی کمائی نعت خوانیوں، قوالیوں، عرسوں، غلافوں اور غیر ضروری دیگر مصارف پر خرچ کرتے ہیں خانقاہوں اور درباروں کے گلوں اور صندوقوں میں ڈالتے وہ اپنے مسلک کو کمزور کر رہے ہیں ان کے یہ مصارف واخراجات قبول نہ ہوں گے کیونکہ علم قرآن وسنت کو فروغ دینا فرض ہے اور یہ دوسرے کام زیادہ سے زیادہ نوافل ومستحبات کے درجہ میں آتے ہیں اور مسلم مسئلہ ہے کہ فرائض کو چھوڑ کر مستحبات و نوافل ادا کرنے والے کے مستحبات ونوافل واپس اس کے منہ پر مارے جاتے ہیں۔ قبول نہیں کئے جاتے جبکہ ہمارے ملک کے وہ مدرسے جہاں قرآن وسنت فقہ واصول وعقائد دینی بنیادی ومنتہی درجے تک کی تعلیم دی جاتی ہے ان میں اکثر اس قدر

Marfat.com

ضروریات ہیں کہ وہ طلبہ اور اساتذوں کے وظیفے گیس اور بجلی کے بل ادا کرنے سے قاصر و پریشان رہتے ہیں مگر ہمارے مخیر اور مالدار حضرات اپنے ملک و دین کے ان اہم اداروں کی ضروریات سے لاپرواہو کر اپنی دولت نعتخوانیوں، عرسوں، قوالیوں۔ پیروں وفقیروں، خانقاہوں، درباروں، غلافوں اور گیارھویں وغیرہ پر اڑاتے جارہے ہیں۔

حالانکہ اس سے دین کا کوئی فائدہ نہیں بلکہ دولت کا بے جا اور غیر ضروری اصراف ہے۔

ممکن ہے کہ تو جس کو سمجھتا ہے بہاراں
اوروں کی نگاہوں میں وہ موسم ہو خزاں کا

## ﴿یحیی برمکی اور حضرت سفیان ثوریؒ﴾

یحیی برمکی علیہ الرحمۃ حضرت سفیان ثوریؒ کو ہر ماہ ایک ہزار درھم دیا کرتے تھے اور کہا کرتے کہ آپ دنیا کے معاملہ میں بے فکر ہو کر دین کے کام میں مشغول رہیں۔ حضرت امام سفیان ثوریؒ روزانہ رات کو اللہ تعالی کے حضور سر بسجود ہو کر یوں دعا کرتے تھے۔

**"اللھم ان یحیی کفانی امر الدنیا فاکفہ امر الاخرۃ"**

ترجمہ:۔

اے اللہ یحیی نے دنیا کے معاملہ میں مجھے بے فکر کر دیا تو اسے آخرت کے

Marfat.com

معاملہ میں بے فکر کردے۔

تو جب یحیی برمکی کا انتقال ہوا تو ان کے کچھ ساتھیوں نے انکو خواب میں دیکھا اوران سے پوچھا ''ما صنع اللہ بك'' کہ اللہ نے آپ کے ساتھ قبر میں کیا سلوک کیا؟ یحیی نے جواب دیا ''غفرلی بدعاء سفیان'' کہ اللہ نے سفیان ثوری کی دعا سے مجھے بخش دیا۔

معلوم ہوا کہ جو مالدار دین کے علوم پڑھنے پڑھانے والے علماء کی مدد کر کے ان کو دنیا کے معاملہ میں بے فکر کردیتے ہیں اس نیک عمل کی برکت اوران علماء کی دعاؤں سے وہ بخشے جاتے ہیں۔

اس بات کا خیال رہے علماء سے وہ علماء مراد ہیں جو واقعی عالم ہیں اور عالم وہ ہیں جو عربی عبارت جو اعراب (زبرزیرپیش) کے بغیر ہوتی ہے اسے فرفر پڑھ کر اس کا ترجمہ ومفہوم بیان کرسکیں۔

وہ نہیں کہ جن کے پاس صرف نام کی سند ہے یعنی درس نظامی کی سند اور نہ ہی وہ حضرات جو عربی عبارت پڑھنے اوراس کا ترجمہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں جبکہ اپنے نام کے ساتھ مفتی، علامہ اور خطیب پاکستان لگائے پھرتے ہیں۔ عوام و خواص کو عالم کا یہ فرق ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہئے۔

صائب مرحوم نے شعر کہا ہے۔

تیرہ روزان جہانرا بچراغ درباب

تاپس مرگ تراشمع مزارے باشد

کہ ایسے علماء کو چراغ لے کر ڈھونڈ ھ جو علم کی خدمت میں شب وروز

Marfat.com

مصروف ہیں مگران کے پاس گذارے کے لئے کچھ نہیں اگر تو نے انہیں تلاش کر کے دنیا کے معاملہ میں ان کو بے فکر کر دیا تو یقین رکھ کہ مرنے کے بعد ترے مزار پر چراغ جلتے ہوں گے۔

(تفسیر روح البیان ج ا ص ۲۹۵۔۲۹۶)

## شفاعت عالم

امام مقاتل بن حیان جو اپنے زمانہ کے بڑے عالم ومحدث وفقیہ تھے اور امام شعبی ومجاھد وضحاک وعکرمہ وسالم بن عبداللہ وعمر بن عبدالعزیز کے شاگرد اور حضرت ابراھیم ادھم عبداللہ بن مبارک وغیرھما کے استاذ تھے وحدیث کے امام تھے ۱۵۰ھ میں وفات پائی یعنی حضرت امام ابوحنیفہؒ اور انکی وفات ایک ہی سال میں ہوئی وہ فرماتے ہیں کہ

**اذا انتھی المؤمن الی باب الجنة یقال له لست بعالم ادخل الجنة ویقال للعالم قف علی باب الجنة واشفع للناس**

(روح البیان ج۹ ص ۴۰۴)

ترجمہ:۔

جب مومن جنت کے دروازے پر جائیگا تو اس سے کہا جائے گا تم عالم نہیں ہو جاؤ جنت میں اور عالم سے کہا جائیگا ٹھیرو۔ جنت میں اکیلے نہ جاؤ اور گنہگاروں کی شفاعت کر کے ان کو بخشوا کر جنت میں ساتھ لے جاؤ۔

Marfat.com

# حرف آخر و دعوت خیر

بحمد اللہ، کتاب اختتام کو پہنچی یہ حرف آخر اس بات کے بارے میں ایک عرض کے طور پر ہے کہ ہم نے بڑی تحقیق سے یہ کتاب مختصر عرصہ میں لکھی ہے اس کے لکھنے کا مقصد عوام و خواص کو قرآن و سنت کے علوم کی ضرورت واہمیت سے آگاہ کرنا ہے تاکہ وہ دین کے علم سے نہ خود محروم رہیں اور نہ اپنی اولاد کو محروم رکھیں۔ ڈاکٹر، انجینئر وغیرہ بن کر دنیا کمائیں گے مگر دین کے علم کی دولت سے محرومی بہت بڑی محرومی ہے آپ اپنی اولاد کو چاہے کچھ بنائیں مگر پہلے دین کی تعلیم ضرور دلوائیں تاکہ وہ قرآن وسنت کی تعلیمات اور ائمہ دین مجتہدین کی ہدایات سے براہ راست استفادہ کر کے گمراہی سے نہ خود بچ سکیں بلکہ دوسروں کو بھی بچا کر بے حد ثواب کمائیں۔

Marfat.com

# صدقہ جاریہ

## کاثواب حاصل کیجئے

ہماری کتابیں مستحقین کو مفت (فی سبیل اللہ) تقسیم ہوتی ہیں ہم بحمدہ تعالیٰ اب تک تقریباً لاکھ کے قریب کتابیں مستحقین علماء وطلبا ودانشوروں اور ذوق مطالعہ رکھنے والوں میں مفت تقسیم کر چکے ہیں جس کی وجہ سے ادارہ ہذا تین لاکھ کا مقروض ہو چکا ہے۔ آیئے آپ بھی اس صدقہ جاریہ میں حصہ لیجئے۔ اپنے نام سے یا اپنے والدین یا دیگر مرحومین عزیزوں کو صدقہ جاریہ کا ثواب پہچانے کے لئے انکے نام سے ہماری کتابیں چھپوا کر مفت تقسیم کر کے بہت بڑی نیکی جس کا ثواب قیامت تک رہے بلکہ روز بروز بڑھتا چلا جائے کا ثواب کمایئے ان کتابوں کے ذریعے بے شمار لوگوں کی اصلاح ہوتی ہے حدیث شریف میں ہے کہ ایک آدمی کی اصلاح کا جو ثواب ملتا ہے وہ سارے جہان کے سونے چاندی کے راہ خدا میں خرچ کرنے سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

آیئے اس نیک کام کے لئے قدم اٹھایئے، آخرت کمایئے۔

یہ دنیا فانی ہے یہاں رہ جایئے گی آخرت کا ثواب باقی رہنے اور ساتھ دینے والی دولت ہے۔


**برائے رابطہ**

پیر طریقت رہبر شریعت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری۔

فون نمبر 5836261-65-5884477


Marfat.com